انسائیکلوپیڈیا

# تعلیماتِ اسلام



پروفیسر سیّد شبیر حسین شاہ زاہد

Marfat.com

# انسائیکلوپیڈیا

# تعلیماتِ اسلام

مرتب

پروفیسر سید شبیر حسین شاہ زاہد

ایم اے (اسلامیات)، ایم اے (عربی)

ایم اے (تاریخ)، بی۔ایڈ

(شعبہ اسلامیات)

گورنمنٹ گورونانک ڈگری کالج، ننکانہ صاحب

بانی و منتظم: گوشہ محققین، ننکانہ صاحب

مقبول اکیڈمی

سرکلر روڈ چوک اردو بازار لاہور

Marfat.com

102357

©جملہ حقوق محفوظ

2011

اهتمام ملک مقبول احمد

ناشر مقبول اکیڈمی

سرورق ساجد قریشی

مطبع خورشید مقبول پریس

قیمت 600 روپے

**MAQBOOL ACADEMY**
Chow Urdu Bazar, Circular Road, Lahore.
Ph: 042-7324164, 7233165 Fax: 042-7238241

10-Dayal Singh Mansion, The Mall, Lahore.
Ph: 042-7357058 Fax: 042-7238241
Email: mqbool@brain.net.pk

Marfat.com

# انتساب

شُکرُ اللّٰہِ وَالحَمدُ لِلّٰہِ رَبُّ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ وَمَخْلُوْقَاتِ وَمَوْجُوْدَاتِ کُلِّہِمْ.

میں اس علمی خریطہ کو شکر خداوندی اور حمد خداوندی
کے نغمے گاتا ہوا اپنے ماں اور باپ کے نام منسوب
کرتا ہوں، جن سے مجھے دینی ماحول ملا۔
اللہ ان کی دُنیا بخیر اور آخرت کامیاب کرے۔
(آمین یارب العلمین)

Marfat.com

Marfat.com

# فہرست


| | | |
|---|---|---|
| 1 | پیش لفظ | 9 |
| 2 | عرض مولف | 13 |
| 3 | معلومات کا بیش قیمت خزانہ | 16 |
| 4- | قرآن مجید (سوالات و جوابات) | 20 |
| 5- | رموز اوقاف قرآن مجید | 24 |
| 6- | سوالات و جوابات......قرآن مجید | 26 |
| 7- | قرآنِ مجید کی سورتیں، رکوعات اور آیات کی فہرست | 39 |
| 8- | سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم | 50 |
| 9- | حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم | 74 |
| 10- | عقائدِ اسلام | 94 |
| 11- | عقیدۂ رسالت | 100 |
| 12- | عقیدۂ بالملائکہ | 110 |
| 13- | عقیدہ بالکتب | 115 |
| 14- | عقیدہ آخرت | 122 |
| 15- | ارکانِ اسلام......کلمہ طیبہ | 131 |
| 16- | الصلوٰۃ (نماز) | 136 |
| 17- | صوم (روزہ) | 150 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| 18- زکوٰۃ | 158 |
| 19- حج | 164 |
| 20- جہاد | 178 |
| 21- طہارت | 184 |
| 22- معلوماتِ حدیث | 192 |
| 23- حدیث وسنت (سوالات وجوابات) | 207 |
| 24- خلافتِ راشدہ (سوالات وجوابات) | 220 |
| 25- اسلامیات (سوالات وجوابات) | 248 |
| 26- اسلام (سوالات وجوابات) | 303 |
| 27- پیدائش (سوالات وجوابات) | 365 |
| 28- موت (سوالات وجوابات) | 370 |
| 29- تاریخ اسلام (سوالات وجوابات) | 380 |
| 30- نکاح (سوالات وجوابات) | 387 |
| 31- طلاق (سوالات وجوابات) | 395 |
| 32- فقہ (سوالات وجوابات) | 405 |
| 33- ماثورہ دُعائیں (مع ترجمہ) (سوالات وجوابات) | 417 |
| 34- مختصر قرآنی آیات (سوالات وجوابات) | 427 |
| 35- مختصر احادیث مبارکہ (سوالات وجوابات) | 438 |


Marfat.com

# پیش لفظ

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔

اس وقت دنیا میں ہزاروں کی تعداد میں مذاہب موجود ہیں، ان تمام مذاہب کو ہم دو حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ ایک قسم کو ہم الہامی مذاہب (Revealed Religions) کہتے ہیں جبکہ دوسری قسم غیر الہامی مذاہب (Unrevealed Religions) کہتے ہیں۔ الہامی مذاہب اس وقت دنیا میں صرف تین ہیں۔

(1) یہودیت (2) عیسائیت (3) اسلام ۔

ان تین مذاہب کے علاوہ باقی تمام مذاہب حقیقتاً غیر الہامی ہیں

الہامی مذاہب میں اسلام ہی فقط ایسا مذہب ہے جو کہ صرف مذہب ہی نہیں بلکہ دین یعنی ایک مکمل ضابطہ حیات (A Perfect Code of Life) ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کلام مجید میں ارشاد فرمایا ہے۔

اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامَ. (سورۃ آل عمران: آیت، 19)

(ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ کے نزدیک اسلام ہی دین ہے)۔

عالی مرتبت پروفیسر سید شبیر حسین شاہ زاہد صاحب ایک فاضل قلمکار اور تجربہ کار استاد، مدبر و محقق، ماہر تاریخ اسلام بالخصوص سیرت سید الانبیاء علیہ التحیۃ والثناء کے عظیم شناور ہیں۔ آپ نے متعدد تحقیقی مقالات، مضامین اور کتب تحریر فرمائی ہیں جو کہ قبول عام حاصل کر چکی ہیں۔ ان کے سیرت پر مقالات سرکاری اور غیر سرکاری اداروں سے داد تحسین پا چکے ہیں۔

Marfat.com

آپ صاحب علم ہونے کے ساتھ ساتھ صاحب عمل وتقویٰ بھی ہیں اور ہر وقت دین حنیف کی اشاعت کے لئے کمر بستہ رہتے ہیں۔ موجودہ تالیف انسائیکلوپیڈیا تعلیمات اسلام اسی تبلیغی سلسلہ کی ایک اہم کڑی ہے۔ اس کتاب میں سوالاً جواباً انداز میں مختصراً لیکن جامع قرآن مجید، سیرت مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء، عقائد اسلام یعنی توحید ورسالت، عقیدہ بالملائکہ۔ عقیدہ بالکتب، عقیدہ آخرت، طہارت، نماز، صوم، زکوۃ، حج، الجہاد، حدیث وسنت، خلافت راشدہ، اسلامیات وغیرہ پر بڑی عظیم اور قابل قدر معلومات کا ذخیرہ جمع فرما کر قاری کو اس عنوان پر سینکڑوں کتب کے مطالعہ سے بے نیاز کر دیا ہے۔ آپ نے کتاب کو ایسے دلنشیں اور سلیس انداز میں تحریر فرمایا ہے کہ جناب شاہ صاحب کے علمی دستر خوان سے ہر سطح کا شخص یکساں اعتبار سے فیض یاب ہو سکتا ہے۔ یہ کتاب پبلک سروس کمیشن (Puplic Service Commission) کے امتحانات، مختلف قسم کے انٹرویوز (Interviews) اور ٹیسٹوں (Tests) کے لئے یکساں مفید ہے۔ یہ کتاب سکولوں، کالجوں میں طلباء و طالبات کے ساتھ ساتھ گھریلو خواتین، بچوں اور بچیوں کیلئے بھی بہت زیادہ فائدہ مند ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ غیر مسلم جو اسلام کے بارے میں تعارف حاصل کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے یہ کتاب عظمت اسلام کے تعارف میں سنگ میل ثابت ہوگی۔ مختصراً میں کتاب ہذا کے بارے میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ۔

الف) ہر سوال میں کئی کئی معلومات دی گئی ہیں اور جواب کو بھی جامع انداز میں تحریر کر کے اس میں متعدد معلومات سمودی گئی ہیں۔

(ج) جواب یا سوال کی تائید میں قرآنی آیات واحادیث درج کی گئی ہیں۔

(د) جو لکھا گیا ہے میرے علم و مطالعہ کے مطابق درست اور مستند ماخذ سے لکھا گیا ہے۔

(ہ) بالعموم یہ کتاب ہر ایک کو مفید ہے اور بالخصوص جماعت دہم تا ایم اے (اسلامیات) تک کے طلبا و طالبات کو بہت مفید ہے۔

(و) یہ کتاب دینی اداروں کے طلباء کیلئے بھی اتنی ہی زیادہ نافع اور حوالہ جاتی ہے جتنی کہ سکول و کالج کے طلبائے عزیز کیلئے مفید ہے۔

(ر) کتاب کے آخر میں مختصر قرآنی آیات اور احادیث معہ ترجمہ کو تو "نور علی نور" کہا جا

Marfat.com

سکتا ہے۔

(ح) صحیح و غلط، درست کی نشاندہی یا متعدد متوقع جوابات میں سے ایک صحیح کا انتخاب (MCQs) اور خالی جگہ پُر کرنے کا انداز بہت دلچسپ، معیاری اور ہمارے آجکل کے جدید معروضی امتحانی نکتہ نگاہ سے اہم ہے۔

(ط) قرآن، سیرت النبی ﷺ اور حدیث کے ابواب کے آغاز میں مختصر مگر فنگر ٹپس (Finger Tips) معلومات اور تعریفات اعلیٰ درجے کی ہیں۔

(ی) بہت سے عمومی اور کثیر الاستعمال الفاظ اور فقرات کا ترجمہ و وضاحت ہمارے لئے خصوصی فہم و تعارف کا باعث ہے۔

(ک) اشعار کا اندراج کتاب کے مواد میں خوشگوار اضافہ اور ان سے علمی نکات کا استخراج تیز فہمی کا باعث بنے گا۔

(ل) اصطلاحوں اور مشکل الفاظ کی بین القوسین (بریکٹس) میں وضاحت کر دی گئی ہے

(م) مختصراً اس کتاب کو اسلام کا سوالاً جواباً انسائیکلو پیڈیا...... کہا جاتا ہے۔

(ن) میں بلاتفریق ہر مسلک و مذہب اور طبقہ و جنس کے افراد کو اس کتاب کے مطالعہ کی سفارش کرتا ہوں

(س) اور تجویز کرتا ہوں کہ بچوں کے امتحان میں کامیابی پر انہیں یہ کتاب بطور تحفہ و ہدیہ پیش کی جائے۔ بیٹیوں کو ان کی شادی خانہ آبادی کے موقع پر جہیز میں دیا جائے تاکہ وہ علم کے زیور سے بھی آراستہ ہوں اور اسلام کے چلتے پھرتے مینارہ بھی ثابت ہوں۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ جناب پروفیسر سید شبیر حسین شاہ صاحب کی اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور اس کو ان کیلئے ذخیرہ آخرت بنائے اور اس کتاب کو قبولیت عطا فرمائے (آمین ثم آمین)

پروفیسر محمد انوار حنفی

کوٹ رادھا کشن (ضلع قصور)

Marfat.com

Marfat.com

# عرضِ مؤلف

کتاب لکھنا کتنا مشکل کام ہے اس کا اندازہ وہی احباب کر سکتے ہیں جو اس میدان تصنیف وتالیف کے کھلاڑی ہیں۔ ''دین'' کے بارے میں کتاب لکھنا اور بھی مشکل ہے کہ یہاں غلطی ''ایمان اور کفر'' کی بنیاد بن سکتی ہے سوالاً جواباً کتابوں کے تحریر کرتے وقت یہ امر مزید دقت کا باعث بن سکتا ہے کہ کون سے سوال کو منتخب کرے اور کون سے سوال کو چھوڑے۔ ہو سکتا ہے مؤلف کوئی ایسا سوال منتخب کر لے جو سرے سے سوال بنتا ہی نہ ہو یا قاری کے نزدیک وہ سوال اہم نہ ہو یا ایسا جواب لکھ دے جو محض سنی سنائی بات (Mere Hearsay) ہو کتابوں میں اس کا کوئی وجود نہ ہو...... اسلام کے بارے میں ایک وسیع وضخیم ذخیرہ کتب کو کھنگالنا، ان میں سے سوال وجواب منتخب کرنا اور ان کو سہل کرنا، معلومات کا رنگ دینا بڑے ''جان جوکھوں کا کام'' ہے جو میں محض تائید الٰہی جل جلالہ، اور رحمت رسالت مآب ﷺ کے طفیل کر سکا ہوں۔ میں اس میں کہاں تک کامیاب ہوا ہوں اور کہاں تک نا کام، اس کا فیصلہ اہل علم حضرات، اساتذہ کرام اور میرے محترم وعزیز قارئین کریں گے۔

یہ کتاب ابتداء'' معروضی سوالات اسلامیات (لازمی) مطالعہ پاکستان (لازمی) کے عنوان سے محرر سطور اور پروفیسر محمد اکرم شاہد صاحب نے گیارہویں اور بارہویں جماعت کے طلبا

Marfat.com

کے مطالعہ واستفادہ کے لئے لکھی تھی (یادرہے کہ گیارہویں جماعت کے بورڈز کے امتحان میں اسلامیات (لازمی) کے معروضی سوالات اور بارہویں جماعت کے امتحان میں مطالعہ پاکستان (لازمی) کے معروضی سوالات پر مشتمل ایک لازمی سوال آتا ہے) اس کتاب ـــ کے اسلامیات کے حصہ کو افادہ عام کے نکتہ نظر سے دوبارہ پڑھا گیا۔ کئی سوالات و جوابات اور ابواب کا اضافہ کیا گیا اور جامع معلومات کے نکتہ نظر سے ری ایڈجسٹ (Re-Adjust) کیا گیا۔ اب اسلام کے بارے میں ایک مکمل معلوماتی، حوالہ جاتی، تعارفی اور مختصر انسائیکلوپیڈیا ٹائپ کتاب بن گئی ہے۔

اَللّٰهُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْ اَمْرِنَا وَ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ.

یہ کتاب لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھا گیا ہے کہ:

1- قرآن کریم اور احادیث مبارکہ کے احکام کو اولیت دی گئی ہے۔

2- صرف مستند مآخذ سے استفادہ کیا گیا ہے۔

3- متنازعہ مسائل پر سوال و جواب منتخب نہیں کیے گئے ہیں۔

4- ہر سوال میں کئی معلومات اور ہر جواب میں کئی معلومات سمیٹی گئی ہیں۔

5- گفتگو کو آسان، مخففات کو واضح اور اصطلاحات کو کھولا گیا ہے۔

6- ہماری عام زندگی میں درپیش عوامل و عادات کی اسلامی نکتہ نظر کے پس منظر میں وضاحت کی گئی ہے۔

7- جہاں ضروری ہوا قرآن کی آیت، حدیث یا قول کتب مستند کو جواب کی تائید میں پیش کیا گیا ہے۔

اب یہ کتاب جتنی مفید گیارہویں اور بارہویں جماعت کے طلباء کے لئے ہے اتنی ہی مفید نوجوانوں، بڑوں، بوڑھوں، خواتین اور دینی مدرسوں کے طالب علموں، امتحانات اور انٹرویو دینے والوں کیلئے بھی ہوگئی ہے۔ مشہور عالم دین جناب پروفیسر محمد انوار حنفی صاحب نے اس کتاب کے مسودہ کو بنظر عمیق پڑھا ہے اور اپنی رائے بھی لکھ دی ہے موصوف دین اسلام (قرآن۔ حدیث،

Marfat.com

عربی زبان اور حنفی فقہ) پر اتھارٹی مانے جاتے ہیں اب کتاب میں غلطیوں کی گنجائش بہت کم رہ گئی ہے۔ پھر بھی صاحبان علم وفہم کی طرف سے ملنے والی تجاویز واصلاحات کو "علی الراس والعین" قبول کیا جائے گا۔

اللہ سے دعا ہے کہ وہ میری اس کوشش کو قبول فرمائے اور اپنی مخلوق کے لئے دنیا اور آخرت میں فائدہ بنائے۔ (آمین)

وماتوفیقی الاباللہ

العبدالمنیب پروفیسر سید شبیر حسین شاہ زاہد
گورنمنٹ گورونانک ڈگری کالج ننکانہ صاحب
(بانی گوشۂ محققین، ننکانہ صاحب)

Marfat.com

# معلومات کا بیش قیمت خزانہ

سرور کائنات، فخر موجودات، حضور پُرنور رسالت مآب ﷺ کا ایک ارشاد گرامی ہے جس کا مفہوم کچھ یوں ہے:

"جس شخص نے کچھ تصنیف کیا اس نے اپنے آپ کو تیروں کے ہدف یا آماجگاہ میں بٹھا لیا۔"

گویا جب کوئی قلمکار کچھ تحریر پیش کرتا ہے یا کوئی کتاب تصنیف کرتا ہے تو لوگ لامحالہ اس پر تنقید کے تیر برسائیں گے، اس لیے وہ اپنے آپ کو قبل از وقت ذہنی اور جسمانی طور پر تیار رکھے۔

بلا شک وشبہ قلمکاری یا تصنیف وتالیف مشکل ترین فن ہے اور یہ ہر کسی کے بس کی بات نہیں اور ہر کہ ومہ کے بس کا روگ نہیں۔ سچی بات تو یہ ہے کہ یہ خداداد صلاحیت ہے جو ریاضت اور محنت سے نشوونما پاتی اور ارتقاء پذیر ہوتی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ہمارے مہربان اور کرم فرما پروفیسر سید شبیر حسین شاہ زاہد کو یہ صلاحیت فراوانی سے عطا کی ہے وہ بیک وقت قلمکار، مصنف، مؤلف اور مدبر ومحقق ہیں۔ مزید برآں وہ ماہر تعلیم بھی ہیں۔ ان سب خصوصیات کے ساتھ سیرت النبی ﷺ جیسے اہم اور مقدس شعبے کا ذوق وشوق بھی رکھتے ہیں جس کا اظہار وہ اپنی معرکۃ الآراء کتاب سیرت "تجلیات سیرت النبی ﷺ" کی صورت میں بخوبی کر چکے ہیں۔ یہ کتاب درحقیقت ان کا بیش

Marfat.com

قیمت کارنامہ ہے۔ موصوف اس عظیم الشان کتاب سیرت کے علاوہ متعدد کتابوں کے مصنف اور مؤلف ہیں اور قومی و ملکی سطح پر اہل قلم اور صاحبانِ علم و دانش سے داد و تحسین کے حقدار قرار پاچکے ہیں۔

زیر نظر کتاب بعنوان ''انسائیکلو پیڈیا تعلیماتِ اسلام'' ان کی تحقیق اور عرق ریزی کی مظہر ہے۔ یہ کتاب سوال و جواب کی صورت میں ہے۔ آغاز میں یہ طلباء کے امتحانی مقاصد کو پورا کرنے کے لیے لکھی گئی لیکن اب تحقیق مزید کے بعد اسے از سرِ نو مرتب کیا گیا ہے اور اس میں ایسا تحقیقاتی مواد شامل کیا گیا ہے جس نے اس کتاب کو اسلامی معلومات کا گرانقدر اور بیش قیمت انسائیکلو پیڈیا یا ذخیرہ بنا دیا ہے۔ موجودہ صورت میں یہ انسائیکلو پیڈیا نہ صرف سکولوں اور کالجوں کے طلباء و طالبات کے لئے مفید رہے گا بلکہ ملت اسلامیہ کے دیگر حضرات جن میں نوجوان اصحاب اور عمر رسیدہ لوگ بھی شامل ہیں۔ اس سے یکساں طور پر مستفید اور مستفیض ہو سکیں گے۔

فاضل مؤلف پروفیسر سید شبیر حسین شاہ زاہد نے محض سنی سنائی باتوں کو پیش نہیں کر دیا اور چربہ سازی سے کام نہیں لیا بلکہ انہوں نے قرآن و سنت اور تاریخ اسلام کے وسیع ذخیرے کو کھنگالنے اور اہم کتب کے مطالعہ کے بعد منتخب گوہر آبدار اور تابدار اہل ذوق و شوق کے سامنے پیش کر دیئے ہیں۔

اپنے پیش لفظ میں وہ رقمطراز ہیں کہ ''یہ کتاب لکھتے وقت ان باتوں کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ:

1۔ قرآن کریم اور احادیث مبارکہ کو اولیت دی گئی ہے۔

2۔ صرف مستند ماخذ سے استفادہ کیا گیا ہے۔

3۔ متنازعہ سوال و جواب منتخب نہیں کیے گئے۔

Marfat.com

4۔ ہر سوال میں کئی معلومات اور ہر جواب میں کئی معلومات سمیٹی گئی ہیں۔

5۔ گفتگو کو آسان، مخففات کو واضح اور اصطلاحات کو کھولا گیا ہے۔

6۔ ہماری عام زندگی میں درپیش عوامل و عادات کی اسلامی نکتہ نظر کے پس منظر میں وضاحت کی گئی ہے۔

7۔ جہاں ضروری ہوا، قرآن پاک کی آیت، حدیث یا قول کو کتب مستند سے جواب کی تائید میں پیش کیا گیا ہے۔

یہ انسائیکلو پیڈیا محض سوالات و جوابات پر مشتمل نہیں ہے بلکہ میری نظر میں اس کی سب سے اہم خصوصیت یہ ہے کہ کتاب کے ہر باب کے آغاز میں، سوالات کو جوابات شروع کرنے سے قبل معقول تعداد اور مقدار میں معلوماتی مواد یکجا کر کے پیش کیا گیا ہے جس کی روشنی میں آگے چل کر سوالات مرتب کیئے گئے اور پھر ان کے مستند جوابات پیش کیے گئے ہیں حالانکہ سوالات و جوابات پر مشتمل عام کتب میں بالعموم ایسا نہیں ہوتا۔ مثال کے طور پر پہلے باب میں قرآن مجید کے تمام پارے اور سورتیں مع آیات کے درج کر دی گئی ہیں۔ مزید برآں قرآن کریم میں استعمال شدہ حروف کی تعداد بھی دی گئی ہے۔ رموز و اوقاف اور اقسام آیات قرآن کے بارے میں بھی تفصیل موجود ہے۔ اس کے بعد 112 سوالات اور ان کے مناسب جواب دیئے گئے ہیں۔ مولف کی طرف سے عرض مؤلف کے علاوہ پروفیسر محمد انور حنفی صاحب نے گرانقدر ''پیش لفظ'' بھی لکھا ہے جو کتاب کی مختلف خوبیوں اور اوصاف کو واضح کرتا ہے۔

بہرکیف ''اسلامی معلومات کا یہ انسائیکلو پیڈیا'' بہت کارآمد، مفید مطلب اور معلومات پر مبنی کتاب ہے جس سے ہر خاص و عام آسانی استفادہ کر سکتا ہے اور دین اسلام، سیرت النبی ﷺ اور تاریخ اسلام کے متعلق بیش قیمت معلومات حاصل کر سکتا

Marfat.com

ہے۔حقیقت یہ ہے۔ ہمارے خیال میں کتاب معلومات کا گرانقدر خزانہ ہے اور ہر مسلمان گھرانے میں اس کی موجودگی ضروری ہے تاکہ ہم اس سے استفادہ کر کے اپنی دنیا و عاقبت سنوار سکیں۔

صاحبزادہ محمد سعید احمد بدر قادری

المعروف بہ سعید بدر

"البدر" 965۔نظام بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

042-35414590,0321-4872700

Marfat.com

# قرآن مجید

## (قرآن مجید کے سپارے)

| سورۃ و آیت | آغاز کے کلمات | نام سپارہ | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| سورۃ الفاتحہ، 1 | اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ | الٓمّٓ | 1 |
| سورۃ البقرہ، 142 | سَيَقُوۡلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ | سَیَقُوۡلُ | 2 |
| سورۃ البقرہ، 253 | تِلۡكَ الرُّسُلُ فَضَّلۡنَا بَعۡضَهُمۡ عَلٰى بَعۡضٍ ۘ | تِلۡكَ الرُّسُلُ | 3 |
| سورۃ آل عمران، 92 | لَنۡ تَنَالُوا الۡبِرَّ حَتّٰى تُنۡفِقُوۡا مِمَّا تُحِبُّوۡنَ | لَنۡ تَنَالُوۡا | 4 |
| سورۃ النساء، 24 | وَالۡمُحۡصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ | وَالۡمُحۡصَنٰتُ | 5 |
| سورۃ النساء، 148 | لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الۡجَهۡرَ بِالسُّوۡٓءِ مِنَ الۡقَوۡلِ | لَا يُحِبُّ اللّٰهُ | 6 |
| سورۃ المائدہ، 83 | وَاِذَا سَمِعُوۡا مَآ اُنۡزِلَ اِلَى الرَّسُوۡلِ | وَاِذَا سَمِعُوۡا | 7 |
| سورۃ الانعام، 111 | وَلَوۡ اَنَّنَا نَزَّلۡنَاۤ اِلَيۡهِمُ الۡمَلٰٓئِكَةَ | وَلَوۡ اَنَّنَا | 8 |
| سورۃ الاعراف، 88 | قَالَ الۡمَلَاُ الَّذِيۡنَ اسۡتَكۡبَرُوۡا | قَالَ الۡمَلَاُ | 9 |
| سورۃ الانفال، 41 | وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّمَا غَنِمۡتُمۡ مِّنۡ شَىۡءٍ | وَاعۡلَمُوۡۤا | 10 |
| سورۃ التوبہ، 94 | يَعۡتَذِرُوۡنَ اِلَيۡكُمۡ اِذَا رَجَعۡتُمۡ | يَعۡتَذِرُوۡنَ | 11 |
| سورۃ ہود، 6 | وَمَا مِنۡ دَآبَّةٍ فِى الۡاَرۡضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزۡقُهَا | وَمَا مِنۡ دَآبَّةٍ | 12 |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 13 | وَمَآ اُبَرِّئُ | وَمَآ اُبَرِّئُ نَفۡسِیۡ | سورۃ یوسف، 53 |
| 14 | رُبَمَآ | رُبَمَآ یَوَدُّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا | سورۃ الحجر، 2 |
| 15 | سُبۡحٰنَ الَّذِیۡ | سُبۡحٰنَ الَّذِیۡ اَسۡرٰی بِعَبۡدِہٖ لَیۡلًا | سورۃ بنی اسرائیل، 1 |
| 16 | قَالَ اَلَمۡ | قَالَ اَلَمۡ اَقُلۡ لَّکَ اِنَّکَ لَنۡ تَسۡتَطِیۡعَ مَعِیَ صَبۡرًا | سورۃ الکہف، 75 |
| 17 | اِقۡتَرَبَ لِلنَّاسِ | اِقۡتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُہُمۡ | سورۃ الانبیاء، 1 |
| 18 | قَدۡ اَفۡلَحَ | قَدۡ اَفۡلَحَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ | سورۃ المومنون، 1 |
| 19 | وَقَالَ الَّذِیۡنَ | وَقَالَ الَّذِیۡنَ لَا یَرۡجُوۡنَ لِقَآءَنَا | سورۃ الفرقان، 21 |
| 20 | اَمَّنۡ خَلَقَ | اَمَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ | سورۃ النحل، 60 |
| 21 | اُتۡلُ مَآ اُوۡحِیَ | اُتۡلُ مَآ اُوۡحِیَ اِلَیۡکَ مِنَ الۡکِتٰبِ | سورۃ العنکبوت، 45 |
| 22 | وَمَنۡ یَّقۡنُتۡ | وَمَنۡ یَّقۡنُتۡ مِنۡکُنَّ لِلّٰہِ وَرَسُوۡلِہٖ | سورۃ الاحزاب، 31 |
| 23 | وَمَالِیَ | وَمَالِیَ لَآ اَعۡبُدُ الَّذِیۡ فَطَرَنِیۡ وَاِلَیۡہِ تُرۡجَعُوۡنَ | سورۃ یٰسین، 22 |
| 24 | فَمَنۡ اَظۡلَمُ | فَمَنۡ اَظۡلَمُ مِمَّنۡ کَذَبَ عَلَی اللّٰہِ | سورۃ الزمر، 32 |
| 25 | اِلَیۡہِ یُرَدُّ | اِلَیۡہِ یُرَدُّ عِلۡمُ السَّاعَۃِ | سورۃ حم السجدہ، 47 |
| 26 | حٰمٓ | حٰمٓ O تَنۡزِیۡلُ الۡکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ | سورۃ الاحقاف، 1-2 |
| 27 | قَالَ فَمَا خَطۡبُکُمۡ | قَالَ فَمَا خَطۡبُکُمۡ اَیُّہَا الۡمُرۡسَلُوۡنَ | سورۃ الذاریات، 31 |
| 28 | قَدۡ سَمِعَ اللّٰہُ | قَدۡ سَمِعَ اللّٰہُ قَوۡلَ الَّتِیۡ تُجَادِلُکَ | سورۃ المجادلہ، 1 |
| 29 | تَبٰرَکَ الَّذِیۡ | تَبٰرَکَ الَّذِیۡ بِیَدِہِ الۡمُلۡکُ | سورۃ الملک، 1 |
| 30 | عَمَّ | عَمَّ یَتَسَآءَلُوۡنَ O عَنِ النَّبَاِ الۡعَظِیۡمِ O | سورۃ النبا، 1-2 |

Marfat.com

# قرآن مجید میں استعمال شدہ حروف کی تعداد

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف | 48872 | ب | 11422 |
| ت | 16199 | ث | 1276 |
| ج | 3273 | ح | 3973 |
| خ | 2416 | د | 5642 |
| ذ | 4697 | ر | 11793 |
| ز | 1590 | س | 5991 |
| ش | 2253 | ص | 2013 |
| ض | 1607 | ط | 1274 |
| ظ | 842 | ع | 9220 |
| غ | 2208 | ف | 8419 |
| ق | 6813 | ک | 9520 |
| ل | 23432 | م | 26535 |
| ن | 26560 | و | 26536 |
| ہ | 19070 | ء | 4115 |
| ی | 25919 | | |
| سب سے زیادہ حروف | الف | تعداد= | 48872 |
| سب سے کم حروف | ظ | تعداد= | 842 |

| | | |
|---|---|---|
| قرآن میں سجدہ ہائے اتفاقی | (السجدۃ) | 14 |
| قرآن میں سجدہ اختلافی | (السجدۃ) | 01 |
| قرآن میں پاؤ | (الربع) | 120 |

102357

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| قرآن میں نصف | (النصف) | 60 |
| قرآن میں منزلیں | منازل | 07 |
| قرآن میں سپارے | الاجزا | 30 |
| قرآن میں آیاتِ عام | -0- | (محقق)6236(مشہور)6666 |
| قرآن میں آیات | -0- | 6214(مدنی فقہا کے نزدیک) |
| قرآن میں آیات | -0- | 6212(مکی فقہا کے نزدیک) |
| قرآن میں آیات | -0- | 6250(شامی فقہا کے نزدیک) |
| قرآن میں آیات | -0- | 6216(بصرہ کے فقہا کے نزدیک) |
| قرآن میں آیات | -0- | 5232(کوفہ کے فقہا کے نزدیک) |
| قرآن میں رکوع | (ع) | 540 |
| قرآن میں سورتیں | ............ | 114 |
| قرآن میں تشدید | (ّ) | 1252 |
| قرآن میں مدات | (~) | 1771 |
| قرآن میں نقطے | (٠) | 105681 |
| قرآن میں پیشیں | (ُ) | 8804 |
| قرآن میں زیریں | (ِ) | 39582 |
| قرآن میں زبریں | (َ) | 53243 |
| کلمات قرآن | | 76430 |
| حروف قرآن | — | 321180 |
| قرآن میں جزم | > | (فقہا نے کوئی تعداد نہیں لکھی |

مآخذ

☆ اعداد القرآن مرتبہ چودھری محمد شریف صفحہ 295 شائع کردہ ناشران قرآن لمیٹڈ لاہور۔1993

☆ قرآن مجید مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور

Marfat.com

# رموز واوقاف (قرآن)

ہ: وقف تام (مکمل) اور آیت کی علامت ہے۔

م: وقف لازم کی علامت۔ یہاں ٹھہرنا ضروری ہے۔

ط: وقف مطلق کی علامت ہے، یہاں ٹھہرنا چاہیے، نہ ٹھہرنے پر کوئی زور نہیں،

ج: اختیاری وقف کی علامت ہے، یہاں ٹھہرنا بہتر ہے، نہ ٹھہرے تو بھی کوئی گناہ نہیں۔

ز: یہاں نہ ٹھہرنا مناسب ہے، یہ وقف مجوز کی علامت ہے

ق: یہ "قیل علیہ الوقف" کا خلاصہ ہے۔ یہاں ٹھہرنا نہیں چاہیے

ص: یہ وقف مرخص کی علامت ہے یہاں ملا کر پڑھنا چاہیے

صلے: یہ علامت "الوصل الاولیٰ" کا اختصار ہے یعنی عبارت اگلے ٹکڑے کے ساتھ ملا کر پڑھی جائے

وقف: اس کے معنی ہیں ٹھہر جاؤ، ٹھہرنا ضروری ہے جہاں ملا کر پڑھنے کا احتمال ہو وہاں یہ علامت لائی جاتی ہے۔

س: یہ علامت سکتہ کا اختصار ہے۔ وقف کا ایسا مختصر وقفہ کہ سانس نہ ٹوٹے۔

لا: لغوی معنی "نہیں" ہے۔ اگر علامت آیت (دائرہ ○) کے اوپر یہ علامت درج ہو تو ٹھہرنے یا نہ ٹھہرنے میں اختلاف ہے۔ دونوں صورتوں میں معنی متاثر نہیں ہوتے۔

Marfat.com

اگر عبارت کے درمیان میں آئے تو لازماً بغیر ٹھہرے آگے گزرنا چاہیے

(منشور قرآن (Quranic Prism) مولفہ عبدالحکیم ملک ص 676 مملوکہ محمد متین خالد، لاہور)

## اقسام آیات قرآن

| | |
|---|---|
| آیات وعدہ | 1000 |
| آیات وعید | 1000 |
| آیات نہی | 1000 |
| آیات امر | 1000 |
| آیات قصص | 1000 |
| آیات مثال | 1000 |
| آیات تحلیل | 250 |
| آیات تحریم | 250 |
| آیات تسبیح | 100 |
| متفرق آیات | 66 |
| یہ تقسیم کل تعداد 6666 کی بنیاد پر ہے۔ | |

## منازل القرآن

| | |
|---|---|
| منزل اول: | سورۃ فاتحہ تا سورۃ النساء |
| منزل دوم: | سورۃ مائدہ تا سورۃ توبہ |
| منزل سوم: | سورۃ یونس تا سورۃ نحل |
| منزل چہارم: | سورۃ بنی اسرائیل تا سورۃ فرقان |
| منزل پنجم: | سورۃ شعرا تا سورۃ یٰسین |
| منزل ششم: | سورۃ صافات تا سورۃ حجرات |
| منزل ہفتم: | سورۃ ق تا سورۃ الناس |

Marfat.com

# قرآن مجید وفرقانِ حمید

1- قرآن پاک کا نام کس لفظ سے ماخوذ ہے؟

ج: قَـرَءَ یَـقْـرَءُ سے قرآن بروزن فعلان، معنی ہے پڑھی جانے والی (کتاب) یا پڑھا جانے والا (صحیفہ)

2- قرآن پاک کی سب سے طویل سورۃ کون سی ہے؟

ج: سورۃ البقرہ 40رکوع،286 آیات، سپارہ اول تا سوم، نزولی نمبر 87، کتابی نمبر 2

3- قرآن پاک کی سب سے مختصر سورۃ کون سی ہے؟

ج: سورۃ کوثر 1 رکوع،3 آیات، سپارہ تیس، نزولی نمبر 15، کتابی نمبر 108

4- قرآن پاک کی سورۃ یٰسین کس سپارے میں ہے؟

ج: سپارہ بائیس آخر اور سپارہ تیئس شروع (رکوع 5 آیات 83)، نزولی نمبر 41، کتابی نمبر 36

5- قرآن پاک کی سورۃ رحمٰن کس سپارے میں ہے؟

ج: سپارہ ستائیس تقریباً درمیان میں رکوع3 آیات،78 نزولی نمبر 97، کتابی نمبر 55

6- سورۃ الفاتحہ کے کوئی سے تین مزید نام بتائیے؟

Marfat.com

ج: سورۃ الصلوٰۃ، سورۃ کنز، سورۃ رحمت، سورۃ سبع مثانی، سورۃ شفا، سورۃ کافی، سورۃ وافی

-7 قرآن پاک کی سورۃ اخلاص کا ایک دوسرا نام بتائیے؟

ج: سورۃ توحید (اس سورۃ کا واحد مضمون توحید ہے)

-8 آیۃ الکرسی سورۃ البقرہ کی کون سی آیت ہے؟

ج: 255ویں آیت (آغاز سپارہ سوم)

-9 سورۃ البقرہ کی پہلی پانچ آیات کا مضمون کیا ہے؟

ج: متقین کی صفات، قرآن کا حق اور ہدایت ہونا اور متقین کا انجام

-10 الٓمٓ اور اس جیسے دوسرے الفاظ کو کیا کہا جاتا ہے؟

ج: حروف مقطعات، ان کی تعداد چودہ ہے، جو انتیس (29) سورتوں کے آغاز میں آئے ہیں اور ان کا مجموعہ یہ جملہ ہے۔ نَصٌّ حَکِیْمٌ قَاطِعٌ لَہٗ سِرٌّ.

-11 قرآن مجید نے کس گناہ کو "ظلم عظیم" کہا ہے؟

ج: شرک (سورۃ لقمان آیت:13 میں اِنَّ الشِّرْکَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ)

-12 قرآن مجید کتنے عرصے میں نازل ہوا؟

ج: 22 سال 2 ماہ 22 جون (کل مکی مدنی دور)

-13 قرآن مجید کے نزول کا آغاز اور انجام کب ہوا؟

ج: الف) آغاز 17 رمضان المبارک سن 41 ولادت محمدی ﷺ

انجام 9 ذوالحج سن 63 ولادت محمدی ﷺ یا سن 23 نبوی ﷺ

(کل دور 22 سال 2 ماہ 22 دن)

(ب): آغاز 17 رمضان المبارک سن 41 ولادت محمدی ﷺ

انجام 5 ربیع اول سن 11 ہجری

(کل دور 22 سال 5 ماہ 14 دن)

نوٹ: یہ دونوں تاریخیں تفسیروں اور حدیث کی کتابوں میں مرقوم ہیں)

-14 قرآن مجید کے نزول کا مکی دور کتنے عرصے پر محیط ہے

Marfat.com

ج: 12 سال 5 ماہ 12 دن

15- قرآن مجید کے نزول کا مدنی دور کتنے عرصے پر محیط ہے

ج: 9 سال 7 ماہ 10 دن

16- قرآن مجید کی سب سے پہلی وحی میں کیا نازل ہوا؟

ج: سورۃ العلق کی پہلی پانچ آیات (سپارہ تیس سورۃ نمبر 96)

17- آیۂ تکمیل دین کب نازل ہوئی؟

ج: حجۃ الوداع کے موقع پر، مکہ میں (سورۃ المائدہ آیہ نمبر 3 سپارہ نمبر 6)

18- "لیلۃ القدر" کا ذکر اور فضیلت قرآن کریم کی کس سورۃ میں مذکور ہے؟

ج: سورۃ القدر سپارہ تیس (سورۃ نمبر 97)

19- قرآن مجید کی سب سے آخری مکمل نازل ہونے والی سورۃ کون سی ہے؟

ج: آخری سورۃ النصر (سپارہ تیس سورۃ نمبر 110)...آخری آیت سورۃ البقرہ-281

20- یٰاَیُّھَا النَّاسُ اور یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قرآن کی کن سورتوں میں آئے ہیں؟

ج: یٰاَیُّھَا النَّاسُ (مکی سورتیں)، یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (مدنی سورتیں)

21- قرآن مجید کی نزولی ترتیب سے کیا مراد ہے؟

ج: قرآن مجید کے نزول کے حساب سے سورتوں کی ترتیب۔

22- قرآن مجید کی توقیفی ترتیب سے کیا مراد ہے؟

ج: کتابی ترتیب کے حساب سے سورتوں کا کتابی شکل میں لکھا جانا۔

23- کاتبین وحی کی زیادہ سے زیادہ تعداد کتنی ہے؟

ج: 42 (بحوالہ سیرت العراقی از علامہ حلبیؒ)

24- "مصحف" یا "صحف" یا "صحف ام" قرآن کریم کے کس نسخہ کو کہا جاتا ہے؟

ج: جو حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دور میں پہلے پہل کتابی شکل میں مرتب کیا گیا اور ام المومنین حضرت حفصہؓ بنت عمرؓ کے پاس رکھوایا گیا۔

25- "المصحف الامام" قرآن کریم کے کس نسخہ کو کہتے ہیں؟

Marfat.com

ج: دورعثمانی میں "مصحف" سے کی گئی قرآن مجید کی نقلیں جنہیں تمام صوبوں میں بھیجا گیا ان کو "المصحف الامام" کہتے ہیں۔

26- اعراب سے کیا مراد ہے؟

ج: قرآنی حروف پر زیر، زبر پیش لگانے کو اعراب کہتے ہیں

27- اللہ تعالیٰ نے حفاظت قرآن کا وعدہ کس سورۃ اور آیت میں فرمایا ہے؟

ج: سورۃ الحجر آیہ-9

28- قرآن مجید کے کوئی سے دو صفاتی نام تحریر کریں؟

ج: الکتاب، الذکر، برہان، فرقان، تنزیل، کلام اللہ، الحق

29- قرآن مجید میں جن انبیاء کے نام مذکور ہیں ان میں سے دو کے نام لکھیں

ج: قرآن مجید میں کل پچیس یا چھبیس انبیاء کے نام مذکور ہیں آدمؑ، نوحؑ، ابراہیمؑ، اسماعیلؑ، اسحاقؑ، یعقوبؑ یوسفؑ، موسیٰؑ، عیسیٰؑ، ہارونؑ، محمد ﷺ

30- قرآن مجید آسمانی کتابوں میں سب سے آخری کتاب ہے اس حوالہ سے اس کا معروف نام لکھئے؟

ج: خاتم الکتب

31- مفسر قرآن کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت عبداللہ بن عباسؓ کو۔

32- کل آسمانی کتابیں کتنی ہیں اور کون کون سی ہیں؟

ج: چار (تورات، زبور، انجیل، قرآن مجید)

33- حضرت موسیٰ علیہ السلام پر کون سی کتاب نازل ہوئی؟

ج: تورات (عبرانی زبان میں معنی ہے زبانی ہدایت، قانون)

34- حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر کون سی کتاب نازل ہوئی؟

ج: انجیل (آرامی زبان میں معنی ہے خوشخبری، بشارت)

(حوالہ: حقیقت اناجیل اربعہ از پادری برکت اللہ ص 194)

Marfat.com

35- حضرت داؤد علیہ السلام پر کون سی کتاب نازل ہوئی؟

ج: زبور (معنی ہے: موٹے حروف اور گاڑھے خط میں لکھی گئی کتاب) (۱)

36- قرآن حکیم میں جنت اور دوزخ کے مذکور ناموں میں سے دو نام بتایئے

ج: جنت (فردوس، نعیم) دوزخ (جحیم، جہنم)

37- وحی کے لغوی معانی کیا ہیں؟

ج: خفیہ اشارہ کرنا، دل میں بات ڈالنا، اللہ کا پس پردہ کلام کرنا

38- "ناسخ الکتب الٰہیہ" کس آسمانی کتاب کو کہا جاتا ہے؟

ج: قرآن مجید کو

39- آسمانی کتابوں کے علاوہ کیا کیا نازل ہوا؟

ج: صحائف۔ جن کی تعداد ایک سو بیان کی جاتی ہے

40- فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ قرآن مجید کی کس سورۃ میں بار بار آیا ہے؟

ج: سورۃ رحمٰن میں 32 بار

41- ترتیب کے لحاظ سے قرآن مجید کی سب سے پہلی اور آخری سورۃ کون سی ہے؟

ج: پہلی سورۃ فاتحہ، آخری سورۃ الناس

42- منازل قرآن سے کیا مراد ہے؟

ج: قرآن مجید کی سات منزلیں، ہر روز ایک منزل قرآن کی تلاوت کرنی چاہیے۔

43- مکی اور مدنی سورتوں کی تعداد لکھیے۔

ج: مکی سورتیں 87 اور مدنی سورتیں 27 (کل 114 سورتیں) یا
مکی صورتیں 88 اور مدنی صورتیں 26۔

44- قرآن مجید میں سورتوں کے آغاز میں حروف مقطعات آئے ہیں بتایئے سب سے پہلا حرفِ مقطعہ کہاں آیا ہے؟

ج: سورۃ البقرۃ، آیت 1 (الٓمٓ)

---

(۱) مزید دیکھئے عقیدہ بالکتب کا سوال نمبر 5

Marfat.com

45- قرآن مجید کے رموز واوقاف سے کیا مراد ہے

ج: تلاوت قرآن کے دوران ٹھہرنے اور نہ ٹھہرنے کے مقامات (علامتوں) کو رموز و اوقاف کہا جاتا ہے۔

46- کس جنگ میں سات سو قاری اور حفاظِ قرآن شہید ہوئے تھے؟

ج: مسیلمہ کذاب کے خلاف لڑی جانے والی دور صدیقیؓ میں جنگ یمامہ میں۔

47- تلاوتِ قرآن، قرأتِ قرآن اور ترتیلِ قرآن میں کیا فرق ہے؟

ج: تلاوت: اتباع اور عمل کرنے کیلئے پڑھنا۔

قرأت: صرف خوش الحانی سے پڑھنا۔

ترتیل: رک رک کر پڑھنا (بحوالہ عظمت قرآن کریم از ڈاکٹر حافظ محمد یونس)

48- محکم اور متشابہہ آیات سے کیا مراد ہے؟

ج: محکم: جن کا مطلب و پیغام واضح اور بے اشتباہ ہو۔

متشابہ: جن کا علم خدا تعالیٰ نے اپنے واسطے مخصوص کر لیا ہے اور جس کے قطعی و یقینی معانی بیان نہیں ہوئے۔

49- کس واقعہ میں کافروں نے ستر حفاظ قرآن اور قاریوں کو شہید کر دیا تھا؟

ج: بئر معونہ کے واقعہ میں

50- موجودہ قرآن کریم کا خط کس زبان میں ہے؟

ج: عربی زبان، لغت قریش اور خط کوفی (خط نسخ)

51- بتائیے تعوذ اور تسمیہ کسے کہتے ہیں۔

ج: تعوذ: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ (تعوذ کا معنی ہے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنا۔

تسمیہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (تسمیہ کا معنی ہے اللہ کے نام کے ساتھ آغاز کرنا

52- آیت اور سورۃ کے کیا معنی ہیں؟

ج: آیت: معجزہ نشانی، سورۃ: بلندی، فصیل، جزو قرآن

53- ''سبع طوال'' (سات طویل سورتیں) قرآن مجید کی کن سورتوں کو کہتے ہیں؟

Marfat.com

ج: البقرہ، آل عمران، النساء، المائدہ، الانعام، الاعراف، الانفال مع التوبہ

54- ''مئین'' قرآن کریم کی کن سورتوں کو کہا جاتا ہے؟

ج: جن سورتوں کی آیات کی تعداد ایک سو سے زیادہ اور دو سو سے کم ہے (سورۃ یونس سے سورۃ فاطر تک)

55- ''مثانی'' قرآن فرقان کی کن سورتوں کو کہا جاتا ہے؟

ج: جن کی آیات کی تعداد ایک سو سے کم ہے (سورۃ یٰسین تا سورۃ ق)

56- قرآن مجید کو کتابی شکل میں لانے والے قراء و حفاظ کے بورڈ کے سربراہ کون تھے؟

ج: حضرت زیدؓ بن ثابت انصاری (حضرت عبداللہ بن عباس آپ کو ''راسخین فی العلم'' کہتے تھے)۔

57- ''فترۃ الوحی'' کسے کہتے ہیں؟

ج: پہلی وحی کے بعد آنے والا وقفہ (دوسری وحی اڑھائی یا تین سال بعد آئی، بعض علما کے نزدیک چھ ماہ بعد آئی)

58- قرآن مجید کے اعراب، نقطے، شد اور اوقاف (جزم) وغیرہ لگانے والے لوگوں کے نام لکھیے۔

ج: نقاط و حرکات: ابوالاسود الدولی، یحییٰ بن یعمر، نصر بن عاصم، ہمزہ و تشدید، خلیل احمد

59- قرآن مجید میں کل کتنے سجدے (سجدہ ہائے تلاوت) ہیں؟

ج: چودہ (متفق) ایک غیر متفق (صرف حضرت امام شافعیؒ کے نزدیک) کل پندرہ

60- قرآن مجید میں چند مقامات پر غیر عربی الفاظ بھی استعمال ہوئے ہیں۔ کم از کم دو الفاظ لکھیے:

ج: (i) حُوب بمعنی گناہ (حبشی زبان کا لفظ ہے)

(ii) صِراط بمعنی راستہ (رومی زبان کا لفظ ہے)

(iii) کافُور (فارسی زبان کا لفظ ہے)

61- قرآن مجید کی کتنی سورتیں انبیاء کے نام پر ہیں؟

Marfat.com

ج: چھ (یونسؑ، ہودؑ، ابراہیمؑ، نوحؑ، یوسفؑ، محمد ﷺ)

62- ''احسن القصص'' قرآن مجید کے کس قصے کو کہا جاتا ہے؟

ج: قصہ حضرت یوسف علیہ السلام (سورۃ یوسف سپارہ بارہ و تیرہ)

63- غیر نبی افراد کے نام سے قرآن کی کم از کم دو سورتوں کے نام لکھیں؟

ج: سورۃ لقمان، سورۃ مریم، سورۃ بنی اسرائیل، سورۃ آل عمران

64- حضرت محمد ﷺ کے صفاتی ناموں سے کم از کم دو سورتوں کے نام لکھئے

ج: سورۃ طٰہٰ، سورۃ یٰسین

65- قرآن مجید میں ''اصحاب'' کے نام سے کئی گروہوں کا ذکر ہوا ہے کوئی سے دو اصحاب کے نام لکھیں؟

ج: اصحاب السبت، اصحاب الرس، اصحاب کہف، اصحاب الاخدود۔

66- حضور ﷺ کے ذاتی نام محمد اور احمد قرآن مجید میں کتنے مقامات پر آئے ہیں

ج: محمد ﷺ چار دفعہ:

(1) سورۃ آل عمران آیت-144

(2) سورۃ احزاب آیت 40

(3) سورۃ محمد آیت-2

(4) سورۃ فتح آیت-29

احمد: ایک دفعہ (سورۃ الصف آیت-4)

67- قرآن مجید میں کن کن خواتین کا ذکر آیا ہے؟ (کم از کم دو کے نام لکھیں)

ج: حضرت مریمؑ، حضرت آسیہؑ، والدہ مریمؑ، بلقیس ملکہ سبا۔

68- سورۃ الکہف میں کون سے تین قصے بیان ہوئے ہیں؟

ج: قصہ اصحاب کہف، قصہ موسیٰؑ و خضرؑ، قصہ ذوالقرنین

69- کس صحابی کا ذکر قرآن کریم میں نام کے ساتھ آیا ہے؟

ج: حضرت زید بن حارثؓ (سورۃ الاحزاب، سپارہ 22 آیت-37)

Marfat.com

70- قصہ ذبح بقرہ سورۃ البقرہ میں کہاں مذکور ہے؟

ج: آیات 67 تا 73

71- ان غزوات کا ذکر قرآن مجید میں کہاں کہاں مذکور ہے؟

(i) غزوہ بدر (ii) غزوہ احد (iii) غزوہ خندق (iv) غزوہ فتح مکہ (v) غزوہ تبوک (vi) غزوہ حنین

ج: (i) سورۃ الانفال وآل عمران (ii) سورۃ آل عمران (iii) سورۃ الاحزاب (iv) سورۃ النصر (v) سورۃ توبہ (vi) سورۃ توبہ

72- قرآن مجید کی کوئی سی دو سورتوں کے نام لکھیں جن کے نام ایک سے زیادہ ہیں۔

ج: سورۃ الفاتحہ، (سورۃ الحمد) البقرۃ (سنام القرآن) التوبہ (سورۃ برأت) القلم (سورۃ ن) بنی اسرائیل (سورۃ اسراء)

73- صلح حدیبیہ اور واقعات ہجرت کا تذکرہ قرآن مجید میں کہاں آیا ہے؟

ج: صلح حدیبیہ (سورۃ الفتح) واقعات ہجرت (سورۃ الانفال و سورۃ التوبہ)

74- حضور اکرم ﷺ کے دشمن ولید بن مغیرہ کی دس بری صفات کا ذکر قرآن مجید میں کہاں بیان ہوا ہے؟

ج: دشمن رسول ولید بن مغیرہ کی دس بری صفات کا ذکر سورۃ القلم کی ابتدائی آیات میں آیا ہے۔

75- حضور اکرم ﷺ کے صحابہ کے خصائص قرآن کریم میں کہاں مذکور ہیں؟

ج: سورۃ الفتح کے آخری رکوع، (آخری آیت) میں۔

76- حضور اکرم ﷺ کے معجزہ معراج کا تذکرہ قرآن کریم میں کہاں کہاں ہوا ہے؟

ج: سورۃ بنی اسرائیل (آیت 1) (سفر اسریٰ) سورۃ النجم (آیات 1 تا 20 (سفر معراج)

77- سورۃ الفیل میں کن لوگوں کا واقعہ بیان ہوا ہے؟

ج: یمن کے بادشاہ ابرہہ اور اس کی افواج کا قصہ جو خانہ کعبہ کو ڈھانے آئے تھے

78- حضور پاک ﷺ کی شان ختم نبوت ﷺ کا ذکر قرآن مجید میں کہاں آیا ہے؟

Marfat.com

ج: سورۃ الاحزاب آیہ 40 سپارہ 22 (سورۃ نمبر 33)

79- قرآن مجید کی کئی سورتوں میں قیامت کا ذکر آیا ہے کم از کم دو کے نام لکھیے

ج: الواقعہ، القارعہ، الحاقۃ، القیامتہ، الغاشیہ، الزلزال

80- جنت اور اس کی نعمتوں کا ذکر قرآن میں کئی مقامات پر آیا ہے کم از کم دو مقامات بتائیے؟

ج: یٰسین، الرحمٰن، المزمل، التطفیف، الدہر

81- جہنم اور اس کی تلخیوں کا ذکر قرآن میں کئی مقامات پر آیا ہے کم از کم دو مقامات بتائیے؟

ج: النباء، الرحمٰن، الواقعہ، الملک، صٓ، قٓ، فاطر، صآفات

82- ''تفسیر'' کے کیا معنی ہیں؟

ج: بیان کرنا، وضاحت کرنا، کھولنا، اس کا مترادف تاویل بھی ہے (جس کے معنی ہیں آیت قرآن کو اس کے معنی کی طرف پھیرنا)

83- قرآن مجید میں کئی جگہوں کا ذکر نام کے ساتھ آیا ہے کم از کم دو جگہوں کے نام لکھیے

ج: مکہ (بکہ) یثرب (مدینہ) بدر، حنین، عرفات، احقاف، طور سینا

84- قرآن مجید میں مذکور کم از کم دو پرندوں کے نام لکھیے؟

ج: ہدہد، کوا، ابابیل

85- قرآن مجید میں مذکور کم از کم دو حشرات کے نام لکھیے؟

ج: مچھر، مکھی، شہد کی مکھی، چیونٹی، مکڑی، ٹڈی

86- بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بطور آیت قرآن مجید میں کہاں آئی ہے؟

ج: سورۃ النحل آیہ 30 (اِنَّهُ مِنْ سُلَيْمَانَ وَاِنَّهُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ)

87- قرآن مجید کے کتنے سپاروں کا آغاز اور سورتوں کا آغاز اکٹھا ہوا ہے؟

ج: آٹھ (الٓمٓ، سُبْحَانَ الَّذِىْ، اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ، قَدْ اَفْلَحَ، حٰمٓ، قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ، تَبَارَكَ الَّذِىْ، عَمَّ)

88- قرآن مجید کی کتنی سورتوں کا آغاز حٰمٓ سے ہوا ہے؟

ج: سات (مُؤْمِنُ، حٰمٓ السَّجْدَة، اَلشُّوْرٰى، اَلزُّخْرُف، اَلدُّخَانُ، اَلْجَاثِيَة

Marfat.com

اَلْاَحْقَافُ) انہیں ''حوامیم سبعہ'' بھی کہا جاتا ہے

89- قرآن مجید کی کتنی سورتوں کا آغاز سبحٰن سے ہوا ہے

ج: صرف ایک سورۃ بنی اسرائیل

90- قرآن مجید کی کتنی سورتوں کا آغاز بددعا سے ہوا ہے؟

ج: تین (اَلتَّطْفِيْفُ، اَلْهُمَزَةُ، اَللَّهَبُ)

91- قرآن مجید کی کتنی سورتوں کا آغاز قل (کہہ دیجئے) سے ہوا ہے؟

ج: پانچ (سُوْرَةُ الْجِنُّ، سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ، سُوْرَةُ الْاِخْلَاصُ، سُوْرَةُ الْفَلَقُ، سُوْرَةُ النَّاسُ).

92- لفظ ''اللہ'' قرآن پاک میں کتنی دفعہ ذکر ہوا ہے؟

ج: 2584 مرتبہ (بحوالہ علم القرآن مرتبہ سید قاسم محمود)

93- اللہ کے بہت سے اسماء صفاتی اور صفات کا تذکرہ کئی جگہ ہوا ہے کم از کم دو مقامات بتایئے۔

ج: اسماء صفاتی: سورۃ الحشر آخری تین آیات، صفات عظیمہ، آیت الکرسی

94- قرآن مجید کی سب سے طویل آیت کون سی ہے؟

ج: آیت ''دِیْنٌ'' (قرض اور ادھار کے لین دین کی آیت) (سورۃ البقرۃ آیہ 282)

95- قرآن مجید میں ایک آیت کا رکوع کہاں آیا ہے؟

ج: سورۃ مزمل کا دوسرا رکوع۔

96- قرآن مجید کے کن دو سپاروں میں دو، دو سجدہ ہائے تلاوت آئے ہیں؟

ج: 19 واں سپارہ اور تیس واں سپارہ

97- قرآن مجید کی سورۃ نور میں کن خاتون کے خلاف منافقین کے پروپیگنڈے کا رد کیا گیا ہے؟

ج: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کے خلاف ''واقعہ افک'' کا رد (7 تا 10 آیات میں)

98- قرآن مجید میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کو کس نام سے یاد کیا گیا ہے؟

Marfat.com

ج: ثانی اثنین، صاحب (دو میں سے دوسرا۔ نبی کریم ﷺ کا ساتھی)

99- قرآن مجید کی پہلی تفسیر کن صحابی کے نام سے منظر عام پر آئی؟

ج: حضرت عبداللہ بن عباسؓ تفسیر کا نام ہے "تنویر المقیاس من تفسیر ابن عباسؓ" "مرتب" کرنے والے محمد بن یعقوب فیروز آبادی ہیں۔

100- اردو میں قرآن کریم کے پہلے تراجم اور مختصر تفسیر کن علماء نے لکھیں؟

ج: اردو ترجمہ: شاہ رفیع الدین، شاہ عبدالقادر، مختصر اردو حاشیہ "موضح القرآن"

101- قرآن مجید کی تلاوت کے بعد صَدَقَ اللّٰہُ الْعَظِیْم لکھتے ہیں، اس کا کیا مطلب ہوتا ہے؟

ج: اللہ بلند و برتر نے سچ کہا۔

102- کتنی سورتوں کا آغاز الٓم سے ہوا ہے؟

ج: چھ سورتیں (البقرۃ، آل عمران، العنکبوت، روم، لقمان، السجدۃ)

103- قرآن مجید کی کتنی سورتوں کا نزولی اور توصیفی شمار ایک ہے؟

ج: تین سورتیں (سورۃ ص 38/38، سورۃ نوح 71/71، سورۃ الانفطار 82/82)

104- قرآن مجید رمضان المبارک کی کس رات کو نازل ہوا؟

ج: 27 رمضان المبارک (لیلۃ القدر کو)

105- بتائیے مکہ اور مدینہ میں پہلے کاتب وحی کون تھے؟

ج: مکہ میں: خالد بن سعید، شرجیل بن حسنہ، مدینہ میں: ابی بن کعب

106- کتنی امہات المومنین حافظ قرآن تھیں؟

ج: تین: حضرت عائشہ صدیقہؓ، حضرت حفصہؓ، حضرت ام سلمہؓ

107- قرآن مجید میں کل کتنے غزوات کا ذکر ہے؟

ج: بارہ غزوات کا

108- قرآن مجید کا سب سے پہلا ترجمہ کس غیر عربی زبان میں ہوا؟

ج: لاطینی زبان میں، پطرس نرابلس (عیسائی پادری) نے فرانس میں کیا

Marfat.com

-109 قرآن مجید کا انگریزی ترجمہ سب سے پہلے کس نے کیا؟
ج: الیگزینڈر روس نے جو 1669ء میں لندن سے شائع ہوا

-110 مندرجہ ذیل تفسیروں کے مولف کون ہیں
(i) ترجمان القرآن (ii) سواطع الالہام (iii) تفہیم القرآن (iv) بیان القرآن
(v) ضیاء القرآن (vi) فی ظلال القرآن
ج: (i) ابوالکلام آزاد (ii) فیضی (iii) مولانا مودودی (iv) مولانا اشرف علی تھانوی
(v) پیر کرم شاہ الازہری (vi) سید قطب شہید (مصری)

-111 معوذتین قرآن مجید کی کن دو سورتوں کو کہتے ہیں؟
ج: سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کو، (یہ قرآن مجید کی آخری دو سورتیں ہیں)

-112 قرآن پاک میں حضور اکرم ﷺ کے کس کافر چچا کا نام آیا ہے؟
ج: عبدالعزیٰ (ابولہب کا سورۃ اللہب سپارہ تیس میں)

-113 سورۃ قتال کس سورۃ کا دوسرا نام ہے
ج: سورۃ انفال (کتابی نمبر 8 سپارہ نواں اور دسواں آیات 75 رکوعات 10)

-114 اہل تشیع کی قرآن مجید کی کم از کم دو تفسیروں کے نام بتائیں
ج: (الف) تفسیر طبرسی (قدیم) (ب) تفسیر نمونہ (جدید)

-115 ''دعا ختم القرآن'' کیا ہوتی ہے؟
ج: قرآن مجید کے آخر میں پڑھی جانے والی دعا جو عموماً قرآنی نسخوں کے آخر میں لکھی ہوتی ہے۔ (اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِیْ فِیْ قَبْرِیْ...... اِلَی الْاٰخِرِ).

-116 تفسیر عزیزی کا مولف کون ہے؟
ج: حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی، اس کی تین جلدیں ہیں سپارہ اول، سپارہ انتیس، سپارہ تیس۔

-116 قرآن مجید کی کوئی ایسی آیت لکھیں جس میں قرآن کا نام آیا ہو؟
ج: (1) یٰسٓ ○ والقرآن الحکیم...... (2) الرحمٰن ○ علم القرآن۔

Marfat.com

# قرآن مجید کی صورتیں، رکوعات اور آیات کی فہرست

| نمبر شمار | نزولی نمبر | کتابی نمبر | نام سورۃ | آیات | رکوعات | مکی یا مدنی | سپارہ تا سپارہ | سورۃ کے نام کے معنی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 5 | 1 | الفاتحہ | 7 | 1 | مدنی | پہلا | کھولنے والی، شروع کرنے والی |
| 2 | 87 | 2 | البقرہ | 286 | 40 | مدنی | پہلا تا تیسرا | گائے/بیل |
| 3 | 89 | 3 | آل عمران | 200 | 20 | مدنی | تیسرا تا چوتھا | عمران کی اولاد |
| 4 | 92 | 4 | النّساء | 176 | 24 | مدنی | چوتھا تا چھٹا | عورتیں مترادف نِسْوَۃٌ (واحد اِمْرَءَۃٌ) |
| 5 | 112 | 5 | المائدہ | 120 | 16 | مدنی | چھٹا تا ساتواں | دستر خوان |
| 6 | 55 | 6 | الانعام | 165 | 20 | مکی | ساتواں تا آٹھواں | چوپائے/مویشی |
| 7 | 39 | 7 | الاعراف | 206 | 24 | مکی | آٹھواں تا نواں | اونچی جگہ/جنت دوزخ کے درمیان ایک مقام |
| 8 | 88 | 8 | الانفال | 75 | 10 | مدنی | نواں تا دسوں | زائد چیز |
| 9 | 113 | 9 | التّوبہ | 129 | 16 | مدنی | دسواں تا گیارہواں | رجوع کرنا/معافی مانگنا |
| 10 | 51 | 10 | یونس | 109 | 11 | مکی | گیارہواں | ایک نبی کا نام (یونس علیہ السلام بن متی) |

Marfat.com

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 11 | 52 | 11 | ہود | 123 | 10 | مکی | گیارہواں تا بارہواں | ایک نبی علیہ السلام کا نام |
| 12 | 53 | 12 | یوسف | 111 | 12 | مکی | بارہواں تا تیرہواں | ایک نبیؑ کا نام (یوسفؑ بن یعقوبؑ) |
| 13 | 96 | 13 | الرّعد | 43 | 6 | مدنی | تیرہواں | کڑک |
| 14 | 72 | 14 | ابراہیم | 52 | 7 | مکی | تیرہواں | ایک نبیؑ کا نام (ابراہیمؑ بن آزر/تارخ) |
| 15 | 54 | 15 | الحجر | 99 | 6 | مکی | تیرہواں تا چودھواں | پتھر |
| 16 | 70 | 16 | النّحل | 128 | 16 | مکی | چودھواں | شہد کی مکھی |
| 17 | 50 | 17 | بنی اسرائیل | 111 | 12 | مکی | پندرہواں | عبرانی میں ''اللہ کا بندہ'' |
| 18 | 69 | 18 | الکہف | 110 | 12 | مکی | پندرہواں تا سولہواں | غار |
| 19 | 44 | 19 | مریم | 98 | 6 | مکی | سولہواں | حضرت عیسیٰؑ کی والدہ، ایک نیک خاتون (ولیہ) |
| 20 | 45 | 20 | طٰہٰ | 135 | 8 | مکی | سولہواں | حروف مقطعات (اے روندنے والے) |
| 21 | 73 | 21 | الانبیا | 112 | 7 | مکی | سترہواں | نبی کی جمع۔ غیب کی خبریں دینے والے |

Marfat.com

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 22 | 103 | 22 | الحجُ | 78 | 10 | مدنی | سترہواں | قصد کرنا/خانہ کعبہ کا طواف مع ضروری مناسک ادا کرنا مخصوص ایام (9ذی الحج تا13ذوالحج) |
| 23 | 74 | 23 | المومنون | 118 | 6 | مکی | اٹھارہواں | مومن کی جمع/ایمان لانے والے |
| 24 | 102 | 24 | النُور | 64 | 9 | مدنی | اٹھارہواں | روشنی |
| 25 | 42 | 25 | الفرقان | 77 | 6 | مکی | اٹھارہواں تا انیسواں | فرق کرنے والا/والی (باطل کو حق سے جدا کرنے والا/والی) |
| 26 | 47 | 26 | الشُعرا | 228 | 11 | مکی | انیسواں | شاعر کی جمع |
| 27 | 48 | 27 | النمل | 93 | 7 | مکی | انیسواں تا بیسواں | چیونٹی |
| 28 | 49 | 28 | القصص | 88 | 9 | مکی | بیسواں | قصہ کی جمع۔واقعات کا ترتیب وار بیان |
| 29 | 85 | 29 | العنکبوت | 69 | 7 | مکی | بیسواں تا اکیسواں | مکڑی |
| 30 | 84 | 30 | الرُوم | 60 | 6 | مکی | اکیسواں | عیسائیوں کی ایک قدیم سلطنت |

Marfat.com

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31 | 57 | 31 | لقمان | 34 | 4 | مکی | اکیسواں | ایک نیکوکار حکیم و بزرگ کا نام، افریقی دانشور اور ولی اللہ |
| 32 | 75 | 32 | السّجدة | 30 | 3 | مکی | اکیسواں | جھکنا/ پیشانی اور ناک زمین پر رکھنا |
| 33 | 90 | 33 | الاحزاب | 73 | 9 | مدنی | اکیسواں تا بائیسواں | حزب کی جمع (گروہ) |
| 34 | 58 | 34 | سبا | 54 | 6 | مکی | بائیسواں | یمن کی ایک قوم جن کی سردار ایک عورت ملکہ بلقیس تھی |
| 35 | 43 | 35 | فاطر | 45 | 5 | مکی | بائیسواں | بغیر مثال اور نمونے کے پیدا کرنے والا |
| 36 | 41 | 36 | یٰسٓ | 83 | 5 | مکی | بائیسواں تا تیئیسواں | حروف مقطعات (اے انسان) |
| 37 | 56 | 37 | الصّٰفّٰت | 182 | 5 | مکی | تیئیسواں | صافہ کی جمع/ صف باندھنے والے) |
| 38 | 38 | 38 | صٓ | 88 | 5 | مکی | تیئیسواں | حروف مقطعات (اللہ سچا ہے) (اللہ نے سچ کر دکھایا) |
| 39 | 59 | 59 | الزُّمر | 75 | 8 | مکی | تیئیسواں تا چوبیسواں | زمرہ کی جمع (گروہ) |

Marfat.com

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 40 | 60 | 40 | المومن | 85 | 9 | مکی | چوبیسواں | مومن (ایمان والا) |
| 41 | 61 | 41 | حم السّجدة | 54 | 6 | مکی | چوبیسواں تا پچیسواں | حروف مقطعات (اللہ بے حد رحم کرنے والا ہے) |
| 42 | 62 | 42 | الشُّوریٰ | 53 | 5 | مکی | پچیسواں | آپس میں مشورہ کرنا |
| 43 | 63 | 43 | الزُّخرف | 89 | 7 | مکی | پچیسواں | سونا |
| 44 | 64 | 44 | الدُّخان | 59 | 3 | مکی | پچیسواں | دھواں |
| 45 | 65 | 45 | الجاثیہ | 37 | 4 | مکی | پچیسواں تا چھبیسواں | گھٹنوں کے بل بیٹھنے والی |
| 46 | 66 | 46 | الاحقاف | 35 | 4 | مکی | چھبیسواں | حقف کی جمع۔ ریت کے ٹیلے |
| 47 | 95 | 47 | محمد ﷺ | 38 | 4 | مدنی | چھبیسواں | بہت زیادہ تعریف کیا گیا (حضرت محمد ﷺ کا اسم ذاتی) |
| 48 | 111 | 48 | الفتح | 29 | 4 | مدنی | چھبیسواں | کھولنا کامیابی وفتح |
| 49 | 106 | 49 | الحجرات | 18 | 2 | مدنی | چھبیسواں | حجرہ کی جمع، چھوٹے کمرے |

Marfat.com

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 50 | 34 | 50 | قٓ | 45 | 3 | مکی | چھبیسواں | حروف مقطعات (اللہ کا نام یا قرآن کا نام) |
| 51 | 67 | 51 | الذّٰرِیٰت | 60 | 3 | مکی | چھبیسواں تا ستائیسواں | غبار والی ہوائیں |
| 52 | 76 | 52 | الطُّور | 49 | 2 | مکی | ستائیسواں | مصر کا ایک مقدس پہاڑ جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام اللہ سے باتیں کیا کرتے تھے |
| 53 | 23 | 53 | النّجم | 62 | 3 | مکی | ستائیسواں | ستارہ |
| 54 | 37 | 54 | القمر | 55 | 3 | مکی | ستائیسواں | چاند |
| 55 | 97 | 55 | الرّحمٰن | 78 | 3 | مدنی | ستائیسواں | بہت رحم کرنے والا |
| 56 | 46 | 56 | الواقعہ | 96 | 3 | مکی | ستائیسواں | وقوع پذیر ہونے والی (قیامت) |
| 57 | 94 | 57 | الحدید | 29 | 4 | مدنی | ستائیسواں | لوہا |
| 58 | 105 | 58 | المجادلہ | 22 | 3 | مدنی | اٹھائیسواں | آپس کا جھگڑا |
| 59 | 101 | 59 | الحشر | 24 | 3 | مدنی | اٹھائیسواں | کھڑا کرنا، اکٹھا کرنا |

Marfat.com

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 60 | 91 | 60 | الممتحنہ | 13 | 2 | مدنی | اٹھائیسواں | امتحان لینے والی |
| 61 | 109 | 61 | الصّف | 14 | 2 | مدنی | اٹھائیسواں | قطار بنانا/قطار |
| 62 | 110 | 62 | الجمعہ | 11 | 2 | مدنی | اٹھائیسواں | اکٹھا ہونا، جمعہ کی نماز |
| 63 | 104 | 63 | المنفقون | 11 | 2 | مدنی | اٹھائیسواں | قول و فعل میں مختلف<br>ظاہر و باطن میں مختلف |
| 64 | 108 | 64 | التّغابن | 18 | 2 | مدنی | اٹھائیسواں | غبن سے خسارہ/ہار |
| 65 | 99 | 65 | الطّلاق | 12 | 2 | مدنی | اٹھائیسواں | گرہ کھولنا، آزاد کرنا<br>(مرد کا اپنی بیوی کو نکاح کی قید سے آزاد کرنا) |
| 66 | 107 | 66 | التّحریم | 12 | 2 | مدنی | اٹھائیسواں | حرام قرار دینا |
| 67 | 77 | 67 | الملک | 30 | 2 | مکی | انتیسواں | بادشاہت/فرمانروائی |
| 68 | 02 | 68 | القلم | 52 | 2 | مکی | انتیسواں | لکھنے کا آلہ |
| 69 | 78 | 69 | الحاقّۃ | 52 | 2 | مکی | انتیسواں | ٹھیک ٹھیک وقوع پذیر ہونے والی (قیامت) |

Marfat.com

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 70 | 79 | 70 | المعارج | 44 | 2 | مکی | انتیسواں | سیڑھیاں، بلند درجات |
| 71 | 71 | 71 | نوح | 28 | 2 | مکی | انتیسواں | ایک پیغمبر کا نام |
| 72 | 40 | 72 | الجنّ | 28 | 2 | مکی | انتیسواں | پوشیدہ چیز، ایک مخلوق |
| 73 | 03 | 73 | المزّمّل | 20 | 2 | مکی | انتیسواں | چادر یا کمبل اوڑھنے والا (حضورؐ کا صفاتی نام) |
| 74 | 04 | 74 | المدّثّر | 56 | 2 | مکی | انتیسواں | چادر یا کمبل اوڑھنے والا (حضورؐ کا صفاتی نام) |
| 75 | 31 | 75 | القیمہ | 40 | 2 | مکی | انتیسواں | کھڑا ہونا (قیامت کا قائم ہونا) |
| 76 | 98 | 76 | الدّھر | 31 | 2 | مدنی | انتیسواں | زمانہ |
| 77 | 33 | 77 | المرسلٰت | 50 | 2 | مکی | انتیسواں | چلنے والی ہوائیں |
| 78 | 80 | 78 | النّباء | 40 | 2 | مکی | تیسواں | خبر |
| 79 | 81 | 79 | النّٰزعت | 46 | 2 | مکی | تیسواں | کھینچ کر نکالنے والی جماعتیں |
| 80 | 24 | 80 | عبس | 42 | 1 | مکی | تیسواں | اس نے تیوری چڑھائی |
| 81 | 07 | 81 | التّکویر | 29 | 1 | مکی | تیسواں | لپیٹنا |

Marfat.com

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 82 | 82 | 82 | الانفطار | 19 | 1 | مکی | تیسواں | پھٹ جانا |
| 83 ـ | 86 | 83 | المطففین | 36 | 1 | مکی | تیسواں | مطفف کی جمع (کم تولنے والے) |
| 84 | 83 | 84 | الانشقاق | 25 | 1 | مکی | تیسواں | پھٹ جانا |
| 85 | 27 | 85 | البروج | 22 | 1 | مکی | تیسواں | برج کی جمع (آسمان کے تارے اور سیارے) |
| 86 | 36 | 86 | الطّارق | 17 | 1 | مکی | تیسواں | رات کو آنے والا، ظاہر ہونے والا (تارہ) |
| 87 | 08 | 87 | الاعلیٰ | 19 | 1 | مکی | تیسواں | سب سے بلند (اللہ کی ذات) |
| 88 | 68 | 88 | الغاشیہ | 26 | 1 | مکی | تیسواں | ڈھانپ لینے والی |
| 89 | 10 | 89 | الفجر | 30 | 1 | مکی | تیسواں | پو پھٹنا |
| 90 | 35 | 90 | البلد | 20 | 1 | مکی | تیسواں | شہر/جگہ |
| 91 | 26 | 91 | الشّمس | 15 | 1 | مکی | تیسواں | سورج |
| 92 | 69 | 92 | اللّیل | 21 | 1 | مکی | تیسواں | رات |

Marfat.com

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 93 | 11 | 93 | الضحیٰ | 11 | 1 | مکی | تیسواں | صبح دن چڑھے (چاشت) کا وقت |
| 94 | 12 | 94 | الم نشرح | 8 | 1 | مکی | تیسواں | کیا ہم نے نہیں کھولا |
| 95 | 28 | 95 | التین | 8 | 1 | مکی | تیسواں | انجیر |
| 96 | 01 | 96 | العلق | 19 | 1 | مکی | تیسواں | خون کا لوتھڑا |
| 97 | 25 | 97 | القدر | 5 | 1 | مکی | تیسواں | عزت والی، قدر والی |
| 98 | 100 | 98 | البینہ | 8 | 1 | مکی | تیسواں | کھلا، روشن، واضح |
| 99 | 93 | 99 | الزلزال | 8 | 1 | مکی | تیسواں | زلزلہ، ہلانا |
| 100 | 14 | 100 | العدیت | 11 | 1 | مکی | تیسواں | دوڑنے والے |
| 101 | 30 | 101 | القارعۃ | 11 | 1 | مکی | تیسواں | سخت مصیبت |
| 102 | 16 | 102 | التکاثر | 8 | 1 | مکی | تیسواں | کثرت مال و دولت میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنا |
| 103 | 13 | 103 | العصر | 3 | 1 | مکی | تیسواں | زمانہ، وقت، عصر کی نماز |

Marfat.com

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 104 | 32 | 104 | الھمزۃ | 9 | 1 | مکی | تیسواں | دوسروں پر پیٹھ پیچھے عیب لگانے والا |
| 105 | 19 | 105 | الفیل | 5 | 1 | مکی | تیسواں | ہاتھی (ابرہہ کے ہاتھیوں کے لشکر کی طرف اشارہ ہے) |
| 106 | 29 | 106 | القریش | 4 | 1 | مکی | تیسواں | قریش، مکہ کا سردار قبیلہ |
| 107 | 17 | 107 | الماعون | 7 | 1 | مکی | تیسواں | (گھریلو) استعمال کی معمولی اشیاء |
| 108 | 15 | 108 | الکوثر | 3 | 1 | مکی | تیسواں | خیر کثیر، جنت کی ایک نہر |
| 109 | 18 | 109 | الکافرون | 6 | 1 | مکی | تیسواں | کافر کی جمع، انکار کرنے والے |
| 110 | 114 | 110 | النّصر | 3 | 1 | مدنی | تیسواں | مدد، فتح مکہ کی طرف اشارہ ہے |
| 111 | 06 | 111 | اللّھب | 5 | 1 | مکی | تیسواں | آگ کا شعلہ۔ حضور اکرمؐ کے کافر چچا کا نام |
| 112 | 22 | 112 | الاخلاص | 4 | 1 | مکی | تیسواں | پاکیزہ، خالص۔ توحید خالص کا ذکر ہے |
| 113 | 20 | 113 | الفلق | 5 | 1 | مکی | تیسواں | پو پھٹنا |
| 114 | 21 | 114 | النّاس | 6 | 1 | مکی | تیسواں | لوگ، انسان |

Marfat.com

# سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم

## رسول اللہ ﷺ کی حیات طیبہ...... ماہ وسال کے آئینے میں

ذیل میں انتہائی تتبع اور تحقیق وجستجو کے ساتھ چند سطور پیش خدمت ہیں۔بعض مقامات پر وفود وسرایا میں تقدیم وتاخیر اور تاریخی اختلاف ہے لیکن جو تاریخ مجھے درستگی کے قریب معلوم ہوئی صرف اس کا اندراج کیا گیا ہے مزید تحقیق اور اطمینان کے لئے اصل کتب مراجع کی طرف رجوع کریں۔(مرتب: عبدالرحمٰن عزیز الہ آبادی)

## شجرۂ نسب حضرت محمد ﷺ

| | آباءکرام | امہات عظام | امہات عظام کی ددھیال |
|---|---|---|---|
| 1- | عبداللہ | آمنہ | وہب بن عبد مناف بن زہرا |
| 2- | عبدالمطلب | فاطمہ | عمر بن عائذ بن عمران بن مخزوم |
| 3- | ہاشم | سلمٰی | عمرو بن زید بن لبید |
| 4- | عبد مناف | عاتکہ | مہرہ بن ہلالی بن فالج |
| 5- | قصی | حبی | خلیل بن حبشیہ بن سلول |
| 6- | کلاب | فاطمہ | سعد بن سیل بن عوف |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 7- | مرہ | ہند | سریر بن ثعلبہ بن حارث |
| 8- | کعب | مخشیہ | شیبان بن محارب بن فہر |
| 9- | لوی | مادیہ | کعب بن الیقین بن حسیر |
| 10- | غالب | عاتکہ | یخلد بن النضر |
| 11- | فہر (لقب: قریش) | لیلیٰ | حارث بن تمیم بن سعد |
| 12- | مالک | جندلہ | عامر بن حارث بن مضاض |
| 13- | نضر | عکرشہ | عدنان بن عمرو بن قیس |
| 14- | کنانہ | برہ | مر بن او بن طانجہ |
| 15- | خزیمہ | حوانہ، ہند | سعد بن قیس بن عیلان |
| 16- | مدرکہ | سلمیٰ | اسلم بن الحاف بن قضاء |
| 17- | الیاس | لیلیٰ (خندف) | حلوان بن عمران بن الحاف بن قضاء |
| 18- | مضر | رباب | حیدہ بن معد |
| 19- | نزار | سودہ | عک بن الریث بن عدنان |
| 20- | معد | معانہ | جوشم بن جلہمہ بن عمر بن برہ |
| 21- | عدنان | مہدو | لہم بن جلحب بن جدلیس |

(حضور اکرم ﷺ کے فرمان کے مطابق آپ کا یہاں تک نسبہ نامہ درست ہے:

| نمبر | اہم واقعات | عمر مبارک | سن ولادت | سن عیسوی |
|---|---|---|---|---|

**بچپن:**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | ولادت باسعادت بروز سوموار بعد صبح صادق قبل طلوع آفتاب (واقعہ فیل کے پچاس دن بعد) | یوم پیدائش | 9 ربیع الاول (1۔ولادت) یا 12 ربیع الاول (1۔ولادت) | 20-4-571 عیسوی |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 2 | رضاعت والدہ ماجدہ سیدہ آمنہؓ (چاردن) | 4دن | 13 ربیع الاول (1 ولادت) | 23.4.571 عیسوی |
| 3 | رضاعت ابولہب کی آزاد کردہ کنیز ثویبہ (چاردن) | 8دن | 17 ربیع الاول (1 ولادت) | 27.4.571 عیسوی |
| 4 | پھر رضاعت کی ذمہ داری حلیمہ سعدیہ کے سپرد ہوئی | 9دن بعد | 18 ربیع الاول (1 ولادت) | 28.4.571 عیسوی |
| 5 | آپ ﷺ مکہ معظمہ میں والدہ ماجدہ کے پاس آئے | 2سال بعد | آغاز 3 ولادت | 573ء عیسوی |
| 6 | آپ ﷺ پھر بنو سعد میں چلے گئے | 2سال بعد | آغاز 3 ولادت | 573ء |
| 7 | واقعہ شق صدر | 5/4سال | 5/4 ولادت | 575-76ء |
| 8 | بنوسعد سے واپسی | 5/4 سال بعد | 5/4 ولادت | 575-76ء |
| 9 | سیدہ آمنہؓ کا انتقال بمقام ابواء | آغاز6سال | 6 ولادت | 577ء |
| 10 | وفات سردار عبدالمطلب بمقام مکہ مکرمہ بعمر 82سال | 8سال2ماہ | آغاز9ولادت | 579ء |
| 11 | شام کا تجارتی سفر مع ابوطالب، بحیرہ راہب سے ملاقات | 12سال2ماہ | آغاز13ولادت | 583ء |
| 12 | جنگ فجار میں شرکت | 15سال7ماہ | آخر16ولادت | 586ء |
| 13 | حلف الفضول میں شرکت | 15سال7ماہ | آخر16ولادت | 586ء |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 14 | شام کا دوسرا تجارتی سفر مع میسرہ غلام حضرت خدیجہؓ | 25 سال تقریباً | 25 ولادت | جولائی 595ء |

## بعد از نکاح

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 15 | حضرت خدیجہ الکبریٰؓ سے نکاح | 25 سال 2 ماہ | آغاز 26 ولادت | ستمبر 595ء |
| 16 | قاسم بن محمد ﷺ کی پیدائش | 28 سال تقریباً | 28 ولادت | جون 498ء |
| 17 | سیدہ زینب بنت محمد ﷺ کی پیدائش | 30 سال تقریباً | 30 ولادت | جون 600ء |
| 18 | سیدہ رقیہ بنت محمد ﷺ کی پیدائش | 33 سال تقریباً | 33 ولادت | جون 603ء |
| 19 | سیدہ ام کلثوم بنت محمد ﷺ کی پیدائش | 34 سال تقریباً | 34 ولادت | جون 604ء |
| 20 | تعمیر کعبہ اور آپ ﷺ کی تحکیم | 35 سال تقریباً | 35 ولادت | 604 آخر |
| 21 | سیدہ فاطمہ بنت محمد ﷺ کی پیدائش | 35 سال تقریباً | 35 ولادت | آغاز 605ء |
| 22 | رویائے صادقہ یعنی بشارات نبوت بزبان جبریل امینؑ | 40 سال | 40 ولادت | 9.2.610 عیسوی |

## بعد از نبوت

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 23 | نزول قرآن مجید، نبوت کا پہلا دن | 40 سال 6 ماہ | 21 رمضان 1 نبوت | 14.8.610 عیسوی |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 24 | حضرت خدیجہؓ، ابوبکر صدیقؓ، زید بن حارثہؓ، اور حضرت علیؓ ایمان لائے | 40سال6ماہ | 21رمضان 1نبوت | 14اگست 610ء |
| 25 | نماز فجر اور نماز عصر کی فرضیت | 40سال6ماہ | 21رمضان 1نبوت | 14اگست610ء |
| 26 | خفیہ تبلیغ کا آغاز | 40سال 6ماہ10دن | شوال1نبوت | اگست610ء |
| 27 | حضرت بلالؓ، حضرت عمروؓ بن عبسہ، حضرت خالدؓ بن سعد بن ابی وقاص، حضرت عثمانؓ بن عفان، حضرت زبیرؓ، حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف، حضرت عبداللہ بن مسعود، حضرت طلحہؓ اور حضرت عمار بن یاسر اسلام لائے۔ | 40سال 6ماہ10دن | شوال1نبوت | اگست610ء |
| 28 | حضرت رقیہ بنت محمد ﷺ کا نکاح حضرت عثمانؓ کے ساتھ | 42سال تقریباً | 2نبوت | 611ء |
| 29 | اعلانیہ تبلیغ کا آغاز، مخالفت کا دور شروع | 43سال6ماہ | 4نبوت | 614ء |
| 30 | عبداللہ بن محمد ﷺ کا انتقال | 44سال تقریباً | 4نبوت | 615ء |
| 31 | مشرکین مکہ کے وفد کی روانگی ابوطالب کے پاس | 44سال تقریباً | 4نبوت | 615ء |
| 32 | صحابہؓ کی حبشہ کی طرف ہجرت | 45سال4ماہ | رجب5نبوت | اپریل615ء |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 33 | حضرت حمزہؓ بن عبدالمطلب کا ایمان لانا | 46 سال تقریباً | 6 نبوت | 616ء |
| 34 | حضرت عمر فاروقؓ بن خطاب کا ایمان لانا | 46 سال تقریباً | 6 نبوت | 616ء |
| 35 | آپ ﷺ کی محصوری کی ابتداء (تقریباً 3 سال محصور رہے) | 46 سال 9 ماہ | 1 محرم 7 نبوت | 30.9.617 |
| 36 | وفات سردار ابو طالب | 49 سال 6 ماہ | رمضان 10 نبوت | فروری 619 |
| 37 | ام المومنین حضرت خدیجہ الکبریٰ کا انتقال | 49 سال 6 ماہ چند دن | رمضان 10 نبوت | فروری 619 |
| 38 | حضرت سودہؓ بنت زمعہ بن قیس سے نکاح | 49 سال 6 ماہ 22 دن | شوال 10 نبوت | فروری 619 |
| 39 | طائف کا سفر | 49 سال 7 ماہ 19 دن | 27 شوال 10 نبوت | مارچ 619ء |
| 40 | جنوں کا قرآن سن کر مسلمان ہونا | 49 سال 7 ماہ 19 دن | 27 شوال 10 نبوت | مارچ 619ء |
| 41 | قبائل میں تبلیغ اسلام | 49 سال 9 ماہ | 27 شوال 10 نبوت | مئی 619ء |
| 42 | حضرت سوید بن صامتؓ کا ایمان لانا | 50 سال تقریباً | 10 نبوت | اگست 619ء |
| 43 | حضرت ایاس بن معاذؓ کا ایمان لانا | 50 سال تقریباً | 10 نبوت | اگست 619ء |
| 44 | مدینہ منورہ میں اسلام کا آغاز | 50 سال تقریباً | 10 نبوت | اگست 619ء |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 45 | حضرت ابوذر غفاریؓ ایمان لائے | 50سال تقریباً | 10نبوت | 619عیسوی |
| 46 | حضرت طفیل بن عمرو دوسیؓ ایمان لائے۔ | 50سال تقریباً | 10نبوت | 619عیسوی |
| 47 | حضرت ضماد ازدیؓ ایمان لائے | 50سال تقریباً | 10نبوت | 619عیسوی |
| 48 | معراج | 50سال 4ماہ 19دن | 26.27رجب 10نبوت | 19.20مارچ 620عیسوی |
| 49 | فرضیت نماز خمسہ | 50سال 4ماہ20دن | 27رجب 10نبوت | 20مارچ620 عیسوی |
| 50 | حضرت عائشہ صدیقہؓ سے نکاح | 50سال 7ماہ | شوال 11نبوت | جون620عیسوی |
| 51 | مدینہ کے وفد کا قبول اسلام | 50سال 9ماہ | ذوالحجہ 11نبوت | جولائی620عیسوی |
| 52 | بیعت عقبہ اولیٰ | 51سال 9ماہ | ذوالحجہ 12نبوت | جولائی621عیسوی |
| 53 | بیعت عقبہ ثانیہ | 52سال 9ماہ | ذوالحجہ 13نبوت | جون622عیسوی |
| 54 | آپ ﷺ کے قتل کی سازش | 52سال 11ماہ تقریباً | 26صفر14نبوت | 11ستمبر622 عیسوی |

## ہجرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 55 | ہجرت رسول اللہ ﷺ ہمراہ ابوبکر صدیق اور غار ثور میں ٹھہرے | 52سال 11ماہ | 27صفر 14نبوت | 12ستمبر622 عیسوی |
| 56 | غار ثور سے مدینہ منورہ کی جانب سفر کا آغاز | 52سال 11ماہ چند دن | یکم ربیع الاول 14نبوت | 16ستمبر622 عیسوی |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 57 | قباء میں جلوہ افروز ہونا | 53 سال | 8 ربیع الاول 14 نبوت | 23 ستمبر 622 عیسوی |
| 58 | مسجد قباء کی تاسیس | 53 سال 3 دن | 11 ربیع الاول 14 نبوت | 26 اکتوبر 622 عیسوی |
| 59 | مدینہ منورہ میں درود مسعود | 53 سال 4 دن | 12 ربیع الاول 1 ہجرت | 27 اکتوبر 622 عیسوی |
| 60 | مسجد نبوی کی تاسیس (پہلی نماز جمعہ اور پہلا جمعہ) | 53 سال 1 ماہ | ربیع الثانی 1 ہجرت | 10 اکتوبر 622 عیسوی |
| 61 | اذان کی ابتداء | 53 سال 1 ماہ | ربیع الثانی 1 ہجرت | 10 اکتوبر 622 عیسوی |
| 62 | فرض نمازوں کی رکعتوں میں اضافہ | 53 سال 2 ماہ | جمادی الاولیٰ 1 ہجری | نومبر 622 عیسوی |
| 63 | حضرت عبداللہؓ بن سلام کا ایمان لانا | 53 سال 2 ماہ | جمادی الاولیٰ 1 ہجری | نومبر 622 عیسوی |
| 64 | مہاجرین وانصار میں مواخات | 53 سال 3 ماہ | جمادی الآخرۃ آخر 1 ہجری | نومبر 622 عیسوی |
| 65 | یہود مدینہ سے معاہدہ | 53 سال 4 ماہ | جمادی الآخرۃ، آخر 1 ہجری | جنوری 623 عیسوی |
| 66 | جنگ کی اجازت | 53 سال 5 ماہ | رمضان 1 ہجری | فروری 623 عیسوی |
| 67 | سریہ سیف البحر زیر قیادت حضرت حمزہؓ | 53 سال 6 ماہ | رمضان 1 ہجری | مارچ 623 عیسوی |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 68 | سریہ رابغ زیر قیادت حضرت عبیدہؓ بن الحارث | 53سال 7ماہ | شوال 1ھ | اپریل 623 عیسوی |
| 69 | حضرت عائشہ صدیقہؓ کی رخصتی | 53سال 7ماہ | شوال 1ھ | اپریل 623 عیسوی |
| 70 | سریہ خرار زیر قیادت حضرت سعد بن ابی وقاصؓ | 53سال 8ماہ | ذوالقعد 1ھ | مئی 623 عیسوی |
| 71 | حضرت فاطمہؓ کا نکاح حضرت علیؓ کے ساتھ | 53سال 10ماہ | محرم الحرام 2ھ | جولائی 623 عیسوی |
| 72 | غزوہ ودان زیر قیادت نبی کریم ﷺ | 53سال 11ماہ 22دن | 30صفر 2ھ | ستمبر 623 عیسوی |
| 73 | غزوہ بواط زیر قیادت نبی کریم ﷺ | 54سال 22دن | ربیع الاول 2ھ | ستمبر 623 عیسوی |
| 74 | غزوہ سفوان، بدر اولیٰ زیر قیادت نبی کریم ﷺ | 54سال 22دن | ربیع الاول 2ھ | ستمبر 623 عیسوی |
| 75 | غزوہ ذوالعشیرہ زیر قیادت نبی کریم ﷺ | 54سال 3ماہ | جمادی الآخر 2ہجری | دسمبر 623 عیسوی |
| 76 | سریہ نخلہ زیر قیادت حضرت عبداللہ بن جحشؓ | 54سال 4ماہ | رجب 2ھ | جنوری 624 عیسوی |
| 77 | تحویل قبلہ (مسجد اقصیٰ سے بیت اللہ شریف کی طرف) | 54سال 5ماہ | 15شعبان 2ھ | 19فروری 624 عیسوی |
| 78 | فرضیت صوم | 54سال 5ماہ 15/16دن | شعبان آخر 2ھ | مارچ 624 عیسوی |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 79 | غزوہ بدر الکبریٰ زیر قیادت نبی کریم ﷺ (غزوہ بدر کے نام سے مشہور ہے) | 54 سال 9/10 دن | 17/16 رمضان 2 ہجری | مارچ 624 عیسوی |
| 80 | وفات حضرت رقیہؓ بنت نبی کریم ﷺ زوجہ حضرت عثمانؓ | 54 سال 6 ماہ 11 دن | 19 رمضان 2 ہجری | مارچ 624 عیسوی |
| 81 | سریہ حضرت عمیر بن العدی خطمی زیر قیادت عمیر خطمیؓ | 54 سال 6 ماہ 17 دن | 25 رمضان 2 ہجری | مارچ 624 عیسوی |
| 82 | صدقہ الفطر کی فرضیت اور نماز عید کا حکم | 54 سال 6 ماہ 20 دن | 28 رمضان 2 ہجری | مارچ 624 عیسوی |
| 83 | زکوٰۃ کی فرضیت | 54 سال 7 ماہ | شوال 2 ہجری | 10.4.624 |
| 84 | حضرت فاطمہؓ بنت محمد ﷺ کی رخصتی | 54 سال 7 ماہ | شوال 2 ہجری | اپریل 624 عیسوی |
| 85 | غزوہ بنی سلیم بمقام کدر، زیر قیادت نبی کریم ﷺ | 54 سال 7 ماہ چند دن | شوال 2 ہجری | اپریل 624 عیسوی |
| 86 | غزوہ بنی قینقاع زیر قیادت نبی کریم ﷺ | 54 سال 7 ماہ 7 دن | 15 شوال 2 ہجری | اپریل 624 عیسوی |
| 87 | غزوہ سویق زیر قیادت نبی کریم ﷺ | 54 سال 8 ماہ 27 دن | 5 ذوالحجہ 2ھ | 29 مئی 624 عیسوی |
| 88 | مسلمانوں کی پہلی بقر عید (عیدالاضحیٰ) | 54 سال 9 ماہ 2 دن | 10 ذوالحجہ 2ھ | 3 جون 624 عیسوی |
| 89 | غزوہ غطفان زیر قیادت نبی کریم ﷺ | 54 سال 10 ماہ 7 دن | 15 محرم الحرام 3 ہجری | جولائی 624 عیسوی |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 90 | سریہ محمد بن مسلمہؓ (کعب بن اشرف یہودی کا قتل) | 55 سال 4 دن | 14 ربیع الاول 3 ہجری | 4 ستمبر 624 عیسوی |
| 91 | غزوہ نجران زیر قیادت نبی کریم ﷺ | 55 سال 1 ماہ | ربیع الثانی 3ھ | اکتوبر 624 عیسوی |
| 92 | سریہ قردہ زیر قیادت حضرت زیدؓ بن حارثہ | 55 سال 4 ماہ تقریباً | جمادی الآخر 3 ہجری | دسمبر 624 عیسوی |
| 93 | حضرت حفصہؓ بنت عمر فاروقؓ سے نکاح نبوی ﷺ | 55 سال 5 ماہ | شعبان 3ھ | فروری 625 عیسوی |
| 94 | غزوہ احد زیر قیادت نبی کریم ﷺ | 55 سال 6 ماہ 28 دن | 6 شوال 3 ہجری | 22 مارچ 625 عیسوی |
| 95 | غزوہ حمر الاسد زیر قیادت نبی کریم ﷺ | 55 سال 7 ماہ | 8 شوال 3ھ | 24 مارچ 625 عیسوی |
| 96 | حضرت زینب بنتِ خزیمہؓ سے نکاح نبوی ﷺ | 55 سال 9/10 ماہ کے مابین | ذیقعدہ، ذوالحجہ کے مابین 3 | اپریل، مئی 625 عیسوی |
| 97 | سریہ قطن زیر قیادت حضرت ابوسلمہؓ مخزومی | 55 سال 9 ماہ 22 دن | یکم محرم الحرام 4 ہجری | 13 جون 625 عیسوی |
| 98 | سریہ عبداللہؓ بن انیس زیر قیادت عبداللہؓ بن انیسؓ | 55 سال 9 ماہ 26 دن | 5 محرم الحرام۔ 4 ہجری | 17 جون 625 عیسوی |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 99 | سریہ رجیع زیر قیادت حضرت عاصم بن ثابتؓ | 55 سال 11 ماہ 22 دن | صفر 4 ہجری | جولائی، اگست 625 عیسوی |
| 100 | سریہ بئر معونہ زیر قیادت حضرت منذر بن عمروؓ | 55 سال 11 ماہ 22 دن | صفر 4 ہجری | جولائی، اگست 625 عیسوی |
| 101 | سریہ عمرو بن امیہ زیر قیادت عمرو بن امیہ ضمریؓ | 56 سال تقریباً | صفر 4 ہجری | اگست 625 عیسوی |
| 102 | غزوہ بنو نضیر زیر قیادت نبی کریم ﷺ | 56 سال 1 ماہ | ربیع الاول 4 ہجری | اگست 625 عیسوی |
| 103 | حرمتِ شراب کا قطعی حکم | 56 سال ایک ماہ | ربیع الاول 4 ہجری | اگست 625 عیسوی |
| 104 | غزوہ ذات الرقاع، غزوہ نجد زیر قیادت نبی کریم ﷺ | 56 سال 3 ماہ | جمادی الاول 4 ہجری | نومبر 625 عیسوی |
| 105 | حضرت ام سلمہؓ بنت ابوامیہ بن مغیرہ سے نکاح نبوی ﷺ | 56 سال 8 ماہ | شوال 4 ہجری | مارچ 626 عیسوی |
| 106 | غزوہ بدر الأخریٰ زیر قیادت حضور ﷺ | 56 سال 9 ماہ | ذی قعد 1 ہجری | اپریل 626 عیسوی |
| 107 | غزوہ دومتہ الجندل زیر قیادت نبی کریم ﷺ | 57 سال 17 دن | 25 ربیع الاول 5 ہجری | 14 اگست 626 عیسوی |
| 108 | غزوہ بنی مصطلق (مریسیع) زیر قیادت نبی کریم ﷺ | 57 سال 4 ماہ 25 دن | 3 شعبان 5 ہجری | 28 دسمبر 626 عیسوی |
| 109 | واقعہ افک اور تیمم کا حکم | 57 سال 4 ماہ 25 دن | 3 شعبان 5 ہجری | 28 دسمبر 626 عیسوی |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 110 | حضرت جویریہؓ بنت حارث سے نکاح نبوی ﷺ | 57 سال 6 ماہ تقریباً | 5 ہجری شعبان آخر | جنوری 627 عیسوی |
| 111 | حضرت زینب بنت جحش سے نکاح نبوی | 57 سال 8 ماہ | شوال 5 ہجری | مارچ 627 عیسوی |
| 112 | پردہ کا حکم | 57 سال 8 ماہ 23 دن | یکم ذی قعدہ 5 ہجری | 24 مارچ 627ء |
| 113 | غزوہ احزاب / خندق زیر قیادت حضور نبی کریم ﷺ | 57 سال 9 ماہ چند دن | ذی قعدہ 5 ہجری | اپریل 627ء |
| 114 | سریہ عبداللہ بن عتیک زیر قیادت عبداللہ بن عتیکؓ | 57 سال 9 ماہ چند دن | ذی قعدہ 5 ہجری | اپریل 627ء |
| 115 | غزوہ بنو قریظہ زیر قیادت حضور ﷺ | 57 سال 10 ماہ | ذوالحجہ 5 ہجری | مئی 627ء |
| 116 | سریہ محمد بن مسلمہ زیر قیادت حضرت محمد بن مسلمہؓ | 57 سال 10 ماہ چند دن | محرم 6 ہجری | جون 627ء |
| 117 | غزوہ بنی لحیان زیر قیادت حضور نبی کریم ﷺ | 57 سال 11 ماہ 23 دن | یکم ربیع الاول 6 ہجری | 21 جولائی 627ء |
| 118 | غزوہ غابہ / ذی قرذہ مع سلمہ بن اکوع زیر قیادت حضور نبی کریم ﷺ | 58 سال 1 ماہ 22 دن | ربیع الآخر 6 ہجری | ستمبر 627ء |
| 119 | سریہ عکاشہ بن محصن زیر قیادت حضرت عکاشہ اسدیؓ | 58 سال 2 ماہ | ربیع الآخر 6 ہجری | ستمبر 627ء |
| 120 | سریہ ذوالقصہ نمبر 1.2 زیر قیادت حضرت محمد بن مسلمہؓ | 58 سال 2 ماہ اور چند دن | ربیع الآخر 6 ہجری | ستمبر 627ء |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 121 | سریہ جموم زیر قیادت زید بن حارثہؓ | ایضاً 15 دن | ربیع الآخر 6ہجری | ستمبر 627ء |
| 122 | سریہ عیص زیر قیادت حضرت زید بن حارثہؓ | 58 سال 2 ماہ 22 دن | جمادی الاولیٰ 6ہجری | اکتوبر 627ء |
| 123 | سریہ طوف، زیر قیادت حضرت زید بن حارثہؓ | 58 سال 3 ماہ | جمادی الآخر 6ہجری | نومبر 627 عیسوی |
| 124 | سریہ وادی القریٰ زیر قیادت حضرت زید بن حارثہؓ | 58 سال 4 ماہ | رجب 6ہجری | دسمبر 627 عیسوی |
| 125 | سریہ سیف البحر زیر قیادت عبیداللہؓ بن الجراح | 58 سال 4 ماہ چند دن | شعبان 6ہجری | جنوری 628 عیسوی |
| 126 | سریہ فدک زیر ک قیادت حضرت علی بن ابی طالبؓ | 58 سال 5 ماہ | شعبان آخر 6ہجری | جنوری 628 عیسوی |
| 127 | سریہ دومتہ الجندل زیر قیادت عبدالرحمٰنؓ بن عوف | 58 سال 5 ماہ چند دن | رمضان 6ہجری | فروری 628 عیسوی |
| 128 | سریہ اُم قرفہ زیر قیادت حضرت ابوبکر صدیقؓ | 58 سال 6 ماہ | رمضان 6ہجری | فروری 628 عیسوی |
| 129 | سریہ عبداللہ بن رواحہ زیر قیادت عبداللہ بن رواحہؓ | 58 سال 7 ماہ | شوال 6ہجری | مارچ 628 عیسوی |
| 130 | سریہ عرنیین زیر قیادت حضرت کرز بن جابر فہریؓ | 58 سال 7 ماہ چند دن | شوال 6ہجری | مارچ 628ء |
| 131 | سریہ عمرو بن امیہ زیر قیادت حضرت عمرو بن اُمیہؓ | 58 سال 7 ماہ چند دن | یکم ذی قعد 6ہجری | 13 مارچ 628 عیسوی |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 132 | غزوہ حدیبیہ زیر قیادت حضور نبی کریم ﷺ | 58 سال 7 ماہ اور 23 دن | ذی قعدہ 6 ہجری | 13 مارچ 628 عیسوی |
| 133 | کفار سے اہل اسلام کے نکاح کی حرمت | 58 سال 7 ماہ اور 23 دن | ذی قعدہ 6 ہجری | 13 مارچ 628 عیسوی |
| 134 | حضرت اُم حبیبہؓ سے نکاح | 58 سال 9 ماہ | ذوالحجہ 6 ہجری | اپریل 628 عیسوی |
| 135 | سلاطین کو دعوت اسلام | 58 سال 10 ماہ | 1 محرم 7 ہجری | 11 مئی 628 عیسوی |
| 136 | غزوہ ذی قرد زیر قیادت نبی کریم ﷺ بمع سلمہ بن الاکوع | 58 سال 10 ماہ 17 دن | محرم آخر 7 ہجری | جون 628 عیسوی |
| 137 | غزوہ خیبر زیر قیادت نبی کریم ﷺ | 58 سال 10 ماہ 20 دن | محرم آخر 7 ہجری | جون 628 عیسوی |
| 138 | غزوہ وادی القریٰ زیر قیادت حضور نبی کریم ﷺ | 58 سال 10 ماہ اور 22 دن | محرم آخر 7 ہجری | جولائی 628 عیسوی |
| 139 | سریہ ابان بن سعید زیر قیادت حضرت ابان بن سعیدؓ | 58 سال 11 ماہ تقریباً | صفر 7 ہجری | جولائی 628 عیسوی |
| 140 | حبشہ سے صحابہ کرامؓ کی واپسی | 58 سال 11 ماہ | صفر 7 ہجری | جولائی 628 عیسوی |
| 141 | وفد اشعریین کا قبول اسلام | 58 سال 11 ماہ | صفر 7 ہجری | جولائی 628 عیسوی |
| 142 | حضرت صفیہؓ بنت حی بن اخطب سے نکاح | 58 سال 11 ماہ اور 20 دن | صفر 7 ہجری | جولائی 628 عیسوی |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 143 | سریہ کدید زیر قیادت حضرت غالب بن عبداللہ لیثیؓ | 58 سال 11 ماہ 22 دن | صفر 7 ہجری | جولائی 628 عیسوی |
| 144 | سریہ فدک زیر قیادت حضرت غالب بن عبداللہ لیثیؓ | 58 سال 11 ماہ 25 دن | صفر 7 ہجری | جولائی 628 عیسوی |
| 145 | سریہ حسمی زیر قیادت حضرت زید بن حارثہؓ | 59 سال 3 ماہ | جمادی الآخرۃ 7 ہجری | اکتوبر 628 عیسوی |
| 146 | سریہ تربہ زیر قیادت حضرت عمر بن خطابؓ | 59 سال 3 ماہ | جمادی الآخرۃ 7 ہجری | اکتوبر 628 عیسوی |
| 147 | سریہ بنو کلاب زیر قیادت حضرت ابوبکر صدیقؓ | 59 سال 5 ماہ تقریباً | شعبان 7 ہجری | نومبر 628 عیسوی |
| 148 | سریہ میقعہ زیر قیادت حضرت غالب بن عبداللہ لیثیؓ | 59 سال 6 ماہ | رمضان 7 ہجری | دسمبر 628 عیسوی |
| 149 | سریہ خربہ زیر قیادت حضرت اسامہ بن زیدؓ | 59 سال 6 ماہ چند دن | رمضان 7 ہجری | جنوری 629 عیسوی |
| 150 | سریہ بنی مرہ قریب فدک زیر قیادت بشیر بن سعدؓ | 59 سال 7 ماہ تقریباً | شوال 7 ہجری | فروری 629 عیسوی |
| 151 | سریہ بشیر بن سعد، زیر قیادت بشیر بن سعد بن ثعلبہ انصاریؓ | 59 سال 7 ماہ تقریباً | شوال 7 ہجری | فروری 629 عیسوی |
| 152 | حضرت میمونہؓ سے نکاح | 59 سال 8 ماہ | ذی قعدہ 7 ہجری | مارچ 629 عیسوی |
| 153 | عمرۃ القضا | 59 سال 9 ماہ | ذیقعدہ آخر 7 ہجری | مارچ 629 عیسوی |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 154 | سریہ اخرم بن ابوالعوجا زیر قیادت ابن ابی العوجاؓ | 59 سال 9 ماہ اور 22 دن | ذوالحجہ 7 ہجری | اپریل 629 عیسوی |
| 155 | حضرت خالدؓ بن ولید کا قبول اسلام | 59 سال 11 ماہ | صفر 8 ہجری | جون 629 عیسوی |
| 156 | حضرت عمرو بن العاصؓ کا قبول اسلام | 59 سال 11 ماہ | صفر 8 ہجری | جولائی 629 عیسوی |
| 157 | سریہ ذات اطلح زیر قیادت کعب بن عمیرؓ | 59 سال 11 ماہ 20 دن | ربیع الاول 8 ہجری | جولائی 629 عیسوی |
| 158 | سریہ ذات عرق زیر قیادت شجاع بن وہب اسدی | 59 سال 11 ماہ 20 دن | ربیع الاول 8 ہجری | جولائی 629 عیسوی |
| 159 | سریہ موتہ زیر قیادت حضرت زید بن حارثہؓ | 60 سال 2 ماہ 22 دن | جمادی الاولیٰ 8 ہجری | اگست 629 عیسوی |
| 160 | سریہ ذات السلاسل زیر قیادت عمرو بن العاص قرشیؓ | 60 سال 3 ماہ 22 دن | جمادی الآخر 8 ہجری | ستمبر 629 عیسوی |
| 161 | سریہ سیف البحر زیر قیادت عبیداللہ بن الجراح | 60 سال 4 ماہ | رجب 8 ہجری | اکتوبر 629 عیسوی |
| 162 | سریہ محارب زیر قیادت ابوقتادہ انصاریؓ | 60 سال 5 ماہ | شعبان 8 ہجری | نومبر 629 عیسوی |
| 163 | سریہ ابو حدرد زیر قیادت حضرت ابوحدردؓ | 60 سال 6 ماہ | رمضان 8 ہجری | دسمبر 629 عیسوی |
| 164 | سریہ قتادہ ربعی زیر قیادت ابوقتادہ ربعیؓ | 60 سال 6 ماہ | رمضان 8 ہجری | دسمبر 629 عیسوی |

Marfat.com

## فتح مکہ اور اس کے بعد:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 165 | غزوہ فتح مکہ زیر قیادت حضور نبی کریم ﷺ | 60 سال 6 ماہ چند دن | رمضان 8 ہجری | دسمبر 629 عیسوی جنوری 730 عیسوی |
| 166 | سریہ خالد برائے انہدام عزّیٰ زیر قیادت خالد بن ولیدؓ | 60 سال 6 ماہ 25 دن | 25 رمضان 8 ہجری | 16 جنوری 630 عیسوی |
| 167 | سریہ عمرو بن العاص برائے انہدام سواع زیر قیادت عمرو بن العاصؓ | 60 سال 6 ماہ 25 دن | 25 رمضان 8 ہجری | 16 جنوری 630 عیسوی |
| 168 | سریہ سعد اشعلی برائے انہدام منات زیر قیادت سعد بن زیدؓ | 60 سال 6 ماہ 25 دن | 25 رمضان 8 ہجری | 16 جنوری 630 عیسوی |
| 169 | سریہ خالد برائے بنو خزیمہ زیر قیادت خالد بن ولیدؓ | 60 سال 6 ماہ 28 دن | ابتداء شوال 8 ہجری | 23 جنوری 630 عیسوی |
| 170 | غزوہ حنین (ہوازن) زیر قیادت حضور نبی کریم ﷺ | 60 سال 7 ماہ | شوال 8 ہجری | فروری 630 عیسوی |
| 171 | سریہ ابو عامر اشعری زیر قیادت حضرت ابو عامر اشعریؓ | 60 سال 7 ماہ | شوال 8 ہجری | فروری 630 عیسوی |
| 172 | ہوازن کا قبول اسلام | 60 سال 7 ماہ | شوال 8 ہجری | فروری 630 عیسوی |
| 173 | غزوہ طائف زیر قیادت حضور نبی کریم ﷺ | 60 سال 7 ماہ چند دن | شوال 8 ہجری | فروری 630 عیسوی |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 174 | محاصرہ طائف 20 دن کے بعد جعرانہ میں آمد | 60 سال 7 ماہ اور 27 دن | 5 ذی قعدہ 8 ہجری | 24 فروری 630 عیسوی |
| 175 | وفد طائف کی آمد اور مشروط قبول اسلام | 60 سال 8 ماہ اور 10 دن | 18 ذی قعدہ 8 ہجری | 9 مارچ 630 عیسوی |
| 176 | وفد صداء کا قبول اسلام | 60 سال 9 ماہ | ذوالحجہ 8 ہجری | اپریل 630 عیسوی |
| 177 | زکوٰۃ کا انتظام، عاملین کا تقرر | 60 سال 10 ماہ | محرم 9 ہجری | مئی 630 عیسوی |
| 178 | سریہ عیینہ بن حصن زیر قیادت حضرت عیینہ بن حصنؓ | 60 سال 10 ماہ | محرم 9 ہجری | مئی 630 عیسوی |
| 179 | سریہ قطبہ بن عامر زیر قیادت حضرت قطبہ بن عامرؓ | 60 سال 11 ماہ 22 دن | صفر 9 ہجری | جون 630 عیسوی |
| 180 | وفد عذرہ کا قبول اسلام | 60 سال 11 ماہ 22 دن | صفر 9 ہجری | جون 630 عیسوی |
| 181 | وفد بلی کا قبول اسلام | 61 سال تقریباً | ربیع الاول 9 ہجری | جولائی 630 عیسوی |
| 182 | سریہ ضحاک بن سفیان زیر قیادت ضحاکؓ بن سفیان کلابی | 61 سال تقریباً | ربیع الاول 9 ہجری | جولائی 630 عیسوی |
| 183 | سریہ علقمہ زیر قیادت علقمہ مجزر مدلجی | 61 سال تقریباً | ربیع الاول 9 ہجری | جولائی 630 عیسوی |
| 184 | سریہ عبداللہ بن حذافہ زیر قیادت حضرت عبداللہ بن حذافہؓ | 61 سال چند دن | ربیع الاول 9 ہجری | جولائی 630 عیسوی |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 185 | سریہ بنو طے (طی) زیر قیادت حضرت علیؓ | 61 سال ایک ماہ | ربیع الثانی 9 ہجری | اگست 630 عیسوی |
| 186 | حضرت عدی بن حاتمؓ کا قبول اسلام | 61 سال ایک ماہ | ربیع الثانی 9 ہجری | اگست 630 عیسوی |
| 187 | حضرت ابراہیم بن محمد ﷺ کی پیدائش | 61 سال 2 ماہ | جمادی الاول 9 ہجری | ستمبر 630 عیسوی |
| 188 | غزوہ تبوک زیر قیادت حضور نبی کریم ﷺ | 61 سال 4 ماہ 22 دن | رجب 9 ہجری | اکتوبر، نومبر 630 عیسوی |
| 189 | جزیہ وصول کرنے کا حکم | 61 سال 4 ماہ 22 دن | رجب 9 ہجری | اکتوبر، نومبر 630 عیسوی |
| 190 | سریہ حضرت خالد بن الولیدؓ برائے اکیدر | 61 سال 4 ماہ 22 دن | رجب 9 ہجری | اکتوبر، نومبر 630 عیسوی |
| 191 | آپ ﷺ کو ہلاک کرنے کی سازش | 61 سال 4 ماہ 22 دن | رجب 9 ہجری | اکتوبر، نومبر 630 عیسوی |
| 192 | مسجد ضرار (جو بعد میں جلادی گئی) | 61 سال 6 ماہ | شعبان آخر یا رمضان اوائل 9ھ | دسمبر 630 عیسوی |
| 193 | تین صحابہؓ سے مقاطعہ (متخلفین کی معذرت) | 61 سال 6 ماہ چند دن | رمضان 9 ہجری | جنوری 631 عیسوی |
| 194 | وفات حضرت اُم کلثومؓ بنت رسول اللہ ﷺ | 61 سال 6 ماہ چند دن | رمضان 9 ہجری | جنوری 631 عیسوی |
| 195 | ملک حبش کے بادشاہ نجاشی کا غائبانہ جنازہ | 61 سال 6 ماہ چند دن | رمضان 9 ہجری | جنوری 631 عیسوی |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 196 | حد زنا اور لعان کے احکامات | 61 سال 6 ماہ چند دن | رمضان 9 ہجری | جنوری 631 عیسوی |
| 197 | حمیر کے بادشاہوں سے خط و کتابت | 61 سال 6 ماہ اور چند دن | رمضان 9 ہجری | جنوری 631 عیسوی |
| 198 | وفد ثقیف، وفد عامر بن صعصعہ، وفد بنو فزارہ، وفد سعد بن مذیم بن قضاعہ، وفد عبدالقیس، وفد بنو تجیب، وفد بنو حنیفہ، وفد فردہ بن سیک مرادی، وفد ہمدان، وفد کندہ اور وفد عمرو بن | | | |
| | معدی کرب نے اسلام قبول کیا۔ | 61 سال 6/7 ماہ کے مابین | رمضان/شوال 9 ہجری | جنوری 631 عیسوی |
| 199 | فرضیت حج | 61 سال 8 دن اور 22 دن | ذی قعد 9 ہجری | فروری مارچ 631 عیسوی |
| 200 | حج اکبر، زیر قیادت ابوبکر صدیقؓ | 61 سال 9 ماہ | ذوالحجہ 9 ہجری | اپریل 631 عیسوی |
| 201 | حرمتِ سود | 61 سال 9 ماہ | ذوالحجہ 9 ہجری | اپریل 631 عیسوی |
| 202 | وفد بنی اسد، قبیلہ عذرہ، وفد مزینہ، وفد بنو عبس، وفد جرش اور وفد بنی طے کا قبول اسلام | 61 سال 9 ماہ | ذوالحجہ 9 ہجری | اپریل 631 عیسوی |
| 203 | وفد بنو سعد بن بکر، عامر روم فردہ بن عمرو جذامی کا وفد اور قبیلہ ذی مرہ کا قبول اسلام | 61 سال 9 ماہ | ذوالحجہ 9 ہجری | اپریل 631 عیسوی |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 204 | وفد بنی مشفق، وفد بنو عامر اور وفد بنو ازد نے اسلام قبول کیا۔ | 61 سال 9 ماہ | ذوالحجہ 9 ہجری | اپریل 631 عیسوی |
| 205 | وفد نصاریٰ نجران برائے مباہلہ | 62 سال 2 ماہ | ربیع الاول 10ھ | جون 631 عیسوی |
| 206 | ابراہیم بن محمد ﷺ کا انتقال | 62 سال 2 ماہ | 10 ربیع الاول 10 ہجری | جون 631 عیسوی |
| 207 | سریہ خالد بن ولید، بنو حارث کا قبول اِسلام | 62 سال 3 ماہ | جمادی الاولیٰ 10 ہجری | جولائی 631 عیسوی |
| 208 | وفد خولان کی آمد اور قبول اِسلام | 62 سال 5 ماہ 22 دن | شعبان 10 ہجری | نومبر 631 عیسوی |
| 209 | وفد غسان کا قبول اِسلام | 62 سال 6 ماہ 22 دن | رمضان 10 ہجری | نومبر، دسمبر 631 عیسوی |
| 210 | سریہ حضرت علیؓ بسوئے یمن | 62 سال 6 ماہ 22 دن | رمضان 10 ہجری | دسمبر 631 عیسوی |
| 211 | وفد سلاماں کا قبول اسلام | 62 سال 7 ماہ 23 دن | شوال 10 ہجری | جنوری 632 عیسوی |
| 212 | وفد محارب کا قبول اسلام | 62 سال 8 ماہ اور 10 دن | سوموار 29 شوال 10 ہجری | 27 جنوری 632 عیسوی |
| 213 | حجۃ الوداع مدینہ سے روانگی | 62 سال 8 ماہ اور 17 دن | 25 ذی قعدہ 10 ہجری | 22 فروری 632 عیسوی |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 214 | مکہ معظمہ میں داخلہ | 62سال 8ماہ اور 26دن | 4ذوالحجہ 10ہجری | یکم مارچ 632 عیسوی |
| 215 | میدان عرفات کو روانگی | 62سال 9ماہ ایک دن | جمعہ 9ذوالحجہ 10ہجری | 6مارچ 632 عیسوی |
| 216 | خطبہ حجۃ الوداع | 62سال 9ماہ ایک دن | جمعہ 9ذوالحجہ 10ہجری | 6مارچ 632 عیسوی |
| 217 | منیٰ سے واپسی | 62سال 9ماہ 5دن | 13ذوالحجہ منگل 10ہجری | 10مارچ 632عیسوی |
| 218 | وفد نخع کی آمد (یہ آخری وفد ہے) | 62سال 10ماہ 7دن | 15محرم ہفتہ 11ہجری | 11اپریل 632عیسوی |
| 219 | سریہ حضرت اسامہ بن زیدؓ | 62سال 11ماہ 20دن | 28صفر اتوار 11ہجری | 24مئی 632عیسوی |
| 220 | مرض کا آغاز | 62سال 11ماہ 21دن | 29صفر سوموار 11ہجری | 25مئی 632عیسوی |
| 221 | رحلت سے پانچ دن پہلے | 63سال تقریباً | 8ربیع الاول بدھ 11ہجری | 3جون 632عیسوی |
| 222 | رحلت سے ایک / دو دن پہلے | 63سال 3دن | 11,10ربیع الاول ہفتہ اتوار 11ہجری | 7,6جون 632عیسوی |
| 223 | حیات طیبہ کے آخری لمحات | 63سال 4دن | 12ربیع الاول سوموار 11ہجری | 28جون 632عیسوی |
| 224 | تجہیز و تکفین | درمیانی شب منگل بدھ | 13, 14ربیع الاول 11ہجری | 9, 10جون 632عیسوی |

Marfat.com

مراجع ومصادر (جن کتب سے استفادہ کیا گیا)



| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | قرآن مجید تَنۡزِیۡلٌ مِّنۡ رَّبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ | 2 | تفسیر ابن کثیر از علامہ ابن کثیر شافعی |
| 3 | صحیح بخاری از امام محمد بن اسماعیل البخاری | 4 | صحیح مسلم از امام مسلم بن حجاج قشیری |
| 5 | ابوداؤد از امام سلیمان بن اشعث | 6 | ترمذی از امام ابوعیسیٰ ترمذی |
| 7 | مشکوٰۃ المصابیح از ولی الدین محمد عبداللہ الخطیب | 8 | زاد المعاد از حافظ ابن قیم جوزیہ |
| 9 | البدایہ والنھایہ از علامہ ابن کثیر | 10 | تاریخ طبری از ابن جریری طبری |
| 11 | رحمۃ للعلمین از قاضی محمد سلیمان منصور پوری | 12 | الرحیق المختوم از صفی الرحمٰن مبارک پوری |
| 13 | حیاتِ طیبہ از راجہ محمد شریف | 14 | اصحاب بدر از قاضی محمد سلیمان منصور پوری |
| 15 | سیرت النبی از سید سلیمان ندوی | 16 | تاریخ اسلام از اکبر شاہ خان نجیب آبادی |
| 17 | رسول اکرم کی سیاسی زندگی از ڈاکٹر حمید اللہ | 18 | سیرت ابن ہشام از عبدالملک بن ہشام |
| 19 | روض الانف از ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن عبداللہ سہیلی | 20 | مختصر سیرت رسول از شیخ عبداللہ بن محمد بن عبدالوہاب |



بحوالہ ماہنامہ ''الرشید'' لاہور

(سیرت النبی وغلامان محمد ﷺ نمبر جولائی 2000ء)

Marfat.com

# حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

1- حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ اور والد کا کیا نام ہے؟

ج: ماں: حضرت آمنہ بنت وہب بن عبد مناف

والد: عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف

2- حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عیسیٰ کے کتنے عرصے بعد پیدا ہوئے؟

ج: 570 سال بعد

3- حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج: 12 ربیع الاول عام الفیل بروز سوموار موسم بہار میں (واقعہ فیل کے پچاس دن بعد) مکہ (سعودی عرب) کے سوق اللیل میں ولادت ہوئی

4- حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کے وقت کون سے تین واقعات رونما ہوئے؟

ج: (i) کسریٰ کے محل کے چودہ کنگرے ٹوٹے (ii) چشمہ ساویٰ خشک ہو گیا (iii) پارسیوں کی ہزاروں سال سے روشن مقدس آگ بجھ گئی

5- حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذاتی نام محمد اور احمد کس نے رکھے؟

ج: محمد: دادا عبدالمطلب نے

Marfat.com

احمد: والدہ آمنہؓ بنت وہب نے

-6 حضور اکرم ﷺ کی کوئی سی تین رضاعی (دودھ پلانے والی) ماؤں کے نام لکھیں

ج: حضرت ثویبہؓ، حضرت ام ایمنؓ، حضرت حلیمہ سعدیہ

-7 حضور اکرم ﷺ کی نانی اور دادی کا کیا نام تھا؟

ج: دادی: فاطمہ بنت عمرو، نانی: برہ بنت عبدالعزیٰ

-8 حضور اکرم ﷺ کا شجرہ نسب کہاں تک مستند ہے؟

ج: بقول حضور اکرم ﷺ حضرت عدنان تک

-9 حضور اکرم ﷺ کے والد ماجد حضرت عبداللہ کا اصل نام اور کنیت کیا تھی؟

ج: پرانا نام: ابوقشم عبدالدار، بعد کا نام: ابومحمد، ابواحمد عبداللہ

-10 حضور اکرم ﷺ کے رضاعی والد، حارث بن عبدالعزیٰ کس کے شوہر تھے؟

ج: حضرت حلیمہ سعدیہؓ کے

-11 حضور اکرم ﷺ کے ددھیال اور ننھیال کے خاندان کیا تھے؟

ج: ددھیال: بنو ہاشم (قریش) ننھیال: بنو زہرہ (قریش)

-12 حضور اکرم ﷺ کے والد ماجد اور والدہ ماجدہ کب فوت ہوئے؟

ج: والد: حضور ﷺ پیدائش سے تین ماہ قبل (53 قبل ہجرت) والدہ: حضورؐ کی پیدائش کے چھ سال بعد (47 قبل ہجرت)

-13 حضرت حلیمہؓ، حضرت آمنہؓ اور حضرت عبدالمطلب نے حضور ﷺ کی کتنے عرصے تک پرورش کی؟

ج: حضرت حلیمہؓ (ساڑھے پانچ سال) حضرت آمنہؓ (چند ماہ، چھ سال کی عمر تک)
حضرت عبدالمطلب (دو سال، آٹھ سال کی عمر تک)

-14 حضور اکرم ﷺ کے دو سگے چچاؤں کے نام بتائیے؟

ج: "زبیر بن عبدالمطلب، ابوطالب (عبد مناف) بن عبدالمطلب

-15 حضور اکرم ﷺ کے کتنے چچا مسلمان ہوئے؟

Marfat.com

ج: دو: حضرت حمزہؓ، حضرت عباسؓ

-16 ابو جہل اور ابولہب کے اصلی نام بتایئے؟

ج: ابو جہل، عمر بن ہشام، ابولہب، عبدالعزیٰ

-17 سورۃ اللہب میں مذکورہ ''حمالۃ الحطب'' سے حضور ﷺ کا کون سا دشمن مراد ہے؟

ج: ابولہب کی بیوی ام جمیل صحیح نام تھا اروی بنت حرب

-18 حضور اکرم ﷺ کی انگریزی تاریخ پیدائش و وفات کیا ہے؟

ج: ولادت: 21 اپریل 570 عیسوی، وفات: 7 جون 632 عیسوی

-19 حضور اکرم ﷺ اپنے چچا ابو طالب کے ساتھ شام کے سفر پر کب گئے؟

ج: 40 قبل از ہجرت (12 یا 13 سال کی عمر میں)۔

-20 شام کے سفر میں کس عیسائی راہب سے آنحضرت ﷺ کی ملاقات ہوئی اور اس نے کیا نصیحت کی؟

ج: بحیرہ راہب نے آپ ﷺ کے چچا ابو طالب کو یہ نصیحت کی کہ ''اس بچے (حضور ﷺ) کو یہودیوں سے بچائیں''۔

-21 حرب فجار کی لڑائی، بنو قیس اور قریش کے درمیان ہوئی، بتایئے کب؟

ج: 38 یا 39 قبل از ہجرت حضور نے اس سلسلے کی چوتھی لڑائی میں حصہ لیا تھا

-22 حلف الفضول سے کیا مراد ہے؟

ج: صلح اور امن کا ایک معاہدہ ذی قعدہ 20 عام الفیل (37 قبل ہجرت) میں ہوا۔

-23 حلف الفضول کہاں اور کن کے درمیان ہوا؟

ج: حضرت عبداللہ بن جدعان کے گھر، فضل، فضالہ، مفضل اور فضیل کے درمیان، ان تمام حضرات کے نام میں فضل آتا ہے اس وجہ سے اس معاہدے کو حلف الفضول (فضل نام والوں کا معاہدہ) کہا جاتا ہے۔

-24 نبوت کے اعلان سے قبل حضور اکرم ﷺ کی مکہ میں شہرت کیا تھی؟

ج: نہایت شریف اور نیک، آپ کو صادق اور امین کہا جاتا تھا

Marfat.com

25- حضورا کرم ﷺ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے کب نکاح کیا؟

ج: 27 قبل از ہجرت میں، اس وقت حضور ﷺ کی عمر 25 سال اور سیدہ خدیجہؓ کی عمر 40 سال تھی۔

26- حضرت خدیجہ کے تجارت کے سفر شام میں حضور ﷺ کے ہمراہ کون کون گیا تھا؟

ج: حضرت خدیجہؓ کا ایک عزیز خزیمہ اور ایک غلام میسرہ نامی

27- حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی تقریب نکاح میں کون کون شریک ہوا؟

ج: حضرت خدیجہؓ کے چچا عمرو بن اسد، حضور ﷺ کے چچا ابو طالب، حضرت خدیجہؓ کے چچازاد بھائی ورقہ بن نوفل، نکاح حضور ﷺ نے خود پڑھا۔ بعض کے نزدیک حضرت ابو طالب نے نکاح پڑھایا تھا۔

28- کعبہ کی تعمیر نو کب ہوئی؟

ج: 35 ولادت نبوی، 18 قبل ہجرت، 605 عیسوی

29- حضورا کرم ﷺ اعلان نبوت سے پہلے غار حرا میں غور وفکر اور عبرت پذیری کرتے تھے۔ عبادت کی اس قسم کو کیا کہتے ہیں؟

ج: تَحنُّث.

30- حضورا کرم ﷺ کو اعلان نبوت سے پہلے بھی معجزات عطا ہوئے جن کا مختلف اوقات میں اظہار بھی ہوا ان کو کیا کہا جاتا ہے؟

ج: ارہاص

31- حضورا کرم ﷺ کو پہلی وحی کب اور کہاں اور کیا آئی؟

ج: 12 فروری سن 610 عیسوی کو، (12 ربیع الاول سن 40 عام الفیل) 13 قبل ہجرت بروز سوموار غار حرا میں، سورۃ العلق کی پہلی پانچ آیتیں نازل ہوئیں۔ (۱)

---

(۱) اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ O خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ O اِقْرَاْ وَ رَبُّکَ الْاَکْرَمُ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ O عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ یَعْلَمْO

Marfat.com

-32 حضورا کرم ﷺ کی نبوت کی تصدیق سب سے پہلے کس نے کی؟

ج: ام المومنین حضرت خدیجہ طاہرہؓ بعدازاں ورقہ بن نوفل نے۔

-33 غار حرا کا موجودہ نام جبل نور ہے اس غار کا طول وعرض کیا ہے؟

ج: چار گز طول، پونے دو گز عرض

-34 سب سے پہلے ایمان لانے والوں کے نام تحریر کیجئے

ج: عورتوں میں حضرت خدیجہؓ، مردوں میں حضرت ابوبکر صدیقؓ، بچوں میں حضرت علیؓ، آزاد غلاموں میں حضرت زید بن حارثؓ، غلاموں میں حضرت بلالؓ، غلام عورتوں میں حضرت سمیہؓ۔

-35 پہلی وحی اور دوسری وحی کی درمیانی مدت (جو کہ چھ ماہ یا دو سال یا اڑھائی سال یا تین سال، مختلف روایتیں تھیں) کو اصطلاحاً کیا کہتے ہیں

ج: دور فترت

-36 دوسری وحی میں کون کون سی آیات اتریں؟

ج: سورۃ المدثر کی پہلی چند آیات (5- آیات)

-37 کن آیات کے ذریعے آپ ﷺ کو نبوت کا اعلان کرنے کا حکم ملا؟

ج: وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ (اور اپنے قریبیوں کو ڈراؤ)

-38 نبوت ملنے کے بعد سب سے پہلے نماز کا حکم ہوا۔ کیسے؟

ج: دو نمازیں فجر اور عصر فرض کی گئیں

-39 پہلے تین سال میں کتنے لوگوں نے اسلام قبول کیا

ج: 33 افراد نے (بعض کے نزدیک 40 افراد)

-40 حضور ﷺ نے کہاں پر مکہ کے تمام قبائل کو کھلے عام دعوت اسلام دی؟

Marfat.com

ج: کوہ صفا (کوہ فاران) پر (9 قبل از ہجرت یا 3 نبوی میں)

41- اسلام کے پہلے شہید مرد اور عورت کون تھی؟

ج: مرد شہید: حارثؓ بن ابی ہالہ، عورت شہید: حضرت سمیہؓ

42- کفار کے مطالبہ پر جب حضرت ابو طالب نے حضور اکرم ﷺ کو تبلیغ سے روکا تو آپ نے کیا جواب دیا؟

ج: "خدا کی قسم، اگر یہ لوگ میرے ایک ہاتھ پر سورج اور دوسرے ہاتھ پر چاند لا کر رکھ دیں تب بھی میں اس فریضے (تبلیغ اسلام) سے باز نہ آؤں گا"

43- پہلی ہجرت حبشہ کب ہوئی؟

ج: 45عام الفیل یا 5 نبوت یا 7 قبل از ہجرت (اپریل 615ء میں) اس قافلہ میں کل پندرہ افراد (11 مرد 04 عورتیں) شامل تھے

44- دوسری ہجرت حبشہ کب ہوئی؟

ج: 46عام الفیل یا 6 قبل از ہجرت (616ء میں) اس قافلہ میں کل 101 افراد (83 مرد اور 18 عورتیں) شامل تھے۔

45- ہجرت حبشہ اولیٰ میں حضور اکرم ﷺ کے کون سے داماد اور بیٹی شامل تھے؟

ج: داماد: حضرت عثمان بن عفانؓ، بیٹی: حضرت رقیہؓ بنت رسول اللہ ﷺ

46- حبشہ کے عیسائی بادشاہ نجاشی کا اصل نام کیا تھا؟

ج: اصحمہ یا صحمد بن بجر

47- مسلمانوں کو حبشہ سے واپس لانے کیلئے مکہ والوں کا وفد گیا تھا اس کے ارکان کون تھے؟

ج: عبداللہ بن ربیعہ اور عمرو بن العاص

48- شعب ابی طالب (بنی ہاشم) میں مسلمانوں کی پابندی کب سے کب تک رہی؟

Marfat.com

ج: یکم محرم سن 7 نبوی تا سن 10 نبوی۔ تین سال کے لئے حضور ﷺ اور آپ کے خاندان والے یہاں مقیم رہے اور مکہ والوں نے مسلمانوں سے معاشرتی بائیکاٹ کیئے رکھا۔

49- ''عام الحزن'' سے کیا مراد ہے؟

ج: 10 نبویؐ میں حضور ﷺ کے چچا ابو طالب اور آپؐ کی رفیقہ حیات حضرت خدیجہؓ بنت خویلد تین دن کے وقفے سے فوت ہو گئے اس وجہ سے اس سال کو'' عام الحزن'' (غم کا سال) کہتے ہیں

50- حضرت محمد ﷺ نے حضرت زید بن حارث کے ساتھ سفر طائف بغرض تبلیغ کب کیا؟

ج: سن 10 نبوی میں، تقریباً ایک ماہ وہاں رہے مگر کسی فرد نے بھی اسلام قبول نہ کیا

51- ''معراج'' کب ہوا؟

ج: سن 10 نبوی (42 عام الفیل) میں حضور ﷺ کو مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک سفر اسریٰ کروایا گیا اور مسجد اقصیٰ سے ملاءؐ اعلیٰ تک لے جایا گیا (سفر معراج) اور اسرار الٰہی دکھائے گئے۔

52- سن 11 نبوی میں بیعت عقبہ اولیٰ اور ثانیہ میں کتنے افراد نے حضور ﷺ کی بیعت کی؟

ج: اول: بارہ مرد، دوم: پچھتر افراد (73 مرد، 2 عورتیں)

53- نجاشی کے دربار میں کس مشہور صحابی نے مسلمانوں کا نکتہ نظر پیش کیا اور کس سورت کی تلاوت کی؟

ج: حضرت جعفر طیار ابن ابی طالب، سورۃ مریم کی آیات کی تلاوت کی۔

54- مدینہ کی طرف ہجرت کرنے والے پہلے مسلمان کا نام بتائیے؟

ج: حضرت ابو سلمہؓ بن الاسود

55- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اجازت ملنے پر سب سے پہلے کس نے مدینہ کی

Marfat.com

طرف ہجرت کی؟

ج: حضرت عامرؓ بن ربیعہ

56- اعلان کر کے مدینہ کی طرف کس صحابی نے ہجرت کی؟

ج: حضرت عمر فاروق نے اعلان کر کے بیس صحابہ کے ہمراہ ہجرت کی

57- حضور ﷺ ہجرت کی رات کونسی سورۃ تلاوت کرتے ہوئے اپنے گھر سے حضرت ابوبکرؓ کے گھر گئے؟

ج: سورۃ یٰسین

58- ''غار ثور'' میں حضرت محمد ﷺ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ساتھ کتنے دن رات مقیم رہے؟

ج: تین دن رات

59- 16 ستمبر 622ء یکم ربیع الاول سنہ 1 ہجری کو دو اونٹنیوں پر کتنے افراد غار ثور سے مدینہ کو روانہ ہوئے؟

ج: چار افراد دو اونٹنیوں پر

(1) حضرت محمد ﷺ اور ابوبکر صدیقؓ ایک اونٹنی پر

(2) عامر بن فہیرہ اور عبداللہ بن اریقط دوسری اونٹنی پر

60- ایک سو سرخ اونٹوں کے لالچ میں کس نے حضور ﷺ کو گرفتار کروانے کیلئے قافلے کا پیچھا کیا؟

ج: سراقہؓ بن مالک بن جعشم نے

61- سفر ہجرت کے دوران کون شخص اپنے قبیلے کے ساتھ حضور ﷺ کے ہاتھ پر ایمان لایا؟

ج: بریدہ بن احصیب اسلمی اپنے قبیلے کے ستر افراد کے ساتھ۔

Marfat.com

-62 ام معبد کون تھی؟

ج: سفر ہجرت کے دوران آپ ایک گھر میں ستانے کے لئے رکے تھے اور دودھ پیا تھا، وہ ام معبد کا گھر تھا۔

-63 قباء کے مقام پر حضور ﷺ کس کے گھر ٹھہرے؟

ج: کلثوم بن ہدم، یہیں اسلام کی سب سے پہلی مسجد قباء بنائی گئی۔

-64 ہجرت کی رات حضور ﷺ کے بستر پر کون سویا؟

ج: حضرت علیؓ جنہوں نے لوگوں کی امانتیں ان کو واپس کر کے مدینہ آنا تھا۔

-65 اسلام میں پہلا جمعہ حضرت مصعبؓ بن عمیر نے مدینہ میں پڑھایا۔ حضور ﷺ نے پہلا جمعہ کہاں پڑھایا؟

ج: مسجد قباء میں، جہاں آپ سفر ہجرت کے دوران چودہ دن مقیم رہے۔

-66 مدینہ پہنچ کر آپ نے کس صحابیؓ کے گھر سات مہینے قیام فرمایا؟

ج: حضرت ابوایوب انصاریؓ کے گھر۔

-67 حضور ﷺ کس تاریخ کو مدینہ پہنچے؟

ج: 12 ربیع الاول 1 ہجری (27 دسمبر 622ء بروز جمعہ)۔

-68 رئیس المنافقین کسے کہا جاتا ہے؟

ج: عبداللہ بن ابی سلول

-69 مکہ اور مدینہ کے لوگوں کا پیشہ کیا تھا؟

ج: مکہ: تجارت

مدینہ: زراعت و باغبانی

-70 مواخات کسے کہتے ہیں؟

Marfat.com

ج: مکہ اور مدینہ میں حضور ﷺ نے مسلمان مہاجرین اور انصار کو آپس میں بھائی بنایا اسے مواخات کہتے ہیں۔اس مواخات میں 90 افراد (45 مہاجر 45 انصار) شامل ہوئے تھے۔(بحوالہ ضیاء النبیؐ مؤلفہ پیر محمد کرم شاہ الازہری)۔

-71 مدینہ میں یہودیوں کے کتنے قبیلے آباد تھے؟

ج: تین۔بنوقینقاع، بنونضیر، بنوقریظہ

-72 مدینہ میں انصار مدینہ کے کتنے قبیلے آباد تھے؟

ج: دو: اوس اور خزرج

-73 میثاق مدینہ (صحیفہ) سے کیا مراد ہے؟

ج: مدینے کی حفاظت اور مدینے کے مختلف گروہوں میں سیاسی اتحاد قائم کرنے کیلئے کیا گیا ایک معاہدہ دُنیا کا پہلا تحریری دستور، مسلمانوں اور غیر مسلموں کے درمیان ایک بین الاقوامی سیاسی معاہدہ۔

-74 اصحاب صفہ کون لوگ تھے؟

ج: مسجد نبویؐ کے صحن میں بنائے گئے ایک چبوترہ (صفہ) پر رہنے والے بے گھر، بے رشتہ اور بے وسیلہ مسلمان (جو ہر وقت ذکر الٰہی اور تلاوت قرآن کرتے رہتے تھے۔

-75 مسجد نبوی ﷺ کب بنائی گئی؟

ج: ربیع الاول 1 ہجری میں، زمین سہل اور سہیل نامی دو لڑکوں سے خریدی گئی قیمت حضرت ابوبکر صدیقؓ اور ابوایوبؓ انصاری نے ادا کی تھی۔

-76 سریہ کسے کہتے ہیں؟

ج: دور رسالت کی وہ جنگ جس میں حضور اکرم ﷺ نے مسلمانوں کا لشکر میدان جنگ کی طرف روانہ کیا مگر آپ خود لشکر کے ہمراہ نہ گئے۔

Marfat.com

77- غزوہ کسے کہتے ہیں؟

ج: دور رسالت کی وہ جنگ جس میں حضور اکرم ﷺ خود مسلمانوں کے لشکر کے ہمراہ میدان جنگ میں بطور سربراہ (سپہ سالار فوج) گئے

78- اسلام کا پہلا سریہ کون سا ہے؟

ج: سریہ حمزہ یا سریہ عیص، رمضان المبارک سن 1 ہجری کو لڑا گیا۔ مسلمان مجاہدین 30 اور سپہ سالار حضرت حمزہؓ تھے۔ مقصد قریش کے تجارتی قافلہ کو روکنا تھا۔

79- اسلام کا پہلا غزوہ کون سا ہے؟

ج: غزوہ ابوا یا غزوہ ودان 12 صفر سن 2 ہجری (مسلمان مجاہدین 70، مقصد قریش کے تجارتی قافلہ کو روکنا تھا)۔

80- تحویل قبلہ کا حکم کب نازل ہوا؟

وضاحت: نماز میں مسجد اقصیٰ (مسلمانوں کا قبلہ اول) سے مسجد حرام کی طرف منہ موڑ لینے (رُخ بدلنے) کو تحویل قبلہ کہتے ہیں۔

ج: 15 شعبان 2 ہجری، ہجرت کے تقریباً 17 یا 18 ماہ کے بعد ظہر کی نماز کے وقت مسجد بنوسلمہ میں، بعد میں اسے مسجد ذوقبلتین (دو قبلوں والی مسجد) کہنے لگے

81- غزوہ بدر کا فوری سبب کیا تھا؟

ج: سریہ نخلہ جس کے سردار عبداللہ بن جحش تھے اور جس میں ایک کافر عمرو بن حضرمی مارا گیا تھا۔ رجب 2 ہجری میں ہوا

82- غزوہ بدر میں مسلمانوں اور کافروں کے لشکروں کی تعداد کیا تھی؟

ج: ☆ مہاجرین 70، انصار 236، (سیرت النبی مع سیرت نگار مولفہ محمد عین الحق صفحہ 141)، کافر 900-1000، تاریخ جنگ: 17 رمضان، سن

Marfat.com

2 ہجری 70 کافر مقتول اور 70 قیدی ہوئے، 14 مسلمان شہید (8 انصاری 6 مجاہدین) مسلمانوں کے سپہ سالار محمد رسول اللہ ﷺ اور کافروں کے سپہ سالار: عتبہ بن ربیعہ تھے۔

83- مسلمانوں کی پہلی عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کب منائی گئی؟

ج عیدالفطر: یکم شوال 2 ہجری، عیدالاضحیٰ: 10 ذوالحج 2 ہجری

84- غزوہ احد کے بارے میں مختصر معلومات بتائیے؟

ج: (الف) 6 شوال 3 ہجری

(ب) مسلمان 700، کافر: 3000

(ج) 70 مسلمان شہید 40 زخمی، 22 کافر مقتول، 2 قیدی

(د) مسلمانوں کے سپہ سالار: محمد رسول اللہ ﷺ، کافروں کے سپہ سالار ابوسفیان۔

85- غزوہ احد میں مسلمانوں کے جانی نقصان کی بنیادی جنگ وجہ کس واقعہ کو کہا جاتا ہے؟

ج: احد کے مقام پر جبل عینین پر 50 مسلمان تیراندازوں کا اپنے مقام کو دوران جنگ چھوڑنا ،اس دستہ کے سردار حضرت عبداللہؓ بن جبیر تھے۔ جو کافروں کے حملے میں شہید ہو گئے۔

86- غزوہ خندق یا غزوہ احزاب کے بارے میں مختصر معلومات لکھئے؟

ج: (الف) مسلمان: 3000، کافر 10,000 یا 24000 (مختلف روائتیں)

(ب) مسلمانوں نے مدینہ کے اردگرد 3000 گز لمبی حفاظتی خندق کھودی اور مدینہ کا دفاع کیا۔

(ج) کافروں نے پچیس دن تا ایک ماہ مدینہ کا محاصرہ کیا

(د) ذی قعد 5 ہجری میں ہوئی

(ہ) مسلمانوں کے سپہ سالار محمد رسول اللہ ﷺ اور کافروں کے سپہ سالار ابوسفیان

Marfat.com

(ط) کوئی باقاعدہ جنگ نہ ہوئی

(ی) کافر ناکامی کی حالت میں محاصرہ اٹھا کر واپس چلے گئے

87- بتائیے یہ احکام کب نافذ ہوئے

(i) جہاد (ii) صیام رمضان (iii) صدقہ فطر اور عید الفطر (iv) قربانی کا حکم (v) شراب اور جوئے کی حرمت (vi) تیمم (vii) زنا اور قذف کی سزا (viii) قوانین وراثت (ix) فریضہ حج (x) زکوٰۃ

ج: بالترتیب (i) 12 صفر 2 ہجری (ii) رمضان 2 ہجری (iii) 28 رمضان المبارک 2 ہجری، یکم شوال 2 ہجری (iv) ذی الحجہ 2 ہجری (v) 4 ہجری (vi) 5 ہجری (vii) 5 ہجری (viii) 3 ہجری (xi) 9 ہجری (x) 9 ہجری

88- عمرہ کا ارادہ جو صلح حدیبیہ کا باعث بنا کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ سے کب مکہ کو روانہ ہوئے۔

ج: 1400 مسلمانوں کی رفاقت میں، یکم ذی قعد 6 ہجری میں۔

89- بیعت الشجرہ یا بیعت رضوان کیوں، کہاں اور کب ہوئی؟

ج: ذی قعد 6 ہجری میں، حدیبیہ کے مقام پر (موجودہ نام شمعیہ) حضرت عثمانؓ کی اہل مکہ کے ہاتھوں شہادت کی خبر سن کر ان کے خون کا بدلہ لینے کے لئے کیکر (ببول) کے درخت کے نیچے حضور ﷺ نے یہ بیعت لی۔

90- صلح حدیبیہ (فتح مبین) سے کیا مراد ہے؟

ج: یکم ذوالحج 6 ہجری میں حدیبیہ کے مقام پر اہل مکہ اور مسلمانوں کے درمیان ہونے والا معاہدہ ہے جسے حضرت علیؓ نے لکھا اور قریش کا نمائندہ سہیل بن عمرو اور مسلمانوں کے سربراہ حضرت رسالت مآب ﷺ تھے

Marfat.com

-91 بتایئے سرکار رسالت مآب ﷺ نے حکمرانوں کے نام دعوتی خطوط کب لکھے؟

ج: (1) یکم محرم 7 ہجری میں دحیہ بن خلیفہ کلبی قاصد تھے۔ قیصر روم کی طرف

(2) یکم محرم 7 ہجری عبداللہ بن حذافہ سہمی قاصد تھے۔ کسریٰ شاہ ایران کی طرف

(3) یکم محرم 7 ہجری عمرو بن امیہ ضمری قاصد تھے۔ نجاشی شاہ حبشہ کی طرف

(4) یکم محرم 7 ہجری حاطب بن ابی بلتعہ قاصد تھے مقوقس مصر کی طرف

-92 غزوہ خیبر کے بارے میں مختصر معلومات لکھیے۔

ج: خیبر کے علاقے میں یہودیوں کے آٹھ قلعوں میں جنگ، محرم 7 ہجری کو روانگی۔ مسلمان مجاہدین 1600 تھے 93 یہودی مرے اور 34 مسلمان شہید ہوئے۔ آخری قلعہ قموص حضرت علیؓ نے فتح کیا۔

-93 حضور ﷺ نے پوری عمر میں کل چار عمرے ادا کئے پہلا عمرہ کب کیا؟

ج: ذی قعد 7 ہجری

-94 8 ہجری میں سریہ موتہ میں حضور اکرم ﷺ نے کن تین صحابہ کو باری باری سپہ سالاری کرنے کے احکام دیئے؟

ج: (1) زیدؓ بن حارثہ (2) جعفرؓ طیار (3) عبداللہؓ بن رواحہ تینوں باری باری شہید ہو گئے تو خالدؓ بن ولید سپہ سالار بنے۔

-95 صلح حدیبیہ کا معاہدہ کس طرح ختم ہوا؟

ج: صلح حدیبیہ میں ایک شق یہ تھی کہ عرب کے قبائل قریش مکہ اور مسلمانان مدینہ میں سے کسی کے ساتھ بھی حلیف بن سکتے ہیں۔ بنو بکر قریش کے ساتھ مل گئے اور بنو خزاعہ مسلمانوں سے، ان کی آپس میں دشمنی تھی، بنو بکر نے بنو خزاعہ پر شب خون مارا حتیٰ کہ حرم میں بھی ان کو قتل کیا، جس کے نتیجے میں مسلمانوں نے قریش کو تین شرطیں پیش کیں

Marfat.com

جس میں ایک یہ تھی کہ اعلان کر دیں کہ معاہدہ حدیبیہ ختم ہو گیا ہے قریش نے یہ شرط مان لی اور معاہدے کے ختم ہونے کا اعلان کر دیا۔

96- فتح مکہ کے وقت کیا کیا ہوا؟

ج: (i) فتح مکہ رمضان المبارک سن 8 ہجری میں ہوا۔

(ii) مسلمانوں کی تعداد دس ہزار تھی۔

(iii) عام معافی کا اعلان ہوا۔

(iv) جھڑپ میں 3 مسلمان شہید اور 13 کافر مارے گئے۔

(v) کعبہ کو بتوں اور تصویروں سے پاک کیا گیا۔

(vi) حضور پندرہ دن مکہ میں مقیم رہے۔

(iv) 4 کافروں کو قتل کیا گیا اور 11 کو معافی ملی۔

97- غزوہ حنین کے بارے میں مختصر لکھئے۔

ج: 10 شوال 8 ہجری میں یہ غزوہ ہوا مسلمان 12 ہزار اور کافر چار ہزار تھے، چھ ہزار کافر قیدی بنے اہل طائف کے سردار مالک بن عوف تھے بعد میں لشکر کفار کے دوسرے حصے کا سردار درید بن الصمۃ بنا۔ مسلمانوں کے سپہ سالار محمد رسول اللہ ﷺ تھے سب سے زیادہ مال غنیمت (بائیس ہزار اونٹ، چالیس ہزار بکریاں، چار ہزار اوقیہ چاندی اور چھ ہزار قیدی) اس جنگ میں ملا۔ (قیدی واپس کر دیئے گئے اور مال غنیمت جعرانہ کے مقام پر تقسیم کر لیا گیا) 12 مسلمان شہید ہوئے اور 70 کافر مارے گئے۔

98- غزوہ تبوک کے بارے میں مختصر کوائف دیجئے؟

ج: رجب 9 ہجری میں اسلامی لشکر شامی سرحد کی طرف روانہ ہوا مسلمان مجاہدین 30000 ہزار، اسلامی لشکر 20 دن تبوک کے مقام پر ٹھہرا رہا۔ رومی مقابلے کے

Marfat.com

لئے نہ آئے۔ حضور ﷺ کا یہ آخری غزوہ تھا اس غزوہ کے موقع پر منافقین پوری طرح بے نقاب ہو گئے۔

-99 امیر الحج اور نقیب اسلام کن صحابیوں کو کہا جاتا ہے؟

ج: امیر الحج حضرت ابوبکر صدیق ؓ۔ آپ 300 مسلمان حجاج کے امیر بنے، نقیب اسلام حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔ آپ نے ایک تاریخی اعلان کیا کہ ''آج سے ایک سال کے بعد کوئی غیر مسلم مسجد حرام میں داخل نہ ہو سکے گا''۔

-100 عام الوفود 9 ہجری میں حضور اکرم ﷺ کے پاس کتنے وفد آئے؟

ج: 105 تا 109 وفود آئے (بحوالہ وفود عرب بارگاہ نبوی میں از طالب ہاشمی)

-101 آنحضرت ﷺ نے 10 ہجری میں اپنی حیات ظاہرہ کا واحد حج ادا کیا تفصیلات دیجئے؟

ج: آپ صلی اللہ علیہ وسلم 26 ذی قعد 10 ہجری کو حج کیلئے روانہ ہوئے تمام امہات المومنین ہمراہ تھیں ذوالحلیفہ کے مقام کے قریب احرام باندھا ذوالحج 10 ہجری کو خطبہ حجۃ الوداع عرفات کے میدان میں دیا۔ حاضرین کی تعداد سوا لاکھ تھی 100 اونٹوں کی قربانی دی (67 خود ذبح کئے 33 حضرت علیؓ نے ذبح کئے) 14 ذوالحج کو واپس لوٹے واپسی پر خم غدیر کے مقام پر ایک اور خطبہ دیا۔

-102 آنحضرت ﷺ نے 12 ربیع الاول 11 ہجری کو وفات پائی متعلقہ تفصیلات لکھئے؟

ج: صفر 11 ہجری میں بیماری کا آغاز ہوا اور 18 سے 22 دن بیمار رہے آخری خطبہ 8 ربیع الاول کو دیا۔ آخری نماز مغرب جمعہ 9 ربیع الاول 11 ہجری کی امامت فرمائی، آخری دن حجرہ عائشہؓ میں گزرے۔ آخری الفاظ تھے اَللّٰھُمَّ بَلِ الرَّفِیْقُ الْاَعْلٰی تین دفعہ کہے) تین دن تک لوگ ٹولیاں بنا کر درود پڑھتے اور آپؐ کے جسد خاکی کے سامنے سے گزرتے رہے۔ حضرت علیؓ اور حضرت عباس نے غسل دیا۔ تین سوتی سفید

Marfat.com

کپڑے بطور کفن استعمال ہوئے غسل اور دفن کے وقت آپ کے پہنے ہوئے کپڑے نہ اتارے گئے بغلی لحد والی قبر میں دفن کیا گیا تدفین 13 ربیع الاول 11 ہجری کو ہوئی۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ۔

103- حضرت خدیجہ بنت خویلد کے علاوہ آں سرور ﷺ کی ازواج مطہرات کے نام لکھئے؟

ج: (i) حضرت سودہؓ بنت زمعہ (ii) حضرت عائشہؓ بنت ابوبکر صدیقؓ

(iii) حضرت حفصہؓ بنت عمرؓ (iv) حضرت زینبؓ بنت خزیمہؓ

(v) حضرت ام سلمہؓ بنت سہیل (iv) حضرت زینبؓ بن جحش

(vi) حضرت جویریہؓ بن حارث (vii) حضرت ام حبیبہؓ (رملہ) بنت ابوسفیانؓ

(viii) حضرت صفیہؓ بنت حی بن اخطب (x) حضرت میمونہؓ بنت حارث

(xi) حضرت ماریہ قبطیہؓ بنت شمعون (کل گیارہ)

104- آں جناب ﷺ کی کتنی صاحبزادیاں تھیں؟

ج: چار: سیدہ زینبؓ، سیدہ رقیہؓ، سیدہ ام کلثومؓ، سیدہ فاطمہؓ (چاروں صاحبزادیاں حضرت خدیجہ کے بطن سے تھیں)

105- آنحضرت ﷺ کے کتنے صاحبزادے تھے؟

ج: (i) حضرت عبداللہؓ (ii) حضرت قاسمؓ (دونوں صاحبزادے حضرت خدیجہؓ کے بطن سے تھے) حضرت عبداللہ کے دو لقب طیب اور طاہر ہیں۔ بعض علماء ان دونوں کو صاحبزادے کہتے ہیں۔

(iii) حضرت ابراہیمؓ (حضرت ماریہ قبطیہؓ کے بطن سے تھے)

106- آنحضرت ﷺ نے سرکاری مہر (انگوٹھی) کب بنوائی؟

ج: 6 ہجری کے آخر میں حدیبیہ کے مقام پر سلاطین کو دعوت نامے لکھنے کے وقت، جس پر

Marfat.com

کندہ تھا۔
اللہ
رسول
محمد

یہ انگوٹھی دور عثمانی میں حضرت عثمانؓ سے ایک کنوئیں (بئرِ اریس) میں گر گئی اور پھر باوجود تلاش کے نہ ملی۔

107- حضور اکرم ﷺ کے خانگی خدام کون تھے؟ کسی دو کے نام لکھیں؟

ج: (i) حضرت انسؓ بن مالک۔

(ii) حضرت بلالؓ بن رباح

(iii) (خدام خاص کی کل تعداد نو ہے)

108- غزوۂ بدر اور غزوۂ احد کے وقت مسلمانوں کا شعار نعرہ کیا تھا

ج: بدر: احد احد احد: امت امت

109- خطبہ حجۃ الوداع میں آں سرور ﷺ نے سب سے پہلے کس کا قتل اور کس کا سود معاف فرمایا تھا؟

ج: قتل: اپنے چچازاد بھائی ربیعہ ابن حارث کا

سود: اپنے چچا حضرت عباسؓ کی طرف سے تمام لوگوں کا جو ان کے مقروض تھے۔

110- آں حضرت ﷺ نے اپنے آپ کو "اِبْنُ الذَّبِیْحَیْنِ" قرار دیا تھا کیوں؟

ج: آپ کے اجداد میں حضرت اسماعیل علیہ السلام، ذبیح اللہ، اللہ کے پیغمبر تھے اور آپ کے والد حضرت عبداللہ کو بھی ذبح کرنے کا واقعہ پیش آیا تھا۔ حضرت عبدالمطلب نے بدلے (فدیہ) میں ایک سو اونٹ ذبح کئے تھے اس طرح حضرت عبداللہ قربان ہونے سے بچ گئے تھے۔ ان دو واقعات ذبح کی وجہ سے آں حضرت ﷺ نے اپنے آپ کو "

Marfat.com

اِبْنُ الذَّبِیْحِیْنِ" قرار دیا۔

111- حضرت محمد ﷺ کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابوالقاسم اور ابوابراہیم

112- اللہ تعالیٰ نے کہاں حضور ﷺ کی سیرت کو "بہترین نمونہ" قرار دیا ہے؟

ج: قرآن مجید میں سورۃ احزاب آیت 29

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

113- حضور انور ﷺ کے کوئی سے پانچ صفاتی نام لکھیے؟

ج: حامد، محمود، عاقب، قاسم، رؤف، رحیم، فاتح، خاتم، ماح، داع، سراج

114- حضور اکرم ﷺ ایک چادر (کمبل یا کملی) اوڑھتے تھے اس حوالے سے قرآن کریم میں مذکور کوئی ایک صفاتی نام لکھیے؟

ج: مُزَمِّلْ، مُدَّثِرْ (یٰاَیُّهَا الْمُزَمِّلُ، یٰاَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ)

115- حضور اکرم ﷺ کے اخلاق عالیہ کے بارے میں کلمات الٰہیہ (قرآنی) آیت لکھیے۔

ج: اِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ (بے شک آپ اخلاق کی بلندی پر فائز ہیں)

116- سب سے پہلے حافظ قرآن" مفسر قرآن اور قرآن کو جمع کرنے والے کون ہیں"

ج: حضرت محمد رسول اللہ ﷺ

117- اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِبْ اَنَا ابْنِ عَبْدُالْمُطَّلِبْ (میں نبی ہوں یہ کوئی جھوٹ نہیں میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں) سے کیا مراد ہے؟

ج: یہ رجزیہ (جنگوں میں پڑھے گئے) کلمات ہیں جو حضرت محمد ﷺ کی زبان مبارک سے غزوہ احد اور غزوہ حنین کے موقع پر بے ساختہ نکلے۔ یہ کوئی شعر نہیں ہے مگر ان کی بناوٹ شعری ہے۔

Marfat.com

118- یہ القاب آں سرور ﷺ نے کن صحابہ کو دیے۔

(i) سید الشہدا (ii) سیف اللہ (iii) ابو تراب

(vi) حواری رسول اللہ (v) ذوالنورین (vi) ابو ہریرہ

(vii) شاعر رسول اللہ (viii) خادم رسول اللہ (ix) امین الامت

(x) صدیق و عتیق

ج: (i) حضرت امیر حمزہؓ بن عبد المطلبؓ (ii) حضرت خالدؓ بن ولیدؓ

(iii) حضرت علیؓ بن ابو طالبؓ (vi) حضرت زبیرؓ بن العوامؓ

(v) حضرت عثمانؓ بن عفانؓ (vi) عبد الرحمٰنؓ بن صخر

(vii) حضرت حسانؓ بن ثابت (viii) حضرت انسؓ بن مالک

(ix) حضرت ابو عبیدہؓ بن الجراحؓ (x) حضرت ابو بکر صدیقؓ بن ابو قحافہ عثمانؓ

Marfat.com

# عقائد اسلام

1- عقیدہ کا کیا معنی ہے؟

ج: یہ لفظ ع ق د سے نکلا ہے معنی ہے باندھا ہوا۔ گرہ باندھنا

''شرعی اصطلاح میں عقیدہ سے مراد ہے دین کے بنیادی حقائق کا اقرار کرنا''۔

2- توحید واحد سے بنا ہے بمعنی ایک ہونا۔ بتایئے توحید ذاتی اور توحید صفاتی سے کیا مراد ہے؟

ج: اللہ تعالیٰ کا اپنی ذات میں ایک ہونا قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (توحید ذاتی) اور اپنی صفات میں بھی ایک ہونا (توحید صفاتی) وَاِلٰـهُكُمْ اِلٰـهٌ وَّاحِدٌ.

3- اللہ تعالیٰ کا ذاتی نام کیا ہے؟

ج: اللہ بمعنی معبودِ خاص، معبود واحد (الہ پر ال لا کر اسے معرفہ بنایا گیا ہے)

4- اللہ تعالیٰ کے کم از کم پانچ صفاتی نام بتایئے؟

ج: رحمٰن، رحیم، غفور، شکور، عادل، محسن، کریم، ستار، غفار، مالک۔

5- توحید کی کتنی قسمیں ہیں؟

ج: تین (1) توحید ذات (2) توحید صفات (3) توحید افعال (عبادت)

6- توحید کا متضاد کیا ہے؟

ج: شرک۔ اللہ تعالیٰ کی ذات، صفات اور حق عبادت میں دوسروں کو شامل کرنا شرک

Marfat.com

کہلاتا ہے۔شرک کی دو قسمیں ہیں، (شرکِ اکبر، شرکِ اصغر)

نوٹ: توحید کی طرح شرک کی بھی تین قسمیں ہیں۔

(i) شرک فی الذات۔

(ii) شرک فی الصفات۔

(iii) شرک فی الافعال۔

-7 آیت الکرسی کا موضوع کیا ہے؟

ج: اللہ کی ذات وصفات کا بیان (سورۃ البقرۃ آیہ: 255)

-8 کفر کا لغوی اور اصطلاحی معنی بتایئے

ج: لغوی: ڈھانپنا چھپانا، اصطلاحی: اللہ یا اس کے نبیؐ یا ضروریاتِ دین میں سے کسی ایک کا انکار کرنا کفر ہے۔

-9 شرک کو قرآن میں ''ظلم عظیم'' (اِنَّ الشِّرْکَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ) کیوں کہا گیا ہے؟

ج: اس لئے کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا بہت بڑا ظلم ہے جو ایک مشرک اللہ پر کرتا ہے۔مخلوق میں سے کسی کو نہ یہ حق حاصل ہے اور نہ اس کی حیثیت ہے کہ وہ اللہ کی برابری کرے، مگر مشرک غیر اللہ کو اللہ کا برابر شریک اور ساجھی قرار دیتا ہے، اس طرح وہ اللہ پر ظلم کرتا ہے۔

-10 کلمات کتنے ہیں؟

ج: چھ (کلمہ طیبہ، کلمہ شہادت، کلمہ تمجید، کلمہ توحید، کلمہ استغفار، کلمہ ردِ کفر)

-11 کلمہ طیبہ مع ترجمہ لکھئے؟

ج: لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

(ترجمہ: اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کا حقدار نہیں (حضرت) محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں)۔

-12 توحید، کفر اور شرک کا عقیدہ رکھنے والے کو کیا کہا جاتا ہے؟

ج: توحید: موحد    شرک: مشرک    کفر: کافر۔

-13 توحید کے بارے میں کوئی ایک آیہ قرآن لکھئے۔

Marfat.com

ج: وَالٰـهُكُمْ اِلٰـهٌ وَّاحِدٌ لاَ اِلٰـهَ اِلاَّ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ o (سورۃ البقرہ۔163)

-14 اگر کائنات میں دو خدا ہوتے تو کیا ہوتا؟

ج: تو زمین و آسمان میں فساد برپا ہو جاتا (لَوْ كَانَ فِيْهِمَا اٰلِهَةٌ اِلاَّ اللّٰهُ لَفَسَدَتَا) (سورۃ الانبیاء۔22)

-15 تین خداؤں کے عقیدے کا رد قرآن نے کہاں کیا ہے؟

ج: سورۃ مائدہ............... آیت:73۔

-16 اللہ تعالیٰ کے مشہور صفاتی نام 99 ہیں۔ پہلا اور آخری نام لکھئے۔

ج: پہلا: اللہ، آخری: صبور

-17 کس کلمہ کو شہادتین (دو گواہیاں) کہا جاتا ہے؟

ج: کلمہ شہادت (اللہ کے سوا کسی اور کے معبود نہ ہونے کی شہادت اور حضرت محمد (ﷺ) کے اللہ کا رسول ہونے کی شہادت)

-18 قرآن مجید کی کس سورۃ میں اللہ کے ماں باپ، بیوی بچے اور رشتہ دار نہ ہونے کا اعلان کیا گیا ہے۔

ج: سورۃ اخلاص۔

-19 باپ، بیٹا اور روح القدس ان تینوں کو کون خدا کہتے ہیں؟

ج: عیسائی۔ باپ سے مراد اللہ تعالیٰ، بیٹا سے مراد حضرت عیسیٰ اور روح القدس سے مراد حضرت جبرائیل۔ اس عقیدہ کو عقیدہ تثلیث (Trinity) کہا جاتا ہے۔

-20 یہودی کس نبی علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا قرار دیتے ہیں؟

ج: حضرت عزیر علیہ السلام۔ (عُ زَ یْ رْ)

-21 اسلام کا کون سا عقیدہ کل عقائد اسلام کی بنیاد ہے؟

ج: عقیدہ توحید یا ایمان باللہ

-22 ذرا عقائد اسلام کی ترتیب وار تفصیل تو بیان کر دیجئے۔

ج: ایمان باللہ، ایمان بالرسالت، ایمان بالملائکہ، ایمان بالکتب، ایمان بالآخرت

Marfat.com

-23 اسلام (بلکہ تمام آسمانی ادیان) کے مشترکہ بنیادی عقائد کون سے ہیں؟

ج: ایمان باللہ، ایمان بالرسالت اور ایمان بالآخرت

-24 ''عہدالست'' سے کیا مراد ہے؟

ج: قیامت تک آنے والے تمام انسانوں کی روحوں نے عالم ارواح میں توحید اور بندگی کے بارے میں رب سے عہد کیا تھا۔ (اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ؟ قَالُوا بَلٰى شَهِدْنَا) اسے ''عہدالست'' کہتے ہیں۔

-25 شرک کی تین بنیادی قسمیں بیان کریں؟

ج: (i) شرکِ ذات (ii) شرکِ صفات (iii) شرک عبادت (افعال)

-26 زبان سے ایمان کا اعلان کرنے والا مگر دل سے منکر اسلام شخص کو کیا کہتے ہیں؟

ج: منافق

-27 قرآن مجید کی کوئی ایک آیہ مبارکہ لکھئے جس میں شرک سے روکا گیا ہو؟

ج: (سورۃ لقمان میں) يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ.

(ترجمہ: اے بیٹا، اللہ کے ساتھ شرک نہ کرنا۔)

-28 تمام انبیاء کرام کس عقیدہ کی طرف اپنی قوموں کو بلاتے رہے؟

ج: عقیدہ توحید۔

-29 قرآن مجید میں کس جگہ عیسائیوں اور یہودیوں کے ''ابن اللہ'' (اللہ کا باپ) کے عقیدہ کا ذکر کیا گیا ہے؟

ج: سورۃ توبہ: آیت 30 میں۔

-30 بتایئے نجات کے لئے کن دو چیزوں کا ہونا ضروری ہے؟

ج: ایمان اور عمل صالح

-31 بنیادی اسلامی عقائد کے بارے میں کوئی ایک قرآنی آیہ مبارکہ بتایئے۔

ج: سورۃ البقرۃ آیہ 177۔

مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ.

Marfat.com

(ترجمہ: جو ایمان لایا اللہ پر اور یوم آخرت پر اور فرشتوں پر اور کتابوں پر اور نبیوں پر)۔

(1) مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ (ایمان باللہ)

(2) وَالْيَوْمِ الآخِرِ. (ایمان بالآخرت)

(3) وَالْمَلٰئِكَةِ (اور فرشتوں پر ایمان)

(4) وَالْكِتٰبِ (اور کتابوں پر ایمان)

(5) وَالنَّبِيّٖنَ. (اور نبیوں پر)

32- عیسائی اور یہودی اپنے آپ کو اللہ کے کیا سمجھتے ہیں؟

ج: اللہ کے محبوب اور بیٹے۔ ان کے اس عقیدہ کا رد قرآن نے سورۃ المائدہ میں کیا ہے۔

33- کیا آپ کو مشرک کا متضاد معلوم ہے؟

ج: مَوَحِّدْ. ایک خدا پر ایمان لانے والا۔

34- کم از کم دو عقلی دلائل دیں جن سے توحید کا عقیدہ ثابت ہوتا ہو۔

ج: (الف) نظام کائنات کا بغیر کسی فساد کے چلنا۔ اگر ایک خدا نہ ہوتا تو کائنات میں فساد ہو جاتا، جسے ایک خدا ہی مثبت اور مستقل انداز میں چلا رہا ہے۔

(ب) انسان کے اپنے جسمانی نظام کا کام کرنا۔

(ج) کائنات کا فطری (قدرتی) نظام۔

35- اور جب ان (مشرکین) سے پوچھا جاتا ہے کہ کس نے زمین اور آسمان کو پیدا کیا اور چاند اور سورج کو تخلیق کیا؟ تو وہ کیا پکار اٹھتے ہیں؟

ج: لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ. وہ پکار اٹھتے ہیں ''اللہ'' نے۔

36- حنیف حضرت ابراہیم کا لقب ہے۔ اس کا مطلب کیا ہے؟

ج: ایک اللہ کا ہو کر رہنے والا۔

37- احد اور واحد میں کیا فرق ہے؟

ج: احد: اپنی ذات میں ایک   واحد: اپنی صفات میں ایک

Marfat.com

-38 اللہ کے حاضر ناظر ہونے سے کیا مراد ہے؟

ج: اللہ ہر جگہ موجود ہے اور ہر ایک کو/ ہر ایک معاملہ کو دیکھتا ہے۔

-39 بنیادی اسلامی عقائد کے بارے میں کوئی ایک حدیث لکھیں؟

ج: بُنِیَ الْاِسْلَامَ عَلٰی خَمْسٍ اَنْ تَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهٗ رَسُوْلُهٗ وَاِقَامِ الصَّلٰوةَ وَ اِیْتَاءِ الزَّکٰوةَ وَحَجِّ الْبَیْتِ وَصَوْمَ رَمَضَانَ.

-40 اسلام کے ''اصول ثلاثہ'' سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

ج: توحید: رسالت، آخرت۔

-41 لفظ شرک کے لغوی اور اصطلاحی معنی لکھئے۔

ج: شرک کا لغوی معنی ہے۔ حصہ داری، ساجھا داری، برابر قرار دینا۔

اللہ تعالیٰ کی ذات، صفات اور حق عبادت میں کسی غیر اللہ کو شریک اور ساتھی قرار دینا شرک کا اصطلاحی معنی ہے۔

اللہ کو بھی مانا جائے اور اس کے ساتھ دوسروں کو بھی اللہ کی طرح کے (کلی یا جزئی) سمجھا جائے، یہ شرک ہے۔

Marfat.com

# عقیدہ رسالت

1- نبی اور رسول کے لغوی معنی بتائیے؟

ج: نبی: خبر دینے والا۔ (فاعل) رسول: بھیجا ہوا۔ (مفعول)، پہنچانے والا (پیغام الٰہی امت تک پہنچانے والا)

2- عقیدہ رسالت و نبوت کیا ہے؟

ج: حضرت آدمؑ تا حضرت محمد رسول اللہ ﷺ تمام نبیوں اور رسولوں کو خدا کی طرف سے برحق تسلیم کرنا اور ان کی کتابوں کو بھی من جانب اللہ ماننا۔

3- ''خاتم النبیین'' کون ہیں؟

ج: حضرت محمد رسول اللہ ﷺ (وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ) (الاحزاب 40)

4- نبی اور رسول میں کیا فرق ہوتا ہے؟

ج: رسول صاحب شریعت ہوتا ہے اور نبی کا صاحب شریعت ہونا ضروری نہیں۔ یا رسول صاحب کتاب ہوتا ہے اور نبی کا صاحب کتاب ہونا ضروری نہیں۔

Marfat.com

-5 ابوالبشر اور ابوالانبیاء کون سے نبی ہیں؟

ج: ابوالبشر: حضرت آدم علیہ السلام ابوالانبیاء: حضرت ابراہیم علیہ السلام

-6 حضرت محمد رسول اللہ ﷺ حضرت ابراہیمؑ کے کس بیٹے اور پوتے کی اولاد میں تھے؟

ج: حضرت اسماعیل علیہ السلام (حضرت ابراہیمؑ کا بیٹا) اور حضرت قیدار (حضرت ابراہیمؑ کا پوتا)

-7 سب سے پہلے نبی اور رسول کون تھے؟

ج: نبی: حضرت آدم علیہ السلام رسول: حضرت نوح علیہ السلام۔

-8 سب سے آخری نبی اور رسول کون تھے؟

ج: حضرت محمد رسول اللہ ﷺ۔

-9 اسلام میں اگر حضور ﷺ سے پہلے انبیاء پر ایمان نہ لایا جائے تو کیا ہوتا ہے؟

ج: بندہ مسلمان نہیں رہتا کافر ہو جاتا ہے۔ (اُولٰئِکَ هُمُ الْکَافِرُوْنَ حَقًّا)

-10 خلیل اللہ اور ذبیح اللہ کن انبیاء کرام کے القاب ہیں؟

ج: بالترتیب حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام۔

-11 رسولوں اور نبیوں کی کل تعداد کتنی ہے؟

ج: انبیاء ایک لاکھ چوبیس ہزار اور رسول تین سو پندرہ (بحوالہ مشکوٰۃ المصابیح، کتاب الفتن فصل سوم)[مشکوٰۃ شریف (عربی، اردو) جلد سوم ص ۱۱۸، مطبوعہ فرید بک سٹال اردو بازار لاہور]

-12 یہودیوں اور عیسائیوں کی طرف کون سے نبی مبعوث ہوئے؟

ج: یہودیوں کی طرف حضرت موسیٰ علیہ السلام۔

عیسائیوں کی طرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

-13 بتایئے فرعون اور نمرود کن انبیاء کے زمانے میں تھے؟

ج: فرعون: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں۔

نمرود: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانے میں۔

Marfat.com

14- اسرائیل حضرت یعقوب علیہ السلام کا لقب ہے اس کا مطلب کیا ہے؟

ج: یہ عبرانی زبان کا لفظ ہے۔ اسرائیل کے معنی ہیں ''اللہ کا بندہ''۔

15- ''فِرْعَوْنَ هٰذِهِ الْاُمَّةِ'' (اس (میری) امت کا فرعون) حضور اکرم ﷺ نے کس شخص کو قرار دیا تھا؟

ج: ابوجہل (عمر بن ہشام) کو۔

16- حضرت موسیٰؑ اور حضرت ہارونؑ رشتہ میں کیا تھے؟

ج: بھائی تھے۔ حضرت ہارونؑ بڑے بھائی تھے اور حضرت موسیٰؑ چھوٹے تھے۔

17- بنی اسرائیل کی طرف کل کتنے انبیاء بھیجے گئے؟

ج: تقریباً ستر ہزار۔ (بعض کتابوں میں یہ تعداد چار ہزار لکھی ہے)۔

18- حضور انور ﷺ تمام جہانوں کے لئے رحمت ہیں۔ قرآنی آیت لکھئے۔

ج: وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ (سورۃ الانبیاء: 107)

19- اس شعر میں کن انبیاء کے معجزوں کا ذکر ہے؟

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰؑ یدِ بیضا داری
آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

ج: (الف) حضرت یوسف کا حسن۔

(ب) حضرت عیسیٰؑ کا پھونک مار کر مردوں کو زندہ کرنا۔

(ج) بغل میں سے حضرت موسیٰؑ کا چمکتا ہوا ہاتھ برآمد ہونا۔

(د) حضرت محمد رسول اللہ ﷺ میں سارے معجزے جمع ہونا۔

20- اطاعت رسول کے بارے میں کوئی ایک آیہ قرآنی لکھئے؟

ج: اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ (سورۃ النسا۔ آیت 59)

(ترجمہ: اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول ﷺ کی)

21- صفی اللہ اور نجی اللہ کن پیغمبروں کو کہتے ہیں؟

ج: صفی اللہ: حضرت آدمؑ نجی اللہ: حضرت نوحؑ۔

Marfat.com

-22 یسوع مسیح یا روح اللہ کون سے پیغمبر ہیں؟

ج: حضرت عیسٰی علیہ السلام

-23 کن کن انبیاء پر کتابیں نازل ہوئیں؟ نزولی ترتیب وار لکھیں۔

ج: (1) حضرت موسیٰؑ (تورات) قوم یہود کی طرف

(2) حضرت داؤدؑ (زبور) قوم بنی اسرائیل کی طرف

(3) حضرت عیسیٰؑ (انجیل) قوم عیسائی کی طرف

(4) حضرت محمد ﷺ (قرآن مجید) مسلمانوں کی طرف

-24 عاد اور ثمود قومیں کن کن نبیوں کے زمانے میں ہوئیں؟

ج: عاد: حضرت ہود علیہ السلام (سورۃ ہود۔آیہ 50)

ثمود: حضرت صالح علیہ السلام (الاعراف۔آیہ 73)

-25 ''ناقۃ اللہ'' کن نبی علیہ السلام کی اونٹنی کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کو۔

-26 کم تولنے پر کس نبی ﷺ کی قوم پر عذاب آیا؟

ج: حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم پر۔

-27 کم از کم دو انبیاء کے نام بتائیں جن کے بیٹے بھی نبی ہوئے؟

ج: (الف) حضرت آدمؑ (حضرت شیثؑ)

(ب) حضرت ابراہیمؑ (حضرت اسماعیلؑ اور حضرت اسحاقؑ)

(ج) حضرت اسحاقؑ (حضرت یعقوبؑ)

(د) حضرت یعقوبؑ (حضرت یوسفؑ)

-28 کن نبی علیہ السلام کی اگلی تین نسلیں نبی ہوئیں؟

ج: حضرت ابراہیمؑ کے بیٹے حضرت اسحاقؑ (پہلی نسل) پوتے حضرت یعقوب (دوسری

Marfat.com

نسل) اور پڑپوتے حضرت یوسفؑ (تیسری نسل) نبی تھے۔

29- حضرت محمد ﷺ خاتم النبیین ہیں۔ خاتم کے لغوی و اصلاحی معنی لکھیے۔

ج: لغوی: مہر لگانا، بند کرنا، آخر تک پہنچانا۔

اصطلاحی: آخری، سب سے آخر میں آنے والے، سلسلہ نبوت و رسالت کو بند کر دینے والے، وہ جن کی نبوت و رسالت کا دور قیامت تک ہے۔

30- انبیاء کرام کی کوئی سی دو عمومی خصوصیات لکھیں۔

ج: معصومیت، بشریت، واجب الاطاعت، امین، مبلغ احکام الٰہی، رجالیت، مطاع، معجزات، وحی الٰہی، کتاب۔

31- رسالتِ محمدی ﷺ کی کوئی سی تین خصوصی صفات لکھیں۔

ج: تکمیل دین، عالمگیریت، حفاظت قرآن، ختم نبوت، زیادت اجر، نسخ ادیان سابقہ۔

32- حضور اکرم ﷺ کس نبی کے ساتھ اپنی صفاتی مماثلت کا ذکر کیا کرتے تھے؟

ج: حضرت موسیٰ علیہ السلام جبکہ ذاتی (شکل و صورت کے ساتھ) مماثلت حضرت ابراہیمؑ کے ساتھ تھی۔

33- کن انبیاء کے ساتھ معاون نبی آئے؟ (کوئی سے دو کے نام لکھیے)

ج: (الف) حضرت ابراہیمؑ کے ساتھ حضرت لوطؑ

(ب) حضرت موسیٰؑ کے ساتھ حضرت ہارونؑ

34- کوئی سے ایسے دو پیغمبروں کے نام لکھیں جن پر صحائف نازل ہوئے۔

ج: حضرت آدمؑ، حضرت ابراہیمؑ، حضرت ادریسؑ

35- کس نبی کی امت پر؟

(الف) پانی کا عذاب (سیلاب) آیا

(ب) پتھروں کی بارش ہوئی

Marfat.com

ج: (الف) حضرت نوحؑ کی قوم

(ب) حضرت لوطؑ کی قوم

36- حضرت محمد ﷺ کا نام نامی اسم گرام سن کر کیا کہنا چاہیے؟

ج: صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پڑھنا چاہیے یا درود شریف پڑھنا چاہیے اور انگوٹھے چوم کر آنکھوں کو لگانے چاہئیں۔ (ضعیف حدیثوں میں یہ سنتِ صدیقیؓ ہے)۔

37- حضرت محمد ﷺ کے دین کو ترک کرنے والے کو کیا کہتے ہیں؟

ج: مرتد: (معنی ہے لوٹ جانے والا، واپس مڑ جانے والا)

38- حضرت ابراہیمؑ کو حنیف کہا جاتا ہے "دین حنیف" کس مذہب کو کہتے ہیں؟

ج: اسلام کو

39- حفاظت تعلیمات الٰہی (کتب) کے سلسلے میں سابقہ کتب اور قرآن مجید میں کیا امتیاز ہے؟

ج: گزشتہ کتب میں تحریف ہو چکی ہے یا وہ گم ہو گئی ہیں قرآن مجید ایک محفوظ کتاب ہے اللہ نے اس کی حفاظت کا ذمہ خود لیا ہوا ہے۔

40- بیت اللہ شریف اور بیت المقدس کو کن انبیاء نے تعمیر کیا؟

ج: بیت اللہ حضرت ابراہیم علیہ السلام، بیت المقدس حضرت سلیمان علیہ السلام۔

41- من وسلویٰ اور مائدہ کس نبی علیہ السلام کی امت پر اترا؟

ج: من وسلوٰی: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اُمت پر۔

مائدہ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی اُمت پر۔

42- حضور اکرم ﷺ کا غار حرا اور غار ثور سے کیا تعلق ہے؟

ج: (i) نبوت کا اعلان کرنے سے پہلے آپ غار حرا میں معتکف رہا کرتے تھے۔

(ii) سفر ہجرت کے دوران آپ ﷺ غار ثور میں تین دنوں تک مقیم رہے۔

Marfat.com

-43 حضور اکرم ﷺ کی نبوت کی تصدیق (قبل از اعلان نبوی محمدی ﷺ) کن تین غیر مسلم افراد نے کی؟

ج: (i) بحیرا راہب (ii) نسطورا راہب (iii) ورقہ بن نوفل

-44 وہ کون شخصیات ہیں؟

(1) جن کی رہنمائی کے بغیر اللہ تک رسائی ناممکن ہے۔

(2) جن کا انکار کرنا کفر ہے۔

(3) جن کا وجود زمین پر اللہ کی رحمت ہوتا ہے۔

ج: یہ حضرت انبیاء علیہم السلام ہیں۔

-45 قرآن مجید کی وہ کونسی آیت ہے جس کے مطابق اللہ اور اس کے فرشتے حضور ﷺ پر درود بھیجتے ہیں اور مومنوں کو بھی حضور ﷺ پر درود و سلام بھیجنے کا حکم دیا گیا ہے۔

ج: سورۃ احزاب آیت 53 (اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا)

-46 کوئی سے دو نبیوں کے نام لکھیں جو نبی بھی تھے اور بادشاہ بھی تھے۔

ج: حضرت یوسف علیہ السلام، حضرت داؤد علیہ السلام، حضرت سلیمان علیہ السلام۔

-47 وہ کونسی کتاب ہے جس میں قرآن سے پہلے کی آسمانی کتابیں (تورات، زبور، انجیل) کی تعلیمات جمع ہیں؟

ج: بائبل: (عہد نامہ قدیم، تورات، زبور وغیرہ عہد نامہ جدید: انجیل)

-48 یہ کن انبیاء کے القاب ہیں۔ (i) صاحب الحوت (ii) کلیم اللہ (iii) نبی امی

ج: بالترتیب:

(i) حضرت یونس علیہ السلام

Marfat.com

(ii) حضرت موسیٰ علیہ السلام

(iii) حضرت محمد رسول اللہ ﷺ

49- حضرت ابراہیمؑ کی قوم کونسی تھی؟

ج: صابی (جمع صابئین) قرآن میں اس قوم کا تذکرہ تین مرتبہ تین سورتوں (سورۃ البقرہ، سورۃ مائدہ اور سورۃ حج) میں آیا ہے اس قوم کا اصل وطن بابل تھا۔ یہ قوم ستارہ پرستی اور بت پرستی کرتی تھی۔ مذہبی زبان آرامی تھی بول چال کی زبان فارسی اور عربی تھی۔ یہ قوم ابھی بھی عراق میں آباد ہے۔ یہ بھی کتابوں میں آیا ہے کہ یہ صابی حضرت یحییٰؑ کے پیروکار ہیں اور یہ بھی تحقیق ہے کہ یہ حضرت نوحؑ کے پیروکار ہیں۔ واللہ اعلم

50- بتائیے مندرجہ ذیل عبارتوں کو سن کر آپ کے ذہن میں کن انبیاء کا نام آتا ہے؟

(1) دعائے خلیل (2) صبر (3) بیٹے کے فراق میں اندھے ہو گئے

(4) مجمع البحرین (5) ایک دن چھوڑ کر ایک دن روزہ رکھنا

ج: (1) حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ

(2) صبر ایوب علیہ السلام

(3) حضرت یعقوب علیہ السلام اپنے بیٹے حضرت یوسف کی جدائی میں اندھے ہو گئے تھے اور بیٹے کے مل جانے پر بینا (آنکھوں والے) ہو گئے تھے۔

(4) حضرت موسیٰ و حضرت خضرؑ کے ملنے کا مقام

(5) صوم داؤدی علیہ السلام

51- کس نبی مکرم کی والدہ کو ان کی امت نے "خدا کی بیوی" قرار دیا ہے؟

ج: حضرت عیسیٰؑ کی والدہ حضرت مریم کو۔

52- نبی، پیغمبر اور رسول میں لفظی لحاظ سے کیا فرق ہے؟

ج: نبی اور رسول عربی زبان کے الفاظ ہیں۔ جبکہ پیغمبر (پیغام بر) فارسی زبان کا لفظ ہے جو

Marfat.com

نبی اور رسول دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

53- انبیاء کی سرزمین کس علاقے کو کہا جاتا ہے۔

ج: فلسطین کو۔

54- قیامت کے دن کون سے پیغمبر اللہ کے دربار میں تمام انبیاء کے حق میں گواہی دیں گے؟

ج: مسلمان امت تمام نبیوں کے حق میں گواہی دے گی، اور حضرت محمد رسول اللہ ﷺ مسلمان امت کے حق میں گواہی دیں گے۔

55- ''میثاق النبیین'' سے کیا مراد ہے؟

ج: قرآن مجید کے مطابق تمام انبیاء اور رسولوں کی روحوں سے لیا گیا ایک اجتماعی عہد کہ وہ اس نبی (محمد رسول اللہ ﷺ) پر ایمان لائیں گے اور آپ کی مدد کریں گے۔ (سورۃ آل عمران:81) اسے ''میثاق النبیین'' کہا جاتا ہے۔

56- ''مدین'' شہر یا علاقہ کا نام سن کر آپ کے ذہن میں کس نبی علیہ السلام کا نام آتا ہے؟

ج: حضرت شعیب علیہ السلام

57- صحرائے سینا، وادی نیل اور بچھڑا سے کون سی امت اور ان کا نبی یاد آتے ہیں؟

ج: امت: یہود نبی: حضرت موسیٰؑ

58- کس پیغمبر علیہ السلام نے اپنے دور کے تمام حکیموں اور طبیبوں کو عاجز کر دیا تھا؟

ج: حضرت عیسیٰؑ نے جو مردوں کو زندہ، کوڑھی کو درست اور اندھے کو بینا کر دیتے تھے۔

59- کس نبی علیہ السلام کے زمانے میں مردوں کی مردوں سے ہم جنسی کا گناہ عام تھا؟

ج: حضرت لوط علیہ السلام کے زمانے میں

(آج بھی یہ فعل کرنے والے کو لوطی کہتے ہیں)

60- لواء الحمد، قیامت کے دن کس نبی علیہ السلام کو عطا ہوگا؟

Marfat.com

ج: حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو۔

61- مقام وسیلہ پر قیامت کے دن کون سے نبیؑ فائز ہوں گے؟

ج: حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم۔

62- ساقیٔ کوثر کس نبیؑ کا لقب ہے؟

ج: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا۔

63- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سفرِ معراج کے دوران کس نبیؑ کو قبر میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھنا تھا؟

ج: حضرت موسیٰ علیہ السلام۔

64- حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عیسیٰؑ کے درمیان کتنے نبی مبعوث ہوئے؟

ج: کوئی نبی آیا نہ کوئی رسول آیا۔

65- نبی اور رسول کے لغوی معنی لکھئے۔

ج: <u>نبی:</u> غیب کی خبر دینے والا     <u>رسول:</u> پیغام پہنچانے والا

Marfat.com

# عقیدہ ملائکہ

1- عقیدہ ملائکہ (ایمان بالملائکہ) سے کیا مراد ہے؟

ج: فرشتے اللہ تعالیٰ کی نورانی مخلوق ہیں یہ کائنات میں اللہ کے احکام اور امور کو نافذ کرتے ہیں۔ یہ ایک طاقتور مخلوق اور بشری حاجات سے پاک مخلوق ہیں۔

2- فرشتہ کس زبان کا لفظ ہے؟

ج: فارسی زبان کا لفظ جس کا معنیٰ ہے قاصد۔

3- حضرت جبرائیلؑ کا کام کیا ہے؟

ج: انبیا کرام تک وحی لانا اور نافرمانوں پر عذاب اتارنا

4- اللہ تعالیٰ کے مقرب فرشتوں کے کیا نام ہیں؟

ج: حضرت جبرائیل، حضرت اسرافیل، حضرت میکائیل، حضرت عزرائیل۔

5- جنت اور دوزخ کے محافظ فرشتے کون سے ہیں؟

ج: جنت کا محافظ: رضوان دوزخ کا محافظ: مالک

Marfat.com

6- مشرکین کا فرشتوں کے بارے میں کیا عقیدہ تھا؟

ج: مشرکین فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں کہتے تھے۔

7- طائف میں تبلیغ (10 نبوی) کے آخری دن کون سا فرشتہ حضور ﷺ پر آیا تھا؟

ج: حضرت جبرائیل، ملک الجبالؑ کے ساتھ آئے تھے کہ اگر آپ ﷺ کہیں تو ان کافروں پر پہاڑ گرا دیا جائے یا ان کو پہاڑوں کے درمیان پیس دیا جائے جس پہ آپ ﷺ نے دعا کی تھی۔ اَللّٰھُمَّ اھْدِ قَوْمِیْ فَاِنَّھُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ.

8- قیامت کے دن کون سا فرشتہ "صور" پھونکے گا؟

ج: حضرت اسرافیل علیہ السلام۔

9- کس مذہب میں حضرت جبرائیل کو خدا کا جزو قرار دیا گیا ہے؟

ج: عیسائیت میں۔ وہ حضرت جبرائیل کو "روح القدس" کے نام سے یاد کرتے ہیں۔

10- جان (روح) قبض کرنے والے فرشتے کا نام بتایئے؟

ج: حضرت عزرائیل علیہ السلام، انہیں ملک الموت بھی کہتے ہیں۔

11- تمام فرشتوں کا سردار کون سا فرشتہ ہے؟

ج: حضرت جبرائیل علیہ السلام، عبرانی زبان میں اس کا معنی ہے "اللہ کا بندہ"

12- بتایئے کہ حضرت میکائیل علیہ السلام کے کیا فرائض ہیں؟

ج: بارش برسانا اور مخلوق خدا کا رزق اتارنا

13- وہ کون سے فرشتے ہیں جو انسان کے اعمال تحریر کرتے ہیں؟

ج: کراماً کاتبین (دو صاحب عزت لکھنے والے)

(دو فرشتے، ایک نیکیاں لکھتا ہے اور دوسرا برائیاں لکھتا ہے)

14- منکر نکیر کن فرشتوں کو کہا جاتا ہے؟

Marfat.com

ج: قبر میں مرنے والے سے سوال وجواب کرنے والے دوفرشتے۔

15- ''قصہ آدمؑ وابلیس'' میں اللہ نے حضرت آدمؑ کو کس مخلوق پر برتری دی؟

ج: فرشتوں پر۔

16- قرآن مجید میں حضرت جبرائیل کو کس لقب سے یاد کیا گیا ہے؟

ج: روح الامین، ملک کریم، رسول۔

17- شیطان (ابلیس) فرشتہ ہے یا جن؟

ج: شیطان (ابلیس) جن ہے جس کا اصلی نام عزازیل ہے اور جسے کثرت عبادت کی وجہ سے معلم الملکوت کا منصب ملا ہوا تھا۔

18- حضرت جبرائیل علیہ السلام حضور ﷺ کے پاس کس صحابی کی شکل میں آیا کرتے تھے؟

ج: حضرت دحیہ کلبیؓ۔

19- فرشتوں کے چند گروہوں کے نام لکھیں۔

ج: ملائکہ نصرت، ملائکہ حفاظت، ملائکہ مغفرت، ملائکہ ذکر الٰہی، ملائکہ صلوٰت وسلام برمحمد رسول اللہ ﷺ، طواف کرنے والے ملائکہ۔

20- ''لَیْلَۃُ الْقَدْرِ'' کی رات کون سا فرشتہ بہت سے فرشتوں کے ساتھ زمین پر آتا ہے؟

ج: روح (تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ) (سورۃ القدر)

21- کن غزوات میں اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے مسلمانوں کی مدد کی؟

ج: غزوہ بدر اور غزوہ حنین۔

22- دوزخ کے نگران فرشتے کون سے ہیں؟

ج: دوزخ کے محافظ مالک کی زیرنگرانی کا کام کرنے والے فرشتوں کو غلاظ اور شداد کہا جاتا ہے۔

Marfat.com

23- فرشتے ساتویں آسمان پر کس جگہ کا طواف کرتے رہتے ہیں؟

ج: بیت المعمور۔ روایت ہے کہ ہر روز ستر ہزار فرشتے اس گھر کا طواف کرتے ہیں۔

24- سفر معراج کے موقع پر حضرت جبرائیل نے کس مقام تک حضور ﷺ کا ساتھ دیا تھا؟

ج: سدرۃ المنتہیٰ۔ انہوں نے اس مقام سے آگے جانے سے معذوری ظاہر کردی تھی۔

اگر یک سرِ موئے برتر پرم
فروغ تجلی بسوزد پرم

(مولانا روم)

(اگر میں ایک بال برابر بھی حد سے آگے جاؤں گا تو اللہ تعالیٰ کے انوار کی تجلی سے میرے پَر جل جائیں گے۔)

25- سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ (قرآن کی آیت) میں کن فرشتوں کا ذکر ہے؟

ج: (ترجمہ: ہم اپنے جلاد فرشتوں کو بلائیں گے)

زبانیہ: جہنم میں عذاب کے فرشتوں کو کہا گیا ہے۔

26- بتایئے فرشتوں سے دشمنی کرنے والوں کے لئے اللہ نے کیا اعلان کیا ہے؟

ج: اللہ ایسے کافروں کا دشمن ہے۔ (فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ)

27- یہودی کس فرشتے کو اپنا دشمن کہتے ہیں؟

ج: حضرت جبرائیل علیہ السلام کو۔

28- حضرت جبرائیل، فرشتے کے کتنے پر ہیں؟

ج: چھ سو۔

29- فرشتوں پر ایمان لانے کے انسانی شخصیت پر کوئی دو اثرات لکھئے۔

ج: اپنی بندگی کا یقین، اللہ کی فوجوں (کارندوں) کے بارے میں ایمان، اطاعت الٰہی پر

Marfat.com

استحکام۔ اللہ کی بے حد و بے حساب طاقت اور قدرت کا اندازہ۔

30- کسی انسان کو ''فرشتہ'' کہیں تو اس سے کیا مراد ہوتی ہے؟

ج: یہ بہت نیک آدمی ہے۔ عیبوں / برائیوں سے پاک ہے۔

31- فرشتوں کے بارے میں چند تعارفی سطریں لکھیے۔

ج: فرشتے اللہ کی نورانی مخلوق ہیں یہ نہ مرد ہیں نہ عورت، نہ جوان ہیں نہ بچے نہ بوڑھے انسانی کمزوریوں سے پاک ہیں اور اللہ نے جس کام پر ان کو مقرر کر دیا ہے اپنی موت تک اسے کرتے رہیں گے۔

Marfat.com

# عقیدہ بالکتب

1- ایمان بالکتب سے کیا مراد ہے؟

ج: انبیاء اور رسل پر نازل ہونے والی کتابیں اور صحائف اللہ کی طرف سے ہیں اور حق سچ ہیں۔قرآن کے نازل ہونے کے بعد یہ منسوخ ہیں۔

2- بتائیے معلوم آسمانی کتابوں کی کل تعداد کیا ہے؟

ج: چار: تورات، زبور، انجیل، قرآن مجید۔

3- چند ایسے انبیاء کے نام لکھیں جن پر صحائف نازل ہوئے؟

ج: حضرت آدمؑ، حضرت ابراہیمؑ، حضرت ادریسؑ، حضرت شیثؑ، حضرت شعیبؑ، حضرت یونسؑ۔

4- قرآن سے پہلی الہامی کتابیں کس نام سے ایک جگہ جمع ہوئیں؟

ج: بائبل: حصہ اول: عہد نامہ قدیم (تورات، زبور اور دوسری کتابیں وصحائف وغیرہ)
حصہ دوم: عہد نامہ جدید (چاروں انجیلیں)

5- بتائیے ''زبور'' کے لغوی معانی کیا ہیں؟

Marfat.com

ج: حمد، مناجات، تعریف، یہ کتاب سریانی زبان میں نازل ہوئی تھی۔

6- تورات عبرانی زبان کا لفظ ہے بتایئے یہ کتابیں کس کس زبان میں نازل ہوئی۔

ج: عبرانی یا سریانی میں۔

7- سابقہ آسمانی کتابوں کی زبان کو ''مردہ زبان'' کہا جاتا ہے۔ بتایئے یہ کتابیں کس کس زبان میں نازل ہوئیں۔

ج: عبرانی، سریانی، آرامی، کلدانی

8- قرآن کا لغوی معنی کیا ہے؟

ج: جمع کرنا، ساتھ ملانا، پڑھا جانا۔

9- تحریف سے کیا مراد ہے؟

ج: گزشتہ آسمانی کتابوں میں تبدیلی کرنے کو تحریف کہتے ہیں، تحریف کئی طریقوں سے کی جاتی تھی۔ لفظی تحریف، (لفظ بدل دینا)، معنوی تحریف، (مراد یا تعبیر بدل دینا) زبان کو توڑ مروڑ کر لفظ کو کچھ کا کچھ بنا دینا (لسانی تحریف) تعلیمات کو چھپا دینا۔ (کتمانِ حق)

10- وحی متلو اور وحی غیر متلو سے کیا مراد ہے؟

ج: وحی متلو سے مراد ہے کتاب، یعنی قرآن مجید جس کی تلاوت کی جائے اور وحی غیر متلو سے مراد ہے حدیث، جس کی تلاوت نہیں کی جاتی۔

11- اس وقت کتنی انجیلیں ہیں جو عیسائیوں کے نزدیک مستند ہیں؟

ج: چار (انجیل متی، انجیل لوقا، انجیل مرقس، انجیل یوحنا)

12- قرآن مجید نے اپنی کس صفت کے لحاظ سے اقوام عالم کو چیلنج کیا ہے؟

ج: صفت فصاحت و بلاغت سے کہ ''اگر ہمت (یعنی دعویٰ) ہے تو اس جیسی (ایک کتاب یا دس سورتیں یا ایک سورت) ہی بنا لاؤ''

13- کس انجیل میں حضرت محمد ﷺ کے بارے میں واضح الفاظ اور نشانیاں ذکر ہوئی ہیں؟

Marfat.com

ج: انجیل برنا باس، جو حضرت عیسیٰ کے ایک حواری برنا باس نے لکھی تھی۔

-14 تمام الہامی کتب کی مشترک تعلیمات کیا ہیں؟

ج: توحید، رسالت، آخرت۔

-15 قرآن کی کوئی تین (دوسری الہامی کتب سے مختلف) خصوصیات لکھئے؟

ج: (الف) تمام انسانوں کو خطاب (ب) پہلی کتابوں کی تصدیق

(ج) دنیا و آخرت کی جامع تعلیمات

-16 کون کون سی الہامی کتابیں اپنی اصل (نزول کے وقت کی) شکل میں محفوظ ہیں؟

ج: صرف قرآن مجید۔

-17 کیا تمام الہامی کتابوں کی دعوت اور دین ایک ہی تھا؟

ج: دعوت ایک ہی تھی مگر دین (شریعتیں) مختلف تھیں۔

-18 یہ قرآنی آیت کس آسمانی کتاب کے بارے میں ہے:

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحَافِظُوْنَ.

ج: قرآن مجید کے بارے میں کہ:

"ہم ہی اس ذکر (قرآن) کو نازل کرنے والے ہیں اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں"۔ (سورۃ الحجر: 9)

-19 تورات کو مرتب کرنے میں کتنے لوگوں کا کردار ہے؟

ج: تقریباً تیس۔

-20 تورات کتنے صحائف پر مشتمل ہے؟

ج: تورات پانچ صحائف پر مشتمل ہے جنہیں صحائف موسیٰ کہا جاتا ہے۔

-21 "انجیل" کسے کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت عیسیٰ کے ان فرامین اور خطبات اور تعلیمات کو جو آپ نے اپنی زمینی زندگی

Marfat.com

کے آخری تین برسوں میں دیئے انجیل کہا جاتا ہے۔

22- کون سی الہامی کتاب نظم میں ہے؟

ج: زبور جو پانچ دیوانوں پر مشتمل ہے۔ زبان عبرانی ہے اس میں صرف اللہ کی حمد وثناء اور دعائیں ہیں۔

23- چار مروجہ اناجیل میں دو کے مرتبین غیر حواری ہیں بتایئے کون؟

ج: لوقا اور مرقس۔ موجودہ چاروں انجیلیں 70ء کے بعد لکھی گئی ہیں۔

24- قرآن مجید نے کس کتاب میں ہدایت اور نور کا ہونا بیان کیا ہے؟

ج: تورات اور انجیل ( اِنَّـا اَنْـزَلْـنَـا التَّوْرَاةَ فِيْهَا هُدًى وَّ نُوْرٌ. مائدہ42)( وَاٰتَيْنَا الْاِنْجِيْلَ فِيْهَا هُدًى وَّ نُوْرٌ. مائدہ44)

25- انجیل کس زبان میں نازل ہوئی تھی؟

ج: آرامی زبان میں، پھر اسے عبرانی میں لکھا گیا۔ پھر لاطینی (یونانی) میں اور اب انگریزی میں (انجیل دنیا کی تقریباً300 زبانوں میں ترجمہ ہو چکی ہے)

26- اناجیل اربعہ کے مولفین کون ہیں؟

ج: (الف) انجیل مرقس: یونانی یہودی Marks نے لکھی جو عیسائی ہو گیا تھا۔

(ب) انجیل متی: ایک حواری Mathew کی طرف منسوب ہے جو حضرت عیسیٰؑ کے بارہ حواریوں میں ایک تھا۔ یہ عبرانی زبان میں لکھی گئی۔

(ج) انجیل لوقا: (Luke) اٹلی کے باشندے لوقا نے لکھی۔

(د) انجیل یوحنا: (John) حضرت عیسیٰؑ کے بارہ حواریوں میں سے ایک حبیب بن ابدی کی طرف منسوب ہے۔

27- یہودی تورات کے علاوہ کس کتاب کو آسمانی مذہبی کتاب کہتے ہیں؟

ج: تالمود (Talmud)۔

Marfat.com

28- بتایئے عہد نامہ قدیم میں کون کون سی کتابیں شامل ہیں؟

ج: پیغمبروں کے تاریخی صحائف، دعائیہ زبور اور امثال۔

29- بتایئے عہد نامہ جدید میں کون کون سی کتابیں شامل ہیں؟

ج: چار انجیلیں، رسولوں کے اکیس خطوط، رسولوں کے اعمال، یوحنا عارف کا مکاشفہ۔

30- بتایئے بائبل (عہد نامہ قدیم اور عہد نامہ جدید کا مجموعہ) کا قدیم ترین نسخہ کس زبان میں ہے؟

ج: لاطینی زبان میں۔ 404ء کا تحریر شدہ ہے۔

31- تلاوت قرآن کے مقامات کفر سے کیا مراد ہے؟

ج: اوقاف و حرکات کی غلطی سے بندہ کافر ہو جاتا ہے اور کئی مقامات پر عبارت کے معنی بدل جاتے ہیں اور پڑھنے والا کافر ہو جاتا ہے۔ بیس مقامات جہاں حرکات کی غلطی کا ارتکاب بندے کو کافر کر دیتا ہے مقامات کفر کہلاتے ہیں اور 82 مقامات پر اوقاف (ٹھہرنا یا نہ ٹھہرنا) کی غلطی سے بندہ کافر ہو جاتا ہے۔

32- چاروں انجیلوں کو کب مصدقہ قرار دے کر رواج دیا گیا؟

ج: 325ء میں منعقد ہونے والے عیسائی پیشواؤں کی مجلس ''نیقیہ'' نے چار انجیلوں کو رواج دیا۔ باقی انجیلوں کو منسوخ و مردود قرار دے دیا گیا۔

33- کس کتاب نے اپنے ساتھ ساتھ دوسری آسمانی کتابوں کا برحق ہونا بیان کیا ہے؟

ج: قرآن مجید نے۔

34- کون سی الہامی کتاب حمدیہ گیتوں پر مشتمل ہے؟

ج: زبور۔

35- صرف ایک انجیل سریانی زبان میں لکھی گئی باقی تمام انجیلیں یونانی زبان میں لکھی گئیں سریانی زبان والی انجیل کا نام بتایئے؟

Marfat.com

ج: انجیل یہودیہ۔

-36 کیا آپ تورات، زبور اور انجیل کے نام کو عربی میں لکھ اور پڑھ سکتے ہیں؟

ج: تورات: Torah (توراہ) تَوْرَاتُ (اَلتَّوْرَاۃُ)

زبور Psalm (سالم) زُبُوْرُ (اَلزَّبُوْرُ)

انجیل Gosple (گاسپل) اِنْجِیْلُ (اَلْاِنْجِیْلُ)

-37 قرآن مجید کی پہلی منزل کہاں سے کہاں تک ہے؟

ج: سورۃ البقرہ آیت 1 تا سورۃ النساء آیت 176 تک ہے۔

-38 وہ کون سی آسمانی کتاب ہے جو بار بار ضائع ہوتی رہی اور بار بار لکھی جاتی رہی؟

ج: تورات

-39 نزول کے لحاظ سے سابقہ آسمانی کتب اور قرآن مجید میں کیا فرق ہے؟

ج: پہلی آسمانی کتابیں ایک ہی دفعہ پوری کی پوری نازل ہوتی رہیں قرآن تھوڑا تھوڑا کر کے نازل کیا گیا۔

-40 کیا آپ کو معلوم ہے کہ ان انجیلوں کی تعداد کیا تھی جن میں سے چار اناجیل منتخب کی گئیں؟

ج: 34 (تاریخ صحف سماوی بحوالہ انسائیکلو پیڈیا یا برٹینیکا مزید دیکھئے آئینہ تثلیث مولفہ مولانا کوثر نیازی ص 69-68 مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور۔ 1975ء)

-41 کتب اور صحائف میں بنیادی فرق کیا ہے؟

ج: کتاب کسی قوم یا اُمت کے لئے درکار مکمل شریعت کی حامل کتاب ہوتی ہے، جبکہ جزوی تعلیمات کو حاوی کتاب کو صحیفہ کہتے ہیں۔

-42 کن دو آسمانی کتابوں کی بنیادی تعلیمات ایک ہیں؟

ج: تورات اور انجیل۔

-43 ''اعجاز القرآن'' کے لفظ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

Marfat.com

ج: قرآن ایک معجزہ کتاب ہے، کوئی انسان، جن یا فرشتہ یا تینوں مخلوقات مل کر اس کی مثال نہیں لاسکتیں۔

44- ............ سے مراد وہ مزامیر ہیں جو یہود و نصاریٰ کے ہاں متداول ہیں اور جن کی تعداد ڈیڑھ سو ہے۔(خالی جگہ پُر کریں۔)

ج: زبور۔

45- آج انجیل کا قدیم ترین نسخہ کس زبان میں دستیاب ہے؟

ج: لاطینی میں۔

46- اس شعر کو مکمل کریں۔وہ زمانے میں معزز تھے مسلماں ہو کر

ج: اور ہم خوار ہوئے تارکِ قرآں ہو کر

Marfat.com

# عقیدہ آخرت

1- ''عقیدہ آخرت'' سے کیا مراد ہے؟

ج: یہ ایمان رکھنا کہ موجودہ زندگی کے بعد موت ہے اور موت کے بعد موجودہ زندگی کے اعمال کا حساب کتاب ہوگا اور اس کے اجر یا سزا کے طور پر جنت کی زندگی یا جہنم کی ابدی زندگی ملے گی۔

2- ''آخرت'' کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج: بعد میں آنے والی، اصطلاحاً موجودہ زندگی کے بعد کی زندگی۔

3- قبر میں منکر نکیر (نکیرین) کتنے سوال پوچھیں گے؟

ج: تین: (الف) مَنْ رَبُّکَ (تیرا رب کون ہے؟)

(ب) مَا دِیْنُکَ (تیرا دین کیا ہے؟)

(ج) مَا تَقُوْلُ فِیْ هٰذَا الرَّجُلِ (تو اس آدمی (حضرت محمد ﷺ) کے بارے میں کیا کہتا ہے؟

4- قیامت کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج: قائم ہونا، کھڑے ہونا، برپا ہونا، اصطلاحاً دنیا کی تباہی کا مقررہ دن۔

Marfat.com

5- ''صور اسرافیل'' سے کیا مراد ہے؟

ج: ایک بگل یا باجے کا دو دفعہ بجنا۔ جسے حضرت اسرافیل (فرشتہ) اپنے منہ سے بجائیں گے۔ پہلی دفعہ بجانے پر ساری دنیا مردہ ہو جائے گی، دوسری دفعہ بجانے پر تمام جاندار زندہ ہو کر کھڑے ہو جائیں گے۔

6- حشر کا لغوی معنی اکٹھا کرنا ہے اصطلاحی معنی بتائیں؟

ج: تمام مخلوقات (بالخصوص جنوں اور انسانوں) کو قیامت کے دن ایک میدان میں جمع (کھڑا) کر دیا جائے گا جہاں وہ حساب کتاب کے خاتمے تک موجود رہیں گے۔

7- "بَعْثُ بَعْدُ الْمَوْتِ" کا کیا مطلب ہے؟

ج: موت کے بعد دوبارہ زندہ کر کے کھڑا کرنا۔

8- قیامت کے دن میزان (ترازو) کس لئے قائم کیا جائے گا؟

ج: دائیں پلڑے میں نیک اعمال اور بائیں پلڑے میں برائیاں ڈال کر تولا جائے گا اور ہر شخص کی اگلی زندگی کا فیصلہ کیا جائے گا۔

9- جنت اور جہنم (دوزخ) کے معانی لکھیے۔

ج: جنت: باغ، جہنم: بہت زیادہ گہرائی۔

10- جنت سے کیا مراد ہے؟

ج: ایسا مقام جہاں ہر قسم کی راحت اور نعمت بغیر تکلیف کے اور مسلسل میسر ہو گی۔

11- جہنم سے کیا مراد ہے؟

ج: ایسا مقام جہاں ہر قسم کی تکلیف اور سزا روحانی و جسمانی مستقل عذاب کے ساتھ ملے گی۔

12- جنت اور جہنم کے اصطلاحی مفاہیم لکھیے۔

ج: جنت: جہاں اللہ تعالیٰ کی تمام نعمتیں ہمیشہ کے لئے مہیا ہوں گی۔

جہنم: جہاں پر ہر قسم کا عذاب، تکلیف، درد الم اور اذیتیں اور ان کے سامان ہوں گے۔

13- جنت اور جہنم کے طبقات کی تعداد بتائیے؟

Marfat.com

ج: (الف) جنت کے آٹھ: عدن، ماویٰ، خلد، نعیم، فردوس، دارالقرار، دارالسلام، دارالجلال۔

(ب) جہنم کے سات: جہنم، سعیر، حطمٰی (حطمۃ) لظی، سقر، جحیم، ماویہ۔

14- جنت اور جہنم کے درمیان ایک مقام ہے اس کا نام لکھیئے۔

ج: اعراف: یہاں وہ لوگ مقیم ہوں گے جن کی نیکیاں اور برائیاں برابر برابر ہوں گی۔

15- "وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ" سے کیا مراد ہے؟

ج: آخرت کی زندگی (کی راحتیں) صرف متقین (نیکوں کاروں) کے لئے ہیں۔

16- "مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ" سے کیا مراد ہے؟

ج: آخرت (حساب کتاب) کے دن کا مالک یعنی اللہ تعالیٰ۔

17- قیامت کے لئے قرآن مجید میں کئی اسماء والفاظ آئے ہیں کوئی سے تین لکھیے؟

ج: اَلسَّاعَةُ، يَوْمُ الْقِيٰمَةِ، يَوْمُ الْاٰخِرَةِ، يَوْمُ الدِّيْنِ، يَوْمُ التَّغَابُنِ، اَلْحَاقَّةُ، اَلصَّاخَةُ۔

18- بتائیے برزخ کیا ہے؟

ج: لغوی معنیٰ ہے پردہ عالم، دنیا اور عالم عقبیٰ (آخرت) ایک جہان جس میں مرنے والے کی روح قیامت تک رہتی ہے۔

19- حضور علیہ السلام نے قیامت کی کون کون سی دو نشانیاں ذکر کی ہیں؟

ج: (الف) غریب چرواہوں کے درمیان اونچی عمارتیں بنانے میں مقابلہ

(ب) اولاد کی سرکشی کہ ماؤں سے نوکرانیوں کی طرح خدمت لے گی۔

20- قرآن مجید میں قیامت کے دن کی زیادہ سے زیادہ طوالت کیا بیان کی گئی ہے؟

ج: پچاس ہزار سال کے برابر۔

21- قیامت کے دن کون لوگ سفید چہرہ اور کون سیاہ چہرہ ہوں گے؟

ج: (الف) نیکوکار سفید چہرہ ہوں گے۔

(ب) بدکار سیاہ چہرہ ہوں گے۔

Marfat.com

-22 کتنی قسم کے لوگ قیامت کے دن اللہ کے عرش کے سائے تلے ہوں گے؟

ج: سات قسم کے لوگ۔ (بحوالہ بخاری شریف)

-23 شفاعت کا عقیدہ کیا ہے؟

ج: قیامت کے دن حضرت محمد ﷺ کا اپنے ایسے امتیوں کے لئے اللہ تعالیٰ سے بخشش کی دعا کرنا، جو ایمان اور عمل صالح کی کوشش کے باوجود درجۂ مغفرت (نجات) کے اہل نہ ہوں گے، شفاعت کہلاتی ہے۔ اللہ رب العزت حضور ﷺ کی شفاعت کو شرف قبولیت سے نوازیں گے۔

-24 حضرت محمد ﷺ کے علاوہ کون کون لوگ شفاعت کریں گے؟

ج: انبیاء، علماء، شہدا، اولیاء، حفاظ۔

-25 نیکوکاروں کے کون کون سے اعمال اپنے بندوں کی شفاعت کریں گے؟

ج: رمضان (صیام)، قرآن، صدقہ۔

-26 اعمال نامہ سے کیا مراد ہے؟

ج: انسانوں اور جنوں کی دنیاوی زندگی کے اعمال کی تفصیل، نیکوکاروں کو یہ تفصیل دائیں ہاتھ میں سامنے سے دی جائے گی اور بدکاروں کو ان کی پشت کے پیچھے سے ان کے بائیں ہاتھ میں دی جائے گی۔

-27 قیامت کے دن انسان کے اعضاء بھی ان کے خلاف یا حق میں گواہی دیں گے کیا یہ سچ ہے؟

ج: جی ہاں! سورۃ یٰسین میں اس کا ذکر ہے۔ (آیت۔65)

-28 جنتی جنت کے کس طبقے میں رب کریم کی زیارت کریں گے؟

ج: دارالجلال کے مقام امین پر۔

-29 ان لوگوں کے ٹھکانے کہاں ہوں گے؟

(الف) متکبرین (ب) منافقین (ج) متقین

(د) نماز میں سستی کرنے والے (ہ) اللہ سے ڈرنے والے

Marfat.com

ج: (الف) جہنم (ب) جہنم کے سب سے آخری طبقے میں

(ج) جنت نعیم اور جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ میں (د) ویل۔ جہنم کا ایک طبقہ

(ہ) دو جنتیں

30- جنت میں "بیت الحمد" کن لوگوں کا مقام ہے؟

ج: بیٹے (بچے) کی موت پر صبر کرنے اور جزع وفزع (رونا پیٹنا) نہ کرنے والوں کا مقام ہے۔

31- قرآن مجید میں جہنم کو کن الفاظ میں بری جگہ کہا گیا ہے؟

ج: بِئْسَ الْمَصِیْرِ، بِئْسَ الْقَرَارِ، بِئْسَ الْمِهَادِ، سَآءَتْ مَصِیْرًا.

32- "مقام محمود" جنت میں کون سا مقام ہے؟

ج: قیامت کے دن حضور ﷺ کو ملنے والا مقام جہاں سے آپ لوگوں (گنہگاروں) کی شفاعت فرمائیں گے اور شفاعت قبول ہوگی لغوی معنی ہے پسندیدہ مقام۔

33- اللہ پاک قیامت کے دن کیا اعلان کریں گے؟

ج: لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمِ (آج کے دن کون بادشاہ (مالک) ہے۔)

34- "پل صراط" سے کیا مراد ہے؟

ج: جہنم (دوزخ) کے اوپر بال سے باریک اور تلوار سے تیز (کاٹ دینے والا) ایک پل جس سے گزر کر جنت میں داخلہ ہوگا۔ لوگ اپنے اپنے اعمال و درجات کے موافق بجلی کی طرح، تیز گھوڑے کی طرح، تیز رفتاری سے، قدم جما کر گزریں گے اور گنہگار اس پر پھنس بھی جائیں گے اور بعض اس پر سے جہنم میں گر جائیں گے۔

35- کوثر و تسنیم و سلسبیل تین چشمے (نہریں) ہیں بھلا کیسی؟

ج: (الف) کوثر: جنت کی نہر یا حوض جس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہے۔ حضور ﷺ قیامت کے دن یہاں سے اپنی امت کو پانی پلائیں گے۔

(ب) تسنیم: بہشت کا ایک چشمہ جس سے مقربین خاص پانی پئیں گے۔

(ج) سلسبیل: بہشت کا ایک چشمہ جس میں سونٹھ (ادرک کے ذائقے) کا پانی ہوگا۔

Marfat.com

36- "وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ اُخْرٰی" سے کیا مراد ہے؟

ج: (قیامت کے دن) کوئی شخص کسی دوسرے شخص (کے گناہ) کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔ (ہرایک اپنا کیا خود بھگتے گا)

37- بتایئے جنت الاعلیٰ کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج: جنت الوسیلہ: یہ مقام حضرت محمد ﷺ کے لئے مخصوص ہے۔

38- دارالبوار اور جنت العدن کون سے مقامات ہیں؟

ج: ''دارالبوار (ہلاکت کا گھر) اور جنت العدن کو دارلثواب (ثواب کا مقام) کہا جاتا ہے''۔

39- قرآن کریم میں روح کو کیا کہا گیا ہے؟

ج: اَمْرِ رَبِّیْ (وَیَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الرُّوْحِ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ) (سورۃ بنی اسرائیل:85)

40- دوزخ میں ''شجرۃ الزقوم'' کن کی خوراک ہوگا؟

ج: طَعَامُ الْاَثِیْمِ (گنہگاروں کی خوراک) اَلضَّآلُّوْنَ الْمُکَذِّبُوْنَ (گمراہوں اور جھٹلانے والوں کی خوراک)

41- ''سجین'' کیا چیز ہے؟

ج: وہ کتاب یا رجسٹر جس میں شیاطین و مجرمین کے اعمال درج کئے جاتے ہیں۔

42- یہودیوں کا تصور آخرت کیا ہے؟

ج: جنت یہودیوں کے لئے پیدا کی گئی ہے۔ غیر یہودی (Senitile) جنت میں داخل نہ ہوگا۔ یہودی اگر جہنم میں دھکیلے گئے تو چند دن کے بعد ان کو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کر دیا جائے گا۔

43- عیسائیوں کا آخرت کے بارے میں کیا عقیدہ ہے؟

ج: حضرت عیسیٰؑ کے ناحق قتل (عیسائیوں کے نزدیک حضرت عیسیٰؑ مصلوب ہو گئے یعنی پھانسی چڑھ گئے) کو اپنے تمام گناہوں کا کفارہ قرار دیتے ہیں اور خود کو جنت کا حقدار

Marfat.com

سمجھتے ہیں۔

44- قرآن مجید میں توحید، رسالت اور آخرت میں کس کا ذکر سب سے زیادہ دفعہ آیا ہے؟

ج: آخرت کا۔

45- کن لوگوں کو مردہ کہنے سے منع کیا گیا ہے؟

ج: شہداء کو۔ یہ بھی کہ وہ اپنے رب کے ہاں رزق دیئے جاتے ہیں اور اپنے مقام پر خوش ہیں۔

46- آخرت کے عقیدہ پر ایمان رکھنے کے دو فوائد لکھئے؟

ج: (الف) بندہ گناہوں سے باز رہتا ہے۔

(ب) بندہ ثواب کی خاطر زیادہ سے زیادہ نیکی کرتا ہے۔

47- آخرت کے مقابلے پر کون سا لفظ آتا ہے؟

ج: دنیا جس کا معنی ہے قریب کی چیز یعنی موجودہ زندگی اور اس کی چیزیں۔

48- علیین اور سجین میں کن لوگوں کی روحیں قیام پذیر ہیں؟

ج: علیین میں مسلم اور نیکوکاروں کی روحیں اور سجین میں کفار و گنہگاروں کی روحیں۔

49- جنت میں کون سی چار قسم کی نہریں ہیں؟

ج: پانی، دودھ، شہد اور شراب طہور کی نہریں۔

50- بتایئے موت سے کیا مراد ہے؟

ج: انسان (عہد) جسم اور روح کا مجموعہ ہے جب تک یہ اکٹھے ہیں انسان زندہ ہے جونہی روح جسم سے علیحدہ ہوتی ہے جسم بے حرکت ہو جاتا ہے تو انسان کی اس حالت کو موت کہتے ہیں۔ بغیر روح کے جسم کو مٹی کے حوالے کر دیا جاتا ہے۔ جبکہ روح اپنے منبع اصلی یعنی ذات الہٰی کی طرف لے جائی جاتی ہے۔

51- قیامت صغریٰ اور قیامت کبریٰ کسے کہتے ہیں؟

ج: موت کو قیامت صغریٰ اور قیامت کے طویل اور حساب کتاب والے دن کو قیامت کبریٰ کہا جاتا ہے۔

Marfat.com

52- عذاب قبر سے کیا مراد ہے؟

ج: مرنے کے بعد میت کو زمین کے اندر دبا دیتے ہیں اس مخصوص شکل وصورت کے گڑھے کو قبر کہتے ہیں۔ مردہ قیامت تک اس جگہ راحت یا عذاب کا شکار رہتا ہے۔ اگر نیکوکار تھا تو راحت میں رہے گا اور اگر برا تھا تو عذاب میں رہے گا۔ عذاب قبر یا ثواب قبر، قبر میں قیام کے دوران ان اچھی یا بری حالتوں کا نام ہے۔

53- خٰلِدِیْنَ فِیْھَا (اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے) کس کے بارے میں کہا گیا ہے؟

ج: جنت کی نعمتیں اور دوزخ کے شدائد اور پھر یہاں کی زندگی ہمیشہ کی ہوگی اس وجہ سے یہاں کے قیام کو "خٰلِدِیْنَ فِیْھَا" سے ذکر کیا گیا ہے کہ یہاں ایک دفعہ داخل ہو جانے والے پھر ہمیشہ ہمیشہ یہیں رہیں گے سوائے ان جہنمی لوگوں کے جو بخش دیئے جائیں گے۔ اور جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کئے جائیں گے۔

54- قیامت صغریٰ (چھوٹی قیامت) کسے کہتے ہیں؟

ج: موت کو قیامت صغریٰ کہتے ہیں (مَنْ مَاتَ فَقَدْ قَامَتْ قِیَامَۃ) (حدیث نبویؐ)

55- جنت میں جنتیوں کو ملنے والی سب سے بڑی نعمت کیا ہوگی؟

ج: اللہ رب العزت کا دیدار، دار الجلال کے مقام پر۔

56- آخرت کے بارے میں مشرکین مکہ کا عقیدہ کیا تھا؟

ج: وہ کہتے تھے کہ زندگی صرف موجودہ زندگی ہے اور اس کے بعد کوئی زندگی نہیں ہے مر کے موت کے بعد ہم نے مٹی میں مل جانا ہے لہٰذا نہ کوئی حساب کتاب ہے نہ یوم قیامت ہے۔

57- موت کے بعد دوبارہ زندگی کے اثبات میں کوئی ایک دلیل دیں۔

ج: نقلی دلیل: جس اللہ نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا وہ تمہیں دوبارہ بھی زندہ کر سکتا ہے۔
عقلی دلیل: زمین سوکھ کر مردہ ہو جاتی ہے بارش برستی ہے تو زمین ہری بھری ہو جاتی ہے اور ٹنڈ منڈ پودوں پر پتے پھول اور پھل نکل آتے ہیں۔ ایسے ہی دوبارہ زندگی ممکن ہے۔

Marfat.com

58- قیامت کے دن کن دو مخلوقات کا حساب کتاب ہوگا؟

ج: صرف انسانوں اور جنوں کا۔ یہی دونوں عذاب و ثواب پائیں گے۔

59- قیامت کے دن کون کون سے گروہ اللہ کے عرش کے سائے تلے ہوں گے؟

ج: عادل حاکم، اللہ کی عبادت کرنے والا نوجوان، وہ جس کا دل مسجد میں اٹکا رہے، اللہ کی رضا و محبت کیلئے جمع ہونے والے، ایک دوسرے سے محبت رکھنے والے اور خدا کی رضا و محبت پر جدا ہونے والے، تنہائی میں اللہ کو یاد کر کے آنسو بہانے والا، وہ نوجوان جسے خوبصورت عورت برے ارادے سے بلائے تو وہ کہے "اِنِّیْ اَخَافُ اللّٰہَ" (میں اللہ سے ڈرتا ہوں)۔ آخری وہ آدمی کہ دائیں ہاتھ سے صدقہ کرے تو بائیں ہاتھ کو خبر نہ ہونے دے۔ (متفق علیہ، مشکوٰۃ باب المساجد و مواقف الصلوٰۃ)

60- کون سے نبی علیہ السلام قیامت کے دن اپنی امت کی کثرت پر فخر کریں گے؟

ج: حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

Marfat.com

# ارکان اسلام

## کلمہ طیبہ

1- بتایئے کہ کلمہ طیبہ کا ترجمہ کیا ہے؟

ج: اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں حضرت محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں۔

2- شہادتین سے کیا مراد ہے؟

ج: معنی ہے دو گواہیاں:

(الف) اللہ کو معبود جاننا۔

(ب) حضرت محمد ﷺ کی نبوت و رسالت کی گواہی دینا۔

(پہلے اور دوسرے کلمہ کو شہادتین کہتے ہیں۔)

3- بتایئے چھ کلموں میں سے کون سا کلمہ بنیادی اہمیت کا حامل ہے؟

ج: کلمہ طیبہ (اول کلمہ)

4- کلمہ طیبہ اور کلمہ شہادت میں کیا مماثلت پائی جاتی ہے؟

Marfat.com

ج: دونوں کلموں میں اعلان توحید اور اعلان رسالت محمدی ﷺ ہے۔

5- اسلام میں داخلے کی بنیادی شرط کیا ہے؟

ج: زبان سے کلمہ طیبہ یا کلمہ شہادت پڑھ کر اسلام قبول کرنے کا اعلان کرنا۔(اقرار باللسان)

6- کلمہ گو مگر بے عمل مسلمان ہونا کیسا ہے؟

ج: ایسا شخص اپنی غفلت اور بے عملی کی سزا بھگت کر آخر کار کلمہ کی بدولت جنت میں داخل ہوگا۔(مَنْ قَالَ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ).

7- کلمہ گوئی سے محروم مگر باعمل شخص ہونا کیسا ہے؟

ج: ایسا شخص دنیا میں ہی اپنے اعمال کا صلہ پالیتا ہے آخرت میں اس کے اعمال اس کے کچھ کام نہ آئیں گے اور کلمہ نہ پڑھنے کی وجہ سے وہ دوزخ میں جائے گا۔

8- افضل الذکر کون سا کلمہ کہلاتا ہے؟

ج: اعلان توحید: لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ

9- کلمہ شہادت کا ترجمہ لکھیے۔

ج: میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک (حضرت) محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔

10- کلمہ طیبہ میں طَیِّب: اور کلمہ شہادت میں شہادت: کا کیا معنی ہیں؟

ج: طیِّب: پاک، پاکیزہ شہادت: گواہی، اعلان

11- کفر اور اسلام کے درمیان حد فاصل کیا ہے؟

ج: کلمہ کا اقرار کرنا اسلام ہے اور کلمہ کا اقرار نہ کرنا یا اس کا انکار کرنا کفر ہے۔

12- کیا قرآن مجید میں کلمہ طیبہ آیا ہے یا نہیں؟

ج: مکمل کلمہ طیبہ نہیں آیا۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ علیحدہ علیحدہ آئے ہیں۔

13- اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ (میں اللہ پر ایمان لایا) سے کیا مراد ہے؟

Marfat.com

ج: کلمہ پڑھ کر اللہ کی وحدانیت کا اعلان واقرار کرنا اور اسے اپنا پروردگار ومعبود تسلیم کرنا۔

-14 قُلْ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ ثُمَّ اسْتَقِمْ (کہہ میں اللہ پر ایمان لایا پھر ثابت قدم ہو جا) میں کس بات کا حکم ہے؟

ج: ایمان باللہ کا اعلان اور تقاضا ہائے کلمہ (عمل صالح) پر عملاً جم جانے کا حکم ہے۔

-15 بتایئے کلمہ طیبہ میں کل کتنے الفاظ ہیں؟

ج: صرف سات (لا۔الٰہ۔الا۔اللہ۔محمد۔رسول۔اللہ)

-16 بتایئے کلمہ طیبہ میں منقوط (نقطے والے) الفاظ کی تعداد کتنی ہے؟

ج: ایک بھی نہیں۔تمام الفاظ غیر منقوط ہیں۔

-17 بتایئے کلمہ طیبہ میں کل کتنے حروف تہجی استعمال ہوئے ہیں؟

ج: دس (الف۔لام۔ہائے گول۔میم۔حا۔میم۔دال۔را۔سین۔واؤ)

-18 کلمہ طیبہ پڑھنے سے کم از کم دو اثرات لکھئے۔

ج: (الف) اس کے پڑھنے سے ایمان تازہ ہوتا ہے۔

(ب) کلمہ گوئی سے زبان اور دل شرک سے پاک ہو جاتے ہیں۔

-19 لا الٰہ الا اللہ میں توحید سے کیا مراد ہے؟

ج: کہ اللہ اپنی ذات، صفات اور افعال وحق عبادت میں ایک ہے۔

-20 محمد رسول اللہ سے کیا مراد ہے؟

ج: حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول اور نبی ہیں اور ہم ان کی پیروی کے مکلف ہیں۔

-21 کلمہ طیبہ کے انکار سے کیا ہوتا ہے؟

ج: اگر مسلمان انکار کرے تو مرتد ہو جاتا ہے اور غیر مسلم اس کا انکار کر کے غیر مسلم یعنی کافر ہی رہتا ہے۔

-22 بغیر کلمہ پڑھے نیکی کے کام اور انسانی خدمت کے کام کا نتیجہ کیا ہے؟

Marfat.com

ج: ان کا بدلہ (شہرت، نیک نامی، وغیرہ) دنیا میں ہی مل جاتی ہے آخرت میں اس کا کوئی اجر نہیں ہے۔

23- کلمہ طیبہ کا اجر کیا ہے؟

ج: جنت میں داخلہ (حدیث شریف میں ہے مَنْ قَالَ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ (مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ) دَخَلَ الْجَنَّةَ) جس نے کہا اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں (حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں) وہ جنت میں داخل ہوا۔

24- جنت میں داخلہ کی کنجی کس کلمہ شریفہ کو کہا جاتا ہے؟

ج: اول کلمہ طیب یا دوم کلمہ شہادت کو۔

25- اقرار کلمہ کا تقاضا کیا ہے؟

ج: اللہ تعالیٰ کے احکام کی تعمیل اور منہیات سے رکنا اور محمد رسول اللہ ﷺ کی اتباع و پیروی کرنا۔

26- حضور ﷺ نے کس کلمہ کے لئے فرمایا ہے "اس کلمہ کا اقرار کرو فلاح پا جاؤ گے؟"

ج: لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ.

27- چھ کلموں کی ترتیب کس مسلمان عالم دین سے نے مقرر کی تھی؟

ج: حضرت امام ابوحنیفہ (نعمان بن ثابت کوفیؒ) نے۔

28- قریب المرگ شخص کو کس کلمہ کی تاکید کرنا چاہئے؟

ج: کہ وہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھے۔

اقرب اور احسن یہ ہے کہ قریب المرگ کے قریب بیٹھ کر کلمہ بآواز بلند پڑھا جائے، ہوسکتا ہے کہ قریب المرگ آپ کے ساتھ مل کر کلمہ پڑھ لے اور بخشا جائے۔

29- کم از کم دو پیغمبروں کے کلمہ جات لکھیں؟

ج: (الف) لا الہ الا اللہ آدم صفی اللہ (ب) لا الہ الا اللہ نوح نجی اللہ

Marfat.com

(ج) لا اله الا اللّٰه ابراهیم خلیل اللّٰه (د) لا اله الا اللّٰه اسمٰعیل ذبیح اللّٰه

(ہ) لا اله الا اللّٰه موسیٰ کلیم اللّٰه (و) لا اله الا اللّٰه داؤد خلیفة اللّٰه

(ز) لا اله الا اللّٰه عیسیٰ روح اللّٰه (ح) لا اله الا اللّٰه محمد رسول اللّٰه

30- تمام پیغمبر اپنی اپنی امتوں کو کس کلمہ کی طرف دعوت دیتے رہے؟

ج: ایک کلمہ کہ اللہ ایک ہے۔ توحید الٰہی یا دعوت الی اللہ۔

Marfat.com

# الصلوٰۃ (نماز)

1- صلوٰۃ کا لغوی اور اصطلاحی معنی بتایئے؟

ج: لغوی: دعا کرنا، برکت دینا، بخشش طلب کرنا

اصطلاحی: نماز پڑھنا، درود پڑھنا

2- اسلام کے پانچ ارکان میں سے دوسرا رکن کون سا ہے؟

ج: صلوٰۃ جسے عرف عام میں نماز کہتے ہیں۔

3- صلوٰۃ اور نماز میں کیا فرق ہے؟

ج: دونوں ایک ہی چیز ہیں صلوٰۃ عربی کا لفظ ہے اور نماز فارسی کا، مراد ہے مسلمان کا، اللہ کے آگے مخصوص طریقے سے جھکنا۔/عبادت کرنا۔

4- کس عملی عبادت کو سب سے پہلا رکن قرار دیا گیا؟

ج: نماز (صلوٰۃ) کو۔ اس سے پہلے کلمہ شہادت ہے جو کہ قولی عبادت ہے۔

5- تمام عبادتوں کے احکام زمین پر آئے کس عبادت کا حکم آسمان پر آپ ﷺ کو ملا؟

ج: نماز کا، سفر معراج کے موقع پر۔ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کے وقت۔

Marfat.com

6- کون سی عبادت برائیوں اور فحاشی سے روکتی ہے؟

ج: نماز (اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْکَرِ)۔

7- صلوٰۃ مکتوبہ یا فرض نمازوں سے کیا مراد ہے؟

ج: ہر روز کی پانچ نمازیں۔

8- آپ ذرا پانچوں نمازوں کے شرعی اوقات تو بتائیے۔

ج: فجر: صبح کی سفیدی نمودار ہونے سے سورج کے طلوع کے آغاز تک۔

ظہر: سورج کے ڈھلنے سے لے کر کسی بھی چیز کا سایہ دگنا ہونے تک۔

عصر: ظہر کا وقت ختم ہونے سے سورج کے غروب کے آغاز تک۔

مغرب: غروب آفتاب سے لے کر آسمان پر مغرب کی سمت سفیدی ختم ہونے تک

عشاء: مغرب میں سفیدی ختم ہو جانے سے لے کر تین تہائی رات تک۔

9- حدیث میں نماز کی کئی خصوصیات بتائی گئی ہیں کوئی سی دو لکھئے؟

ج: (الف): نماز مومن کی معراج ہے۔ (اَلصَّلٰوۃُ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِیْنَ)

(ب): نماز دین کا ستون ہے۔ (اَلصَّلٰوۃُ عِمَادُ الدِّیْنِ)

(ج): نماز جنت کی کنجی ہے۔ (اَلصَّلٰوۃُ مِفْتَاحُ الْجَنَّۃَ)

10- نماز کی کتنی شرائط ہیں۔

ج: آٹھ: (1) جگہ کی پاکیزگی (2) جسم کی پاکیزگی

(3) لباس کی پاکیزگی (4) وضو

(5) ستر عورت (پوشیدہ مقام کا چھپانا) (6) نیت

(7) نماز کا وقت (8) استقبال قبلہ

11- نماز کے ارکان یا فرائض کتنے ہیں؟

ج: چھ: (1) تکبیر تحریمہ (2) قیام (3) قرات

(4) رکوع (5) سجدتین (6) قعدہ اخیرہ بقدر تشہد

12- قیامت کو سب سے پہلے کس عبادت کا حساب لیا جائے گا؟

Marfat.com

ج: نماز کا

13- صلوٰۃ الوسطیٰ سے عموماً کون سی نماز سمجھی جاتی ہے؟

ج: نماز عصر

14- جہری نماز اور سری نماز کیا ہوتی ہے؟

ج: جس نماز میں امام آواز سے تلاوت کرے، وہ جہری اور جس میں تلاوت آواز سے نہ کرے سری کہلاتی ہے۔

15- کون کون سی نمازیں جہری ہیں اور کون کون سی سری ہیں؟

ج: جہری: فجر، مغرب، عشاء، جمعہ، عیدین اور تراویح وغیرہ۔

سری: ظہر، عصر، نماز جنازہ وغیرہ

16- تکبیر تحریمہ کیا ہوتی ہے؟

ج: نماز شروع کرتے وقت دونوں ہاتھوں کو اللہ اکبر کہہ کر کانوں تک اٹھانا یا اللہ اکبر کہنا تکبیر تحریمہ کہلاتی ہے۔

17- رکوع میں کیا پڑھا جاتا ہے؟

ج: سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ تین یا پانچ یا سات یا اس سے زیادہ بار طاق تعداد میں۔ (میرے رب عظیم کی ذات پاک ہے)

18- سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ (اللہ نے اس کو سن لیا جس نے اس کی تعریف کی) نماز میں کب پڑھتے ہیں؟

ج: رکوع سے اٹھتے وقت۔

19- بتائیے تشہد میں کیا پڑھا جاتا ہے؟

پہلے التحیات پھر دوم کلمہ شہادت پھر درود ابراہیمی اور آخر میں کوئی قرآنی دعا۔

وضو میں فرائض کی تعداد کیا ہے؟

ج: چار: (الف) ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھونا (ب) منہ دھونا

(ج) سر کا مسح کرنا (د) پاؤں ٹخنوں تک دھونا

Marfat.com

21- وضو میں مواطاۃ کسے کہتے ہیں؟

ج: ہر عضو کو تین دفعہ اور صحیح ترتیب کے ساتھ دھونے کو۔

22- ''اقامت نماز'' کس حالت کو کہا جاتا ہے؟

ج: نماز شروع کرنے سے پہلے ایک شخص کھڑا ہو کر اذان کے الفاظ دہراتا ہے اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے بعد دوبار قَدْقَامَتِ الصَّلٰوۃُ کہتا ہے۔ اسے ''اقامت الصلوٰۃ'' (نماز کے لئے کھڑا ہونا) کہتے ہیں۔

23- قرأت واجبہ کون سی قرأت ہے؟

ج: نماز میں سورۃ فاتحہ کی تلاوت قرأت واجبہ ہے۔

24- بتایئے ستر عورت کسے کہتے ہیں؟

ج: نماز میں جسم کے جن حصوں کو چھپانا ضروری ہے ان کو چھپانا ستر عورت کہلاتا ہے۔

25- حضور اکرم ﷺ نے نماز کو کفر اور ایمان کے درمیان کیا قرار دیا ہے؟

ج: حدٌّ (بَیْنَ الْعَبْدِ والْکُفْرِ تَرْکَ الصَّلٰوۃِ).

26- ثناء کسے کہتے ہیں؟

ج: قیام میں سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ...... اِلٰی الآخِرِ پڑھنے کو۔

27- بتایئے کس کس نماز میں وتر پڑھے جاتے ہیں۔

ج: صرف عشاء کی نماز میں تین وتر پڑھے جاتے ہیں۔

28- امام سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ کہے تو مقتدی کیا کہتے ہیں؟

ج: رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ (اے ہمارے رب تیرے لئے ساری حمد ہے)

29- نماز عیدین کن نمازوں کو کہتے ہیں؟

ج: عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے موقع پر پڑھی جانے والی نمازوں کو۔

30- ہر روز کتنی نمازوں کی فرض رکعتیں چار چار ہوتی ہیں؟

ج: تین (ظہر، عصر اور عشاء) کی نمازوں میں۔

31- نماز استسقاء کون سی نماز ہوتی ہے؟

Marfat.com

ج: خشک سالی کے موقع پر پڑھی جانے والی نماز، جس میں بارش کے لئے دعا کی جاتی ہے۔

32- نماز جنازہ میں کتنی تکبیرات پڑھی جاتی ہیں؟

ج: چار تکبیریں۔

33- فرض دو قسم کے ہوتے ہیں فرض عین، فرض کفایہ، نماز کس قسم کا فرض ہے؟

ج: فرض عین (جس کا ادا کرنا ہر مسلمان بالغ مرد و عورت پر فرض ہے)

34- موذن اور مکبر کون ہوتے ہیں؟

ج: اذان کہنے والا موذن اور اقامت کہنے والا مکبر کہلاتا ہے۔

35- کن کن پر جمعہ کی نماز فرض نہیں ہے؟

ج: عورت، غلام، مسافر، مریض، بچہ۔

36- کون سی نماز، نماز ظہر کی جگہ پڑھی جاتی ہے؟

ج: نماز جمعہ، یہ ظہر کے وقت میں پڑھی جاتی ہے۔

37- قرآن مجید میں قیام صلوٰۃ (نماز قائم کرنا) کا حکم کتنے مقامات پر آیا ہے؟

ج: سات سو پچاس مقامات پر۔

38- سجدہ کے دوران کون سی تسبیح طاق عدد میں پڑھی جاتی ہے؟

ج: سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی. (پاک ہے میرا رب اعلیٰ)

39- کون سی فرض نماز صرف جماعت کے ساتھ پڑھی جاسکتی ہے؟

ج: نماز جمعہ، جماعت کے بغیر جمعہ نہیں بلکہ ظہر کی نماز پڑھی جائے گی۔

40- بتایئے تیمم سے کیا مراد ہے؟

ج: لغوی معنی ہے ارادہ کرنا، پاک مٹی سے ایک مرتبہ منہ پر اور دوسری مرتبہ بازوؤں پر ہاتھ پھیرنا۔

41- ''آب آمد تیمم برخواست'' کے کیا معنی ہیں؟

ج: جب پانی مل جائے تو تیمم کی رعایت ختم ہو جاتی ہے۔

Marfat.com

42- قیام کسے کہتے ہیں؟

ج: تکبیر تحریمہ پڑھ کر کانوں کو ہاتھ لگا کر ناف یا سینے پر ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا اور تلاوت کرنا۔

43- دوسجدوں کے درمیان کچھ دیر بیٹھنے کی اصطلاحاً کیا کہتے ہیں؟

ج: جلسہ، دایاں پاؤں کھڑا کر کے اور بایاں پاؤں بچھا کر بیٹھتے ہیں۔ اس طرح بیٹھنے کو ''تورک'' کہتے ہیں۔

44- نماز خوف سے آپ کونسی نماز مراد لیتے ہیں؟

ج: وہ نماز جو میدان جنگ میں ادا کی جائے۔ یا کسی دوسرے خوف کے موقع پر۔

45- کسوف اور خسوف کون سی نمازیں ہیں؟

ج: <u>کسوف:</u> سورج گرہن کے وقت پڑھی جانے والی نماز۔

<u>خسوف:</u> چاند گرہن کے وقت پڑھی جانے والی نماز۔

46- بتایئے اکیلے آدمی کی نماز اور جماعت میں ثواب کا کیا فرق ہے؟

ج: اکیلے آدمی کو ایک نماز پڑھنے کا ثواب اور باجماعت نماز پڑھنے والے پچیس/ستائیس/ تیس حتیٰ کہ پینتیس نمازوں کے پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔

47- مدینہ کی کس مسجد میں تحویل قبلہ ہوا؟

ج: مسجد بنوسلمٰی (موجودہ نام مسجد ذوقبلتین) میں ظہر کی نماز پڑھاتے وقت۔

48- مسجد حرام میں ایک نماز پڑھنے کا کتنا ثواب ہے؟

ج: ایک لاکھ نمازوں کے برابر ثواب۔

49- نماز عیدین میں کتنی تکبیریں زائد پڑھی جاتی ہیں؟

ج: چھ تکبیرات زائد پڑھی جاتی ہیں۔

50- نماز جنازہ کی ہر تکبیر کے بعد کیا پڑھتے ہیں؟

ج: تکبیر اول: ثناء، تکبیر ثانی: درود، تکبیر ثالث: دعا برائے میت، تکبیر رابع: کے بعد دونوں طرف سلام۔

Marfat.com

51- نماز قصر کس نماز کو کہا جاتا ہے؟

ج: سفر کے دوران پڑھی جانے والی وہ نماز جس میں ہر چار فرض کی بجائے دو فرض پڑھے جاتے ہیں۔

52- نماز جنازہ تمام نمازوں سے کس وجہ سے مختلف ہے؟

ج: اس نماز میں سجدہ نہیں ہوتا۔

53- ''تہلیل'' سے آپ کونسی عبادت مراد لیتے ہیں؟

ج: لا الہ الا اللہ کا ورد کرنا۔

54- نماز میں سستی کرنے پر کس عذاب کی وعید آئی ہے؟

ج: جہنم کا ایک طبقہ ''ویل'' میں ڈالے جانے کی وعید۔ (سورۃ الماعون)

55- نماز عیدین اور نماز جنازہ اپنے وجوب میں فرض ہیں یا نہیں؟

ج: نماز عیدین (واجب) سنت ہیں اور نماز جنازہ فرض کفایہ ہے۔

56- کس نماز میں ہر چار رکعات کے بعد ایک ترویحہ (وقفہ) ہوتا ہے؟

ج: نماز تراویح میں۔

57- نماز کی کس کس حالت میں تسبیحات پڑھی جاتی ہیں؟

ج: رکوع اور سجدہ۔

58- کن کن نمازوں میں قبل از فرض چار سنتیں غیر مؤکدہ ہیں؟

ج: نماز عصر اور نماز عشاء میں۔

59- کون سی نماز حضور اکرم ﷺ پر فرض تھی مگر امت کے لئے نفل ہے؟

ج: نماز تہجد۔

60- تکبیر اور تحمید سے کیا مراد ہے؟

ج: تکبیر: اللہ اکبر کہنا

تحمید: الحمد للہ کہنا

61- بتایئے مسجد نبویؐ میں نماز پڑھنے کا کیا ثواب ہے؟

Marfat.com

ج: پچاس ہزار نمازوں کے برابر ثواب ہے۔

-62 کیا آپ کو معلوم ہے کہ دعائے قنوت کس نماز میں پڑھی جاتی ہے؟

ج: نماز عشاء کے وتروں کی تیسری رکعت میں۔

-63 مسجد اقصیٰ میں ایک نماز پڑھنے کا کیا ثواب ہے؟

ج: پچاس ہزار نمازوں کے برابر۔

-64 کن تین مساجد کی طرف سفر کرنا (بغرض ثواب) جائز ہے؟

ج: مسجد حرام، مسجد اقصیٰ، مسجد نبویؐ۔

-65 بچے یا بچی کی نماز جنازہ میں کیا چیز زیادہ ہوتی ہے؟

ج: تیسری تکبیر کے بعد مردہ بچے یا بچی کے لئے دعا کی جاتی ہے۔

-66 نماز قائم کرنے اور نماز ادا کرنے (پڑھنے) میں کیا فرق ہے؟

ج: <u>قیام نماز</u>: جس طرح نماز میں اطاعت خداوندی کی جاتی ہے وہ اطاعت حالت نماز سے باہر بھی قائم کی جائے۔ یہ قیام نماز ہے۔ جس کا جگہ جگہ حکم دیا گیا ہے۔

<u>ادائے نماز</u>: صرف نماز پڑھنا جیسے کہ عموماً پڑھی جاتی ہے۔

-67 نماز کی اولین شرط کیا ہے؟

ج: طہارت و پاکیزگی نماز کی شرط اولین ہے۔

-68 کن تین اوقات میں نماز پڑھنے کی ممانعت ہے؟

ج: (الف) طلوع آفتاب (ب) زوال آفتاب

(ج) غروب آفتاب کے وقت

-69 دکھاوے کی خاطر نماز پڑھنا کیسا عمل ہے؟

ج: واجب سزا عمل ہے۔ قیامت کے دن ایسے شخص کا ٹھکانہ ''ویل'' ہے۔ (سورۃ الماعون)

-70 مومن نماز میں سب سے پہلے کونسی خوبی قائم کرتے ہیں؟

ج: خشوع وخضوع (بحوالہ سورۃ المومنون آیہ 1)

-71 خشوع وخضوع کا کیا معنی ہے؟

Marfat.com

ج: خشوع: نظر، آواز اور بدن کا جھک جانا۔
خضوع: جھکنا اور سر اطاعت تسلیم خم کرنا۔

72- منافقین نماز کو کیسے ادا کرتے ہیں؟

ج: سستی کے ساتھ اور دکھاوا کے طور پر۔

73- حضور انور ﷺ نے اپنی آخری وصیت میں کیا حکم فرمایا تھا؟

ج: اَلصَّلٰوۃُ وَمَا مَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ (نماز اور تمہارے زیر کفالت (گھر والے، لونڈی، غلام، نوکر وغیرہ) کا خیال کرنا)۔

74- بتایئے نماز چاشت، اشراق اور نماز اوابین کب پڑھی جاتی ہیں؟

ج: (الف) چاشت: سورج کے کافی بلند ہونے پر۔
(ب) اوابین: مغرب کی نماز کے بعد۔
(ج) اشراق: سورج کے بعد از طلوع ایک نیزہ بلند ہونے پر۔

75- نماز کے لغوی معانی لکھیے؟

ج: پرستش، بندگی۔

76- حضور ﷺ کے زمانے میں نماز میں صفوں کی ترتیب کیا ہوتی تھی؟

ج: امام کے بعد پہلے مرد مقتدی پھر مخنث پھر بچے اور آخر میں خواتین کھڑی ہوتی تھیں۔ اور نماز سے فارغ ہو کر پہلے خواتین پھر بچے اور پھر مخنث اور آخر میں مرد مسجد سے گھروں کو جاتے تھے۔

77- حضور ﷺ نے نماز کو اپنی ذات کے لئے کیا قرار دیا؟

ج: آنکھوں کے لئے ٹھنڈک (قُرَّۃُ عَیْنِیْ فِی الصَّلٰوۃِ)

78- نماز کے کوئی سے دو انفرادی فوائد لکھیے؟

ج: (الف) ستر پوشی (ب) طہارت و پاکیزگی کا حصول
(ج) پابندی اوقات (د) جسمانی ورزش
(ہ) اطاعت امیر (و) نظم وضبط

Marfat.com

79- نماز کے کوئی سے دو اجتماعی فوائد لکھیے؟

ج: (الف) باہمی مودت (ب) باہمی غم خواری (ج) باہمی مساوات
(د) اطاعت امیر (ہ) طلب آخرت (و) دعائے خیر

80- کل نمازوں کی رکعات گنوائیے؟

ج: (الف) نماز فجر 4 رکعت (ب) نماز ظہر 12 رکعت
(2 سنت، 2 فرض) (4 سنت، 4 فرض، 2 سنت، 2 نفل)
(ج) نماز عصر 8 رکعت (د) نماز مغرب 7 رکعت
(4 سنت، 4 فرض) (3 فرض، 2 سنت، 2 نفل)
(ہ) نماز عشاء 17 رکعت
(4 سنت، 4 فرض، 2 سنت، 2 نفل، 3 وتر، 2 نفل)۔

81- اذان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

ج: ہر نماز سے قبل خاص اعلان، 2 ہجری میں رواج ہوا۔ لغوی معنی خبر دینا، پکارنا، سنت مؤکدہ ہے۔

82- موذن رسول اللہ ﷺ کن صحابی کا لقب ہے؟

ج: حضرت بلالؓ بن رباح

83- حضور اکرم ﷺ کی زندگی میں حضرت ابوبکرؓ نے کتنی نمازیں پڑھائیں؟

ج: کل سترہ نمازیں۔ پہلے دن عشاء + دوسرے دن پانچ + تیسرے دن پانچ + چوتھے دن پانچ + آخری دن ایک فجر

84- کس نماز کی بے وقت ادائیگی کو مرغ کی طرح ٹھونگیں مارنا کہا گیا ہے؟

ج: نماز عصر کی ادائیگی کو، اس وقت جب سورج غروب کے وقت زرد پڑ جاتا ہے۔

85- جان بوجھ کر نماز چھوڑ دینا کیسا عمل ہے؟

ج: کافرانہ عمل (مَنْ ترکَ الصّلٰوۃَ مُتعمّدًا فقدْ کفر) (حدیث نبوی ﷺ)

86- قرآن کریم نے ترک نماز کو کن لوگوں کا عمل قرار دیا ہے؟

Marfat.com

ج: مشرکین کا۔ فَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَلَا تَکُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ (سورۃ الروم 31)

87- نماز جنازہ میں سجدہ نہیں ہوتا بتایئے کیا اذان اور اقامت ہوتی ہے؟

ج: جی نہیں۔ یہ بھی نہیں ہوتے۔

88- مرد اور عورت کا ستر بیان کریں؟

ج: مرد کا ستر: ناف سے گھٹنوں تک بدن کا چھپانا۔

عورت کا ستر: چہرے، ہتھیلیوں اور پاؤں کے سوا سارے بدن کو ڈھانپنا۔

89- سُترہ کس چیز کو کہتے ہیں؟

ج: لکڑی، پتھر یا کوئی اور چیز جسے نمازی اپنے آگے رکھ لیتا ہے تاکہ سامنے سے گزرنے والا گنہگار نہ ہو۔ اس لکڑی، پتھر یا کوئی دوسری چیز کو سُترہ کہتے ہیں۔

90- سجدہ سہو سے آپ کونسی چیز مراد لیتے ہیں؟

ج: نماز کے فرائض کے علاوہ کسی اور عمل میں غلطی (کمی بیشی) ہو جائے تو اس کی درستی کے لئے نماز کے آخر میں کئے جانے والے دو سجدے سجدہ سہو کہلاتے ہیں۔

91- نماز تراویح علیحدہ نماز ہے یا کسی نماز کا حصہ؟

ج: یہ صرف رمضان المبارک کے دوران عشاء کی نماز کے آخر میں وتروں سے پہلے پڑھی جاتی ہے۔

92- اکیلے نماز پڑھنے والے اور باجماعت نماز پڑھنے والے کو اصطلاحاً کیا کہتے ہیں؟

ج: اکیلا: منفرد

باجماعت: امام ہو تو امام اور غیر امام ہو تو مقتدی۔

93- باجماعت نماز کے لئے امامت کی ترتیب بیان کیجئے۔

(الف) کتاب اللہ کا جاننے والا ہو۔ (ب) سنت رسول اللہ کا عالم۔

(ج) متقی و پرہیزگار (د) بڑی عمر والا۔

Marfat.com

94- اصطلاح نماز میں ''لقمہ دینا'' کیا چیز ہے؟
ج: باجماعت نماز میں امام غلطی کرے یا تلاوت میں بھول جائے تو مقتدی اس کی اصلاح کردیں اسے لقمہ دینا کہتے ہیں۔
95- ''صاحب ترتیب'' کس نمازی کو کہتے ہیں؟
ج: جس کے ذمے بالغ ہونے سے کوئی فرض نماز باقی نہ ہوا۔ دایا قضاء تمام نمازیں ادا کر چکا ہو صاحب ترتیب کہلاتا ہے۔
96- تحیۃ الوضو اور تحیۃ المسجد کون سی نمازیں ہیں؟
ج: تحیۃ الوضو وضو کرنے کے فوراً بعد دو رکعت نفل نماز پڑھنا اور تحیہ المسجد: مسجد میں داخل ہو کر کم از کم دو رکعت نفل نماز پڑھتے ہیں۔
97- صلوٰۃ التسبیح کون سی نماز ہے؟
ج: چار رکعت نماز نفل جس کی ہر رکعت میں پچھتر دفعہ تیسرا کلمہ پڑھتے ہیں۔ (۱)
98- سلام نماز کا آخری رکن ہے یہ کیسے ادا کیا جاتا ہے؟
ج: تشہد کے اختتام پر پہلے دائیں طرف صرف گردن موڑتے ہیں اور پڑھتے ہیں السلام علیکم ورحمۃ اللہ پھر بائیں طرف یہی عمل دہراتے ہیں۔
99- بتایئے سجدہ میں کتنی ہڈیاں زمین پر لگنی ضروری ہیں؟
ج: سات (دونوں ہاتھ، دونوں پاؤں، دونوں گھٹنے، ایک پیشانی، مرد کا پیٹ گھٹنوں سے بلند ہونا چاہئے، جبکہ عورت کا پیٹ گھٹنوں کے ساتھ لگا ہوا ہو۔)
100- قضا نماز کیسے پڑھی جاتی ہے؟
ج: فوت شدہ فرض نمازوں کے صرف ''فرض'' پڑھے جاتے ہیں اور عشاء کے واجب (وتر) بھی اور نیت میں قضا کا ذکر کیا جاتا ہے۔
101- قرآن مجید میں نماز تہجد کا ذکر کہاں آیا ہے؟

---

(۱) افضل ہر روز پڑھنا ورنہ عمر میں ایک دفعہ پڑھ لینا بھی زندگی کے تمام گناہوں کی مغفرت کے لئے کافی ہے۔

Marfat.com

ج: سورۃ بنی اسرائیل۔(آیت۔79)

102- کون سی دو نمازیں صرف منافق پر بھاری ہیں؟

ج: فجر اور عشاء(بحوالہ حدیث مبارکہ)

103- کن دو نمازوں کا باجماعت ادا کرنا ساری رات قیام کرنے کے برابر ہے؟

ج: نماز فجر اور نمازِ عشاء۔

104- کس نماز کو سردیوں میں جلدی اور گرمیوں میں دیر کر کے(ٹھنڈا کر کے) پڑھنے کا حکم ہے؟

ج: نماز ظہر

105- نماز میں ''اطمینان'' کس حالت کو کہتے ہیں؟

ج: رکوع کے بعد سیدھا کھڑا ہونا اور دو سجدوں کے درمیان سکون سے بیٹھنا کہ تمام اعضاء اپنے اپنے ٹھکانے لگ جائیں اس حالت کو ''اطمینان'' کہا جاتا ہے۔ اطمینان کا مطلب ہے برابر اور ہموار ہونا، سکون ہونا۔

106- نمازِ خوف کی وضاحت کریں۔

ج: جنگ یا حملہ آوروں سے ڈر کی حالت میں نماز پڑھنا صلوٰۃ خوف کہلاتا ہے، یہ نماز اس طرح پڑھی جاتی ہے کہ لشکر یا نمازیوں کے دو حصے کر دیئے جاتے ہیں، پھر ایک حصہ نماز پڑھتا ہے اور دوسرا جنگ یا نگرانی (حفاظت) کی ڈیوٹی پر رہتا ہے۔ بعد ازاں دوسرا حصہ نماز ادا کرتا ہے اور پہلا حصہ نگرانی اور حفاظت کی ڈیوٹی ادا کرتا ہے۔

107- مریض کی نماز کیسی ہوتی ہے؟

ج: نماز اسلام کا واحد رکن ہے، جو کسی حالت میں بھی معاف نہیں ہے۔ حتیٰ کہ مرض کی حالت میں بھی نہیں۔ مریض قیام کر سکتا ہو تو قیام کی حالت کے ساتھ مکمل نماز پڑھے، قیام کرنے کی طاقت نہ ہو تو بیٹھ کر نماز ادا کرے، بیٹھنے کی بھی طاقت نہ ہو تو لیٹ کر اشاروں سے نماز پڑھے۔ بولنے کی بھی طاقت نہ رہے تو دل میں پڑھے۔

Marfat.com

-108 کس حالت میں نماز چھوڑ دینے کی گنجائش ہے؟

ج: بے ہوشی اور پاگل پن کی حالت میں یا جب زخم سے خون بہہ رہا ہو، مگر صحت ہونے پر نماز پڑھی جائے گی۔

-109 نماز کی کس حالت پر اللہ تعالیٰ سب سے زیادہ خوش ہوتا ہے؟

ج: جب نمازی اللہ کو سجدہ کرتا ہے۔

-110 بے نمازی اور نمازی کے چہرے میں کیا فرق ہوتا ہے؟

ج: نمازی کا چہرہ نورانی اور بے نمازی کا چہرہ بے رونق ہوتا ہے۔

Marfat.com

# صوم۔روزہ

1- روزہ کسے کہتے ہیں؟

ج: اللہ کی رضا کے لئے صبح صادق سے شام (غروب آفتاب) تک کھانے پینے اور نفسانی خواہشوں سے رکنا روزہ کہلاتا ہے۔

2- روزہ اسلام کا کون سا رکن ہے؟

ج: تیسرا رکن (کلمہ شہادت، صلوٰۃ، صوم)۔

3- لفظ روزہ کا معنی لکھیئے

ج: روزہ فارسی کا لفظ ہے بمعنی صوم، فطر، رمضان (بحوالہ فرہنگ عامرہ)

4- روزہ رکھنے کا مقصد (فلسفہ) کیا ہے؟

ج: تقویٰ (لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ)

5- ''صوم وصال'' کس روزے کو کہتے ہیں:

ج: ہر روز روزہ رکھنے کو۔ شام کو روزہ افطار کرتے ہی اگلے دن کے روزے کی نیت کرنا اور سحری نہ کھانا صوم وصال کہلاتا ہے۔

6- رمضان اور صوم کے لغوی معانی کیا ہیں؟

ج: رمضان: جلانا، صوم: رک جانا، باز رہنا، خاموش رہنا۔

Marfat.com

-7 روزہ کس پر فرض ہے؟

ج: مسلمان، عاقل، بالغ، مقیم، صحت مند (پانچ شرطیں رکھنے والا)

-8 روزے کس سن ہجری میں پہلی بار فرض ہوئے؟

ج: 2 ہجری میں۔

-9 کن نفلی روزوں کا اجر پورے سال کے روزے رکھنے کے برابر ہے؟

ج: شوال کے چھ روزے۔

-10 رمضان المبارک میں تینوں عشروں کی کیا خصوصیات ہے؟

ج: پہلا: رحمت دوسرا: مغفرت تیسرا: آگ سے نجات

(اَوَّلُه' رَحْمَةٌ وَ (اَوْسَطُ) بَعْدَه' مَغْفِرَةٌ وَ آخِرِه' عَتَقَ مِنَ النَّارِ)

-11 رمضان المبارک میں روزوں کے علاوہ دوسری کون سی عبادت زائد ہوتی ہے؟

ج: نماز تراویح (یہ باقی گیارہ مہینوں میں نہیں ہوتی)

-12 روزے کا اجر کیا ہے؟

ج: اَلصَّومُ لِیْ وَاَنَا اَجْزِیْ بِهٖ. (روزہ میرے لئے ہے اور میں (خود) اس کا اجر ہوں) یہ حدیث قدسی ہے۔

-13 کون سے روزے رکھنا فرض ہے؟

ج: رمضان المبارک کے روزے، مگر قضا، منت اور کفارہ کے روزے بھی فرض کے برابر ہی ہوتے ہیں۔

-14 سال کے کتنے دن روزے رکھنے کی ممانعت ہے؟

ج: پانچ دن (دو عیدین اور ایام تشریق کے تین دن)

-15 صَومِ داؤدیؑ کن روزوں کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت داؤد علیہ السلام ایک دن چھوڑ کر ایک دن روزہ رکھا کرتے تھے۔ اس طریقہ

Marfat.com

سے روزہ رکھنے کو صوم داؤدی کہا جاتا ہے۔

-16 اسلام کے کس رکن کو بدن کی زکوۃ کہا جاتا ہے؟

ج: روزہ کو۔

-17 جو نکاح کی ہمت نہ رکھتا ہو مگر جوان ہو وہ کیا کرے؟

ج: وہ روزہ رکھے (حدیث نبوی ﷺ)

-18 روزہ کن چیزوں (امور) سے ٹوٹ جاتا ہے؟

ج: جسم کے اندر (منہ کے ذریعے) کھانے پینے کی کوئی چیز داخل کرنے یا جنسی تعلق قائم کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔

-19 ''اسلام کی ڈھال'' اسلام کے کس رکن کو کہتے ہیں؟

ج: روزہ (اَلصَّوْمُ جُنَّةٌ)۔

-20 سحری وافطاری سے کیا مراد ہے؟

ج: سحری: صبح صادق سے پہلے روزہ کی نیت سے کھانا کھانا۔

افطاری: غروب آفتاب کے بعد کھا پی کر حالت روزہ سے باہر آنا۔

-21 اعتکاف کیا چیز ہے؟

ج: لغوی معنی ہے رک جانا، اصطلاحاً رمضان المبارک کے آخری عشرے میں دنیاوی زندگی سے الگ تھلگ رہ کر اللہ کی عبادت کرنے کو اعتکاف کہتے ہیں۔ یہ گوشہ نشینی مسجد میں بھی ہو سکتی ہے اور گھر کے کسی علیحدہ کمرے یا حصے میں بھی۔

-22 روزوں کا آغاز وانجام شرعاً کب ہوتا ہے؟

ج: رمضان المبارک کا چاند دیکھ کر آغاز اور شوال المکرم کا چاند دیکھ کر انجام۔

-23 قیام رمضان کس حالت کو کہتے ہیں؟

ج: عشاء کی نماز کے بعد نماز تراویح پڑھنے کو۔

Marfat.com

24- روزہ کس کے لئے معاف ہے؟ (مگر گنتی بعد میں پوری کرنے کا حکم ہے؟)

ج: مریض اور مسافر کے لئے۔

25- فدیہ کیا چیز ہے؟

ج: اگر کوئی شخص بوجہ بیماری یا ضعف روزہ نہ رکھ سکے اور آئندہ گنتی پوری کرنے (روزہ رکھنے) کی امید بھی نہ ہو تو وہ اپنے ہر روزے کا فدیہ (کھانا یا اس کی قیمت) کسی غریب مسکین کو دے دے۔ یہ فدیہ کہلاتا ہے۔

26- روزہ جان بوجھ کر توڑ دیا جائے تو اس کا کفارہ کیا ہے؟

ج: دو ماہ کے مسلسل روزے رکھنا یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا یا (دو) غلام آزاد کرنا۔

27- کن گناہوں کا کفارہ روزوں سے ہوتا ہے کم از کم دو کے نام بتایئے؟

ج: (الف) ظہار (بیوی کو ماں بہن بیٹی، (محرم رشتوں) سے تشبیہ دے کر پکارنا)

(ب) کسرِ یمین (قسم کھا کر توڑنا)

28- حضور ﷺ ہر ہفتے کس دن کا روزہ رکھا کرتے تھے؟

ج: سوموار کا۔

29- مدینہ میں یہودیوں کو دس محرم کا روزہ رکھتے دیکھ کر آپ ﷺ نے کیا حکم دیا؟

ج: کہ ہم نو اور دس محرم یا دس اور گیارہ محرم کا روزہ رکھیں گے (قومِ مسلم کو یہودیوں سے منفرد و ممتاز کرنے کے لئے)

30- ایام ابیض کے روزے کون سے روزے ہوتے ہیں؟

ج: ہر قمری مہینے کی تیرہ، چودہ اور پندرہ تاریخ کے روزے۔

31- قرآن مجید میں کہاں روزوں کی فرضیت کا حکم آیا ہے؟

ج: سورۃ البقرۃ آیہ 183 میں۔

32- کس کے منہ کی بو اللہ کو مشک و عنبر سے زیادہ محبوب ہے؟

Marfat.com

ج: روزہ دار کے منہ کی بو۔

-33 روزہ دار کی کس وقت کی دعا کی قبولیت یقینی ہوتی ہے؟

ج: روزہ کھلنے سے چند لمحے پہلے، جب اس کے سامنے کھانے پینے کی چیزیں بھی ہوتی ہیں وہ نہیں کھاتا نہیں بلکہ وہ روزہ کھلنے کا انتظار کر رہا ہوتا ہے۔

-34 روزہ رکھنے اور کھولنے کی نیت لکھیں؟

ج: روزہ رکھنے کی نیت: وَبِصَوْمِ غَدٍ نَّوَيْتُ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ

روزہ کھولنے کی نیت: اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ لَكَ صُمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ.

-35 بتائیے سنت روزے کون سے ہوتے ہیں؟

ج: جن روزوں کا رکھنا یا ترغیب رسالت مآب سے ثابت ہو سنت روزہ کہلاتے ہیں۔ مثلاً عاشورہ کے دو روزے، عرفہ کے روزے، ایام ابیض کے روزے، وغیرہ وغیرہ۔

-36 کون سے روزے مکروہ ہوتے ہیں؟

ج: صرف سنیچر کے دن کا روزہ، صرف دس محرم کا روزہ، نو روز کا روزہ، عورت کا خاوند کی اجازت کے بغیر نفلی روزہ۔

-37 روزے کو کب تک پورا کرنے کا حکم ہے؟

ج: رات تک (وَاَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ).

-38 کیا نفلی روزہ توڑنے کا کفارہ ہوتا ہے؟

ج: جی نہیں۔ نفلی روزہ (غیر رمضان میں) توڑنے کا کوئی کفارہ نہیں ہے۔

-39 کن لوگوں کو روزہ توڑ دینے کی اجازت ہے؟

ج: (الف) اچانک شدید بیمار ہو جانے والے کو۔

(ب) حاملہ عورت کی حالت بگڑنے پر۔

Marfat.com

(ج) زیادہ کام کر کے بے تاب ہو جانے والے پر۔

40- لَیْلَةُ الْقَدْرِ رمضان المبارک کی کس تاریخ کو آتی ہے؟

ج: رمضان المبارک کے آخری عشرے میں طاق راتوں میں لیلۃ القدر کی تلاش کا حکم ہے۔

41- کن مسلمان عورتوں کو رمضان المبارک میں روزے کی رخصت ہے؟

ج: حیض اور نفاس والی عورت۔

42- روزوں کی قضا کیا ہوتی ہے؟

ج: رمضان المبارک میں چھوٹ جانے والے روزوں کی گنتی (روزہ رکھ کر) بعد میں پوری کرنا قضا کہلاتا ہے۔

43- فطرانہ کیا چیز ہے؟

ج: روزوں کی صحت کا کفارہ (مالی خیرات) جو عید کی نماز سے پہلے پہلے مساکین کو ادا کرنا ضروری ہے۔ فطرانہ کھجور اور جو ایک صاع وزن (4 کلوگرام 352 گرام) اور گندم آٹا وغیرہ کا وزن نصف صاع (2 کلو 176 گرام) ہے۔ یہ مقدار فی فرد ہے خواہ چھوٹا ہو یا بڑا یا بچہ ہو یا بے روزہ، مرد ہو یا عورت، آزاد ہو یا غلام۔ سربراہ کنبہ اپنے زیر کفالت لوگوں کا فطرانہ ادا کرے گا۔ یہ جنس کی شکل میں بھی دیا جا سکتا ہے اور حساب کر کے نقدی یا اشیاء کی شکل میں بھی دیئے جا سکتے ہیں۔

44- روزہ رکھنے کے دو جسمانی اور دو روحانی فوائد تحریر کریں؟

ج: جسمانی: (الف) پیٹ (معدہ) کی بیماریوں کا علاج ہوتا ہے۔

(ب) معدے کو سکون (Rest) ملتا ہے۔

روحانی: (الف) روزہ دار بندہ اللہ کا محبوب بن جاتا ہے۔

(ب) روزہ دار گناہوں اور برائیوں سے بچتا ہے اس طرح اس کی روح طاقت پاتی ہے۔

Marfat.com

-45 قیامت کے دن روزہ دار کس خاص دروازے سے جنت میں داخل ہوں گے؟

ج: باب الریان سے

-46 اللہ تعالیٰ کو کس کے سارا دن بھوکا پیاسا رہنے کی حاجت نہیں؟

ج: جو روزہ تو رکھے مگر برائی کرنا، برائی سننا اور برائی دیکھنا نہ چھوڑے۔

-47 روزہ رکھوانا اور کھلوانا کیسا عمل ہے؟

ج: بہت اعلیٰ درجے کا عمل جس کا ثواب روزہ رکھنے والے جتنا ہے۔

-48 روزہ رکھنے سے روزہ دار کے ایمان کا کون سا عقیدہ مضبوط ہوتا ہے؟

ج: ایمان باللہ۔

-49 قرآن مجید میں روزہ دار کے لئے ''سائح'' کا لفظ بھی آیا ہے اس کا کیا معنی ہے؟

ج: روحانی منازل طے کرنے کیلئے کوشش کرنے والا۔ روحانی ترقی کرنے کے لئے حرکت کرنے والا۔ (اس کو روزہ دار کے معنوں میں بھی لیا جاتا ہے)۔

-50 رمضان المبارک میں بندے کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔ متعلقہ حدیث لکھیں۔

ج: **مَنْ صَامَ رَمَضَانًا اِيْمَانًا وَّ اِحْتِسَابًا غُفِرَ لَه' مَاتَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبٍ مَنْ قَامَ رَمَضَانًا اِيْمَانًا وَّاِحْتِسَابًا غُفِرَلَه' مَاتَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبٍ. وَمَنْ قَامَ فِيْ لَيْلَةُ الْقَدْرِ اِيْمَانًا وَّثَوَابًا غُفِرَلَه' مَاتَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبٍ.**

(جس نے رمضان کے روزے ایمان واحتساب کے ساتھ رکھے اس کے پہلے تمام گناہ بخش دیئے گئے، جس نے رمضان میں قیام کیا (تراویح پڑھیں) ایمان اور احتساب کے ساتھ اس کے تمام پہلے گناہ بخش دیئے گئے اور جس نے ایمان اور طلب ثواب کے لئے (کے ساتھ) شب قدر کو قیام کیا (عبادت کی) اس کے پہلے تمام گناہ معاف کردیئے گئے۔ (متفق علیہ)

-51 کیا کسی کی موت کے بعد اس کے روزوں کی گنتی پوری کی جاسکتی ہے؟

ج: جی ہاں! کوئی دوسرا اس کی جگہ روزے رکھ کر اس کے چھوٹے ہوئے روزوں کی گنتی

Marfat.com

پوری کرسکتا ہے۔

-52 کیا روزے دوسری قوموں میں بھی ہیں/ تھے؟

ج: جی ہاں: عیسائیوں اور یہودیوں کے علاوہ غیر آسمانی مذاہب مثلاً ہندوؤں وغیرہ میں بھی روزوں کا تصور موجود ہے۔

-53 زبان کا روزہ سے کیا مراد ہے؟

ج: خاموش رہنے کو زبان کا روزہ کہا جاتا ہے۔

-54 لیلۃ القدر کو رمضان المبارک کی کن راتوں میں ڈھونڈنے کا حکم ہے؟

ج: آخری عشرہ عشرہ کی طاق راتوں میں۔

-55 "لیلۃ الجائزہ" کا رمضان المبارک سے کیا تعلق ہے؟

ج: یہ رمضان کے آخری دن (29 یا 30 رمضان) کے بعد آنے والی رات ہوتی ہے۔

Marfat.com

# زکوٰۃ

1- زکوٰۃ کے لفظی معنی کیا ہیں؟

ج: پاک کرنا، صاف کرنا، پھلنا پھولنا۔

2- زکوٰۃ کا حکم قرآن کریم کی کس سورۃ اور آیت میں آیا ہے؟

ج: سورۃ توبہ آیہ 60۔

3- زکوٰۃ کس پر فرض ہے؟

ج: عاقل بالغ، مسلمان پر جس کے پاس نصاب سے زیادہ مال یا رقم ایک مکمل سال تک محفوظ پڑا رہے۔

4- زکوٰۃ کا نصاب کیا ہے؟

ج: ساڑھے سات تولے سونا یا ساڑھے باون تولے چاندی یا اتنا مالی یا نقدی یا سب ملا کر اتنا نصاب ہو۔

5- زکوٰۃ کسے کہتے ہیں؟

ج: صاحب نصاب مسلمان اپنے محفوظ مال میں سے ایک سال گزر جانے پر اڑھائی فیصد (چالیسواں حصہ) کے حساب سے مستحقین کو فی سبیل اللہ دے دے۔

Marfat.com

-6 ذرا زکوٰۃ کے حقدار تو گنوایئے؟

ج: فقیر، مسکین، عاملین زکوٰۃ، نو مسلم، مقروض، مجاہد فی سبیل اللہ، بدحال مسافر، غلاموں کی آزادی (یہ کل آٹھ حقدار ہیں جنہیں "مصارفِ ثمانیہ" بھی کہتے ہیں)

-7 "حَوْلَانِ حَوْلِ" کیا اصطلاح ہے؟

ج: مسلمان کے مال پر پورا ایک سال گزر جائے۔ جس کے بعد ادائیگی زکوٰۃ لازم ہو جاتی ہے۔

-8 بتایئے زکوٰۃ کب فرض ہوئی؟

ج: 2 ہجری میں۔

-9 عشر کسے کہتے ہیں؟

ج: پیداوار کا دسواں حصہ بطور زکوٰۃ فی سبیل اللہ دینے کو عشر کہتے ہیں۔ عشر بمعنی دس۔

-10 بارانی اور نہری زمین کی پیداوار کا عشر کیا دسواں حصہ ہی ہے؟

ج: جی نہیں۔ بارانی زمین کی پیداوار کا دسواں حصہ اور نہری و چاہی زمین کا بیسواں حصہ عشر کہلاتا ہے۔

-11 زکوٰۃ اسلام کا کتنا واں رکن ہے؟

ج: چوتھا (بقول بعض تیسرا۔ یہ لوگ صوم کو چوتھا رکن قرار دیتے ہیں)

-12 زکوٰۃ عموماً کس مہینے میں ادا کی جاتی ہے؟

ج: رجب میں۔ لیکن جب بھی محفوظ مال پر سال گزر جائے تو زکوٰۃ ادا کر دینی چاہئے۔

-13 کیا زکوٰۃ کی رقم مسجد کی تعمیر میں صرف کی جاسکتی ہے؟

ج: جی نہیں۔ مگر کسی مستحق کو دے دی جائے اور وہ مسجد کی تعمیر و مرمت کے لئے دیدے تو جائز ہے۔

-14 کیا نادار غیر مسلموں کی مدد زکوٰۃ سے کی جاسکتی ہے؟

ج: جی نہیں۔ مگر کسی مستحق کو دے دی جائے اور وہ کسی نادار غیر مسلم کی مدد کر دے تو جائز ہے۔

Marfat.com

15- کیا مردے کے کفن دفن کے لئے زکوٰۃ کی رقم خرچ کی جا سکتی ہے؟

ج: جی نہیں: مگر کوئی مستحق زکوٰۃ وصول کر کے لاوارث لاش یا نادار مردے کے کفن دفن میں لگا دے تو جائز ہے؟

16- کون لوگ زکوٰۃ کے مستحق نہیں ہیں؟

ج: (الف) غیر مسلم (ب) خاوند (ج) بیوی

(د) والدین (ہ) اولاد (و) سادات

17- کیا حضرت محمد ﷺ نے اپنی زندگی میں کبھی زکوٰۃ دی یا لی؟

ج: جی نہیں۔ آپ نے کبھی بقدر نصاب مال ہی جمع نہ کیا تھا کہ زکوٰۃ دیتے اور زکوٰۃ لینے سے آپ نے اپنے خاندان والوں کو بھی منع فرما دیا کجا یہ کہ آپ خود زکوٰۃ لیتے۔

18- فریضہ زکوٰۃ ہمیں کیا سبق دیتا ہے؟

ج: کہ مالدار بے مال لوگوں سے بے نیاز نہیں ہو سکتے۔ انہوں نے لازماً ضرورت مندوں کی مدد کرنی ہے۔

19- ''زکوٰۃ اسلام کا خزانہ ہے'' یہ کس کا قول ہے؟ خدا کا یا رسول اللہ ﷺ کا''

ج: رسول اللہ ﷺ کا۔

20- زکوٰۃ اور ٹیکس میں کیا فرق ہے؟

ج: زکوٰۃ فرض مالی و دینی عبادت ہے جس کا نصاب اور شرح متعین ہے جبکہ ٹیکس حکومت نافذ کرتی ہے اور اس کی شرح بھی مختلف ہوتی ہے۔

21- ''مانعین زکوٰۃ'' کا فتنہ کس خلیفہ راشد کے زمانے میں اٹھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے زمانے میں۔

22- جانوروں کی زکوٰۃ کا کیا نصاب ہے اور کیا شرح؟

ج: کم از کم چالیس بکریوں پر ایک بکری، تیس بھینسوں گائیوں پر ایک بھینس گائے پانچ اونٹوں پر ایک بکری۔

23- قرآن مجید میں زکوٰۃ کے لئے زکوٰۃ کے علاوہ کون سا لفظ استعمال ہوا ہے؟

Marfat.com

ج: صدقات۔

24- زکوٰۃ کے کوئی سے تین فوائد لکھئے؟

ج: (الف) اللہ کے حکم کی تعمیل ہوتی ہے۔

(د) باقی ماندہ مال میں برکت پیدا ہوتی ہے۔

(ج) اسلامی مملکت کا معاشی نظام مضبوط رہتا ہے۔

(د) معاشرتی اصلاح ہوتی ہے۔

(ہ) ارتکاز زر کی برائی پھیلنے نہیں پاتی۔

25- سونے چاندی کے ڈھیر جمع کرنا اور اللہ کی راہ میں خرچ نہ کرنا کیسا عمل ہے؟

ج: عذاب الیم کا باعث۔

26- بنی ہاشم کے کون کون سے خاندان زکوٰۃ (صدقہ) کے مستحق نہیں ہیں؟

ج: پانچ خاندان سادات۔ آل عباسؓ، آل عقیلؓ، آل علیؓ، آل جعفرؓ، آل حارثؓ (حارث حضورﷺ کے چچا کا نام ہے)

27- کتنی قسم کے اموال پر زکوٰۃ فرض ہے؟

ج: (الف) سائمہ جانور جو سال کا اکثر حصہ باہر چرتے ہیں۔

(ب) سونا چاندی

(ج) تجارتی مال

(د) کھیتی اور زمینی پیداوار

28- نماز کے ساتھ زکوٰۃ کا حکم قرآن مجید میں کتنی دفعہ آیا ہے؟

ج: بیس دفعہ۔

29- مستحقین زکوٰۃ میں سے ''فی الرقاب'' اور الغارمین'' سے کون لوگ مراد ہیں؟

ج: <u>فی الرقاب:</u> ایسے غلام جن کی گردنیں غلامی کے پٹہ میں بندھی ہوں ان کی رہائی کے لئے زکوٰۃ میں حصہ رکھا گیا ہے۔

<u>غارمین:</u> غارم کی جمع، غارم وہ شخص جس پر قرض ہو اور وہ اسے ادا کرنے سے

Marfat.com

معذور ہو۔

30- کس حرکت سے زکوٰۃ کا ثواب ضائع ہو جاتا ہے؟

ج: زکوٰۃ (صدقہ) لینے والے کو ایذا دینے اور احسان جتانے سے۔

31- خیرات طوعی، خیرات کی کون سی قسم ہے؟

ج: زکوٰۃ (خیرات لازم) کے علاوہ تمام قسم کے صدقات خیرات کو خیرات طوعی کہا جاتا ہے۔

32- زکوٰۃ کس کس آسمانی دین کا خاص شعبہ خیرات ہے؟

ج: صرف اسلام کا۔

33- مدارس اسلامیہ میں زکوٰۃ کا مال دینا کیسا ہے؟

ج: جائز ہے مگر یہ مال صرف (نادار) طالب علموں پر خرچ ہونا چاہئے۔

34- وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فَاعِلُوْنَ. میں کن لوگوں کی تحسین ہے؟

ج: زکوٰۃ ادا کرنے والے مومنین کی۔

35- زکوٰۃ دینے والوں کا قرآن میں کیا حکم آیا ہے؟

ج: مشرکوں کی طرح ہیں اور ویل کے مستحق (وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ)۔

36- صدقہ، خیرات، زکوٰۃ، امداد و تعاون اور سخاوت وغیرہ کو اصطلاحاً کیا کہتے ہیں؟

ج: اَنْفَاقٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ.

37- زکوٰۃ ادا کرنے کی شرائط بتایئے؟

ج: شرائط یہ ہیں۔

(الف) مال، نصاب سے زیادہ ہو۔

(ب) زائد مال ایک سال تک محفوظ پڑا رہا ہو۔

(ج) صاحب مال مسلمان، عاقل اور بالغ ہو۔

(د) زکوٰۃ صرف مستحق کو دی جائے۔

Marfat.com

-38 لفظ زکوٰۃ کس لفظ سے بنا ہے؟

ج: زکی یا زکوٰۃ سے۔ یعنی پھلنا پھولنا، زیادہ ہونا۔

-39 نومسلموں کو زکوٰۃ کیوں دی جاتی ہے؟

ج: ان کی تالیف قلب کے لئے تا کہ وہ اسلامی برادری میں اپنے آپ کو تنہا نہ سمجھیں اور مشکلات کا شکار نہ ہوں۔

-40 خالی جگہ مکمل کریں "زکوٰۃ مسلمان کے مال کا...... ہے۔"

ج: میل۔ گندگی۔ ہے (یہی وجہ ہے کہ سرکار صلی اللہ علیہ وسلم نے زکوٰۃ کو اپنے خاندان کے لئے ممنوع قرار دیا ہے)

Marfat.com

# حج

1- حج کے لغوی اور اصطلاحی معنی کیا ہیں؟

ج: لغوی: ارادہ کرنا، قصد کرنا۔ اصطلاحی: ایام مخصوص میں بیت اللہ کی زیارت اور مخصوص حرکات وسکنات (عبادات ومناسک) کی بجا آوری کا نام حج ہے۔

2- بتائیے اسلام کا پانچواں رکن کون سا ہے؟

ج: حج بیت اللہ۔

3- کون سے دو ارکان اسلام کا تعلق اہل مال سے ہے؟

ج: زکوٰۃ اور حج۔

4- حج کا حکم قرآن کریم میں کہاں آیا ہے؟

ج: سورۃ آل عمران۔ 97 (وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا (ترجمہ: اور لوگوں پر اللہ کے لئے اس کے گھر کی زیارت فرض ہے جو اس کی استطاعت رکھتا ہو)

5- فرضیت کے حج کے بارے میں کیا ارشاد رسالت ﷺ ہے؟

ج: يٰـاَيُّهَا النَّاسُ لَقَدْ فَرَضَ عَلَيْكُمُ الْحَجُّ فَحَجُّوْا (اے لوگو تم پر حج فرض کیا گیا ہے پس تم حج کرو)

Marfat.com

-6 حج مقبول (جس میں رفث وفسق نہ ہو اور صرف رضائے الٰہی کے لئے کیا جائے۔) کا کیا ثواب ہے؟

ج: گناہوں سے ایسے پاک ہو جاتا ہے گویا آج ہی اس کی ماں نے اسے جنم دیا ہے۔

-7 حج کی کون سی تین اقسام ہیں؟

ج: (الف) حج افراد (ب) حج تمتع (ج) حج قران

-8 مناسک حج کیا چیز ہوتی ہے؟

ج: حج بیت اللہ کے لئے روانگی سے لے کر واپسی تک تمام عبادات اور حرکات وسکنات کو مناسک حج کہا جاتا ہے۔

-9 فرائض حج کون سے افعال ہیں؟

ج: احرام باندھنا، وقوف عرفہ اور طواف زیارت۔

-10 واجبات حج کون سے اعمال ہیں؟

ج: (الف) صفا ومرہ کے مابین سعی (ب) مزدلفہ میں قیام

(ج) رمی جمار (د) حلق یا قصر

(ہ) طواف وداع

-11 سعی کے لغوی واصطلاحی معانی کیا ہیں؟

ج: لغوی: چلنا، دوڑنا، کوشش کرنا۔

اصطلاحی: صفا اور مروہ کے درمیان تیز تیز (چلنا) دوڑنا سعی کہلاتا ہے یہ سات چکر ہوتے ہیں۔

-12 حج کے کن مقامات کو قرآن نے شعائر اللہ کہا ہے؟

ج: صفا اور مروہ کو۔

-13 رمی جمرات کے لغوی معنی لکھئے؟

ج: رمی: رما سے ہے معنی پھینکنا، پتھراؤ کرنا۔

جمرات: جمرۃ کی جمع ہے معنی کنکریاں یا انگارہ۔

Marfat.com

-14 رمی جمرات کا شرعی مفہوم کیا ہے؟

ج: منیٰ کے میدان میں نصب شدہ تین ستونوں (شیطانوں) کو سات سات کنکریاں مارنا رمی جمرات کہلاتا ہے۔

-15 طواف کی کتنی قسمیں ہیں؟

ج: طواف قدوم، طواف زیارت، طواف وداع۔

-16 حج افراد کیا ہوتا ہے؟

ج: حج کا ارادہ کرنے والے مسلمان صرف حج کی نیت سے احرام باندھیں اور 10 ذوالحج تک احرام نہ کھولیں۔

-17 حج تمتع کس قسم کا حج ہے؟

ج: میقات پر پہنچ کر مسلمان حج اور عمرہ کا اکٹھا احرام باندھے۔ عمرہ کے بعد احرام کھول دیتا ہے اور دوبارہ حج کے لئے احرام باندھتا ہے یہ حج، حج تمتع کہلاتا ہے۔

-18 حج قران کیسا حج ہے؟

ج: جب کوئی شخص ایک ہی احرام میں حج اور عمرہ کرے تو اسے حج قران کہتے ہیں۔

-19 استلام، رمل اور اضطباغ کون سے مناسک ہیں؟

ج: استلام: حجراسود کو چومنا۔

رمل: چھاتی پھیلا کر تیز تیز چلنا۔

اضطباغ: آہستہ رو اور عاجزی سے اس طرح چلنا کہ احرام کی چادر کا داہنے کندھے والا حصہ بغل کے نیچے سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈالا ہوا ہو۔

-20 رمل اور اضطباغ کا تعلق حج کے کس رکن سے ہے؟

ج: طواف سے۔ طواف کے پہلے تین چکر رمل کی حالت میں اور باقی سب چکروں میں اضطباغ ہوتا ہے۔

-21 بتایئے حج بیت اللہ کب فرض ہوا؟

ج: 9 ہجری میں۔ اس پہلے حج میں امیر الحج حضرت ابوبکر صدیقؓ اور نقیب رسول اللہ

Marfat.com

علیہ‌ﷺ حضرت علیؓ تھے۔

22- حج کن لوگوں پر فرض ہے؟

ج: ان پر جو: (الف) مسلمان ہوں (ب) عاقل ہوں

(ج) آزاد ہوں (د) صحت مند ہوں

(ہ) مالی استطاعت رکھتے ہوں۔

23- حج کی شرائط پوری کرنے کے باوجود حج نہ کرنے والے کے لئے کیا وعید ہے؟

ج: ایسے شخص کا عدم ادائیگی حج کی حالت میں مرنا ایسا ہی ہے جیسے کوئی یہودی یا عیسائی مر جائے۔ گویا سخت ناپسندیدگی کا اظہار کیا گیا ہے۔

24- سفر حج کے آداب گنوایئے؟

ج: نیت، توبہ، والدین وغیرہ کی اجازت، امانت و وصیت، استخارہ و مشورہ، مصارف کی فراہمی، رفیق سفر، مسائل اور دعائیں سیکھنا، امیر قافلہ بنا (یہ کل نو آداب ہیں)

25- میقات کسے کہتے ہیں؟

ج: سفر حج میں اس مقام کو جہاں سے حاجی احرام باندھ لیتے ہیں میقات کہتے ہیں۔

26- عرفات کے بارے میں مختصر کوائف لکھئے؟

ج: حرم کی حدود سے باہر مکہ سے نو میل اور منیٰ سے چھ میل مشرق کی سمت میدان، 9 ذوالحج کو تمام حاجی اس عرفات نام کے میدان میں اکٹھے ہوتے ہیں اور خطبہ حج سنتے ہیں۔ حج اسی وقوف عرفات کا نام ہے۔

27- مزدلفہ کون سا میدان ہے؟

ج: عرفات اور منیٰ کے درمیان منیٰ سے مشرق کی جانب حدود حرم کے اندر تین میل کا میدان۔ یہاں عرفات سے واپسی پر حاجی ٹھہرتے ہیں اور جمع بین المغرب والعشاء کرتے ہیں۔

28- "جنایت" حج کے مناسک میں کون سا عمل ہے؟

ج: اس کا معنی ہے غلطی کرنا، قصور کرنا، حرم شریف کے اندر حالت احرام میں غلطی کرنے کو

Marfat.com

جنایت کہا جاتا ہے۔

29- حلق، قصر اور محرم سے کیا مراد ہے؟

ج: حلق: سر منڈانا قصر: بال کتروانا

محرم: احرام باندھنے والا حاجی

30- تلبیہ کیا ہوتی ہے؟

ج: حاجیوں کا احرام باندھ کر یہ کلمات بار بار دہرانا۔ لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ لاَ شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکَ لاَشَرِیْکَ لَکَ.

31- لباس احرام کس قسم کا لباس ہوتا ہے؟

ج: سفید رنگ کی دو چادریں، ایک کمر میں باندھی جاتی ہے اور دوسری کندھوں پر ڈال کر اوڑھی جاتی ہے۔

32- جو حاجی قربانی نہ کر سکے (بوجہ مفلسی) وہ کیا کرے؟

ج: وہ تین روزے حج سے پہلے اور سات روزے حج سے واپسی پر رکھے۔ یہ فدیہ یا کفارہ ہے۔

33- حج بدل سے کیا مراد ہے؟

ج: کسی دوسرے شخص سے اپنے لئے حج کروانا حج بدل کہلاتا ہے ایسا حج کروانے والا آمر اور حج بدل کرنے والا مامور کہلاتا ہے۔

34- عمرہ کسے کہتے ہیں؟

ج: حج کے مخصوص دنوں (9 ذوالحج تا 13 ذی الحج) کے علاوہ دوسرے دنوں میں خانہ کعبہ کا طواف اور صفاء و مروہ کے درمیان سعی کرنا عمرہ کہلاتا ہے۔ باقی مناسک بھی قربانی کے علاوہ ادا کئے جاتے ہیں۔

35- مسجد حرام اور حرم میں کیا فرق ہے؟

ج: خانہ کعبہ جس مسجد کے صحن میں موجود ہے اس مسجد کو مسجد حرام کہتے ہیں اور مکہ مکرمہ کی حدود جس کے اندر شکار وغیرہ کرنا (خون بہانا) منع ہے حرم کہلاتا ہے۔

Marfat.com

36- جبل رحمت سے کیا مراد ہے؟

ج: ایک پہاڑ کی چوٹی جہاں حضورؐ نے جمعۃ الوداع کا خطبہ پڑھا تھا۔ یہاں آدم وحوا کی ملاقات ہوئی تھی۔ یہاں دعا ضرور قبول ہوتی ہے۔

37- کن دو پیغمبروں (باپ بیٹا) کو معماران کعبہ کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسماعیلؑ

38- رکن یمانی، رکن شامی اور رکن عراقی کی وضاحت کریں؟

ج: رکن یمانی: بیت اللہ یعنی خانہ کعبہ کا یمن کی طرف کا جنوب مشرقی کونا۔

رکن شامی: خانہ کعبہ کا شمال جنوبی شام کی سمت والا کونا۔

رکن عراقی: بیت اللہ شریف کا شمال مشرقی کونا جس کا رخ عراق کی طرف ہے۔

39- ملتزم کون سا مقام ہے؟

ج: حجر اسود اور خانہ کعبہ کے دروازے کے درمیان دیوار کا حصہ ملتزم کہلاتا ہے۔ ملتزم کا لفظی معنی ہے چپکنا یہاں لوگ رو رو کر دعا کرتے ہیں یہ دعاؤں کی قبولیت کا مقام ہے۔

40- میزاب رحمت کس مقام کو کہا جاتا ہے؟

ج: کعبہ کی چھت پر شمال کی طرف پرنالے کو میزاب رحمت کہا جاتا ہے۔ یہ بھی دعاؤں کی قبولیت کا مقام ہے۔

41- مقام جبرائیلؑ کا تعارف کروائیے؟

ج: کعبہ کے دروازے کے سامنے تین قدم آگے دیوار سے ملحق آٹھ مربع فٹ ایک گڑھا ہے جسے مقام جبرائیلؑ کہتے ہیں۔

42- باب السلام کس دروازے کو کہا جاتا ہے؟

ج: مسجد حرام میں داخلے کا ایک دروازہ جہاں سے داخل ہونا سنت ہے اور طواف کے لئے یہاں سے داخلہ افضل قرار دیا گیا ہے۔

43- مقام ابراہیمؑ کون سا مقام ہے؟

Marfat.com

ج: باب السلام سے داخل ہونے پر تین چار قدم آگے ایک چھوٹا سا سنہری گنبد ہے یہاں وہ پتھر ہے جس پر کھڑے ہو کر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خانہ کعبہ کی تعمیر کی تھی۔ یہ جگہ مقام ابراہیم کہلاتی ہے۔

-44 منیٰ کس جگہ کو کہا جاتا ہے؟

ج: حدود حرم کے اندر مکہ سے مشرق کی سمت تین میل کے فاصلے پر ایک مقام (میدان) جہاں حاجی 8 ذوالحج کو جاتے ہیں اور ظہر، عصر، مغرب، عشا اور اگلے دن کی فجر کل پانچ نمازیں یہاں ادا کرتے ہیں۔

-45 بتایئے منیٰ میں حج کے کون کون سے مناسک ادا کئے جاتے ہیں؟

ج: حلق، قصر، رمی جمار اور قربانی۔

-46 کیا آپ کو معلوم ہے کہ حطیم کون سی جگہ ہے؟

ج: رکن شامی اور رکن عراقی کے درمیان قوس کی شکل میں ایک جگہ جو دو گز بلند دیوار سے گھری ہوئی ہے حطیم کہلاتی ہے۔

-47 روایات کے مطابق حطیم میں کن بزرگوں کی قبریں ہیں؟

ج: حضرت اسماعیلؑ اور ان کی والدہ حضرت ہاجرہ کی قبریں۔

-48 مسجد نمرہ کیا ہے؟

ج: عرفات کے میدان کے کنارے حضرت ابراہیمؑ کی تعمیر کردہ ایک مسجد ہے۔

-49 مسجد صخرہ کون سی مسجد ہے؟

ج: حضور ﷺ نے قیام میدان عرفان میں جہاں وقوف فرمایا تھا، وہاں آج ایک مسجد ہے جسے مسجد صخرہ کہتے ہیں۔

-50 اشواط سبعہ کسے کہتے ہیں؟

ج: خانہ کعبہ کے گرد سات چکر لگانے کو اشواط سبعہ کہتے ہیں (حجر اسود تا حجر اسود) شوط کا معنی ہے ایک چکر۔

-51 حلی کسے کہتے ہیں؟

Marfat.com

ج: حرم کی حدود سے میقات تک کی جگہ کو حل کہتے ہیں اراسی جگہ قیام کرنے والا (عارضی ہو یا مستقل) حلی کہلاتا ہے۔

52- شرائط و واجبات احرام لکھئے؟

ج: شرائط: مسلمان ہونا، احرام کی نیت کرنا، تلبیہ یا کوئی دوسرا ذکر کرنا۔

واجبات: میقات سے احرام باندھنا، ممنوعات احرام سے بچنا۔

53- سنن احرام گنوایئے؟

ج: (الف) حج کے مہینے میں احرام باندھنا (ب) میقات سے احرام باندھنا

(ج) غسل یا وضو کرنا (د) چادر لپیٹنا اور لنگی باندھنا

(ہ) دو رکعت نفل پڑھنا (ز) تلبیہ تین بار پڑھنا

(ح) مرد بلند آواز سے تلبیہ پڑھیں (ط) خوشبو لگانا

54- طواف قدوم کس قسم کا طواف ہے؟

ج: مسجد حرام میں داخل ہوتے وقت حاجی حضرات یہ طواف کرتے ہیں۔

55- طواف زیارت کون سا طواف ہے؟

ج: دس ذوالحج سے بارہ ذی الحج تک کیا جانے والا حج کا رکن طواف، اسے طواف فرض، طواف حج اور طواف رکن بھی کہتے ہیں۔ یہ کبھی بھی ساقط نہیں ہوتا بلکہ دیر سے کرنے پر قربانی بھی کرنا پڑتی ہے۔ اس کے بغیر حج مکمل نہیں ہوتا۔

56- طواف وداع کس موقع پر کیا جانے والا طواف ہے؟

ج: بیت اللہ شریف سے رخصت ہوتے وقت حاجی حضرات یہ طواف کرتے ہیں۔

57- طواف عمرہ، طواف تحیہ، طواف نذر، طواف نفل کیسے طواف ہیں؟

ج: طواف عمرہ: عمرہ کرنے والے پر فرض ہے۔

طواف تحیہ: مسجد حرام میں داخل ہوتے ہی تحیۃ المسجد کی بجائے طواف کرنا واجب ہے۔

Marfat.com

طواف نذر: نذر ماننے والے کے لئے واجب طواف ہے۔

طواف نفل: دن رات کے کسی بھی وقت کیا جانے والا طواف ہے۔

-58 فرشتوں اور انسانوں میں طواف کے عمل میں کون سا طواف سب سے افضل ہے؟

ج: عرش معلّٰی کا طواف کرنے والا فرشتہ سب سے افضل اور خانہ کعبہ کا طواف کرنے والا انسان سب سے افضل ہے (حدیث نبوی ﷺ)

-59 سعی (صفا و مروہ کے درمیان دوڑنے) کے دوران کون سی دعا پڑھنی سنت ہے؟

ج: چوتھا کلمہ کیساتھ یہ دعا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ. (اس کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں جس نے اپنا وعدہ پورا کر دیا اور جس نے اپنے بندے کی مدد کی اور جس نے گروہوں کو توڑ کر ایک (جسد واحد) بنا دیا۔

-60 حضور انور ﷺ نے اپنی حیاتِ ارضی کا واحد حج کب ادا فرمایا؟

ج: سن 10 ہجری میں تقریباً سوا لاکھ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ہمراہ۔

-61 حضور اکرم ﷺ نے حج بیت اللہ اور جہاد فی سبیل اللہ کو کیسا عمل قرار دیا ہے؟

ج: ''افضل الاعمال''۔

-62 اجتماع حج سے جو حکمتیں ظاہر ہوتی ہیں ان میں سے کوئی سی دو لکھیے؟

ج: (الف) مرکزیت (ب) مساوات

ج) ادب و عقیدت (د) اجتماعی عبادت۔

-63 حج کے کم از کم چار فوائد تحریر کریں؟

ج: قبولیت دعا، درس توحید، وفور عبادت، تبلیغ اسلام، زیارت مقامات مقدسہ۔

-64 حج مبرور اور حج مقبول میں کیا فرق ہے؟

ج: دونوں کا ایک ہی مطلب ہے یعنی اللہ کے ہاں قبولیت پا جانے والا حج، جس کا طے شدہ

Marfat.com

اجر ملنا ضروری ہے۔

-65 کون کون سے لوگ اللہ کے مہمان کہلاتے ہیں؟

ج: (الف) مجاہد فی سبیل اللہ۔

(ب) حج کرنے والا

(ج) عمرہ کرنے والا۔

-66 کن لوگوں سے فرشتے مصافحہ کرتے ہیں؟

ج: حج کے لئے آنے والوں سے۔

-67 حج اصغر اور حج اکبر کون سے حج ہوتے ہیں؟

ج: حج اصغر: عمرہ کو کہتے ہیں۔

حج اکبر: ذوالحجہ میں ہونے والے حج کو حج اکبر کہتے ہیں یا جمعہ کے دن وقوف عرفات اور خطبہ حج آ جائے تو حج اکبر کہلاتا ہے۔

-68 حضرت آدمؑ کو عبادات (مناسک) حج کس نے سکھائے؟

ج: حضرت جبرائیلؑ نے۔

-69 تاریخ انسانی کا پہلا حج کس نے کیا؟

ج: حضرت آدمؑ اور ان کی اہلیہ حضرت اماں حواؑ نے۔

-70 مقام جبرائیلؑ کو مقام جبرائیلؑ کیوں کہتے ہیں؟

ج: حضورﷺ نے اس مقام پر حضرت جبرائیل کے ساتھ نمازیں ادا فرمائی تھیں اس وجہ سے اسے مقام جبرائیل کہتے ہیں۔

-71 ''مطاف'' کس مقام کو کہا جاتا ہے؟

ج: بیت اللہ شریف کا چاروں طرف کا وہ حصہ جہاں طواف کیا جاتا ہے مطاف کہلاتا ہے۔

-72 حجر اسود کہاں نصب ہے؟

Marfat.com

ج: خانہ کعبہ کے جنوب مشرقی کونے میں زمین سے چار فٹ کی بلندی پر چاندی کے فریم کے اندر سیاہ رنگ کا پتھر نصب ہے اسے حجر اسود (کالا پتھر) کہتے ہیں۔

73- ذوالحج کی دس تاریخ کو کن عظیم پیغمبروں کی یاد میں قربانی دی جاتی ہے؟

ج: حضرت ابراہیمؑ نے اپنے بیٹے حضرت اسماعیلؑ کو اللہ کی راہ میں قربان کرنے کے لئے ان کے گلے پر چھری چلادی تھی۔اس واقعہ کی یاد میں قربانی دی جاتی ہے۔سُنَّةُ اَبِيْكُمْ اِبْرَاهِيْمَ. (حدیث نبوی)

74- وہ کون سی عبادت ہے جس میں تمام ارکان اسلام کی خصوصیات جمع ہوتی ہیں؟

ج: فریضہ حج۔

75- حضور ﷺ نے عورتوں کا جہاد کس فریضہ کو قرار دیا ہے؟

ج: حج کو۔

76- ''میلین اخضرین'' کسے کہا جاتا ہے؟

ج: صفا اور مروہ کے درمیان ایک مخصوص فاصلہ (112 گز فاصلہ) جہاں سے سعی کے دوران بوڑھے اور کمزور حاجی تیز تیز چلتے گزرتے ہیں۔

77- احرام پہن لینے کے بعد حاجی پر کن کن باتوں کی ممانعت ہو جاتی ہے؟

ج: (الف) جماع (ب) فحش کلامی

(ج) فسق و فجور (د) لڑائی جھگڑا

(ہ) شکار (و) کسی کو شکار بتانا۔

(ز) سلا ہوا کپڑا پہننا۔ (ح) کرتہ یا پاجامہ، دستار، ٹوپی، جبہ اور موزے پہننا

(ط) مردوں کا سر ڈھانکنا (ی) منہ ڈھانکنا

(ک) خوشبو لگانا (ل) بال کاٹنا یا مونڈھنا

(م) خوشبودار یا رنگ دار کپڑا پہننا۔

Marfat.com

78- طواف صدر کس طواف کا نام ہے؟

ج: مناسک حج مکمل کر کے جب میدان عرفات سے واپس عصب (ایک جگہ) پہنچے تو خانہ کعبہ کا طواف کرے جس میں اکڑنا اور دوڑنا ممنوع ہے۔ اہل مکہ پر یہ طواف واجب نہیں۔ صرف بیرون جات کے لوگوں کے لئے ہے۔

79- ذوالحج کی گیارہ، بارہ، تیرہ (ایام تشریق) کے خصوصی نام کیا ہیں؟

ج: گیارہ: یوم التشریق اول

بارہ: یوم التشریق الثانی یا یوم النفر الاول

تیرہ: یوم التشریق الثالث یا یوم النفر الثانی

80- ایام جاہلیت کا حج بے حیائی کا نمونہ ہوتا تھا اس حج کی کوئی سی تین خصوصیات لکھئے؟

ج: (الف) مرد عورتیں ننگے ہو کر حج کرتے تھے۔

(ب) اللہ کے ذکر سے زیادہ اپنے باپ داداؤں کا ذکر کرتے۔

(ج) تالیاں بجاتے اور سیٹیاں بجاتے تھے۔

(د) قربانی کا خون کعبے کی دیواروں پر چپڑ دیتے اور گوشت دروازے پر لٹکاتے تھے۔

81- تلبیہ کا ترجمہ لکھئے؟

ج: میں حاضر ہوں اے اللہ میں حاضر ہوں میں حاضر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں سب خوبیاں اور سب نعمتیں تیرے ہی لئے ہیں اور سلطنت تیری ہی ہے تیرا کوئی شریک نہیں ہے۔

82- ایام حج ماہ ذوالحجہ کے کن ایام کو کہتے ہیں؟

ج: حج کے معین ایام چھ ہیں (8 ذوالحج تا 13 ذوالحج تک)

83- صفا و مروہ کی سعی کس خاتون کے ایک عمل کی یاد دلاتی ہے؟

ج: حضرت اسماعیلؑ کی والدہ ہاجرہ (حضرت ابراہیمؑ کی زوجہ محترمہ) کے صفا و مروہ کے

Marfat.com

درمیان بار بار دوڑنے کی یاد دلاتی ہے۔ جب آپ اپنے شیر خوار بیٹے (حضرت اسماعیلؑ) کے لئے پانی کی تلاش میں بار بار ادھر ادھر دوڑ رہی تھیں۔

-84 کس عیسائی بادشاہ نے خانہ کعبہ کی طرح اپنے تعمیر کردہ کلیسا کو حج کا مرکز قرار دے کر لوگوں کو یہاں حج کرنے کی ترغیب دی تھی؟

ج: ابرہہ نے صنعا (یمن) میں۔ مگر ایک عرب نے اس نو تعمیر کلیسا میں گندگی پھیلا کر اس کے بطور مرکز حج ہونے کا انکار کر دیا تھا۔

-85 صحیح عبادت پر ٹک () کا نشان لگائیے۔

ج: (الف) مقبول حج کے بعد بندہ یوں ہوتا ہے جیسے آج ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو۔
(ب) مقبول حج کا بدلہ جنت کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔
(ج) دونوں جواب درست ہیں (یہ دونوں حدیثیں ہیں)

-86 کیا فریضہ حج کے سفر میں کاروبار تجارت کیا جا سکتا ہے؟

ج: جی ہاں۔ اس کی اجازت بلکہ ترغیب ہے۔

-87 جس نے تمام عمر باوجود استطاعت کے نہ حج کیا نہ اس کی نیت (خواہش) کی اس کے بارے میں آں حضرت ﷺ نے کیا فرمایا ہے؟

ج: ایسے شخص کی موت یہودی کی موت ہوگی یا نصرانی کی۔

-88 پاکستان کے حاجیوں کے لئے میقات کون سی جگہ ہے؟

ج: جدہ سے ادھر یلملم نامی جگہ میقات ہے جہاں سے حاجیوں کو احرام باندھنے کا حکم ہے۔۔

-89 حج کا نصاب کیا ہے؟

ج: جو زکوٰۃ کا نصاب ہے۔ وہی حج کا نصاب ہے۔ معروف معنوں میں "استطاعت" ضروری ہے یعنی سفر کے اخراجات، اپنی عدم موجودگی میں گھر کے اخراجات کا پورا ہونا۔

Marfat.com

90- قرآن مجید میں ایک سورۃ ''حج'' ہے، اس کی تفصیلات لکھیں۔

ج: یہ قرآن کی 22 ویں سورۃ ہے۔ یہ سپارہ سترہ میں آتی ہے۔ اس سورۃ کا نزولی نمبر 103 ہے اور توفیقی نمبر 22 ہے، اس سورۃ میں 78 آیات اور 10 رکوعات ہیں، اس سورۃ سے پہلے سورۃ الانبیاء ہے اور اس کے بعد سورۃ المومنون ہے۔ یہ سورۃ مدینہ میں نازل ہوئی۔ اس سورۃ کی پہلی آیت میں قیامت کے دن کے زلزلہ (ہلائے جانے کا ذکر ہے)۔ اس سورۃ کی 27 ویں آیت میں حج کی اجازت دی گئی ہے، اسی آیت سے اس سورۃ کا نام ''حج'' اخذ کیا گیا ہے۔

Marfat.com

# جہاد

1- جہاد اور قتال میں کیا فرق ہے؟

ج: جہاد صرف اللہ کے نام پر اور اللہ کے حکم کے مطابق لڑا جاتا ہے جبکہ قتال (جنگ) کی کوئی بھی دنیاوی یا دینی وجہ ہو سکتی ہے؟

2- لفظ جہاد کے لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیے؟

ج: لغوی: جہد سے بمعنی محنت اور کوشش۔

اصطلاحی: اعلائے کلمۃ الحق کے لئے اور اسلام کی خاطر مخالفوں اور کافروں سے کوشش اور لڑائی کرنا۔

3- وَاَعِدُّوْالَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ کا ترجمہ لکھیے؟

ج: اور ان (دشمنوں) کے (مقابلے) کے لئے ہمت بھر قوت و طاقت (سامان جنگ) تیار رکھو۔

4- اَلْجَنَّتُ تَحْتَ ظِلَالُ السُّيُوفِ کا ترجمہ لکھیے؟

ج: جنت تلواروں کے سائے تلے ہے۔

Marfat.com

5- اسلام میں جہاد کا آغاز کب سے ہوا؟

ج: ہجرت مدینہ کے بعد 2 ہجری میں غزوہ بدر سے۔

6- حضور ﷺ نے فرمایا "مجاہد فی سبیل اللہ صرف وہ ہے جو اس لئے لڑتا ہے کہ ............ عبارت مکمل کریں؟

ج: "اللہ تعالیٰ کا کلمہ بلند ہو۔"

7- جہاد بالسیف کے علاوہ جہاد کی مختلف شکلیں گنوایئے؟

ج: جہاد بالعلم، جہاد بالقلم، جہاد باللسان، جہاد بالمال، جہاد بالقوۃ۔

8- "اَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ نَھِیْ عَنِ الْمُنْکَرِ" جہاد اکبر ہے یا جہاد اصغر؟

ج: جہاد اکبر۔

9- ترجمہ کیجئے: وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ یُّقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتٌ. (البقرہ آیت:154)

ج: اور اللہ کے راستے میں مارے جانے والوں (شہدا) کو مردہ مت کہو۔

10- جہاد کی وجوہات گنوایئے؟

ج: (الف) دشمن اسلامی ملک پر حملہ آور ہو۔

(ب) دشمن مسلمانوں پر ظلم کرے۔

(ج) دشمن مسلمانوں کو راہِ خدا سے روکے یا دینی شعائر پر پابندیاں لگائے۔

(د) کھلے بندوں فتنہ فساد پھیلے۔

(ہ) دشمن عہد کو توڑ دے۔

11- جہاد کس وقت تک جاری رکھنے کا حکم ہے؟

ج: جب تک فتنہ وفساد ختم نہ ہو جائے (حَتّٰی لَا تَکُوْنُوْا فِتْنَۃٌ)

12- اپنی خواہشات کی مخالفت کر کے اللہ کی مرضی کو پورا کرنے کی کوشش کرنا کس قسم کا جہاد کہلاتا ہے؟

ج: جہاد بالنفس

13- حضور اکرم ﷺ نے کس کام کو بہترین جہاد قرار دیا ہے؟

Marfat.com

ج: اپنے نفس اور اپنی خواہش کے خلاف لڑنا۔

14- مقصد جہاد تحریر کیجئے؟

ج: کلمۃ اللہ یا اللہ کے دین کی سرفرازی مقصد جہاد ہے۔

15- جہاد کے لئے انگریزی میں کون سے الفاظ مروج ہیں؟

ج: Holy war (مقدس جنگ) Crusade (مذہبی لڑائی)

16- شہید اور غازی کون کون لوگ ہوتے ہیں؟

ج: وہ مسلمان جو میدان جنگ میں دشمن (کافروں) کے ہاتھوں مارے جائیں شہید کہلاتے ہیں اور جو میدان جنگ سے فتح یاب ہو کر زندہ واپس آئیں غازی کہلاتے ہیں۔

17- اسلام نے جہاد (جنگ) میں کن کن لوگوں کو قتل کرنے سے منع فرمایا ہے؟

ج: (الف) بوڑھا ضعیف (ب) چھوٹا بچہ

(ج) عورت (د) جو لڑنے کے لئے ہتھیار نہ اٹھائے۔

(ہ) پجاری

18- جنگ (جہاد) میں کن کن باتوں کی ممانعت ہے؟

ج: (الف) قتل سفیر (ب) قتل اسیر

(ج) غفلت میں حملہ (د) آگ میں جلانا

(ہ) دشمن کو باندھ کر اور اذیت دے کر مارنا

(ر) مثلہ کرنا (س) لوٹ مار کرنا

(ش) تباہ کاری کرنا (ل) بدعہدی کرنا

(م) بدنظمی اور انتشار پھیلانا (و) شور شرابا کرنا

(س) وحشیانہ افعال کرنا۔

19- جہاد میں کامیابی کی کوئی سی تین شرطیں لکھیے؟

ج: (الف) ثابت قدمی (ب) اطاعت امیر

(ج) اختلافات سے پرہیز (د) ذکر الٰہی

Marfat.com

-20 ''جب لوگ جہاد چھوڑ دیں گے تو اللہ ان پر.............. مسلط کر دے گا۔ حدیث کے الفاظ مکمل کریں؟

ج: ذلت، آزمائش۔

-21 اللہ تعالیٰ نے کس چیز کے بدلے مومنوں کے جان و مال خرید لئے ہیں؟

ج: جنت کے بدلے۔

-22 ''مثلہ'' سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

ج: جنگ میں مقتولین کے ناک، کان، ہاتھ، پاؤں اور دیگر اعضا کاٹنا اور آنکھیں نکال دینا اور پیٹ پھاڑ دینا وغیرہ وغیرہ۔

-23 دفاعی جہاد اور اقدامی جہاد میں کیا فرق ہے؟

ج: <u>اقدامی جہاد:</u> آگے بڑھ کر دشمن کا مقابلہ کرنا۔

<u>دفاعی جہاد:</u> دشمن سے صرف اپنی حفاظت کرنا۔

-24 جہاد شروع کرنے سے پہلے کون سی تین شرطیں دشمن پر پیش کی جاتی ہیں؟

ج: (الف) دشمن کو اسلام کی دعوت دینا۔

(ب) دشمن کو ذمی بن کر رہنے اور اسلامی ریاست کو ''جزیہ'' دینے کی پیش کش کرنا۔

(ج) دشمن کو پیش کش کرنا کہ اسلامی مملکت میں مسلمانوں کی پناہ میں آ جائے اور ''معاہد'' بن جائے۔

-25 مال غنیمت کیا ہوتا ہے؟

ج: غنیمت غنم سے ہے، بمعنی بکریاں (حاصل کرنا)، میدان جنگ میں دشمن کی شکست کے بعد ملنے والے مال و اسباب کو غنیمت کہتے ہیں۔

-26 اسلام جنگی قیدیوں کے ساتھ حسن سلوک کی تاکید کرتا ہے کوئی دو نکات لکھئے؟

ج: (الف) جنگی قیدیوں کے قتل سے منع کرتا ہے۔

(ب) فدیہ لے کر یا بطور احسان انہیں آزاد کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔

(ج) جنگی قیدیوں کو کھانا کھلانے کی ترغیب دیتا ہے۔

Marfat.com

27- جو اللہ کے راستے میں اس طرح لڑتے ہیں گویا وہ سیسہ پلائی دیوار ہوں۔" اللہ کے نزدیک کیسے لوگ ہیں؟ (سورۃ الصف)

ج: اللہ کے محبوب لوگ ہیں۔

28- جو شخص نہ جہاد کرتا ہے نہ جہاد کی نیت کرتا ہے اللہ کو اس کی کوئی پرواہ نہیں کہ وہ ............ (حدیث مکمل کریں)

ج: نصرانی ہو کر مرے یا یہودی ہو کر مرے۔

29- جہاد کے کوئی سے دو ثمرات بیان کیجئے؟

ج: (الف) دشمن پر ہیبت (ب) حصول مقصد

(ج) عزت واحترام (د) قیام امن

30- جہاد کب فرض عین ہے اور کب فرض کفایہ؟

ج: <u>فرض عین:</u> لوگوں پر دشمن حملہ کر دے اور دست درازی کرے تو موقع پر موجود سب مسلمانوں پر جہاد کرنا فرض ہے۔

<u>فرض کفایہ:</u> قوم کا ایک طبقہ جہاد کرے اور دوسرا طبقہ رسد اور خوراک کا انتظام کرے پھر یہ ذمہ داریوں کو آپس میں بدل لیں۔ یعنی باری باری میدانِ جہاد میں جا کر لڑیں۔

31- جہاد کی کونسی قسم ہر وقت جاری رہتی ہے؟

ج: جہاد اکبر۔ اپنے نفس کے خلاف جہاد، معاشرہ میں برائیوں کے خاتمہ اور نیکیوں کے پھیلاؤ کے لئے کوشش میں لگے رہنا۔

32- سرحدوں کی حفاظت کرنا کیسا عمل ہے؟

ج: نہایت اجر والا عمل ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے "مجاہد کا ایک رات جاگنا عابد کی ساٹھ سالہ عبادت سے بہتر ہے۔"

33- علامہ اقبالؒ نے جہاد کو مسلمانوں کی ............ قرار دیا ہے خالی جگہ مکمل کریں۔

ج: شان وشوکت۔

34- اسلامی تاریخ کی وہ کون سی دو نامور مسلمان شخصیات ہوئیں جنہوں نے کلمۃ الحق کے

Marfat.com

لئے جہاد کیا اور شہید ہوئے اوران کی لاشوں کا مثلہ کیا گیا۔

ج: سید الشہدا حضرت امیر حمزہؓ (غزوہ احد میں حضور ﷺ کی رفاقت میں)

سید الشہدا حضرت امام حسینؓ (میدان کربلا میں 72 ساتھیوں کے ساتھ)

-35 شہید کے کفن دفن، جنازہ اور غسل کے احکام لکھئے۔

ج: (الف) شہید کے پہنے گئے کپڑے نہیں اتارے جاتے۔

(ب) اس کو غسل نہیں دیا جاتا، ایسے ہی کفن پہنایا جاتا ہے۔

(ج) نماز جنازہ پڑھی جاتی ہے۔

-36 وہ کون سا شرعی فریضہ ہے جو عام طور پر لوگوں کو پسند نہیں ہے؟

ج: فریضہ جہاد كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ (سورۃ البقرۃ: 216)

-37 جہاد کو کون لوگ ''دہشت گردی'' قرار دیتے ہیں؟

ج: تمام غیر مسلم، خاص طور پر یورپ کے عیسائی۔

-38 جہاد کی تیاری کے بارے میں اسلامی تعلیمات کیا ہیں؟

ج: جہاد کے لئے تیاری ہر وقت ہونی چاہئے، قرآن مجید میں ہے۔

وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ... (سورۃ انفال)

(اور دشمنوں کے (مقابلہ کے) لئے جس قدر ہو سکے قوت تیار رکھو)۔

-39 کوئی دو مقاصدِ جہاد لکھیں۔

ج: اللہ کے دین کی سربلندی کے لئے (وَيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ).

فتنہ وفساد کے خاتمہ کے لئے (وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ).

-40 قرآن مجید میں مالِ غنیمت کے لئے کون سا لفظ آیا ہے؟

ج: انفال، اس کا معنی ہے، زائد یعنی جنگ کے مقصد کے ساتھ ساتھ کچھ زائد منافع حاصل ہو۔

Marfat.com

# طہارت

1- طہارت کے معنی ومفہوم کی وضاحت کریں؟

ج: طہارت طہر سے ہے۔ معنی ہے پاک صاف ہونا۔ اصطلاحی معنی ہے گندگی اور ناپاکی سے پاک ہونا۔

2- نماز کے لئے کن تین چیزوں کی طہارت لازمی ہے؟

ج: (۱) نمازی کے جسم کا پاک ہونا۔

(۲) نمازی کے لباس کا پاک ہونا۔

(۳) مقام نماز کا پاک ہونا۔

3- ''جس آدمی کو وضو کی حالت میں موت آجائے وہ ایک قسم کی ............ کی موت مرا۔'' حدیث کے الفاظ مکمل کریں۔

ج: شہادت۔

4- مسلمان کیسا بھی ہو مگر...... نہیں ہوتا۔ گفتگو مکمل کریں۔

ج: ناپاک

Marfat.com

5- مطالعہ وتلاوت قرآن کا سب سے پہلا ادب کیا ہے؟

ج: کہ قرآن کو پاک صاف ہو کر (وضو کی حالت میں) چھوا جائے۔

6- اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ ......وَیُحِبُّ...... آیت کریمہ مکمل کریں۔

ج: التَّوَّابِیْنَ........... الْمُتَطَهِّرِیْنَ (البقرۃ:222)

7- وضو کے احکام سورۃ مائدہ میں آئے ہیں آیت نمبر 6۔ کیا آپ ان کا نچوڑ بیان کر سکتے ہیں؟

ج: (1) چہرے کا دھونا (۲) ہاتھ کہنیوں تک دھونا

(3) سر کا مسح کرنا (4) پاؤں ٹخنوں تک دھونا

8- وضو کرنا (طہارت حاصل کرنا) کن موقعوں پر زیادہ ضروری ہے؟

ج: (1) تلاوت قرآن کے وقت (2) ادائیگی نماز کے وقت

(3) مسجد میں داخلے کے وقت (4) مطالعہ حدیث کے وقت

9- کیا ناپاکی کی حالت میں روزہ کے لئے سحری کھائی جاسکتی ہے یا نہیں؟

ج: اگر سحری کا وقت تنگ ہو رہا ہو تو ناپاکی کی حالت میں سحری کھائی جاسکتی ہے۔ ورنہ پہلے پاکیزگی حاصل کی جائے گی پھر سحری کھائی جائے گی۔

10- طہارت و پاکیزگی کے بارے میں کوئی ایک قرآنی آیت مع ترجمہ لکھیے۔

ج: وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا (المائدہ،5)

ترجمہ: اور اگر تم ناپاک (جنبی) ہو جاؤ تو طہارت حاصل کر لیا کرو۔

11- طہارت و پاکیزگی کے بارے میں کوئی ایک حدیث مبارکہ مع ترجمہ لکھیے۔

ج: مَنْ غَسَلَ الْمَيِّتَ فَلْيَغْتَسِلْ وَمَنْ حَمَلَهٗ فَلْيَتَوَضَّاْ.

ترجمہ: میت کو غسل دینے والا بعد میں نہالے اور اسے اٹھانے والا وضو کرلے۔

12- ایک انسان کو مکمل طہارت و پاکیزگی کے لئے کس قسم کی طہارت درکار ہے؟

ج: جسم کی پاکیزگی، لباس کی پاکیزگی، خیالات کی پاکیزگی۔

13- تیمم کے نکات لکھیے؟

Marfat.com

(1) تیمم اس وقت مشروع ہے، جب وضو کرنا ممکن نہ ہو۔

(2) تیمم کی نیت کی جائے۔

(3) مٹی یا کسی گرد آلود چیز پر دونوں ہاتھ پھیرے جاتے ہیں۔

(4) ان مٹی سے آلودہ یا گرد آلود ہاتھوں کو چہرے پر اور کہنیوں تک بازوؤں پر پھیرا جاتا ہے۔

(5) وضو کرنا ممکن ہو جائے تو تیمم کی سہولت یا رعایت ختم ہو جاتی ہے۔

14- کیا تیمم سے غسل پاکیزگی ہو سکتا ہے یا نہیں؟

ج: غسل طہارت ہو سکتا ہے۔ مگر پانی ملنے پر دوبارہ غسل کرنا واجب ہوگا۔

15- کلی کرنا کسے کہتے ہیں؟

ج: منہ میں پانی ڈال کر اسے منہ کے تمام حصوں میں پھیرنا اور پھر اگل دینا اسے کلی کرنا کہتے ہیں۔

16- غرغرہ کرنا کسے کہتے ہیں؟

ج: منہ میں پانی ڈال کر اسے حلق تک لے جایا جائے اور غرغر کیا جائے۔ پھر اگل دیا جائے۔ اسے غرغرہ کرنا کہتے ہیں۔ غسل پاکیزگی میں یہ ایک لازمی عمل ہے۔

17- کیا جوتی پہن کر نماز پڑھی جا سکتی ہے؟

ج: جی ہاں۔ آں حضور ﷺ جوتا پہنے پہنے نماز پڑھ لیا کرتے تھے۔ مگر یہ سب اس وقت جائز ہے جب:

(1) جوتا نیا ہو۔ (2) جوتا گندگی سے پاک ہو۔

(3) جوتے سے بدبو نہ آ رہی ہو۔

18- قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے اہل بیت کے لئے ...... کا وعدہ اور ...... سے پاکیزگی کا وعدہ ہوا ہے۔ گفتگو مکمل کریں۔

ج: طہارت، رجس (گندگی) (دیکھئے سورۃ احزاب آیت: 33)

19- حضور ﷺ کی ایک صفت ''مزکی'' بیان ہوئی ہے اس کا کیا مطلب ہے؟

Marfat.com

ج: گناہوں اور گندگیوں سے پاک صاف کر دینے والا۔

20- غسل فرض کون سا غسل ہوتا ہے اس کی کوئی مثال دیں؟

ج: ایسا غسل جس کے بغیر مسلمان کو شرعی طور پر قرآن کو چھونے، مسجد میں داخلے اور دوسری پاکیزہ و مقدس چیزوں کو ہاتھ لگانے سے روکا گیا ہے۔ اس غسل کی مثال ہے۔

(1) میاں بیوی کے مباشرت کے بعد کیا جانے والا غسل۔

(2) احتلام کے بعد کیا جانے والا غسل۔

21- پیشاب یا پاخانہ کرتے وقت کس طرف منہ یا پیٹھ کرنے سے منع فرمایا گیا ہے؟

ج: قبلہ کی طرف (بحوالہ حدیث نبوی ﷺ)۔

22- غسل کا تو ہمیں معلوم ہے۔ بتائیے غسل صغیر اور غسل کبیر کیا ہوتا ہے؟

ج: غسل صغیر وضو کو کہتے ہیں اور غسل کبیر عام غسل کو یا شرعی غسل کو کہتے ہیں۔

23- طہارت (غسل کرتے وقت) کی بنیادی شرطیں کیا ہیں؟

ج: گندگی صاف کر کے ہاتھ دھونا اور پھر

(1) تین دفعہ کلی کرنا (غرغرہ کرنا زیادہ افضل ہے)

(2) تین دفعہ ناک میں پانی میں ڈالنا (پانی ناک کی ہڈی تک پہنچانا ضروری ہے)

(3) سارے جسم پر اس طرح پانی بہانا کہ ایک بال (برابر) بھی جگہ خشک نہ رہ جائے۔

24- نجاست خفیفہ اور نجاست غلیظہ کی مثالیں دیں۔

ج: (الف) زیادہ اور سخت ناپاکی نجاست غلیظہ مثلاً بہتا ہوا خون، منی، پیشاب، پاخانہ وغیرہ۔

(ب) کم اور ہلکی ناپاکی نجاست خفیفہ کہلاتی ہے، مثلاً کتے کا تھوک یا جانور کی بیٹ یا حلال جانوروں کا پیشاب وغیرہ۔

25- صفائی، نفاست اور پاکیزگی کے بارے میں کوئی ایک حدیث مبارکہ لکھیں؟

ج: (1) اَللّٰهُ نَظِيفٌ وَيُحِبُّ النَّظِيفَ (اللہ پاکیزہ ہے اور پاکیزگی کو پسند کرتا ہے)

Marfat.com

(2) ترجمہ: ''صفائی ستھرائی سے اللہ کی نعمتوں کو ظاہر کرو۔''

26- پاک پانی کب ناپاک ہو جاتا ہے؟

ج: جب اس میں نجاست مل جائے اور اس کے تین اوصاف رنگ بو اور مزہ میں سے کسی ایک کو بدل دے۔ تو پاک پانی ناپاک ہو جاتا ہے۔

27- کیا آب زمزم سے غسل کیا اور کپڑے دھوئے جا سکتے ہیں؟

ج: اگر کوئی مجبوری ہو تو جائز ہے ورنہ اس کی ممانعت ہے۔

28- کیا آپ کو معلوم ہے کہ استنجا کسے کہتے ہیں؟

ج: پیشاب یا پاخانہ کے مقام کو گندگی و ناپاکی سے پاک کرنے کو استنجا کہتے ہیں۔ خواہ یہ پاکیزگی مٹی (ڈھیلا) سے حاصل کی گئی ہو یا پانی سے۔

29- کن جگہوں پر یا حالتوں میں پیشاب/ پاخانہ کرنا منع ہے؟

ج: سورج یا چاند کی طرف، قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ کر کے، سایہ دار یا پھل دار درخت کے نیچے، کسی سوراخ میں، راستہ کے درمیان، قبرستان میں، پانی کے اندر، مسجد کے سامنے/ پاس یا اندر، بے پردگی کے مقام پر اور اونچی طرف کو رخ کر کے نیچے بیٹھ کر پیشاب یا پاخانہ کرنا منع ہے۔ (یہ کل تیرہ مقامات یا حالتیں ہیں)

30- وضو پر وضو کرنے کا ثواب کیا ہے؟

ج: ایسے شخص کے لئے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور مقررہ ثواب سے زیادہ دیا جاتا ہے۔

31- خلال کرنا کس عمل کو کہتے ہیں؟

ج: (1) وضو کرتے وقت ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈالنا اور اندرونی حصوں کو گیلا کرنا۔

(2) داڑھی کے بالوں میں انگلیاں پھیر کر پانی سے بالوں کو تر کرنا۔

(3) بائیں ہاتھ کی چھنگلیا سے پاؤں کی انگلیوں کے اندرونی حصوں کو گیلا کرنا۔ یہ تینوں عمل خلال کہلاتے ہیں۔

32- مسواک کے ستر فائدے ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ...... الفاظ مکمل کریں۔

Marfat.com

ج: مرتے وقت کلمہ شہادت پڑھنا نصیب ہوتا ہے۔

33- وضو میں مسح کی تفصیل بیان کریں؟

ج: دونوں ہاتھوں پر پانی ڈال کر نیچے کی تین انگلیوں کے سرے ملائے اور ماتھے کی طرف سے شروع کر کے سر کے درمیانی حصہ تک کا مسح کرے اور پھر پیچھے لے جا کر انگلیاں علیحدہ کر دے اور ہتھیلیوں سے سر کے دائیں بائیں حصہ کا مسح کرتے ہوئے ہاتھوں کو پیچھے سے آگے لائے پھر شہادت کی انگلیوں سے کانوں کے اندر کا اور انگوٹھوں سے باہر کا مسح کر کے انگلیوں کی پشت سے گردن کا مسح کرے۔

34- کن امور سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟

ج: پیشاب، پاخانہ کرنا یا ان مقامات سے منی، ندی، ودی، مذی، کیڑا، پتھر وغیرہ کا نکلنا، ہوا کا خارج ہونا، خون یا پیپ کا بہنے لگنا، منہ بھر کے قے کرنا، سہارے سے سونا، نشہ ہونا، بے ہوش ہونا، دیوانہ ہو جانا، نماز کے دوران قہقہہ لگا کر ہنسنا۔ (19۔امور)

35- غسل سنت کون سا غسل ہے؟

ج: جمعہ کی نماز کے لئے غسل، عیدین کی نماز کے لئے غسل، حج یا عمرہ کا احرام باندھنے کے لئے غسل، نویں ذوالحجہ کے دن عرفات میں ٹھہرنے کے لئے غسل۔

36- ''وضو کرنے والے کے تمام......دھل جاتے ہیں'' مکمل کریں۔

ج: گناہ۔

37- تم میں سے جو کوئی وضو کرے اور مکمل وضو کرے پھر وضو کے بعد کلمہ شہادت پڑھے اس کا کیا اجر بیان کیا گیا ہے؟

ج: فَتحَتْ لَهُ جَنَّةُ الثَّمَانِيَةُ.

(ترجمہ: اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں)

38- کن چیزوں پر تیمم جائز ہے اور کن پر ناجائز؟

ج: جائز: پاک مٹی، مٹی کے کچے یا پکے برتن، ریت، چونا، پتھر، گیرو، گاچی، اینٹیں، اینٹوں

Marfat.com

کی دیوار وغیرہ۔

ناجائز: وہ تمام چیزیں جو آگ میں پگھل جاتی ہیں یا جل کر راکھ ہو جاتی ہیں یا گل جاتی ہیں۔

-39 یہ موزہ کیا ہوتا ہے؟

ج: جراب کی طرح کا لباس جس میں پاؤں ٹخنوں تک چھپ جائیں یہ چمڑے کے ہوتے ہیں۔ ان پر مسح کیا جاتا ہے۔ بشرطیکہ انہیں وضو کر کے پہنا گیا ہو۔

-40 کس قسم کے پانی سے وضو کرنا جائز اور ناجائز ہے؟

ج: جائز: بارش کے پانی سے، چشمے، کنوئیں، نہر، دریا اور سمندر کا پانی، پگھلی ہوئی برف اولے کا پانی، بڑے تالاب/حوض کا پانی۔

ناجائز: پھل یا درخت کا رس، شوربا، گاڑھا پانی، رنگ، بو یا مزہ میں تبدیل ہو جانے والا پانی، جس پانی میں ناپاک چیز گر گئی ہو یا جانور گر کر مر گیا ہو۔ وضو یا غسل کا استعمال شدہ پانی، حرام جانوروں کا جھوٹا پانی، سونف، گلاب وغیرہ یا کسی دوا کا کھینچا ہوا عرق وغیرہ۔

-41 پاکیزگی اور صفائی میں کیا فرق ہے؟

ج: صفائی کا تعلق صرف ظاہر سے ہے باطن پاک ہو یا نہ ہو۔ (یہ مغربی صفائی ہے) پاکیزگی ظاہری اور باطنی دونوں کی صحت اور صفائی کا نام ہے۔ (یہ اسلامی صفائی ہے)

-42 اس قرآنی آیت کا ترجمہ کریں۔

وَطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْعَاكِفِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ. (الحج: 29)

ج: ترجمہ: اور میرے گھر (خانہ کعبہ، مساجد وغیرہ) کو طواف کرنے والوں اور اعتکاف کرنے والوں اور رکوع کرنے والوں اور سجدہ کرنے والوں کے لئے پاکیزہ کر دیا کرو۔

Marfat.com

-43 جسم کے اعضا سے ٹپکنے والے پانی اور بلغم (ناک سے خارج ہونے والا مواد) کا کیا حکم ہے؟

ج: مکروہ ہے اور آخر الذکر کو حدیث رسول کے مطابق پاک گنا جاتا ہے۔ پانی اگر زمین پر گر کر چھینٹے جسم اور لباس پر پڑیں تو یہ تو بالاتفاق ناپاک ہے اور اگر جسم سے گر پڑے اور کپڑے گیلے ہوں تو اس کے بارے میں دو حکم ہیں ایک یہ کہ ناپاک ہے دوسرا یہ کہ ناپاک تو نہیں، مگر مکروہ ہے۔ (واللہ اعلم)

Marfat.com

# معلومات حدیث
## (اصطلاحات)

**وحی متلو:** قرآن مجید کو وحی متلو (تلاوت کیے جانے والی وحی) کہا جاتا ہے۔

**وحی غیر متلو:** حدیث رسول ﷺ کو وحی غیر متلو (نماز میں تلاوت نہ کیے جانے والی وحی) کہا جاتا ہے۔

**سند:** کسی حدیث کو بیان کرنے والے افراد (راویوں) کے ناموں کے سلسلہ عہد بعہد کو سند کہتے ہیں۔

**متن:** کسی حدیث میں بیان کیے گئے حکم، کلام، بات یا حال کو متن کہتے ہیں۔

**حدیث:** حضور ﷺ کے "قول" کو حدیث کہا جاتا ہے۔

**سنت:** حضور ﷺ کی عملی زندگی کے احوال کو سنت کہا جاتا ہے۔

**خبر:** حضور ﷺ کے قول وفعل کو کوئی دوسرا بیان کرے تو اسے خبر کہتے ہیں۔

Marfat.com

**نوٹ:** حدیث اور خبر تقریباً ہم معنی الفاظ ہیں۔

**اثر:** وہ اقوال و افعال جو صحابہ یا تابعین سے منسوب ہوں۔ اثر کہلاتے ہیں۔

**طرق:** سلسلہ روایت، یعنی ان لوگوں کا سلسلہ روایت جنہوں نے روایت کے الفاظ ایک دوسرے سے سنے اور آگے بیان فرمائے۔

**صحابی:** وہ مسلمان جس نے حضور ﷺ کو دیکھا اور اس کا خاتمہ ایمان پر ہوا۔

**تابعی:** وہ مسلمان جس نے کسی صحابیؓ کو دیکھا اور اس کا خاتمہ ایمان پر ہوا۔

**تبع تابعی:** وہ مسلمان جس نے کسی تابعیؒ کو دیکھا اور اس کا خاتمہ ایمان پر ہوا۔

**امام:** وہ عالم جو حدیث، فقہ، تفسیر اور دیگر علوم اسلامیہ میں یکساں مہارت رکھتا ہو۔

**حافظ:** وہ محدث جسے ایک لاکھ حدیثیں زبانی یاد ہوں۔

**حجت:** وہ محدث جسے تین لاکھ حدیثیں زبانی یاد ہوں۔

**حاکم:** وہ محدث جسے تمام موجود احادیث اسناد اور متن سمیت یاد ہوں یا معلوم ہوں۔

**اصول روایت:** راویوں کے سلسلوں اور ان کے احوال کے صحیح ہونے کے سلسلے کے اصول و ضوابط۔

**اصول درایت:** حدیث و سنت کے متن کے صحیح یا غلط یا مشکوک ہونے کے سلسلے کے اصول و ضوابط۔

**حدیث قدسی:** خطاب اللہ تعالیٰ کا اور الفاظ حضرت محمد ﷺ کے۔

**حدیث مرفوع:** وہ روایت جو نبی کریم ﷺ کا قول، فعل یا تقریر (رضامندی) نقل کرتی ہو اور سند آپ ﷺ تک پہنچے۔

Marfat.com

حدیث موقوف: وہ روایت جو نبی کریم ﷺ کا قول، فعل یا تقریر (رضامندی) نقل کرتی ہو اور سند صحابی تک پہنچے۔

حدیث مقطوع: وہ روایت جو نبی کریم ﷺ کا قول، فعل یا تقریر (رضامندی) نقل کرتی ہو اور سند تابعی یا تابعی کے غیر تک پہنچے۔

(خبر) حدیث متواتر: جس حدیث کے نقل یا بیان کرنے والے ہر زمانہ میں اتنی زیادہ تعداد میں ہوں کہ ان کا جھوٹ پر جمع ہونا محال ہو۔ حدیث متواتر کہلاتی ہے۔

(خبر) حدیث مشہور (حدیث مستفیض): اس خبر کو کہتے ہیں جس کو ہر طبقہ/ زمانہ میں کم از کم تین راوی روایت کریں۔

(خبر) حدیث عزیز: ایسی حدیث جس کے راوی کسی زمانے میں دو سے کم نہ ہوں۔

(خبر) حدیث غریب: ایسی روایت جس کو صرف ایک راوی نقل کرے۔

خبر متصل: ایسی حدیث جس کی سند مکمل، راوی معروف اور راویوں میں ملاقات ثابت شدہ ہو۔

خبر مسند: ایسی حدیث جس کی سند رسول اللہ ﷺ تک متصل ہو۔

خبر منقطع: ایسی حدیث جس کی سند متصل نہ ہو بلکہ کہیں نہ کہیں سے راوی گرا ہوا (غائب) ہو۔

خبر معلق: وہ حدیث جس کی سند میں شروع کا ایک یا کئی راوی غائب ہوں (گرے ہوئے ہوں)

خبر معضل: ایسی حدیث جس کی سند کے درمیان میں سے کوئی راوی گرا ہوا (غائب) ہو۔

Marfat.com

**خبرمرسل:** جس حدیث کی سند کے اخیر سے تابعی کے بعد کا راوی مذکور نہ ہو خبر مرسل کہلاتی ہے۔

**خبرمدلس:** جس حدیث میں سند کے عیب کو چھپایا جائے اور سند کے حسن کو ظاہر کیا جائے خبر مدلس کہلاتی ہے۔

**خبرمقبول:** جس خبر میں سچائی کا احتمال غالب ہو، خبر مقبول کہلاتی ہے۔

**خبرمردود:** جس خبر میں سچائی کا احتمال غالب نہ ہو خبر مردود کہلاتی ہے۔

**خبرصحیح (صحیح لذاتہ):** ایسی حدیث جس کی سند متصل، راوی عادل، ضابط، غیر شاذ اور متن علت سے پاک ہو، صحیح کہلاتی ہے۔

**خبرصحیح (صحیح لغیرہ):** ایسی حدیث جو خبر صحیح (لذاتہ) کے درجہ کی تو نہ ہو مگر کسی دوسرے طریق کی حدیث سے (قوی تر طریق سے مروی ہو کر) طاقت پکڑ لے۔

**خبرحسن (حسن لذاتہ):** وہ تمام اخبار احاد جو نقل عدل، تام الضبط، اتصال سند اور علت شذوذ سے مبرا ہوں خبر حسن (حسن لذاتہ) کہلاتے ہیں۔

**حدیث ضعیف:** جس حدیث میں حسن کی شرائط میں سے کسی شرط کی کمی ہو ضعیف کہلاتی ہے۔

**حدیث موضوع:** وہ حدیث ہے جس کا راوی وضع حدیث سے متہم ہو یا حدیث کا وضع ہونا ظاہر ہو یا حدیث کا متن عقل وفہم کے خلاف ہو۔

**حدیث متروک:** جس حدیث کی سند میں کوئی راوی جھوٹ سے متہم ہو، حدیث متروک کہلاتی ہے۔

**حدیث شاذ:** وہ حدیث ہے جس کا راوی ثقہ ہو مگر اپنے سے ثقہ راوی یا راویوں کی مخالفت

Marfat.com

کرتا ہو۔

حدیث منکر: ایسی حدیث جس کے راوی نے کسی بڑی غلطی کا ارتکاب کیا ہو (فاسق ہو) یا راوی ضعیف بھی ہو اور ثقہ کی مخالفت بھی کرتا ہو۔

حدیث محفوظ: ایسی حدیث کو کہتے ہیں جو شاذ کے مقابل ہو۔

حدیث معروف: کوئی ثقہ راوی کسی ضعیف راوی کے مخالف روایت نقل کرے تو یہ روایت معروف کہلائے گی۔

حدیث معلل: جس حدیث میں ایسی علت (کمزوری) محسوس ہو جو صحت روایت پر اثر انداز ہوتی ہو جبکہ بظاہر وہ روایت علت سے پاک ہو حدیث معلل کہلاتی ہے۔

حدیث مضطرب: ایسی روایت کو مضطرب کہا جاتا ہے جو اس قدر مختلف انداز و طرق سے مروی ہو کہ ان کے درمیان تطبیق ممکن نہ ہو۔

حدیث مقلوب: وہ حدیث ہے جس میں بھول سے متن یا سند کے اندر تقدیم و تاخیر واقع ہو گئی ہو یا ایک جگہ دوسرا راوی رکھ دیا گیا ہو۔

حدیث مصحف: وہ حدیث جس میں باوجود صورت خطی باقی رہنے کے نقطوں اور حرکات و سکنات کے تغیر کی وجہ سے تلفظ غلط ہو جائے۔

حدیث مدرج: وہ حدیث جس میں کسی جگہ راوی اپنا کلام یا خیال درج کر دے۔

حدیث محکم: ایسی حدیث مقبول جو اپنے جیسی حدیث سے متعارض نہ ہو اور جو محتاج تاویل نہ ہو۔

مختلف الحدیث: ایسی مقبول حدیث جو اپنے جیسی کسی دوسری حدیث سے (متن یا سند میں)

Marfat.com

اختلاف کر رہی ہو۔

حدیث متابع: وہ حدیث جو ردنسبی کی تائید کرے متابع کہلاتی ہے۔

حدیث شاہد: اگر فرد نسبی کی تائید کرنے والی حدیث میں متابعت طبقہ اصحاب میں ہو تو تائیدی حدیث کو شاہد کہتے ہیں۔

معنعن (عن عن) روایت: وہ حدیث جس میں اخبرنی یا حدثنی وغیرہ کے واضح الفاظ نہیں ہوتے بلکہ سند کو عن فلاں۔ عن فلاں کہہ کر روایت کیا جاتا ہے۔ معنعن کہلاتی ہے۔

حدیث مشتہرہ: ایسی حدیثیں جو لوگوں میں بہت مقبول و مشہور تھیں۔

حدیث امالی: وہ حدیثیں جو شیوخ نے اپنے شاگردوں کو املا کروائیں۔

حدیث مسلسل: وہ حدیث جس کی سند میں راوی ایک ہی قسم کے الفاظ استعمال کریں۔

حدیث قوی: حضور ﷺ کا قول جس کے بعد آپ ﷺ نے قرآن مجید کی آیت تائید میں پڑھی ہو۔

حدیث خاص: کسی خاص صورت میں آں حضرت ﷺ کا خاص فیصلہ۔

حدیث ناسخ: آں حضرت ﷺ کی حیات ارضی کے آخری دور کے اقوال و اعمال۔

حدیث منسوخ: آں حضرت ﷺ کی حیات ارضی کے پہلے دور کے اقوال و افعال۔

## حدیث کے تین ادوار

(خَیْرُ الْقُرُوْنِ قَرْنِیْ ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَھُمْ ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَھُمْ.

(حدیث نبویؐ)

Marfat.com

(سب سے بہتر میرا زمانہ ہے، پھر اس کے بعد ان کا جو میرے بعد آئیں، پھر ان کا جو ان کے بعد آئیں)۔

**قرن اول:** بعثت رسول کریم ﷺ سے 110 ہجری (عہد رسالت ﷺ وصحابہؓ کو شامل) ہے۔

**قرن دوئم:** 111 ہجری سے 170 ہجری تک دور، یہ عہد تابعین کہلاتا ہے۔

**قرن سوئم:** 171 ہجری سے 220 ہجری (260 ہجری بھی ہے) تک کا دور عہد تبع تابعین کہلاتا ہے۔

Marfat.com

# کتب حدیث کی تقسیم

**جامع:** جن مجموعوں میں (۱) تفسیر قرآن، (۲) عقائد، (۳) آداب، (۴) احکام فقہ، (۵) مناقب (۶) سیر، (۷) علامات قیامت اور (۸) مناقب (آٹھ قسم کے مضامین) کی احادیث ہوں صحیح کہلاتی ہیں، جیسے صحیح بخاری: صحیح مسلم

**سنن:** حدیث کی وہ کتاب جس میں احکام کی احادیث ابواب فقہ کی ترتیب کے موافق بیان ہوں جیسے۔ سنن ابی داؤد، سنن نسائی اور سنن ابن ماجہ

**مسند:** حدیث کا وہ مجموعہ جس میں صحابہ کرام کی ترتیب رتبی یا ترتیب حروف تہجی یا تقدم وتاخر اسلامی کے لحاظ سے حدیثیں مذکور ہوں۔ جیسے مسند احمد ابن حنبل۔

**معجم:** جس کتاب میں ترتیب شیوخ سے حدیثیں لائی جائیں جیسے ایک محدث پھر اس کے استاد پھر اس کے استاد پھر اس کے استاد کی روایات، اس طرح آخری صحابی تک کی روایات مثلاً معجم طبرانی۔

**جزء:** وہ کتاب جس میں صرف ایک مسئلہ کی احادیث یک جا جمع ہوں جیسے القراۃ، جزء، رفع

Marfat.com

یدین للبخاری۔

مفرد: وہ کتاب ہے جس میں صرف ایک شخص کی کل مرویات جمع ہوں۔

غریب: وہ کتاب ہے جس میں ایک محدث کے متفردات (ایک محدث کی ایک استاد سے حدیثیں جو کسی شیخ سے ہیں) جمع ہوں۔

مستخرج: وہ کتاب ہے جس میں دوسری کتاب کی حدیثوں کی زائد سندوں کا استخراج کیا گیا ہو جیسے مستخرج ابوعوانہ۔

مستدرک: وہ کتاب ہے جس میں دوسری کتاب کے شروط کے مطابق اس کی رہی ہوئی حدیثوں کو پورا کردیا گیا ہو جیسے مستدرک حاکم۔

رسالہ: جس میں کسی خاص موضوع کی احادیث ہوں۔

اربعین: چالیس احادیث کے مجموعہ کو اربعین یا چہل حدیث کہتے ہیں۔

السنہ:

الآثار:

روایات اکابرین عن اصاغر: بزرگوں نے بچوں سے روایات لیں اور کتابیں لکھ دیں۔

روایات اصاغر عن اکابر: بچوں نے بزرگوں سے روایات سن کر آگے بیان کیں۔

Marfat.com

# مقبول اور غیر مقبول ہونے کے اعتبار سے تقسیم

اول: وہ کتابیں جن میں سب حدیثیں صحیح ہوں مثلاً موطا امام مالک، صحیح بخاری، صحیح مسلم، صحیح ابن حبان۔

دوم: وہ کتابیں جن میں احادیث صحیح وضعیف وحسن ہر طرح کی جمع ہوں مگر سب حجت ہیں مثلاً سنن ابوداؤد، جامع ترمذی، سنن نسائی وغیرہ۔

سوم: وہ کتابیں جن میں حسن، صالح، منکر ہر نوع کی حدیثیں ہوں جیسے سنن ابن ماجہ، مسند طیالسی، مسند عبدالرزاق۔

چہارم: یہ وہ کتابیں ہیں جن میں سب حدیثیں ضعیف ہوں جیسے نوادرالاصول، مسند الفردوس، کتاب الضعفا۔

پنجم: یہ وہ کتابیں ہیں جن سے موضوع حدیثیں معلوم ہوتی ہیں جیسے موضوعات ابن جوزی، موضوعات شیخ محمد طاہر، موضوعات کبیر وغیرہ۔

Marfat.com

# حدیث سے متعلق علوم کا تعارف

علم اسماء الرجال: اس علم میں راویوں کے نام، حالات، پیدائش، وفات، اساتذہ، تلامذہ، لقب، حسب نسب، سوانح عمری، قوم، وطن، جائے ولادت، جائے وفات، علم وفضل، دیانت، تقویٰ، ریاضت وعبادت پر قابل غور تفصیلات دی جاتی ہیں۔ راویوں کی قوت حافظہ، ذکاوت، صحت، مرض، کردار، تقویٰ، کاروبار، شہرت، علم وعمل کے بارے میں بھی تفصیل ہوتی ہے ہم عصر لوگوں کی رائے بھی درج کی جاتی ہے۔

علم مصطلح الحدیث واصول حدیث: اس علم کی روشنی میں حدیث کے صحت وضعف کے قواعد وضوابط معلوم ہوتے ہیں۔

علم الدرایہ: اس علم میں نفس (متن) حدیث کی جانچ ہوتی ہے۔

علم غریب الحدیث: اس علم میں احادیث کے مشکل الفاظ کی لغوی تحقیق کی گئی ہے۔

علم تخریج الاحادیث: اس علم کے ذریعے معلوم ہوتا ہے کہ مشہور کتب تفسیر، فقہ، تصوف اور عقائد کی روایات کا اصل ماخذ کیا ہے۔

علم طبقات الحدیث: اس علم کے ذریعے معلوم ہوتا ہے کہ کس درجہ کی ہے اور اس کے راوی کس طبقہ کے ہیں۔

علم الاحادیث الموضوعہ: موضوع اور من گھڑت روایات کی پہچان اور چھان پھٹک کا علم۔

علم الناسخ والمنسوخ: اس میں یہ بحث ہوتی ہے کہ کون سی حدیث ناسخ ہے اور کون سی منسوخ ہے اور وجہ ناسخ ومنسوخ وغیرہ کیا ہے۔

Marfat.com

علم التوفیق بین الاحادیث: اس علم میں ظاہراً جن روایات میں تعارض اور ٹکراؤ معلوم ہوتا ہے ان کی حقیقت وتوضیح بیان کی جاتی ہے۔

علم اطراف الحدیث: اس علم کے ذریعے معلوم ہوسکتا ہے کہ فلاں روایت کس کتاب میں ہے اور اس کے راوی کون کون سے ہیں اور روایات کے حوالے تلاش کیے جاتے ہیں۔

علم فقہ الحدیث: اس علم میں احکام پر مشتمل احادیث کے اسرار اور حکمتیں بے نقاب کی جاتی ہیں۔

علم النظر فی الاسناد: اس علم میں حدیث کی سند پر بحث کی جاتی ہے اور اس کے ضعف وقوت پر گفتگو کی جاتی ہے۔

علم کیفیۃ الروایہ: اس میں یہ دیکھا جاتا ہے کہ راوی نے حدیث کو کس طرح روایت کیا ہے اور اس (حدیث) کے درجات کیا ہیں۔

الفاظ الحدیث: اس علم میں یہ دیکھا جاتا ہے کہ محدثین کی اصطلاحات کیا ہیں اور جن الفاظ میں حدیث مروی ہے کیا وہ رسول اللہ ﷺ کے ہوسکتے ہیں یا نہیں؟

علم المؤتلف والمختلف: واقعہ ایک ہی ہوتا ہے مگر دو شخصوں کے متعلق مختلف احکام ہوتے ہیں۔ یا دو واقعات مگر روایت ایک ہی طرح کی ہوتی ہے اس فن میں اس طرح کی صورت حال پر نتیجہ خیز گفتگو ہوتی ہے۔

علم طرق الاحادیث: بعض حدیثیں کئی کئی طریقوں سے مروی ہیں اور معنوی مناسبت سے محدثین ان کے ٹکڑے مختلف مقامات پر لاتے ہیں ان کے بارے میں علم "علم

Marfat.com

طرق الحدیث" کہلاتا ہے۔

علم علل حدیث: اس علم میں وفیات، موالید، مساکن، القاب و اسما اور لقائے رواۃ (راویوں کی آپس میں ملاقات) پر عبور حاصل کرنے کے علاوہ ہر راوی کے الفاظ حدیث کا احاطہ کیا جاتا ہے۔ اس علم کے حامل میں حفظ، فہم اور معرفت اعلیٰ درجے کی ہونی چاہئے۔

علم تصحیف الاسماء: ہم شکل ناموں کی تشریح و امتیاز کا علم۔

علم الوحدان: قلیل الحدیث راویوں کے احوال و آثار کا علم۔

علم اسباب: اس علم میں حدیث کے سبب پر بحث کی جاتی ہے یعنی شان بیان وغیرہ۔

علم المتفق والمفترق: دو یا دو سے زیادہ راویوں کے ناموں کے ایک جیسے ہونے کا علم اور فن۔

علم تاویل مشکل الحدیث: دو متعارض حدیثوں کے اختلاف کو دور کرنے کا فن۔

Marfat.com

# انتخابی مجموعے

اس سلسلے میں مختلف بنیادی کتابوں کے حوالہ سے درج ذیل قسم کے مجموعوں کا ذکر ملتا ہے۔

1- ترغیب وترہیب کے مجموعے۔

2- احادیث قدسیہ، احادیث غریبہ یا احادیث مرفوعہ کے مجموعے۔

3- طویل کتابوں کی تلخیص۔

4- اربعین یا مائۃ اور الف کے عنوان سے چالیس، سو یا ہزار حدیث کے مجموعے۔

5- تجرید کے عنوان سے مجموعہ حدیث کی سندوں اور مکررات کو حذف کر کے حدیث کے مجموعے مرتب کئے گئے۔

6- استخراج اور تخریج کے عنوان سے حدیثوں کے انتخابی مجموعے۔

7- مجموعہ احادیث قدسی اللہ تعالیٰ کے خطاب (رسول اللہ ﷺ کے الفاظ) والی حدیثوں کا مجموعہ۔

8- الجمع کے عنوان سے مختلف کتب حدیث کو یکجا کرنا یا ان کی ترتیب بدلنا۔

9- سیر ومغازی: حدیث کے وہ مجموعے جو حضور ﷺ کی سیرت، شمائل اور مغازی (جنگوں) کے بیان پر مشتمل ہیں۔

Marfat.com

10- اسرائیلیات: یہودیوں سے مسلمان ہونے والے صحابہ سے روایت کردہ اسرائیلی روایات والی حدیثوں کے مجموعے۔

## اسناد کے طول واختصار کے لحاظ سے حدیث کی اقسام

1- وحدانیات: حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور راوی کے درمیان صرف ایک فرد ہو۔

2- ثنائیات: حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور راوی کے درمیان صرف دو افراد ہوں۔

3- ثلاثیات: حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور راوی کے درمیان صرف تین افراد ہوں۔

4- رباعیات: حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور راوی کے درمیان صرف چار افراد ہوں۔

5- خماسیات: حضور صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور راوی کے درمیان صرف پانچ افراد ہوں۔

6- سداسیات: حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور راوی کے درمیان صرف چھ افراد ہوں۔

7- سباعیات: حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور راوی کے درمیان صرف سات افراد ہوں۔

8- ثمانیات: حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور راوی کے درمیان صرف آٹھ افراد ہوں۔

9- تساعیات: حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور راوی کے درمیان صرف نو افراد ہوں۔

10- عشاریات: حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور راوی کے درمیان صرف دس افراد ہوں۔

Marfat.com

# حدیث وسنت

1- بتائیے حدیث وسنت میں کیا فرق ہے؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قول اور حکم کو حدیث اور آپ ؐ کے عمل اور طرزِ زندگی کو سنت کہتے ہیں۔

2- حدیث کا لغوی معنی بتایئے؟

ج: حدیث عربی زبان کا لفظ ہے، قرآن میں تیئس (23) بار آیا ہے، معنی ہے گفتگو، بات چیت، کلام، خبر دینا۔

3- حدیث کی کونسی تین قسمیں ہیں؟

ج: (الف) قولی حدیث (آپ کا فرمایا ہوا)

(ب) فعلی حدیث (آپ کا کیا ہوا)

(ج) تقریری حدیث (آپ کا کسی کام کو ہوتے ہوئے دیکھنا اور کچھ نہ کہنا)

4- سنت کے لغوی معانی کیا ہیں؟

ج: سنت عربی زبان کا لفظ ہے جمع سنن، لغوی معنی ہے راستہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ فعل جسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ کیا یعنی زندگی کے طریقوں کے طور پر اختیار کیا۔

Marfat.com

5- متواتر حدیث سے کیا مراد ہے؟

ج: وہ حدیث جس کی اسناد قوی اور راوی اتنے کثیر ہوں کہ جھوٹ پر ان کا متفق ہونا محال ہو۔ ایسی احادیث کا انکار کفر ہے۔ ذخیرہ حدیث میں ان کی تعداد تقریباً تین سو دس ہے۔

6- غیر متواتر حدیث سے کیا مراد ہے؟

ج: مشہور، عزیز اور غریب (ان تینوں قسموں کو احادیث احاد کہا جاتا ہے)۔

7- بتائیے خبر واحد (اخبار احاد) سے کیا مراد ہے؟

ج: ایسی حدیث جس میں اتنے راوی نہ ہوں جتنے کہ متواتر حدیث میں ہوتے ہیں، خبر احاد کہلاتی ہے۔

8- اخبار احاد کی کون سی دو قسمیں ہیں؟

ج: مقبول اور مردود۔

9- ضعف کے اعتبار سے اخبار احاد کی کتنی قسمیں ہیں؟

ج: <u>16 قسمیں:</u> مردود، ضعیف، مرسل، منقطع، مغفل، شاذ، غریب، متروک، مدرج، مدلس، مضطرب، معضل، معلق، معلول، منکر، موضوع۔

10- مقبول کے اعتبار سے اخبار احاد کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟

ج: صرف دو، صحیح اور حسن۔

11- حدیث صحیح کون سی حدیث ہوتی ہے؟

ج: احاد مقبول کی قسم جس کو پرہیزگار، دیندار، ضبط والے لوگوں نے ہر زمانے میں برابر روایت کیا ہو نہ اس میں کوئی عیب پوشیدہ ہو اور نہ معتبر لوگوں نے اس کی مخالفت کی ہو۔

12- حدیث حسن کس حدیث کو کہا جاتا ہے؟

ج: احاد مقبول کی ایک قسم جس میں حدیث صحیح کی خصوصیات ہوں، مگر راویوں کا حفظ صحیح کے راویوں سے کم تر ہو حجت اور عمل میں دونوں (صحیح اور حسن) برابر ہیں، مگر حسن رُتبہ میں صحیح سے کم ہے۔

13- حدیث مشہور کس طرح کی حدیث ہوتی ہے؟

Marfat.com

ج: احاد کی قسم، وہ حدیث جس کو ہر زمانے میں تین یا تین سے زیادہ راویوں نے روایت کیا ہو۔

14- حدیث مقبول کون سی حدیث کو کہتے ہیں؟

ج: ایسی حدیث جس کے راوی کا صدق وثقاہت معلوم ہو۔

15- مرفوع، موقوف اور مقطوع کس قسم کی حدیثوں کو کہتے ہیں؟

ج: مرفوع: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام یا فعل، سلسلہ سند حضور صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچے

موقوف: رسول اللہ کا کلام یا فعل، سلسلہ صحابی تک پہنچے۔

مقطوع: کوئی تابعی حدیث بیان کرے مگر جس سے سنی اس صحابی کا ذکر نہ کرے، اسے مرسل بھی کہا جاتا ہے۔

16- تدوین حدیث کے لغوی اور اصلاحی معانی بیان کریں؟

ج: لغوی: جمع کرنا، اکٹھا کرنا، مرتب کرنا۔

اصطلاحی: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات اور اقوال کو جمع و مرتب کرنا۔

17- کن تین ادوار کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ''خیر'' قرار دیا ہے؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنا عہد (خَیْرُ الْقُرُوْنِ قَرْنِیْ) صحابہؓ کا دور (ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَهُمْ) تابعین کا دور (ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَهُمْ)۔

18- بتائیے ''خیر القرون'' کے تین ادوار کتنی کتنی مدت پر محیط ہیں؟

ج: (الف) سرور کائنات اور آپؐ کے صحابہ کا دور: آغاز اسلام تا 110 ہجری

(ب) تابعین کا دور: 111 ہجری تا 170 ہجری

(ج) تبع تابعین کا دور: 171 ہجری تا 260 ہجری

(ب اور ج کو ایک مکمل دور بھی گنا جاتا ہے)

19- تدوین حدیث کا پہلا دور کن دو ادوار پر مشتمل ہے؟

ج: (الف) اعلانِ نبوت تا وفات شریف (ب) وفات شریف تا سو ہجری

20- کوئی دو ایسے معاہدوں کی نشاندہی کیجئے اور جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لکھوائے ہوں۔

Marfat.com

ج: (الف) میثاقِ مدینہ (ب) صلح حدیبیہ
(ج) نجران کے عیسائیوں سے معاہدہ (د) معاہدہ بنو حمزہ
(و) معاہدہ بنو غطفان

21- کوئی دو ایسی تحریروں کے نام لکھیں جو معاہدوں کے علاوہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لکھ کر دیں؟

ج: (الف) سراقہ بن مالک کو معافی نامہ (ب) تمیم داری کو تحریر لکھ کر دی
(ج) خارجہ بن سواد کو تحریر لکھ کر دی (د) تمیم بن اوس کو تحریر لکھ کر دی

22- کوئی دو ایسے دو صحابہ کے نام لکھئے جنہوں نے آپ کے زمانے میں ارشادات و احکامِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم مرتب کر رکھے تھے؟

ج: (الف) عبداللہؓ بن عمرو بن العاص کا صحیفہ (ب) ابو ہریرہؓ کا صحیفہ
(ج) صحیفہ علیؓ (د) کتاب جابرؓ بن عبداللہ
(ہ) کتاب سعدؓ بن عبادہ
(و) حضرت انسؓ بن مالک کا جزء دان

23- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ حجتہ الوداع کس صحابی کو لکھ کر عطا فرمایا تھا؟

ج: ابو شاہ یمنی کو ان کی درخواست پر لکھ کر دیا گیا۔

24- حضرت ابو بکر صدیقؓ نے کتنی احادیث کا مجموعہ لکھ رکھا تھا؟

ج: پانچ سو احادیث۔

25- حضرت عمر فاروقؓ کی روائت کردہ احادیث کی تعداد کتنی ہے؟

ج: پانچ سو سینتیس (537) (بروایت بعض چھ سو تیس 630)

26- حضرت عثمان غنیؓ کی مرویات کی تعداد کتنی ہے؟

ج: ایک سو چوبیس (124)۔

27- سب سے زیادہ روایات کس صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کی ہیں؟

ج: حضرت ابو ہریرہؓ، آپ نے 5374 احادیث کی روایت کی۔

Marfat.com

28- خواتین صحابیات میں سب سے زیادہ احادیث کن سے مروی ہیں؟

ج: اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ سے 2210 احادیث مروی ہیں۔

29- کم از کم تین صحابہ کے نام لکھئے جن میں سے ہر ایک نے دو ہزار سے زیادہ حدیثیں روایت کی ہیں؟

ج: (الف) عبداللہ بن عباسؓ (2660 احادیث)

(ب) انس بن مالکؓ (2286 احادیث)

(ج) عبداللہ بن عمرؓ (2230 احادیث)

30- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمروؓ بن حزم کو حاکم یمن مقرر کیا تو ایک تحریر لکھ دی۔ اس میں کیا درج تھا؟

ج: فرائض، صدقات، دیات، طلاق، عتاق، صلوٰۃ کے احکام۔

31- قرآن کو تو وحی متلو کہتے ہیں؟ حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا کہتے ہیں؟

ج: وحی غیر متلو یا وحی خفی۔

32- حدیث مکمل کریں (مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا) (جس نے مجھ سے جھوٹ منسوب کیا؟)

ج: فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ (پس اس کو چاہئے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے)۔

33- حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کی خواہش (حکم) پر سب سے پہلے کس نے مجموعہ حدیث مرتب کیا؟

ج: امام محمدؒ بن مسلم بن شہاب زہری نے ''کتاب السیر ۃ'' کے نام سے۔

34- حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو مرتب کرتے وقت کتنی قسم کی تقسیم میں مرتب کیا گیا؟

ج: گیارہ:

(۱) صدقہ (۲) فرائض (۳) سیرت

(۴) قضایا و خطوط (۵) فتاویٰ اساتذہ و شیوخ

(۶) ابواب و فصول (۷) جامع الابواب

(۸) تفسیر (۹) کسی ایک صحابی کے فیصلے و خطوط

Marfat.com

(۱۰) اساتذہ کی مرویات (۱۱) احادیث مع استنباط مسائل

35- جامع کس قسم کی حدیث کی کتاب ہوتی ہے؟

ج: جس میں ہر قسم کے مسائل کی حدیثیں ہوں۔

36- سنن، مجموعہ ہائے حدیث کس طرح کی کتاب ہوتی ہے؟

ج: جس میں احکام کی روایت فقہی ترتیب کے مطابق ہو۔

37- مسند کس قسم کی کتب حدیث کو کہتے ہیں؟

ج: جس میں حدیث کی ترتیب (۱) صحابہ کے رُتبہ کے مطابق یا (۲) حروف ہجا کے مطابق یا (۳) تاریخ وار ترتیب کے مطابق ہو۔

38- حدیث کی کس کتب کو معجم کہا جاتا ہے؟

ج: حدیث کا ایسا مجموعہ جس میں سند کا سلسلہ شیوخ حدیث سے شروع ہو کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم تک جائے۔

39- جامع اور صحیح حدیث کی کون کون سی کتابیں ہیں؟

ج: ایک ہی قسم کی کتاب کا نام ہے، مثلاً صحیح بخاری اور صحیح مسلم۔

40- صحیح بخاری اور صحیح مسلم کے مرتبین کو کیا کہا جاتا ہے؟

ج: دونوں میں سے کسی ایک کے مرتب کو شیخ اور دونوں کے مرتبین کو شیخین کہا جاتا ہے اور دونوں کی روایت کردہ حدیث کو ''متفق علیہ'' کہا جاتا ہے۔

41- بتائیے کسی حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟

ج: دو حصوں میں:

(۱) سند: بیان کرنے والوں کے ترتیب وار ناموں کا سلسلہ۔

(۲) متن: بیان کیا گیا مواد، بات، حکم، قول یا تفصیل۔

42- ''درایت'' کسے کہتے ہیں؟

ج: حدیث کے متن کا جائزہ لینا کہ بات:

(الف) قرآن کے مطابق ہے۔

Marfat.com

(ب) عقل کے مطابق ہے۔

(ج) قوانین فطرت کے مطابق ہے۔

(د) بیان کردہ بات ممکن ہے یا نہیں وغیرہ وغیرہ۔

43- متصل، محکم اور قوی حدیث کیا ہوتی ہے؟

ج: متصل: ایسی حدیث جس کا سلسلہ اسناد مکمل اور معلوم ہو۔

قوی: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد جس کے آخر میں آپ نے قرآن کی آیت پڑھی ہو۔

44- ناسخ اور منسوخ اصطلاحات حدیث میں کیا چیز ہیں؟

ج: ناسخ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آخری زندگی کے اقوال اور عمل۔

منسوخ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ابتدائی زندگی کے اقوال اور عمل۔

45- جزو اور اربعین کس قسم کے مجموعہ ہائے حدیث ہوتے ہیں؟

ج: جزو: جس میں صرف ایک مسئلہ یا موضوع سے متعلق حدیثیں مندرج ہوں۔

اربعین: وہ کتاب حدیث ہے جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی چالیس حدیثیں مندرج ہوں۔ اسے چہل حدیث بھی کہا جاتا ہے۔

46- حدیث قدسی، حدیث فضیلت اور حدیث احکام کس طرح کی حدیثیں ہوتی ہیں؟

ج: حدیث قدسی: اللہ کا اپنے بندوں سے خطاب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ میں ہو تو وہ حدیث قدسی کہلاتی ہے۔

حدیث فضیلت: اشخاص، جگہوں، اعمال وغیرہ کی فضیلت وعظمت والی حدیثیں۔

حدیث احکام: ایسی حدیثیں جن میں حلال وحرام اور امر ونہی مذکور ہو۔

47- حافظ، حجت اور حاکم کس درجہ کے محدث کو کہتے ہیں؟

ج: حافظ: ایک لاکھ حدیثوں کا حافظ۔

حجت: تین لاکھ حدیثوں کا حافظ۔

حاکم: تمام احادیث کی اسناد اور متنوں کا حافظ۔

Marfat.com

48- جرح وتعدیل سے کیا مراد ہے:

ج: جرح: کسی راوی حدیث کے عیب پر گفتگو کرنا۔

تعدیل: کسی راوی حدیث کی صفات بیان کرنے کو کہتے ہیں۔

49- کون سی حدیث شریف سات سو سندوں سے روایت ہوئی ہے؟

ج: اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ (بے شک اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے)۔

50- صحیح بخاری (مشہور مجموعہ حدیث) کا مکمل نام بتایئے؟

ج: الجامع الصحیح المسند من امور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وایامہ۔

51- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی طرف منسوب قول کو کس کسوٹی پر پرکھنے کا حکم دیا ہے؟

ج: قرآن کی تعلیمات کی کسوٹی پر۔

فرمایا: ''اگر قرآن کے مطابق ہو تو لے لو ورنہ چھوڑ دو''۔

52- بتایئے السلام علیکم کا مطلب کیا ہے؟

ج: السلام علیکم کا مطلب ہے۔''آپؐ پر سلامتی ہو''۔کہنے والا مخاطب کو یہ دُعائیہ کلمات کہتا ہے۔مخاطب جواباً وعلیکم السلام کہہ کر یہی دُعا کرتا ہے۔

53- کن حدیثوں کو ''متفق علیہ'' کہا جاتا ہے؟

ج: جو بخاری شریف اور مسلم شریف میں بیان ہوئی ہوں۔ایسی کل 2326 حدیثیں ہیں۔جن کا مجموعہ ''اللولو والمرجان'' کے نام سے محمد فواد عبدالباقی نے مرتب کیا ہے۔

54- موطا کے نام سے کس کا مجموعہ حدیث عالمی شہرت کا حامل ہے؟

ج: موطا امام مالکؒ مرتبہ حضرت مالکؒ بن انسؒ مدنی۔موطا بمعنی سہل، آراستہ، تیار، متوازن اور متفق علیہ۔

55- ''اَلْمُسْتَدْرِکُ عَلَی الصَّحِیْحَیْنِ'' کے نام سے کس محدث نے مجموعہ حدیث مرتب کیا؟

ج: شیخ ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ بن محمد حاکم نیشاپوری نے۔

56- ''صحاح ستہ'' حدیث کی کن کتابوں کو کہا جاتا ہے؟

Marfat.com

ج: حدیث کی اہلسنت کی چھ کتابیں۔

(الف) صحیح بخاری: مرتبہ امام محمد بن اسماعیل بخاری (7275 حدیثیں)۔

(ب) صحیح مسلم: مرتبہ ابو الحسین امام مسلم بن الحجاج القشیری نیشاپوری (7422 حدیثیں)۔

(د) سنن ابو داؤد: مرتبہ امام ابو داؤد سلیمان ابن اشعث بجستانی (سیستانی) (4800 حدیثیں)۔

(ز) سنن ابن ماجہ: ابوعبداللہ امام محمد بن یزید قزوینی ابن ماجہ۔ (4341 حدیثیں۔)

(ہ) سنن نسائی: مرتبہ ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی (5764 حدیثیں)۔

-57 بتائیے سنن نسائی جامع ہے یا مسند؟

ج: نہ جامع ہے نہ مسند بلکہ یہ سنن ہے۔

-58 مسند احمد کے مولف کا نام لکھیے؟

ج: امام الفقہ والحدیث امام احمد بن حنبل بغدادی۔ مسند کی دس جلدیں ہیں، جن میں سات سو اصحاب سے تیس ہزار حدیثیں جمع ہیں۔

-59 مشکوٰۃ شریف (مشکوٰۃ المصابیح) حدیث شریف کا ایک بڑا وقیع مجموعہ ہے، بتائیے کس نے مرتب کیا؟

ج: امام ولی اللہ ابی عبداللہ محمد بن عبداللہ الخطیب۔ اس میں حدیث کے گیارہ مجموعوں سے اخذ کر کے 5945 حدیثیں حدیثیں جمع کی گئی ہیں۔

-60 حدیث شریف کی کس کتاب کو "اصح الکتاب بعد کتاب اللہ الباری" (کتاب اللہ کے بعد سب سے صحیح کتاب) کہا جاتا ہے۔

ج: بخاری شریف۔

-61 اصول اربعہ حدیث کی کن کتابوں کو کہا جاتا ہے؟

Marfat.com

ج: اہل تشیع کی حدیث کی چار کتابیں:

(الف) الکافی: مرتبہ محمد بن یعقوب الکلینی۔

(ب) من لا یحضرہ الفقیہ: مرتبہ محمد بن علی بن بابویہ قمی۔

(ج) تہذیب الاحکام: مرتبہ ابو جعفر محمد بن الحسن طوسی۔

(د) الاستبصار: مرتبہ ابو جعفر محمد بن حسن طوسی۔

62- اسماء الرجال علم حدیث کے کس فن کو کہا جاتا ہے؟

ج: حدیث کی روایت کرنے والوں کے حالاتِ زندگی کا علم ''اسماء الرجال'' کہلاتا ہے۔

63- موضوع حدیث کے کوئی سے تین خصائص لکھیے؟

ج: (الف) قرآن مجید کیخلاف ہونا (ب) حدیث صحیح کیخلاف ہونا

(ج) عقل کیخلاف ہونا (د) مشاہدہ کیخلاف ہونا

(ہ) رکاکت لفظی کی حامل ہونا

64- کتب حدیث کے چاروں طبقات میں سے ہر طبقہ کی کم از کم دو کتابوں کے نام لکھیں؟

ج: طبقہ اوّل: موطا امام مالکؒ، صحیح بخاری، صحیح مسلم۔

طبقہ دوم: جامع ترمذی، سنن ابی داؤد، سنن نسائی، مسند احمدؒ بن حنبل۔

طبقہ سوم: سنن ابن ماجہ، مسند شافعیؒ، مسند دارمی، معجم کبیر و معجم صغیر۔

طبقہ چہارم: کتاب الضعفا، تصانیف حاکم، الکامل ابن عدی، فردوس الدیلمیؒ۔

65- شروط شیخین سے کیا مراد ہے؟

ج: امام بخاری اور امام مسلم کی مقرر کردہ صحت حدیث کی شرائط۔

66- ''ام الاحادیث'' کن حدیثوں کو کہا جاتا ہے؟

ج: سنت موکدہ، سنت غیر موکدہ، مباح، گناہ صغیرہ اور مکروہ وغیرہ کے احکامات کی حدیثوں کو ''محکمات'' اور ''ام الاحادیث'' کہا جاتا ہے۔

67- کیا آپ کو معلوم ہے کہ اسلامی قانون کے ماخذ میں حدیث کا کیا مقام ہے؟

ج: جی ہاں! یہ دوسرا ماخذ قانون ہے۔

Marfat.com

68- کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ حضرت امام حسنؓ، حضرت امام حسینؓ اور ان کی والدہ حضرت فاطمۃ الزہرہؓ سے اہلِ سنت کی کتابوں میں کتنی کتنی حدیثیں روایت ہوئی ہیں؟

ج: جی ہاں! حضرت امام حسنؓ: 13 روایات

حضرت امام حسینؓ: 8 روایات

حضرت فاطمۃ الزہراؓ: 18 روایات

69- حضرت امام زین العابدینؒ کی حضرت امام حسینؓ اور حضرت علیؓ سے روایات کیا کہلاتی ہیں؟

ج: ''اصح الاسانید''۔

70- امام دارالہجرۃ اور امیر المومنین فی الحدیث کس محدث کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت ابوعبداللہ امام مالکؒ بن انسؓ بن مالک بن عامر اصبحی مولف ''موطا''۔

71- علم حدیث کی بہت وسیع دائرہ میں خدمت کرنے والے صحیح بخاری کے ایک شارح نے ''فتح الباری'' لکھی، نام بتایئے؟

ج: ابو الفضل شہاب الدین بن احمد ابن حجر عسقلانی شافعی۔ فتح الباری سترہ جلدوں، (ایک جلد میں مقدمہ + 16 جلدیں مجموعہ حدیث ہے) اس کا اُردو ترجمہ مکتبہ اصحاب الحدیث اُردو بازار لاہور نے شائع کر دیا ہے۔

72- حضرت امام شافعیؒ اور حضرت امام ابوحنیفہؒ کی علم الحدیث پر مبنی کتب کے نام لکھیے؟

ج: امام شافعیؒ: کتاب الام امام ابوحنیفہؒ: کتاب الآثار

73- صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی سب سے پہلی حدیث لکھیے؟

ج: اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ وَاِنَّمَا لِکُلِّ امْرِئٍ مَّا نَوٰی فَمَنْ کَانَتْ هِجْرَتُهٗ اِلَی اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَهِجْرَتُهٗ اِلَی اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَنْ

Marfat.com

كَانَتْ هِجْرَتُهٗ لِدُنْيَا يُصِيْبُهَا اَوِامْرَأَةٍ يَنْكِحُهَا فَهِجْرَتُهٗ اِلٰى مَاهَاجَرَ اِلَيْهِ.

ترجمہ: بے شک اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے اور بے شک ہر شخص کے لئے وہی کچھ ہے جس کی اس نے نیت کی۔ پس جس کسی نے اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہجرت کی تو اس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہی ہے اور جس کسی نے دُنیا کے لئے (دُنیا کے مقاصد کے لئے) ہجرت کی یا کسی عورت کے لئے ہجرت کی تا کہ اس سے نکاح کرے تو اس کی ہجرت اسی طرف ہے جس طرف اس نے ہجرت کی)۔

-74 اربعین نووی اور ریاض الصالحین کے مولفین کے نام لکھئے؟

ج: دونوں کتابوں کا موقف ایک ہی شخص ہے، شیخ الاسلام محی الدین ابوزکریا یحیٰ بن شرف النوویؒ۔

-75 ارشادِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم "میں تم میں دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں، اگر ان کو پکڑے رہو گے گمراہ نہ ہو گے وہ ہیں....." مکمل کریں؟

ج: (الف) کتاب اللہ اور میری سنت۔

(ب) کتاب اللہ اور میری عترت (اولاد)۔

(حدیث شریف میں دونوں طرح سے ذکر آیا ہے)

-76 حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے شروع شروع میں صحابہ رضی اللہ عنہ کو کتابتِ حدیث سے کیوں منع کیا تھا؟

ج: تا کہ قرآن اور حدیث آپس میں خلط ملط نہ ہو جائیں۔ (جب صحابہؓ کو قرآن اور حدیث میں تمیز ہو گئی تو آپؐ نے لکھنے کی اجازت دے دی)۔

-77 موضوع حدیث اور ضعیف حدیث میں کیا فرق ہے؟

ج: ایسی حدیث جسے خود سے گھڑ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کر دیا گیا ہو، موضوع کہلاتی ہے اور ایسی حدیث جو گھڑی ہوئی تو نہ ہو مگر اس میں ضعف یا سقم

Marfat.com

(Weakness) موجود ہو ضعیف کہلاتی ہے۔

78- صحیحین کی شرائط اور شرائط شیخین میں کیا فرق ہے؟

ج: دونوں کا ایک ہی مطلب ہے، حدیث کے اخذ وقبول کے سلسلے میں امام بخاری اور امام مسلم کی شرائط یا صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی شرائط۔

79- تفسیر قرآن کے سلسلے میں حدیث شریف کی کون سی چار قسمیں ہیں؟

ج: قسم اوّل: قرآنی حکم کی تائید وتاکید میں آنے والی حدیثیں۔

قسم دوم: قرآن کے مطلب ومفہوم کی وضاحت کے لئے موجود حدیثیں۔

قسم سوم: ساکت عن القرآن مسائل واحکام میں ماخذ شریعت حدیثیں۔

قسم چہارم: نسخ من القرآن کے طور پر آنے والی حدیثیں۔

80- علم تاویل مشکل الاحادیث، حدیث سے متعلق کس علم کو کہتے ہیں؟

ج: دو مخالف ومتعارض حدیثوں کی تاویل کر کے ان کے تعارض کو دُور کرنے کا علم ''تاویل مشکل الحدیث'' کہلاتا ہے۔

81- حدیث میں ''اسرائیلیات'' سے کیا مراد ہے؟

ج: حضرت کعبؓ احبارؓ حضرت عبداللہؓ بن سلام اور وہب بن منبہؒ کی روایات جو دراصل اسرائیلی واقعات واخبارات ہیں، اسرائیلیات کہلاتے ہیں۔

82- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کس قسم کی روایات کے بارے میں فرمایا ہے، (لاَ تُصَدِّقُوْا وَلاَ تُکَذِّبُوْا) (نہ ان کی تصدیق کرو نہ تکذیب کرو)۔

ج: ''اسرائیلیات'' کے بارے میں۔

Marfat.com

# خلافتِ راشدہ

1- خلافتِ راشدہ سے کیا مراد ہے؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ سے حضرت علیؓ تک کا ہدایت سے پُر دور (11 ہجری تا 40 ہجری) جس میں صحابہ کرام نے نبوی طریقوں کے مطابق حکومت کی، خلافت راشدہ کہلاتا ہے۔

2- خلیفہ اور خلافت کے کیا معنی ہیں؟

ج: خلیفہ: بعد میں آنے والا۔

خلافت: بعد میں آنا، خلافت کا شرعی مفہوم ہے۔ ''نبی علیہ السلام کا نائب'' بننا۔

3- خلفائے راشدین کا انتخاب کس طریقے سے عمل میں آتا رہا؟

ج: اتفاق رائے سے۔

4- قرآن مجید میں خلیفہ کا لقب کن کن شخصیات کو ملا؟

ج: دو۔ حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت داؤد علیہ السلام۔

5- حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خلفائے راشدین کی کون سی صفت بیان کی ہے؟

ج: خلفائے راشدین ہدایت یافتہ ہیں۔ (خُلَفَاءَ الرَّاشِدِیْنَ الْمَھْدِیِّیْنَ)۔

Marfat.com

6- چاروں خلفائے راشدین کا انتخاب کیسے ہوا؟

ج: (الف) حضرت ابوبکر صدیق ؓ، حضرت عمرؓ نے نام تجویز کیا۔ پہلے انصار پھر مہاجرین، پھر تمام اہل مدینہ نے بیعت کی۔

(ب) حضرت عمرؓ: حضرت ابوبکر صدیق ؓ نے نامزدگی کی اور تمام اہل مدینہ نے بیعت کر لی۔

(ج) حضرت عثمانؓ: چھ صحابہ کی مجلس نے دو صحابہ حضرت علیؓ اور حضرت عثمانؓ کو نامزد کیا۔ پھر عثمانؓ کی طرف زیادہ جھکاؤ ہوا وہ منتخب ہوئے اور بالآخر حضرت علیؓ نے بھی حضرت عثمانؓ کی بیعت کر لی۔ بعد ازاں اہل مدینہ نے بیعت کی۔

(د) حضرت علیؓ: شہادت عثمانؓ کے بعد معززین مدینہ حضرت علیؓ کے پاس حاضر ہوئے اور امامت و خلافت کا منصب سنبھالنے کی درخواست کی۔ حضرت علیؓ نے اگلے روز اہل مدینہ سے بیعت لی۔

7- حضرت ابوبکر صدیق ؓ کا نام و نسب بتائیے؟

ج: نام قبل از اسلام: عبدالکعبہ — نام بعد از اسلام: عبداللہ

کنیت: ابوبکرؓ — القاب: صدیق و عتیق

والد: عثمان بن عامر — والدہ: سلمیٰؓ بنت صخر

قبیلہ: بنو تمیم یا بنو تیم

(آٹھویں پشت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے رشتہ جا ملتا ہے)

8- حضرت عمر فاروق ؓ کا نام و نسب بتائیے؟

ج: نام: عمرؓ — والد کا نام: خطاب

والدہ کا نام: خنتمہ — کنیت: ابو حفص

لقب: فاروق — قبیلہ: بنو عدی

(آٹھویں پشت میں نسب حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے جا ملتا ہے)۔

Marfat.com

9- حضرت عثمان غنیؓ کا نام ونسب بتایئے؟

ج: نام: عثمان والد کا نام: عفان

والدہ کا نام: اروی بنت کریز کنیت: ابوعبداللہ، ابوعمرو

قبیلہ: بنواُمیہ

(پانچویں پشت میں نسب حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے جاملتا ہے)۔

10- حضرت علی مرتضیٰؓ کا نام ونسب بتایئے؟

ج: نام: اسد (والدہ نے رکھا) زید: (والدہ نے رکھا)

علیؓ: (حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھا) کنیت: ابوالحسن، ابوتراب

والد کا نام: ابوطالب (عبدمناف) والدہ: فاطمہؓ بنت اسد

قبیلہ: بنو ہاشم

(آپ کے والد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ماں اور باپ دونوں کی طرف سے سگے چچا تھے)

11- حضرت ابوبکر صدیقؓ کے نانا اور دادا کا نام لکھئے؟

ج: نانا: صخر بن عمرو دادا: عامر بن عمرو

12- حضرت عمر فاروقؓ کے نانا اور دادا کا نام لکھئے؟

ج: نانا: ہاشم بن المغیرہ دادا: نفیل بن عبدالعزیٰ

13- حضرت عثمان غنیؓ کے نانا اور دادا کا نام لکھئے؟

ج: نانا: کریز بن ربیعہ دادا: ابی العاص بن امیہ

14- حضرت علی المرتضیٰؓ کے نانا اور دادا کا نام لکھئے؟

ج: اسد بن ہاشم دادا: عبدالمطلب بن ہاشم

15- حضرت ابوبکر صدیقؓ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج: 573 عیسوی، 3 عام الفیل، 57 قبل از ہجرت مکہ میں پیدا ہوئے۔

16- حضرت عمر فاروقؓ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج: 40 قبل از ہجرت 584 عیسوی مکہ میں پیدا ہوئے۔

Marfat.com

-17 حضرت عثمان غنیؓ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج: 576 عیسوی 6 عام الفیل (طائف) مکہ میں پیدا ہوئے۔

-18 حضرت علی المرتضیٰؓ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج: 13 رجب 30 عام الفیل 600 عیسوی، 24 قبل از ہجرت بروز اتوار مکہ میں پیدا ہوئے۔

-19 حضرت ابوبکر صدیقؓ کے والد اور والدہ کی کنیت کیا تھی؟

ج: والد: ابوقحافہ والدہ: ام الخیر

-20 حضرت عمر فاروقؓ سے پہلے کتنے مرد اور عورتیں اسلام قبول کر چکے تھے؟

ج: چالیس مرد اور گیارہ عورتیں —— آپ 41 ویں مرد مسلمان تھے۔ سن 6 نبویؐ میں اسلام قبول کیا۔

-21 حضرت عثمانؓ کے کوئی سے دو ایسے القاب بتایئے جو آپ کو رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دیئے ہوں؟

ج: (الف) غنی (ب) ذُوالنُّورَینْ

-22 حضرت علیؓ کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے رشتے گنوایئے؟

ج: (الف) چچازاد بھائی (ب) داماد

(ج) مواخات میں بھائی (د) برادرِ نسبتی

-23 حضرت ابوبکر صدیقؓ کی چار نسلیں صحابی تھیں، بھلا گنوایئے تو؟

ج: (الف) والدین (ب) خود

(ج) اولاد (د) اولاد کی اولاد (پوتے، پوتیاں)

-24 قرآن نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کو صاحب، ثانی اثنین اور عوام نے یارِ غار کہا، بھلا کیوں؟

ج: کیونکہ آپ غارِ ثور میں تین دن رات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہے۔ یہ مرتبہ کسی اور صحابی کو نہ ملا۔

Marfat.com

25- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کو کب ''صدیق'' کالقب دیا؟

ج: معراج کے واقعات کی تصدیق کرنے پر (10 نبویؐ میں) فرمایا: ''ہر نبی کا ایک صدیق ہوتا ہے اور میرا صدیق ابوبکرؓ ہے''۔

26- حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے سسر تھے۔ اس حوالے سے ان دونوں کو کیا کہا جاتا ہے؟

ج: شیخین (دو بزرگ)۔

27- حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے داماد تھے، اس حوالے سے ان کو کیا کہا جاتا ہے؟

ج: ختنین (دو داماد)۔ ختن ایک داماد کو کہتے ہیں۔

28- ''میں نے سب کے احسانات اُتار دیے، مگر...... کا احسان نہیں اُتار سکا''۔ ارشادِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم مکمل کریں۔

ج: ابوبکر صدیقؓ۔

29- دورِ صدیقی کی ابتدائی مشکلات گنوایئے؟

ج: فتنہ ارتداد، مانعین زکوٰۃ، لشکر اسامہ کی روانگی، جھوٹے نبی۔

30- دورِ صدیقی کا وہ کارنامہ بیان کریں، جو آپ کے بعد کسی کے حصے میں نہ آیا؟

ج: جمع قرآن، آپ کے حکم سے حضرت زید بن ثابت انصاری نے قرآن کو کتابی شکل میں جمع (تحریر) کیا۔

31- حضرت ابوبکر صدیقؓ کی وہ کون سی سعادت ہے جو تمام صحابہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام سعادتوں پر بھاری ہے؟

ج: غارِ ثور میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تین دن رات کا قیام۔

32- حضرت ابوبکر صدیقؓ کی مدت خلافت کب سے کب تک ہے؟

ج: 12 ربیع الاول، 11 ہجری تا 22 جمادی الثانی، 13 ہجری (7 جون 632ء تا 23 اگست 634ء)۔

Marfat.com

33- کن دو منکرین قبیلوں کے خلاف حضرت ابوبکر صدیقؓ نے خود پیش قدمی کی؟

ج: بنو عبس اور بنو ذبیان۔

34- حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دور میں نبوت کا جھوٹا دعویٰ کرنے والے چار افراد کون تھے؟

ج: اسود عنسی (قتل ہوئے) مسیلمہ کذاب (قتل ہوئے) طلیحہ اسدی (توبہ کر کے دوبارہ مسلمان ہوئے) سجاح بنت الحارث (مفقود الخبر ہوگئی۔ کئی سالوں کے بعد تائب اور اِسلام کی حالت میں ملی)۔

35- حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دور میں کن محاذوں پر جنگوں کا آغاز ہوا؟

ج: محاذ عراق، محاذ شام۔

36- عہد جاہلیت میں خاندان ابوبکر کے پاس کون سی ذمہ داری تھی؟

ج: عہدہ اشناق، منصفی وثالثی ''خون بہا'' کی ذمہ داری۔

37- جب حضرت ابوبکر صدیقؓ اِسلام لائے تو ان کے پاس سامانِ تجارت کے علاوہ کتنی رقم تھی؟

ج: چالیس ہزار درہم۔

38- ''عقد مواخات'' میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کے بھائی کون بنے؟

ج: حضرت خارجہؓ بن زید انصاری۔ یہ بعد میں آپ کے سسر بھی بنے، ان کی بیٹی حضرت حبیبہؓ سے آپ کا نکاح ہوا۔

39- حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے کن دو صحابہ کو دین کے کان اور آنکھیں قرار دیا تھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ۔

40- غزوۂ تبوک کے موقع پر حضرت ابوبکر صدیقؓ نے چار ہزار درہم مالیت کا ساز و سامان حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نذر کر دیا تو عمر فاروقؓ نے کیا کہا؟

ج: ''اب مجھ کو یقین ہو گیا ہے کہ میں حضرت ابوبکرؓ سے کبھی سبقت نہیں لے جا سکتا''۔

41- غزوۂ تبوک کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیقؓ سے پوچھا کہ

Marfat.com

"سب لے آئے ہو یا گھر والوں کے لئے بھی چھوڑ آئے ہو" تو آپ نے کیا جواب دیا؟

ج: اَبْقَيْتُ لَهُمُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ (میں ان کے لئے اللہ اور اس کے رسول کو چھوڑ آیا ہوں)۔ علامہ اقبال نے اس جواب کو اپنے شعر میں یوں بیان کیا ہے۔ ع

چراغ کو پروانہ، بلبل کو پھول بس
صدیقؓ کے لئے ہے خدا کا رسول بس

-42 ان اشاروں سے آپ کے ذہن میں کون سا واقعہ آتا ہے؟

سقیفہ بنی ساعدۃ، وفات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، انصار کا مشورہ، خلیفۃ الرسول۔

ج: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات پر سقیفہ بنی ساعدہ میں انصار اپنے میں سے امیر منتخب کرنا چاہتے تھے کہ حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ اور ابوعبیدہؓ بن الجراح وہاں چلے گئے اور بحث اور گرما گرمی کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ کو خلیفہ بنایا گیا۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ اپنے آپ کو "خلیفۃ الرسول" کہا کرتے تھے۔

-43 حضرت ابوبکر صدیقؓ نے یہ الفاظ کب کہے۔ "قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، اگر مدینے میں اتنا سناٹا چھا جائے کہ درندے آ کر میری ٹانگیں نوچیں تب بھی اس مہم کو نہیں روک سکتا"۔

ج: لشکر اسامہ کی روانگی کے وقت لوگوں کے اعتراضات کے جواب میں۔

-44 دورِ صدیقی کے کم از کم دو فوجی جرنیلوں کے نام بتایئے؟

ج: مثنیٰؓ بن حارثہ، خالدؓ بن ولید، اسامہؓ بن زید۔

-45 عراق اور شام کے کم از کم دو معرکوں کے نام لکھئے جو دورِ صدیقی میں لڑے گئے؟

ج: (الف) عراق: جنگ الیس، عین التمر کا معرکہ، فراض کی جنگ، جنگ سلاسل، جنگ مزار، جنگ ولجہ۔

(ب) شام: فلسطین کی مہم، دمشق کی مہم، حمص کی مہم، اردن کی مہم، اجنادین کا معرکہ۔

-46 حضرت ابوبکر صدیقؓ اسلامی لشکر کی روانگی سے پہلے سپاہیوں کو کتنی نصیحتیں کیا کرتے تھے؟

Marfat.com

ج: دس:

(۱) کسی عورت، بوڑھے، بچے کو قتل نہ کرنا۔

(۲) پھل دار درختوں کو نہ کاٹنا۔

(۳) آبادی کو ویران نہ کرنا۔

(۴) جانوروں کو بے کار ذبح نہ کرنا۔

(۵) نخلستان میں آگ نہ لگانا۔

(۶) مالِ غنیمت میں غبن نہ کرنا۔

(۷) بزدلی نہ دکھانا۔

(۸) بے وفائی (غداری) نہ کرنا۔

(۹) خیانت نہ کرنا۔

(۱۰) خانقاہوں میں بیٹھے ہوئے عبادت گزاروں اور راہبوں کو قتل نہ کرنا۔

47- دورِ صدیقیؓ کی کس جنگ میں بارہ سو کے قریب صحابہ شہید ہوئے، جن میں سے سات سو قاری اور ستر حافظ قرآن تھے؟

ج: جنگ یمامہ، جو لشکر خالد بن ولید اور لشکر مسیلمہ کے درمیان 12 ہجری میں لڑی گئی۔

48- حضرت ابوبکر صدیقؓ نے کب امیر الحج کے فرائض انجام دیئے؟

ج: 9 ہجری میں اسلام کے پہلے حج کے موقع پر جب آپ 300 حجاج کو لے کر مکہ گئے۔

49- رحلت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد انصار اپنے میں سے کسے خلیفہ بنانا چاہتے تھے؟

ج: سعد بن عبادہ، انہوں نے تمام عمر حضرت ابوبکر صدیقؓ کی بیعت نہیں کی۔

50- انصار اور مہاجرین میں سے سب سے پہلے کس نے ابوبکر صدیقؓ کی بیعت کی؟

ج: انصار: بشیر بن سعدؓ مہاجرین: عمر فاروقؓ

51- "جنگ بزاخہ" دورِ صدیقی کی ایک جنگ ہے، کن کے درمیان ہوئی؟

ج: حضرت خالدؓ بن ولید اور عینیہ بن حصن (طلیحہ اسدی کا سپہ سالار) کے درمیان 12 ہجری میں۔

Marfat.com

52- حضرت ابوبکر صدیقؓ بیمار ہوئے تو آپ نے ایک جلیل القدر صحابی کو امامت کی ذمہ داری سونپی، وفات کے بعد انہوں نے ہی آپ کا جنازہ پڑھایا۔ بتائیے کون؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ

53- دورِ صدیقی میں یہ عہدے کن کے پاس تھے۔ گورنر مکہ، حاکم فلسطین، قاضی القضاۃ، ناظم بیت المال، عہدہ کتابت؟

ج: بالترتیب عتابؓ بن اسید، عمروؓ بن العاص، حضرت عمر فاروقؓ، ابوعبیدہؓ بن الجراح، زیدؓ بن ثابت۔

54- حضرت ابوبکر صدیقؓ کی ازواج و اولاد کی تعداد بتائیے؟

ج: ازواج چار: قتیلہ، اسماء، ام رومان، حبیبہ

اولاد چھ: تین لڑکے (عبدالرحمٰن، عبداللہ، محمد)

تین لڑکیاںؓ (عائشہ، اسماء، ام کلثوم)

55- حضرت ابوبکر صدیقؓ کی اولادؓ میں سب سے پہلے عبدالرحمٰن پیدا ہوئے، سب سے آخر میں بھی بیٹا تھا۔ نام بتائیے؟

ج: محمد بن ابوبکرؓ۔

56- حضرت ابوبکر صدیقؓ کی سب سے بڑی بیٹی جو اولاد ابوبکر میں صحابیہ ہونے کے ساتھ ساتھ واحد تابعیہ بھی ہیں، کون تھیں۔

ج: حضرت اسماءؓ بنت ابوبکرؓ۔

57- حضرت ابوبکر صدیقؓ اپنے آپ کو "خلیفۃ الرسول" کہا کرتے تھے، کیا ان کی انگوٹھی پر یہی الفاظ کندہ تھے؟

ج: جی نہیں۔ بلکہ یہ الفاظ تھے: "نَعْمُ الْقَادِرُ اللّٰہِ"۔

58- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ الفاظ کس سے کہے؟ "اگر تم دونوں کسی مشورہ پر متفق ہو جاؤ تو میں اس کی مخالفت نہ کروں گا؟"۔

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ۔

Marfat.com

59- وفاتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا یقین نہ کرنے والے صحابہ کرام کو حضرت ابوبکر صدیقؓ نے قرآن مجید کی کون سی آیات پڑھ کر سنائیں؟

ج: سورۃ آل عمران۔۱۴۴ (وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ....... الی الآخر)

60- حضرت علیؓ کی بیعت خلافت اور بیعت رضا کیا تھی؟

ج: حضرت ابوبکرؓ کے خلیفہ بننے کے دوسرے دن حضرت علیؓ نے بیعت خلافت اور چھ ماہ بعد بیعت رضا کی۔

61- حضرت عمر فاروقؓ کے خاندان کو قبل از اسلام کون سی ذمہ داری دی گئی تھی؟

ج: سفارت ومناظرہ، خطابت قریش۔

62- بچپن اور جوانی میں حضرت عمر فاروقؓ کیا کرتے تھے؟

ج: بچپن میں ضجنان کے میدان میں اُونٹ چرایا کرتے تھے اور جوانی میں پہلوانی کرتے تھے اور عکاظ کے میلے میں دنگل میں حصہ لیا کرتے تھے۔

63- خاندان عمرؓ کے کس فرد نے سب سے پہلے اِسلام قبول کیا؟

ج: حضرت عمرؓ کے بہنوئی (سعیدؓ بن زید) اور بہن (فاطمہؓ بنت خطاب) نے۔

64- حضرت عمر فاروقؓ کب اِسلام لائے اور کب ہجرت کی؟

ج: آپ ہجرت کے چھٹے سال ایمان لائے اور بیس آدمیوں کے ہمراہ 13 نبوی میں مدینہ کو اعلاناً ہجرت کی۔

65- مواخات مدینہ میں حضرت عمر فاروقؓ کو کس انصاری صحابی کا بھائی بنایا گیا؟

ج: قبیلہ بنو سالم کے سردار عتبانؓ بن مالک کا۔

66- غزوۂ بدر میں حضرت عمرؓ اپنے خاندان کے بارہ افراد کے ہمراہ شریک جنگ ہوئے، آپ کا کون سا رشتہ دار اس غزوہ کا پہلا شہید ہے؟

ج: رشتہ دار نہیں بلکہ آپ کا غلام مہجع نامی۔

67- غزوۂ بدر کے قیدیوں کے لئے حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمرؓ کے مشورے کیا تھے؟

Marfat.com

ج: حضرت ابوبکرؓ: ان کو فدیہ لے کر آزاد کر دیا جائے۔

حضرت عمر فاروقؓ: ان کو قتل کر دیا جائے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر صدیق کے مشورے کو قبول کیا۔

68- فتح مکہ کے موقع پر رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے مردوں سے بیعت لی۔ عورتوں سے آپ کی جگہ کس نے بیعت لی؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ نے۔

69- حضرت عمرؓ کا دورِ خلافت کب سے کب تک ہے؟

ج: 23 جمادی الثانی، 13 ہجری تا 29 ذی الحج، 23 ہجری (24 اگست 634 عیسوی تا نومبر 644 عیسوی)۔

70- دورِ فاروقی میں کسریٰ (شاہ ایران) کے خلاف پہلی جنگ کب اور کن کے درمیان ہوئی؟

ج: کب: شعبان 13 ہجری مطابق اکتوبر 634 عیسوی۔

مقام نمارق (عراق) مسلم سپہ سالار: ابوعبیدہ بن الجراح

ایرانی سپہ سالار: جابان

71- دورِ فاروقی کی چند جنگوں کے نام لکھیں؟

ج: جنگ بویب، جنگ قادسیہ، جنگ جلولا، جنگ یرموک، جنگ کسکر، جنگ جسر۔

72- دورِ فاروقی کی چند فتوحات گنوائیے؟

ج: فتح مدائن، فتح حلوان، فتح خوزستان، فتح دمشق، فتح اردن، فتح بیت المقدس، فتح مصر۔

73- فاتح شام اور فاتح مصر کسے کہا جاتا ہے؟

ج: فاتح شام: حضرت خالد بن ولیدؓ

فاتح مصر: حضرت عمرو بن العاصؓ

74- دورِ فاروقی کی جنگوں میں سب سے زیادہ مسلمان مجاہدین کس جنگ میں شہید ہوئے؟

ج: جنگِ قادسیہ میں پہلے دن چھ ہزار، دوسرے دن چھ ہزار مزید (مسلمان لشکر بیس ہزار

Marfat.com

اورایرانی لشکر ایک لاکھ تھا)۔

75- بتایئے جنگ قادسیہ" جنگ جلولا اور جنگ یرموک میں مسلم سپہ سالار کون تھے؟

ج: جنگ قادسیہ: سعد بن ابی وقاصؓ جنگ جلولاء: ہاشمؓ بن عتبہ

جنگِ یرموک: خالدؓ بن ولید

76- حضرت عمر فاروقؓ پر قاتلانہ حملہ کس نے اور کب کیا؟

ج: ابولؤلو فیروز (مغیرہ بن شعبہ کے فارسی و پارسی غلام نے) 26 ذوالحج 23 ہجری کو۔

77- حضرت عمرؓ کس نماز کی امامت کرنے لگے تھے کہ آپ پر قاتلانہ حملہ ہوا؟

ج: نمازِ فجر کی، پھر آپ کی جگہ عبدالرحمٰنؓ بن عوف نے فجر کی نماز پڑھائی۔

78- بوقت وفات حضرت عمرؓ کا قرض چھیاسی ہزار درہم کس طرح بیت المال کو واپس کیا گیا؟

ج: آپ کا رہائشی مکان امیر معاویہؓ کو بیچ کر۔

79- حضرت عمرؓ کی نمازِ جنازہ اور کفن دفن کس طرح ہوا؟

ج: نمازِ جنازہ حضرت صہیب رومیؓ نے پڑھائی۔ روضہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں حضرت ابوبکرؓ کے پہلو میں دفن کیا گیا۔

80- حضرت عمرؓ فاروق کی رحلت کس تاریخ کو ہوئی؟

ج: 29 ذوالحج 23 ہجری بروز ہفتہ، قاتلانہ حملے کے تین روز کے بعد۔

81- دورِ فاروقیؓ میں اسلامی سلطنت کا کل رقبہ کیا تھا؟

ج: 2251030 مربع میل (بائیس لاکھ اکیاون ہزار تیس مربع میل)۔

82- حضرت عمر فاروقؓ نے انتظامی نکتہ نظر سے سلطنت اسلامی کو کتنے صوبوں میں تقسیم کیا؟

ج: آٹھ: مکہ، مدینہ، شام، حیرہ، بصرہ، کوفہ، مصر اور فلسطین (20 ہجری میں)۔

83- دورِ فاروقی میں یہ عہدے کن لوگوں کے پاس تھے۔ والی مکہ، والی مصر، ناظم بیت المال؟

ج: عتابؓ بن اسید، عمروؓ بن العاص، عبداللہؓ بن ارقم۔

84- حضرت عمرؓ نے گیہوں پر کس شرح سے لگان اور گھوڑوں پر کون سا ٹیکس لگایا؟

ج: لگان: دو درہم فی جریب گھوڑوں پر ٹیکس: زکوٰۃ

Marfat.com

85- حضرت عمرؓ نے سب سے پہلا جیل خانہ کہاں قائم کیا؟

ج: مکہ میں صفوان بن امیہ کے مکان میں، جسے چار ہزار درہم میں خریدا گیا تھا۔

86- خلیفۃ الرسولؐ کا لقب تو حضرت ابوبکر صدیق ؓ نے اپنے لئے استعمال کیا، امیر المومنین کا لقب کس نے اپنے لئے استعمال کیا؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ

87- حضرت عمر فاروق ؓ نے اپنے دور میں دریائے دجلہ سے نو میل لمبی نہر بصرہ میں کھدوائی، نہر کا نام بتایئے؟

ج: نہرابی موسیٰ۔

88- حضرت عمر فاروق ؓ نے اپنے دور میں 69 میل لمبی ''نہر امیر المومنین'' کھدوائی، بتایئے کس لئے؟

ج: دریائے نیل کو بحیرہ قلزم سے ملانے کے لئے۔

89- حضرت عمرؓ کے دور میں تعمیر ہونے والی چار ہزار مساجد کو کس مخصوص نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

ج: جوامع عمری۔

90- ''مسجد عمرؓ'' کس مسجد کا نام ہے؟

ج: بیت المقدس کی وہ مسجد جہاں حضرت عمرؓ نے نماز کی امامت کی تھی۔

91- کم از کم تین ''اولیات عمر'' لکھیے؟

ج: سن ہجری کا آغاز ہوا، عدالتیں قائم ہوئیں، تجارتی ٹیکس (عشور) کا نفاذ ہوا، نماز تراویح باجماعت پڑھی جانے لگی، بیت المال قائم کیا گیا، اِسلامی ریاست کو صوبوں اور ضلعوں میں تقسیم کیا گیا۔

92- حضرت عمرؓ شاعری کو پسند کرتے تھے، مگر شاعری کی ایک قسم کو آپ نے قابل تعزیر جرم قرار دے دیا تھا، بتایئے کون سی؟

ج: ہجو گوئی۔

Marfat.com

-93 حضرت عمر فاروقؓ کے سات بیٹے تھے۔ان کے نام بتائیے؟

ج: عبداللہ،عبیداللہ،عاصم،ابوشحمہ،عبدالرحمٰن،زید،مجیر۔

-94 حضرت عمرؓ نے ایک ہزار سے زیادہ نئے شہر آباد کیے،ان میں سے پانچ کے نام بتائیے۔

ج: بصرہ،کوفہ،فسطاط،موصل،جزیرہ۔

-95 حضرت عمر فاروقؓ کا دورِ خلافت کتنے عرصے پر محیط ہے؟

ج: 10 سال،6 ماہ 6 دن (3725 دن)۔

-96 حضرت عمرؓ بن خطاب کو لقب فاروق (حق و باطل میں فرق کرنے والا) کب ملا؟

ج: 6 نبویؐ میں جب آپ نے ایمان لا کر اسکا اعلان کیا اور خانہ کعبہ میں باجماعت نماز ادا کی تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپؓ کو یہ لقب دیا۔

-97 ''اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر نبی ہوتا'' حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اصلی الفاظ لکھیے؟

ج: لَوْ کَانَ بَعْدِیْ نَبِیًّا لَکَانَ عُمَرُ۔

-98 حضرت عمر فاروقؓ کے کون سے بیٹے چند بڑے راویان حدیث میں سے ایک ہیں؟

ج: حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔

-99 دورِ عثمانی کتنے سالوں پر محیط ہے؟

ج: 11 سال 11 ماہ 18 دن۔

-100 حضرت عثمانؓ نے 35/34 سال کی عمر میں اسلام قبول کیا تو آپ کے کس چچا نے آپ کو قید کیا اور ایذائیں دیں؟

ج: حکم بن ابی العاص۔

-101 حضرت عثمانؓ کی کون سی رضاعی (دودھ شریک) بہن پہلی قریشی خاتون تھیں،جنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کی؟

ج: حضرت ام کلثومؓ۔

-102 حضرت عثمانؓ نے دو ہجرتیں کیں اور ''ذوالہجرتین'' کا لقب پایا بتائیے کس کس مقام کی طرف؟

Marfat.com

ج: حبشہ کی طرف (سن 5 نبوی میں)، مدینہ کی طرف۔ (سن 1 ہجری میں)۔

-103 حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کون کون سی دو بیٹیاں یکے بعد دیگرے حضرت عثمانؓ کے نکاح میں آئیں؟

ج: پہلے سیدہ رقیہؓ بنت محمد صلی اللہ علیہ وسلم، ان کی وفات (رمضان المبارک سن 2 ہجری) کے سیدہ بعد ام کلثومؓ بنت محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

-104 حضرت عثمانؓ بن عفان کس کی تبلیغ سے مسلمان ہوئے؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ کی تبلیغ سے، آپ چوتھے آزاد مسلمان تھے۔ آپ سے پہلے سیدہ خدیجہؓ، حضرت ابوبکر اور حضرت علی اسلام لا چکے تھے۔

-105 صلح حدیبیہ کے موقع پر آپ کے خون (قتل کی افواہ پھیل گئی تھی) کا بدلہ لینے کے لئے کون سی بیعت کی گئی؟

ج: بیعت رضوان، بیعت الشجرہ۔

-106 غزوۂ بدر میں حضرت عثمانؓ کی شرکت کس نوعیت کی تھی؟

ج: آپ اپنی اہلیہ حضرت رقیہؓ کی بیماری کی وجہ سے شریک جنگ نہ ہوئے، مگر آپ کو شامل جنگ قرار دیا گیا اور مالِ غنیمت میں سے حصہ بھی دیا گیا۔

-107 حضرت عثمانؓ کو دورِ صدیقیؓ اور دورِ فاروقی میں کیا عہدہ دیا گیا تھا؟

ج: مشیر خاص۔

-108 غزوۂ تبوک کے موقع پر ابوبکرؓ نے گھر کا سارا سامان، عمرؓ نے گھر کا نصف سامان دیا۔ عثمانؓ نے کیا دیا؟۔

ج: ایک تہائی لشکر کے اخراجات اُٹھائے۔

-109 آپ کی خلافت کے چھٹے سال باغیوں نے مدینہ کو آگھیرا تو ان کا سب سے پہلا مطالبہ کیا تھا؟

ج: مصر کے والی (عبداللہ بن ابی سرح) کی معزولی اور اس کی جگہ محمد بن ابی بکر کی تقرری۔

-110 آپ کی بیعت سب سے پہلے کس نے کی اور کہاں بیعت عام ہوئی؟

Marfat.com

ج: سب سے پہلے حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف نے۔ بیعت عام مسجد نبوی میں ہوئی۔

111- بلوائیوں کا حضرت عثمانؓ سے مستقل مطالبہ کیا تھا؟

ج: خلافت سے دستبرداری جس سے آپ نے انکار کیا تھا۔

112- حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کی عمر بوقت وفات 63 سال تھی، حضرت عثمان کی بوقت شہادت کیا عمر تھی؟

ج: 82 سال۔

113- حضرت عثمانؓ کو کب اور کہاں شہید کیا گیا؟

ج: 18 ذوالحج 35 ہجری (17 جون 656 عیسوی) میں آپ کے گھر مدینہ منورہ میں۔ جس کے بعد تین دن آپ کی لاش بے گور و کفن پڑی رہی۔

114- شہادت والے دن آپ نے کیا عمل کیا تھا؟

ج: پاجامہ پہنا اور غلام آزاد کیے اور بوقت شہادت قرآن مجید تلاوت کر رہے تھے۔

115- بغاوت اور بلوائیوں کی خبر پا کر امیر معاویہؓ نے آپ کو کیا پیش کش کی؟

ج: آپ مدینہ چھوڑ کر شام آ جائیں، مگر آپ نے جوارِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پڑوس چھوڑنے سے انکار کر دیا۔

116- بلوائیوں نے حضرت عثمانؓ پر جو الزام لگائے، ان میں سے کوئی سے دو لکھیے؟

ج: (الف) صحابہ کی برطرفی (ب) اقرباپروری

(ج) صحابہ سے بدسلوکی (د) قرآنی نسخے جلانا

(ہ) حکم بن العاص کی واپسی (و) مصری وفد کے ساتھ بدعہدی

117- آپؓ کا کون سا کارنامہ تاقیامت باقی رہنے والا ہے؟

ج: قرآن مجید کی نشر و اشاعت، صحیفہ صدیقیؓ کی نقلیں کروا کر سلطنت اسلامیہ کے تمام علاقوں میں بھجوا دیں۔ اس کے علاوہ تمام صحائف تلف کر دیے۔ اس طرح آپ نے تمام مسلمانوں کو قیامت تک کے لئے ایک قرآن پر جمع کر دیا۔

118- مدینہ میں حضرت عثمان نے مسلمانوں کی سب سے بڑی خدمت کیا کی تھی؟

Marfat.com

ج: ایک یہودی سے بئر رومہ خرید کر اہل مدینہ میں وقف کر دیا۔(20.000 درہم میں خریدا) یہ کنواں وادیٔ عتیق میں واقع تھا۔

119- اپنی مجلس میں رسول مکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عثمانؓ کو کہاں بٹھانا پسند کیا کرتے تھے؟

ج: سامنے۔حضرت ابوبکر صدیقؓ کو دائیں اور حضرت عمر فاروقؓ کو بائیں طرف۔

120- حضرت عثمانؓ نے خلافت کب سنبھالی اور آپ کی بیعت خلافت کب ہوئی؟

ج: بیعت خلافت ذوالحج 23 ہجری بروز دوشنبہ ہوئی۔جبکہ 6 محرم 24 ہجری، 7 نومبر 644ء کو خلافت کی زمام سنبھالی، سن ہجری کے مطابق اس وقت آپ کی عمر شریف 70 سال تھی۔

121- دورِ عثمانی میں افریقہ اور روم کے بادشاہ کون تھے؟

ج: افریقہ: شاہ گری گوریس روم: کانستنس دوم بن ہرقل

122- دورِ عثمانی میں افریقہ، قبرص اور طبرستان کس نے فتح کیے؟

ج: افریقہ: عبداللہ سعدؓ قبرص: امیر معاویہؓ طبرستان: سعیدؓ بن العاص

123- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سرکاری انگوٹھی جس پر محمد رسول اللہ کندہ تھا حضرت عثمانؓ سے کہاں گم ہوئی؟

ج: مدینہ سے دو میل دُور ایک کنویں بئر اریس میں گر گئی تھی۔(موجودہ نام بئر خاتم ہے) جو تلاش و بسیار کے باوجود نہ ملی۔

124- پہلا مسلمان بحری بیڑہ 28 ہجری میں دورِ عثمانی میں عبداللہؓ بن ابی سرح کی امارت میں کس جنگ میں شامل ہوا؟

ج: قبرص پر حملے میں، قبرص فتح کر لیا گیا تھا۔

125- مصحف قرآن دورِ صدیقیؓ میں حضرت عمر فاروقؓ کی سفارش و تجویز پر جمع کیا گیا۔دور عثمانیؓ میں کس کی تجویز پر اس کی نقلیں تمام صوبوں میں بھیجی گئیں۔

ج: حضرت حذیفہؓ بن الیمان۔

126- حضرت ابوسفیان خاندان بنو اُمیہ کے ایک بڑے سردار تھے اور سرکارِ رسالت مآب صلی

Marfat.com

اللہ علیہ وسلم کے سسر! انہوں نے وفات پائی تو نماز جنازہ کس نے پڑھایا؟

ج: نماز جنازہ حضرت عثمانؓ نے پڑھائی۔

127- حضرت علیؓ اور حضرت عثمانؓ دونوں داماد رسول صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔ حضرت عثمانؓ کو حضرت علیؓ پر اس رشتے میں کیا خصوصی فضیلت حاصل تھی؟

ج: آپ کی زوجیت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دو بیٹیاں (حضرت رقیہؓ اور حضرت اُم کلثومؓ) یکے بعد دیگرے آئیں، جبکہ حضرت علیؓ کی زوجیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک بیٹی (حضرت فاطمۃ الزہراؓ) تھی۔

128- دورِ عثمانی کے کس سال کو ہولناک فتنوں کا یادگار سال کہا گیا ہے؟

ج: 34 ہجری کو۔

129- 34 ہجری میں باغیوں کا گروہ حضرت عثمانؓ کے خلاف سرگرم عمل ہوا اور 35 ہجری میں انہوں نے حضرت عثمانؓ کے گھر کا محاصرہ کر لیا۔ ان کا سرغنہ کون تھا؟

ج: یمن کا باشندہ عبداللہ بن سبا۔

130- وہ باغی جنہوں نے حضرت عثمانؓ کے گھر کا محاصرہ کیا، حضرت عثمانؓ کو ہٹا کر کسے خلیفہ بنانا چاہتے تھے؟

ج: یہ باغی مصر، کوفہ اور بصرہ سے تعلق رکھتے تھے، مصری حضرت علیؓ کو، کوفی حضرت زبیرؓ بن العوام کو اور بصری حضرت طلحہؓ بن عبیداللہ کو خلیفہ بنانا چاہتے تھے۔

131- محاصرین باغی بلوائی گروہ کا سردار عبدالرحمٰن بن عدیس البلوی نامی باغی تھا۔ یہ تعداد میں کتنے تھے؟

ج: چھ سو سے ایک ہزار کے درمیان۔

132- باغی بلوائیوں نے چالیس دن تک حضرت عثمانؓ کے گھر کا محاصرہ کئے رکھا، مسجد نبویؐ میں نماز باجماعت کی امامت کون کرواتا رہا؟

ج: پہلے تیس دن حضرت عثمان غنیؓ، بعد کے دس دن غافقیؓ نامی ایک شخص (طبری ج 4)

133- جن دنوں حضرت عثمان بلوائیوں کے محاصرہ میں تھے، کس نے آپ کے حکم سے کس

Marfat.com

نے امیر الحج کے فرائض انجام دیئے؟

ج: حضرت عبداللہ بن عباسؓ۔

134- حضرت عثمانؓ کو کب، کس نے اور کس حالت میں شہید کیا گیا؟

ج: 18 ذوالحج 35 ہجری بروز جمعہ بعد نماز عصر، آپ قرآن مجید کی سورۃ البقرہ کی آیت فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ تلاوت کرر ہے تھے کہ سودان بن حمران نے آپ کو شہید کر دیا۔

135- زوجہ عثمانؓ حضرت نائیلہ کی حملہ آوروں نے ایک ہاتھ کی انگلیاں کاٹ دیں، بتایئے کیا انہیں قتل کر دیا گیا یا نہیں؟

ج: ایک بلوائی کلثوم بن تجیب نے ان کی چادر چھینی اور قتل کرنے کی کوشش کی کہ ایک غلام نے اسے قتل کر دیا۔

136- شہادت عثمانؓ کے وقت آپ کی نو بیویوں میں سے کتنی زندہ تھیں؟

ج: تین حضرت رملہؓ، حضرت نائلہؓ، حضرت ملیکہؓ، ایک بیوی حضرت فاختہؓ کو دور محصوری میں آپ نے طلاق دے دی تھی۔

137- حضرت عثمانؓ کا کفن دفن کب اور کیسے کیا گیا؟

ج: شہادت کے تین دن بعد بغیر غسل دیئے خون آلودہ کپڑوں میں دفن کیا گیا، نماز جنازہ حش کوکب نامی جگہ پر حضرت جبیرؓ بن مطعم نے پڑھائی اور قبر میں ابوجہمؓ، حکیمؓ، جبیرؓ نے اُتارا اور جنت البقیع میں دفن کیے گئے۔

138- حضرت عثمانؓ نے اپنے دورِ خلافت میں کل کتنے حج کیے؟

ج: نو حج۔

139- حضرت عثمانؓ نے اپنے دور میں کچھ بدعات حسنہ کا اضافہ فرمایا، دو کے نام لکھیے؟

ج: جمعہ کے لئے دوسری اذان۔ ہر جمعہ کے روز غلام آزاد کیا کرتے تھے۔

140- شہادت عثمانؓ کے وقت خلافت عثمانی میں مکہ اور مصر کے گورنر کون تھے؟

ج: مکہ: عبداللہؓ بن حضرمی مصر: عبداللہؓ بن ابی سرح

141- حضرت عثمانؓ نے کتنا ترکہ چھوڑا جو بلوائیوں نے لوٹ لیا تھا؟

Marfat.com

تین کروڑ پچاس لاکھ درہم اور ایک لاکھ پچاس ہزار دینار اور مقام زبدہ میں ایک ہزار اُونٹ۔

-142 حضرت عثمانؓ کی کل اولاد کیا تھی؟

ج: اولاد کی مشہور تعداد سترہ ہے۔(10 بیٹے، 7 بیٹیاں) بقول بعض 10 بیٹے اور 10 بیٹیاں تھے۔

-143 بتایئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹیوں حضرت رقیہؓ اور اُم کلثومؓ سے حضرت عثمانؓ کی کتنی اولاد تھی؟

ج: سیدہ اُم کلثوم سے کوئی اولاد نہ تھی۔ سیدہ رقیہ سے ایک صاحبزادے عبداللہ تھے، جو چھ سال کی عمر میں فوت ہوگئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی تھی۔

-144 وہ قرآن مجید جس کی حضرت عثمانؓ بوقت شہادت تلاوت کررہے تھے، آج کل کہاں محفوظ ہے؟

ج: توپ کاپی عجائب گھر (استنبول) ترکی۔ اس قرآن مجید پر آپ کے خون کے چھینٹوں کے داغ آج بھی موجود ہیں۔

-145 (الف) ''حضرت عثمانؓ سے فرشتے بھی حیاء کرتے ہیں''۔

(ب) ''اُمت میں حیاء میں سب سے سچا عثمانؓ ہے''۔

کن حضرات کے اقوال ہیں؟

ج: حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے (یہ دونوں حدیثیں ہیں)

-146 حضرت عثمانؓ نے 26 ہجری اور 29 ہجری میں دو مسجدوں کی تعمیر و مرمت کا کام کروایا۔ مسجدوں کے نام بتایئے؟

ج: 26 ہجری میں مسجد حرام اور 29 ہجری میں مسجد نبویؐ۔

-147 حضرت عثمانؓ کی پسندیدہ خوراک اور لباس کیسے تھے؟

ج: خوراک: خزیرہ (قیمہ، مصالحہ اور آٹے دال سے گھی اور دُودھ میں تیار کی جاتی تھی)۔

لباس: زرد یمنی چادروں کا۔

Marfat.com

148- حضرت عثمانؓ کتنے دنوں میں قرآن مجید کی تلاوت مکمل کر لیا کرتے تھے؟

ج: تین دن رات میں مسلسل تلاوت کر کے۔

149- چار میں سے تین خلفائے راشدین شہید کیے گئے، ان میں سے حضرت عثمانؓ کا خصوصی لقب کیا ہے؟

ج: شہید مظلوم۔

150- حضرت علیؓ کا لقب کیا تھا؟

ج: اسد اللہ (اللہ کا شیر)۔آپ کو ''اسد اللہ الغالب'' (غالب آنے والا اللہ کا شیر) بھی کہا جاتا ہے۔

151- حضرت علیؓ کے القاب حیدر اور کرار کے کیا معنی ہیں؟

ج: حیدر: شیر، ایال دار شیر کرار: دشمن پر تابڑ توڑ حملہ کرنے والا

152- قبولیت اسلام میں حضرت علیؓ کی خصوصیت کیا ہے؟

ج: آپ نو یا دس سال کے بچے تھے کہ آپ نے اسلام قبول کیا اور بنو ہاشم کے مجمع میں اس کا اعلان کیا۔ (گویا اسلام قبول کرنے والے پہلے بچے تھے)۔

153- غزوۂ بدر میں حضرت علیؓ کی نمایاں حیثیت کیا تھی؟

ج: مبارزت میں مشرکوں کے دو سرداروں (ولید بن عتبہ اور عتبہ بن ربیعہ) کو مارا اور کل اکیس کافروں کو تہ تیغ کیا۔

154- ''السابقون الاولون'' میں شمار، عشرہ مبشرہ میں سے، ''کامل الحیاء والایمان'' لقب، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلے داماد کون سا نام ذہن میں آتا ہے؟

ج: حضرت عثمان غنیؓ۔

155- حضرت عثمانؓ سے تین متفق علیہ، آٹھ صرف بخاری میں اور پانچ صرف مسلم میں حدیثیں درج ہیں۔ان کی کل مرویات کی تعداد کیا ہے؟

ج: ایک سو چھیالیس۔

156- حضور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت علیؓ کی والدہ فاطمہؓ بنت اسد کو.......... کہا کرتے تھے؟

Marfat.com

خالی جگہ پر درج ذیل میں سے درست جواب لگائیں۔

(الف) سب کی ماں (ب) رضاعی ماں

(ج) منہ بولی ماں (د) ماں جیسی

ج: اپنی سگی (ماں):

157- قریش مکہ کا کون سا مشہور جنگجو اور علم بردار غزوہ احد میں اور کون بہادر اور پہلوان غزوہ خندق میں حضرت علیؓ کے ہاتھوں مارا گیا؟

ج: غزوہ اُحد میں طلحہ بن ابی طلحہ اور غزوۂ خندق، عمرو بن عبدود میں۔

158- حضرت علیؓ کس واحد غزوہ میں شامل نہ ہو سکے اور حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو مدینہ میں عورتوں اور بچوں کا نگران بنا دیا تھا؟

ج: غزوۂ عسرت یا غزوۂ تبوک (9 ہجری میں)۔

159- حضرت علیؓ نے خلیفہ بنتے ہی کون سا اولین قدم اُٹھایا؟

ج: حضرت عثمانؓ کے مقرر کیے ہوئے تمام عمال کو برطرف کر دیا۔

160- حضرت علیؓ نے غزوہ خیبر میں کیا کارنامہ انجام دیا؟

ج: ایک مشکل قلعہ ''قموص'' فتح کیا اور بشارت رسول صلی اللہ علیہ وسلم (کہ میں اس شخص کو یہودیوں پر حملہ کرنے بھیجوں گا۔ جو قلعہ کو ضرور فتح کرے گا) کے مستحق ٹھہرے۔ نیز مقابلہ میں مشہور یہودی جنگجو ''مرحب'' کو قتل کیا۔

161- حضرت علیؓ کی خلافت پر سب سے پہلے کس صحابیؓ نے بیعت کی؟

ج: حضرت طلحہؓ نے۔

162- جنگ جمل کب اور کن کے درمیان ''دورِ علیؓ '' میں ہوئی؟

ج: 36 ہجری میں حضرت عائشہ صدیقہؓ اور حضرت علیؓ کے درمیان بصرہ کے مقام پر۔

163- حضرت علیؓ کے خلاف سب سے پہلی بغاوت کس اموی عامل نے کی؟

ج: امیر معاویہؓ، جو اس وقت شام کے گورنر تھے۔

(نوٹ: اسے بغاوت کم اور انکار بیعت زیادہ کہا جا سکتا ہے۔)

Marfat.com

164- حضرت عائشہؓ کے اس قول سے کس واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔ "کاش میں اس واقعہ سے بیس سال پہلے مرجاتی" درست کو ٹک کر دیں۔

(الف) واقعہ تحکیم (ب) شہادت علی

(ج) جنگ جمل (د) جنگِ صفین

ج: جنگِ جمل۔

165- جنگِ جمل میں طرفین کے مقتولین کی تعداد کیا ہے؟

ج: حضرت علیؓ: ایک ہزار حضرت عائشہؓ: نو ہزار

(کل لشکر مولا علی مرتضیٰؓ: بیس ہزار، کل لشکر اُم المومنین سیدہ عائشہ صدیقہؓ طاہرہ: تیس ہزار)

166- ام المومنین حضرت سیدہ عائشہ صدیقہؓ کا حضرت علیؓ کے خلاف خروج اور حضرت امیر معاویہؓ کا حضرت علی کی بیعت نہ کرنے کا سبب کیا تھا؟

ج: شہادت عثمانؓ اور قاتلین عثمان کا حضرت علیؓ کے اِردگرد جمع ہونا، ان دونوں کا مطالبہ قاتلین عثمان سے قصاص تھا۔

167- حضرت علیؓ نے کب مدینہ کو چھوڑ کر کوفہ کو اپنا دارالخلافہ بنایا؟

ج: جنگ جمل کے بعد، رجب 36 ہجری میں۔

168- حضرت علیؓ اور امیر معاویہؓ کے درمیان لڑی جانے والی جنگ "جنگ صفین" میں فوجوں کی تعداد کیا تھی؟

ج: حضرت علیؓ کرم اللہ وجہہ اسی ہزار۔ حضرت امیر معاویہؓ، ساٹھ ہزار۔

169- صفین کے مقام پر ہونے والی خونریز جنگ کب سے کب تک جاری رہی؟

ج: آغاز: یکم صفر 37 ہجری انجام: 13 صفر 37 ہجری (13 دن)

170- جنگ صفین کے دوران معرکہ "لیلۃ الحریر" کب پیش آیا؟

ج: جنگ صفین کا آخری معرکہ جس میں تمام رات اور آخری دن سہ پہر تک مقاتلہ و مقابلہ جاری رہا۔

171- جنگ صفین بغیر ہار جیت کے ختم ہوگئی۔ دونوں فریقوں کے ثالث (صلح کے

Marfat.com

نمائندے) کون کون تھے؟

ج: حضرت علیؓ: حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ

حضرت امیر معاویہ: عمروؓ بن العاص۔

172- ثالثین وحاکمین نے اپنے فیصلے (تحکیم) کا کیا اور کب اعلان کیا؟

ج: شعبان 37 ہجری (فروری 658 عیسوی) کو حضرت علیؓ کے نمائندہ نے پہلے اعلان کیا اور متفقہ فیصلے کے مطابق حضرت علیؓ کو عہدۂ خلافت سے معزول کر دیا اور امیر معاویہ کے نمائندہ نے بعد میں اعلان کیا اور اتفاق رائے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے حضرت امیر معاویہؓ کو ان کے عہدے پر برقرار رکھا۔

173- دونوں فریقوں کے ثالثوں نے فیصلہ سے پہلے آپس میں کیا اقرار کیا تھا؟

ج: کہ دونوں باری باری اپنے خلیفہ کو معزول کر دیں گے، اُمت کسی تیسرے شخص کو خلیفہ بنا کر اس کے ہاتھ پر بیعت کر لے۔ مگر امیر معاویہؓ کے ثالث بدعہدی کر گئے اور حضرت علیؓ کے ثالث سادگی میں مارے گئے۔

174- کیا دونوں فریقوں (حضرت علیؓ اور حضرت امیر معاویہؓ) نے یہ فیصلہ تسلیم کر لیا؟

ج: امیر معاویہ نے مان لیا اس لئے کہ یہ ان کی مرضی کے مطابق تھا۔ حضرت علیؓ نے نہ مانا کہ فیصلہ قرآن وسنت کے مطابق نہ تھا۔

175- انہوں نے حضرت علیؓ کو مجبور کیا کہ صلح کریں اور ثالث مقرر کر کے کتاب اللہ کے مطابق فیصلہ کروائیں۔ مگر جب واقعہ تحکیم میں حضرت علیؓ نے امیر معاویہ سے معاہدہ کر لیا تو مطالبہ کرنے لگے کہ جنگ جاری رکھو۔ حضرت علیؓ کے انکار پر یہ لوگ لشکر علیؓ سے الگ ہو گئے۔ یہ لوگ کیا کہلاتے ہیں؟

ج: خوارج یا خارجی۔

176- لشکر علیؓ سے الگ ہونے والے خارجیوں کا سردار (گروہ خوارج کا امیر) کون تھا؟

ج: بالترتیب شیث بن ربعیٰ تمیمی (حرقوص بن زہیر) اور عبداللہ بن وہب۔

177- نہروان کے مقام پر حضرت علیؓ کی خوارج سے خونریز جنگ ہوئی۔ دونوں فریقوں کے

Marfat.com

لشکر کی تعداد کیا تھی؟

ج: حضرت علیؓ: اسی ہزار (سات شہید ہوئے)۔

خوارج: بارہ ہزار (دس ہزار سے زیادہ مارے گئے)۔

178- حضرت علیؓ کے ''اعلان امان'' کے نتیجے میں خوارج کی طرف سے کتنے افراد حضرت ابو ایوب انصاریؓ کے پرچم امان تلے آ گئے؟

ج: چار ہزار۔ (یاد رہے کہ یہ خارجی جنگ سے پہلے ہی پرچم امان کے سائے میں آ گئے تھے)

179- جنگِ نہروان کب ہوئی؟

ج: اواخر شوال 37 ہجری بمطابق اپریل 658 عیسوی۔

180- صفر 38 ہجری میں مصر پر امیر معاویہؓ کے قبضہ کے وقت کیا رُوح فرسا واقعہ ہوا؟

ج: امیر معاویہؓ کے دست راست عمرو بن العاص نے حضرت علیؓ کے مقرر کردہ حاکم محمد بن ابی بکر کو قتل کرا کے اُن کی لاش آگ میں جلوا دی۔

181- 40 ہجری میں خوارج نے کن تین اصحاب کو بیک وقت قتل کرنے کا منصوبہ بنایا؟

ج: عبدالرحمٰن ابن ملجم نے حضرت علیؓ کو، برک بن عبداللہ خارجی نے امیر معاویہؓ کو اور عمرو بن بکر خارجی نے عمرو بن العاص کو قتل کرنا تھا۔ نماز فجر کے وقت ایک ہی تاریخ اور ایک ہی وقت میں۔

182- کیا یہ تینوں خارجی اپنے مقصد میں کامیاب ہو گئے؟

ج: جی نہیں! ابن ملجم کامیاب ہو گیا۔ امیر معاویہ صرف زخمی ہوئے، عمرو بن العاص کی جگہ خارجہ بن حذافہ سہمی قتل ہو گیا۔ کیونکہ ابن العاص بوجہ بیماری مسجد میں نہ آئے تھے اور وہ یعنی قاتل شکل سے خارجہ اور عمرو کو پہچانتا نہ تھا۔

183- عبدالرحمٰن ابن ملجم کے ساتھ دوسرا کون خارجی بطور معاون آیا تھا؟

ج: شبیب بن بجیرہ الاشجعی۔

184- قاتلین علیؓ نے آپؓ پر کتنے وار کیے؟

ج: پہلا وار شبیب نے کیا۔ جو خالی گیا، دوسرا ابن ملجم نے کیا اور تلوار آپؓ کی پیشانی پر لگی۔

Marfat.com

-185 حضرت علیؓ قاتلانہ حملہ کے کتنے دن بعد فوت ہوئے؟

ج: تین دن بعد 18 رمضان کو حملہ ہوا 21 رمضان کو آپؓ فوت ہوئے۔

-186 حضرت علیؓ کا دورِ خلافت کتنے عرصے کو محیط ہے؟

ج: 4 سال 9 ماہ 2 دن۔

-187 حضرت علیؓ کا جنازہ اور کفن دفن کیسے ہوا؟

ج: جنازہ امام حسنؓ (آپ کے بڑے بیٹے) نے پڑھایا اور جامع مسجد کوفہ کے قریب نجف اشرف نامی مقام پر دفن کیا گیا، غسل امام حسنؓ، امام حسینؓ اور عبداللہؓ بن جعفرؓ نے دیا۔ روضہ مبارک پر پہلی بار عمارت ہارون الرشید نے 170 ہجری میں بنوائی۔

-188 حضرت فاطمہؓ سے حضرت علیؓ کی کتنی اولاد ہوئی؟

ج: کل پانچ، (۱) تین بیٹے: (حضرت حسنؓ، حضرت حسینؓ، حضرت محسنؓ)

(۲) دو بیٹیاں: (حضرت زینبؓ، حضرت اُم کلثوم کبریٰؓ)

-189 حضرت علیؓ کی دو تصانیف دستیاب ہیں، دیوان علیؓ اور نہج البلاغہ، بتایئے ان کتابوں کا موضوع کیا ہے؟

ج: دیوان علیؓ: حضرت علیؓ کی شاعری (حضرت علیؓ سے منسوب ہے)

نہج البلاغہ: حضرت علیؓ کے خطبات اقوال اور خطوط کا مجموعہ (اسے ابن ابی الحدید نے مرتب کیا ہے)

-190 کس موقع پر حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ سے فرمایا: ''تمہاری مثال میرے ساتھ ایسے ہے جیسے موسیٰؑ کے ساتھ ہارون، لیکن میرے بعد کوئی نبی نہیں''۔

ج: غزوۂ تبوک کو روانگی کے وقت جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم علیؓ کو مدینہ میں چھوڑ کر جارہے تھے۔ بعد میں جنگ سے رہ جانے کی وجہ سے پریشان ہوکر حضرت علیؓ مدینہ چھوڑ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے آملے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ رضی اللہ عنہ کو تسلی دی اور واپس مدینہ بھجوادیا تھا، ساتھ ہی درج بالا الفاظ ارشاد فرمائے تھے۔

-191 ابوتراب اور ذوالقرنین حضرت علیؓ کے القاب ہیں۔ کعبہ کے حوالے سے آپ کا لقب

Marfat.com

کیا ہے؟

ج: مولودِ کعبہ۔(مشہور ہے کہ آپ کی ولادت خانہ کعبہ کے اندر ہوئی تھی)۔

کسے راہ میسر نہ شد ایں سعادت

بکعبہ ولادت بمسجد شہادت

192- حضرت علیؓ کے زمانے میں ان علاقوں کے عمال کون تھے؟ فارس، مکہ، مدینہ۔

ج: بالترتیب زیاد بن ابوسفیان، قثم بن عباس، ابوایوب انصاری۔

193- حضرت علیؓ کی کل اولاد کیا ہے؟

ج: (28)۔ (14 بیٹے، 14 بیٹیاں)۔

194- دورِ علیؓ میں صاحب الشرطہ، مشیر خاص اور قاضی القضاۃ کون تھا؟

ج: (1) صاحب الشرطہ: مالک بن حبیب

(2) مشیر خاص: عبداللہ بن ابی رافع (آنحضرتؐ کے غلام)

(3) قاضی القضاۃ: قاضی شریح

195- مکمل کریں:

(الف) ''اگر.................. نہ ہوتا تو.................. مرجاتا''۔(قول عمرؓ)

(ب) ''میں علم کا.................. ہوں اور علیؓ اس کا.................. ہے''۔(حدیث شریف)

ج: (الف) علیؓ، عمرؓ۔ (ب) شہر، دروازہ۔

196- جب حضرت علیؓ پر قاتلانہ حملہ ہوا تو آپ کی زبان سے بے ساختہ کیا الفاظ نکلے؟

ج: فُزْتُ بِرَبِّ الْكَعْبَةِ (رب کعبہ کی قسم، میں کامیاب ہو گیا ہوں)۔

197- شہادت عمرؓ اور شہادت علیؓ میں کم از کم دو مماثلتیں تلاش کریں؟

ج: (i) دونوں پر فجر کی نماز کے وقت قاتلانہ حملہ ہوا۔

(ii) دونوں حملے کے دن سے تیسرے دن اللہ کو پیارے ہوئے اور مقام شہادت پر فائز ہوئے۔

(iii) دونوں نے وصیت کی۔

Marfat.com

198- خلافت راشدہ کی کم از کم تین خصوصیات تحریر کریں۔

ج: نبویؐ نظام حکومت، اللہ کی حاکمیتِ اعلیٰ، سادہ زندگی، فلاح رعایا، فتوحات کا سلسلہ۔

199- دورِ خلافت راشدہ میں حکومت ہر ایک کے بنیادی حقوق کی نگران تھی، بھلا کونسے؟

ج: روٹی، کپڑا، مکان اور ظلم سے تحفظ بنیادی حقوق ہیں۔

200- دورِ حکومت کے لحاظ سے خلافتِ راشدین کی ترتیب قائم کریں۔

ج: (۱) حضرت ابوبکر صدیقؓ......سوا دو سال تقریباً۔

(۲) حضرت علی کرم اللہ وجہہ...... پونے پانچ سال تقریباً۔

(۳) حضرت عمر فاروقؓ......گیارہ سال تقریباً۔

(۴) حضرت عثمان غنیؓ بارہ سال تقریباً

Marfat.com

# اِسلامیات

1- عشرہ مبشرہ کے نام بتائیے؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمان غنیؓ، حضرت علی مرتضیٰؓ، حضرت طلحہؓ، حضرت زبیرؓ، حضرت ابوعبیدہؓ، حضرت سعدؓ بن ابی وقاصؓ، حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف، حضرت سعیدؓ بن زید (کل دس)

2- وہ کون سی برائی ہے جو نیکیوں کو اس طرح کھا جاتی ہے جیسے آگ خشک لکڑی کو؟

ج: حسد (جلاپا)۔

3- ذکرِ الٰہی کی کتنی قسمیں ہیں؟

ج: تعریف: اللہ کے نام یا کلام کا ورد کرنے اور اسے اپنے سامنے (یا ساتھ) حاضر و ناظر سمجھنے کو ذکرِ الٰہی کہتے ہیں، ذکرِ الٰہی کی تین قسمیں ہیں، قلبی ذکر، قولی ذکر، عملی ذکر۔

4- نجات اور فلاح کے لئے کون سی دو چیزیں اپنی لازمی حالت میں ہونا چاہئیں؟

ج: ایمان اور عمل صالح (قُلْ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ ثُمَّ اسْتَقِمْ)

5- ''تقویٰ'' کی کتنی قسمیں ہیں؟

ج: تقویٰ کو اُردو میں پرہیزگاری کہتے ہیں۔ اللہ کی فرمانبرداری کرنے اور اللہ کی نافرمانی

Marfat.com

سے رُکنے کا نام تقویٰ ہے۔تقویٰ کی تین قسمیں ہیں۔اوّل دل کا تقویٰ، دوم زبان کا تقویٰ، سوم عمل کا تقویٰ۔

6- حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انبیاء کرام میں ایسے نبی ہیں، جن کی حیات ایک کھلی کتاب کی طرح ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی صداقت کے ثبوت میں یہ دلیل کسے دی؟

ج: کافروں کو، قرآن میں بیان ہے: (فَقَدْ لَبِثْتُ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ) (سورۃ یونس۔۱۶)

7- غیبت کیا ہے اور قرآن میں اس کی کیا برائی آئی ہے؟

ج: کسی کی حقیقی برائیاں یا عیب اس کی عدم موجودگی میں بیان کرنا غیبت کہلاتا ہے۔اس کی برائی یہ ہے جیسے اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھانا۔(بحوالہ سورۃ الحجرات۔۱۲)

8- حدیث شریف مکمل کریں۔"کسی شخص کے جھوٹا ہونے کو یہی کافی ہے کہ.........."

ج: "وہ سنی سنائی بات (بلاتحقیق) آگے بیان کردے"۔

9- تکبر کا معنی و مفہوم بیان کریں؟

ج: تکبر کبر سے ہے، معنی اعزاز، عظمت، بڑاپن، کسی کا اپنے آپ کو بڑا اور دوسروں کو حقیر سمجھنا (یہ گناہ کبیرہ ہے)۔

10- شرک کے بعد سب سے بڑا گناہ اور ایمان کے بعد سب سے اچھی نیکی کیا ہے؟

ج: <u>گناہ:</u> مخلوق کی ایذارسانی۔

<u>نیکی:</u> مخلوق کی خدمت کرنا اور راحت پہنچانا۔

11- ایثار کسے کہتے ہیں؟

ج: ایثار: اپنی ضرورت کو نظرانداز کر کے دوسرے کی ضرورت پوری کرنا۔

12- قرآن میں ماں کی طرف سے اور باپ کی طرف سے رشتہ داروں کے لئے کیا الفاظ استعمال ہوتے ہیں؟

ج: بالترتیب ذوی الارحام، ذوی القربیٰ۔

Marfat.com

13- اس آیہ مبارکہ سے نماز کے بارے میں کیا حکم آیا ہے۔"وَارْكَعُوا مَعَ الرَّاكِعِيْنَ"۔

ج: نماز باجماعت پڑھی جائے۔

14- علم کی فرضیت کے بارے میں دو مختصر حدیثیں لکھئے؟

ج: (۱) اُطْلُبُوا الْعِلْمَ مِنَ الْمَهْدِ اِلَی اللَّحْدِ۔

(ترجمہ: گود سے گور تک علم حاصل کرو۔)

(۲) طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰی كُلِّ مُسْلِمٍ وَّ مُسْلِمَةٍ۔

(ترجمہ: علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور مسلمان عورت پر فرض ہے)۔

15- اس قرآنی آیت سے کیا حکم نکلتا ہے۔

اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَی الْمُؤْمِنِيْنَ كِتَابًا مَّوْقُوْتًا (سورۃ النساء)

ج: نماز اپنے وقت پر پڑھنا فرض ہے۔

16- وہ کون سے تین اعمال ہیں جن کا فائدہ مرنے کے بعد بھی انسان کو ملتا رہتا ہے؟

ج: (الف) علم نافعہ (ب) صدقہ جاریہ

(ج) دُعا کرنے والی نیک اولاد

17- عدل کی تعریف کریں۔

ج: (i) کسی چیز (یا شخص) کو اس کے مناسب حال مقام پر رکھنا عدل کہلاتا ہے۔

(وَضَعَ الشَّيْءِ عَلٰی مَحِلِّهٖ)

(ii) جو جس سلوک کا حقدار ہے اس سے وہ سلوک کرنا اور جو غیر حق دار ہے اسے اس سے دُور رکھنا عدل کہلاتا ہے۔

18- روضہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کس مشہور عالم مسجد کا حصہ ہے؟

ج: مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا۔

19- جہاد کے لغوی اور اصطلاحی معنی بتایئے؟

ج: <u>لغوی:</u> کوشش کرنا، جدوجہد کرنا۔

<u>اصطلاحی:</u> اعلاء کلمۃ اللہ اور دین اسلام کی سربلندی وحفاظت کے لئے دشمنوں سے لڑنا۔

Marfat.com

-20 وہ کون سی شخصیت ہے جس کے سامنے بچھ جانے کا اور اُف تک نہ کہنے کا حکم دیا گیا ہے؟

ج: ماں اور باپ (سورۃ بنی اسرائیل،۲۳۔۲۴)

-21 اللہ نے کن لوگوں کو مردہ کہنے سے منع فرمایا ہے؟ اور یہ بھی فرمایا ہے کہ وہ رزق دیئے جاتے ہیں۔

ج: شہداء کرام۔ (سورۃ البقرۃ۔۱۵۴) (سورۃ آل عمران۔169 تا 171)

-22 اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ کا ترجمہ لکھیے؟

ج: (ترجمہ: فرمانبرداری (حکم کی تعمیل) کرو اللہ کی اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اور (اُن کے احکام کے تابع) حکومت کرنے والے حاکم کی)۔

-23 اطاعت اور اتباع میں کیا فرق ہے؟

ج: اطاعت: حکم ماننا اور عمل کرنا۔

اتباع: پیروی کرنا، ''پیچھے پیچھے چلنا'' ہر عادت کو اختیار کرنا۔

-24 اللہ کو اپنے بندوں کے لئے دو نام سب سے زیادہ پسند ہیں۔ بتایئے کون سے؟

ج: عبداللہ، عبدالرحمٰن۔

-25 اہل قتال اور غیر اہل قتال کون لوگ ہوتے ہیں؟

ج: اہل قتال: عملاً جنگ میں حصہ لینے والے۔

غیر اہل قتال: عملاً جنگ میں حصہ نہ لینے والے۔

-26 اہل حرم اور اہل حل کن لوگوں کو کہا جاتا ہے؟

ج: اہل حرم: مکہ میں حدود حرم کے اندر رہنے والے۔

اہل حل: حرم کی حدود سے باہر اور میقات کی حدود کے اندر رہنے والے۔

-27 اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرنے والا قیامت کو کن کے ساتھ ہوگا؟

ج: انبیاء، صدیقین، شہدا اور صالحین کے ساتھ۔ (سورۃ النساء۔ آیت، 69)

-28 وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا (سورۃ ابراہیم، آیت، 34) قرآنی آیت کا ترجمہ کریں۔

Marfat.com

ج: اگر تم اللہ کی نعمتوں کو گننا چاہو تو گن نہ سکو گے۔

29- جنت اور دوزخ کا دروازہ ماں باپ میں سے کس کو کہا گیا ہے؟

ج: ''ماں باپ دونوں جنت ہیں یا جہنم''، (حدیث نبی ﷺ) لیکن حدیث شریف میں والد کو جنت یا جہنم کا دروازہ کہا گیا ہے۔

30- اِسلام دورانِ جنگ مثلہ اور بدعہدی کی اجازت نہیں دیتا۔ بدعہدی تو آپ کو معلوم ہے، یعنی عہد کی خلاف ورزی کرنا ''مثلہ'' کسے کہتے ہیں؟

ج: مقتول کے ناک، کان، ہاتھ پاؤں، ہونٹ اور دوسرے اعضاء کاٹ دینا اور لاش کی بے حرمتی کرنا۔ جاہل عربوں میں اپنے دشمن مقتولین سے نفرت اور دشمنی کے اظہار کا یہ طریقہ تھا۔

31- ماں باپ کو گالی دینا، میدانِ جنگ سے فرار ہونا اور اولاد کی پیدائش سے پہلے یا بعد میں اسے قتل کرنا ایک ہی طرح کے گناہ ہیں بتایئے کیسے؟

ج: گناہ کبیرہ۔

32- وہ کون سا افضل عمل ہے جس کے کرنے سے روزی اور عمر میں برکت ہوتی ہے؟

ج: صلہ رحمی۔

33- وہ کون سا عمل ہے جس کی پاداش (سزا) کے طور پر بندے کے رزق میں کمی کر دی جاتی ہے؟

ج: اللہ کے ذکر سے منہ موڑنا (وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِىْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا)۔ (سورۃ طٰہٰ)

34- رحمۃ اللہ علیہ، علیہ الرحمۃ اور علیہ السلام کا کیا معنی ہے؟

ج: (الف) اس پر اللہ کی رحمت ہو۔ (ب) اس پر رحمت ہو
(ج) اس پر سلامتی ہو

35- حلال اور حرام میں کیا فرق ہے؟

ج: وہ سوچ و عمل جس کے کرنے کی شرع میں اجازت یا حکم ہو یا اس سے منع نہ کیا گیا ہو

Marfat.com

حلال ہے اور وہ امر یا سوچ جس کے کرنے کی اجازت یا حکم نہ دیا گیا ہو یا جس سے منع کیا گیا ہو، حرام ہے۔

36- قرآن میں اللہ نے اپنے آپ کو کئی لوگوں کا دوست (ساتھی) کہا ہے کوئی سے دو آدمی بتادیں؟

ج: (۱) اَللّٰہُ وَلِیُّ الْمُتَّقِیْنَ (ترجمہ: اللہ متقین کا دوست ہے)

(۲) اَللّٰہُ وَلِیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ (ترجمہ: اللہ مومنوں کا دوست ہے)

37- اللہ کو کون سا نام سب سے زیادہ ناپسند ہے؟

ج: شہنشاہ (مالک الملک)۔

38- کون سے پیغمبر بے ماں باپ کے اور کون سے صرف باپ کے بغیر پیدا ہوئے؟

ج: بالترتیب حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

39- کسب حلال اور اکل حلال میں کیا فرق ہے؟

ج: حلال اور جائز ذرائع سے رزق کمانا ''کسب حلال'' اور حلال ذریعے سے کمایا گیا رزق کھانا ''اکل حلال'' کہلاتا ہے۔

40- کئی افراد کے بارے میں حدیث شریف میں فرمایا گیا ہے کہ اللہ فلاں فلاں کا دوست ہے، کم از کم دو اشخاص کے نام لکھیے؟

ج: اَلْکَاسِبُ حَبِیْبُ اللّٰہِ. (ترجمہ: کام کرنے والا اللہ کا دوست ہے)

اَلسَّخِیُّ حَبِیْبُ اللّٰہِ. (ترجمہ: سخاوت کرنے والا اللہ کا دوست ہے)

41- حدیث شریف کا ترجمہ کریں۔ اَصْحَابِیْ کَالنُّجُوْمِ بِاَیِّھِمُ اقْتَدَیْتُمْ اِھْتَدَیْتُمْ؟

ج: میرے صحابی روشن ستاروں کی مانند ہیں، تم جس کی بھی اقتداء کرو گے ہدایت پاؤ گے۔

42- ظلم کسے کہتے ہیں؟

ج: لغوی معنی ہے اندھیرا، جس کا حق ہو اُسے اس سے محروم کر دینا ظلم کہلاتا ہے اور جس کا حق نہ بنتا ہو اسے عطا کرنا ظلم کہلاتا ہے۔ (وَضْعَ الشَّیْءِ عَلٰی غَیْرِ مَحِلِّہٖ)۔

43- عبادت کے دس اجزاء میں سے کتنے اجزاء کسب حلال کے اندر پوشیدہ ہیں؟

Marfat.com

ج: نو حصے۔

44- ''مومن بزدل، بخیل، زانی اور چور ہوسکتا ہے مگر............... نہیں ہوسکتا: مندرجہ ذیل میں سے صحیح لفظ لگا کر حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مکمل کریں؟

(الف) جھوٹا (ب) منافق (ج) بدعہد (د) غدار

ج: (الف) جھوٹا

45- ماں باپ کا اولاد کے لئے سب سے بہتر عطیہ کیا ہے؟

ج: حسن ادب (اچھی تعلیم وتربیت) سکھانا۔

46- فرض نماز کا وقت ہو جائے، نماز کے لئے میت تیار ہو، اولاد شادی کے قابل ہو جائے تو کیا جائز نہیں ہے؟

ج: ان کاموں میں تاخیر کرنا۔

47- ''عقیقہ'' کس اسلامی معاشرتی، دینی رسم کو کہتے ہیں؟

ج: بچے یا بچی کی پیدائش کے ساتویں دن جانور ذبح کر کے اس کا گوشت اللہ کی راہ میں بانٹنا۔ لڑکے کے لئے دو بکریاں یا دو بکرے (قربانیاں) اور لڑکی کے لئے ایک قربانی (ایک بکرا یا ایک بکری) مشروع ہے۔

48- کس غزوہ میں مسلمان مجاہدین کو سب سے زیادہ مال غنیمت ملا تھا؟

ج: غزوۂ حنین (24 ہزار اُونٹ، 40 ہزار بکریاں، 4 ہزار اوقیہ چاندی)۔

49- عام بدکاری اور چوری سے دس گنا بڑی بدکاری اور چوری کیا ہے؟

ج: ہمسائے کے گھر میں چوری اور اس کی بیوی کے ساتھ بدکاری کرنا۔

50- دیانت سے کیا مراد ہے؟

ج: تمام معاملات میں درست روش، راست بازی اور سچائی کا اظہار کرنا۔

51- وہ کون سی نماز ہے جس کی اذان سنتے ہی خرید و فروخت بند کر دینے کا حکم ہے؟

ج: نماز جمعہ کی اذان۔

52- ناپاکی کی دو قسمیں ہیں، احداث (عارضی ناپاکی) جو صرف دھو دینے پر غسل سے دور

Marfat.com

ہو جاتی ہے۔ مثلاً! پیشاب، پاخانہ، خون، شراب وغیرہ کا جسم یا کپڑوں کو لگ جانا۔

بتایئے انجاس کس قسم کی ناپاکی کو کہتے ہیں؟

ج: گندگی و پلیدی جیسے ناپاکی کی حالتیں، مثلاً جنبی ہونا، محتلم ہونا، یہ نجس کی جمع ہے۔ یہ ناپاکی غسل شرعی کے بغیر دُور نہیں ہوتی۔

53- کن لوگوں کی دُعا فرشتوں کی طرح ہوتی ہے۔

ج: مسافروں اور مریضوں کی۔

54- ہمسایوں کے حقوق اور فرائض کا ذکر اور ان کی قسمیں قرآن مجید میں کہاں ذکر ہوئی ہیں؟

ج: سورۃ النساء آیت 36۔

55- حدیث شریف مکمل کریں۔ ''جتنی دیر کوئی کسی بیمار کی عیادت کرتا ہے گویا......؟''۔

ج: وہ جنت میں رہتا ہے۔

56- آیات قرآنی مکمل کریں۔

(i) ............ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ (قتل سے شدید تر ہے)

(ii) ............ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ (قتل سے بڑا ہے)

ج: اَلْفِتْنَةُ (فتنہ، فساد، جھگڑا)۔

57- جنت کی خوشبو چالیس سال کی دُوری سے محسوس ہو گی۔ مگر ایک شخص اس سے بھی محروم رہے گا۔ بتایئے کون؟

ج: کسی ذمی کو ناحق قتل کرنے والا۔

58- ''اہل معاہد'' کن لوگوں کو کہا جاتا ہے۔

ج: وہ غیر مسلم جنہوں نے معاہدہ کے تحت اسلامی حکومت کی اطاعت قبول کی۔

59- اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى (عدل کرو یہ تقویٰ کے سب سے زیادہ قریب ہے)

عدل کی فضیلت میں یہ آیہ قرآنی آئی ہے بتایئے عدل نہ کرنے والے کو حدیث شریف میں کس نام سے یاد کیا گیا ہے؟

ج: شیطان کا چیلہ۔

Marfat.com

60- حسد اور رشک کسے کہتے ہیں؟

حسد: کسی دوسرے کو اللہ کی نعمت پاتے دیکھ کر جلنا اور اس سے نعمت کے ضائع ہونے کی خواہش کرنا۔

رشک: کسی دوسرے کو اللہ کی نعمت پاتے پاتے دیکھ کر خوش ہونا اور ایسی ہی نعمت خود ملنے کی خواہش کرنا۔

61- اُولِیْ الْاَلْبَابِ یا اُولُوا الْاَلْبَابِ کون لوگ ہوتے ہیں؟

ج: ایسے عقل مند لوگ جو حقیقت تک رسائی حاصل کرنے کے لئے کوشش کریں اور غور و فکر کی صلاحیت کے حامل ہوں۔

62- مسلم اور مومن میں کیا فرق ہوتا ہے؟

ج: مسلم: اِسلام کا زبان سے اعلان کر کے مسلمان ہو جانے والا۔

مومن: اِسلام لانے کے بعد ایمان لانے والا یعنی اِسلام کے تقاضوں کو اس عقیدہ کے مطابق عملاً پورے کرنے والا کہ یہ اللہ کا حکم ہے اس کے نبیؐ کی سنت ہے اور اس پر ہی اگلی زندگی کے اچھے یا برے ہونے کی بنیاد ہے۔

63- وَقُلْ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا. (سورۃ طٰہٰ، آیت: 144) قرآن مجید میں یہ دُعا کس نبی اور پیغمبر کو سکھائی گئی ہے؟

ج: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو۔

64- قرآن کی حفاظت کے دو ذرائع اختیار کئے گئے، حفظ اور کتابت۔ حدیث شریف کی حفاظت کے لئے کیا ذرائع اختیار کئے گئے؟

ج: یہی دونوں (حفظ و کتابت)

65- حضرت عائشہ صدیقہؓ 17 رمضان المبارک 57 ہجری بعمر 66 سال فوت ہوئی۔ بتائیے آپ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی۔

ج: حضرت ابو ہریرۃؓ۔

Marfat.com

66- حضرت علیؓ اور حضرت امیر معاویہؓ کی خلافت کے درمیان ایک شخص نے چھ ماہ خلافت کی، پھر صلح کرتے ہوئے امیر معاویہ کے حق میں دستبردار ہو گئے، بتایئے کون؟

ج. حضرت امام حسنؓ مجتبیٰ۔

67- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی کنیت اور نام کے سلسلے میں کیا فرمایا ہے؟

ج: سَمُّوْا بِاسْمِیْ وَلَا تَكْتَنُوْا بِكُنْيَتِیْ (میرے نام پر نام رکھو مگر میری کنیت پر اپنی کنیت نہ رکھو)۔

68- اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَاللّٰهِ اَتْقَاكُمْ. (سورۃ حجرات، آیت:13) اس آیہ قرآنی سے کس عادت جاہلیہ کا رد اور کس عادت حسنہ کا ثبوت ملتا ہے۔

ج: ذات پات اور رنگ و نسل کی برتری یا کمتری کا رد اور تقویٰ کی برتری کا اعلان۔

69- تجسس کی دو قسمیں ہیں، ایک تَحَسُّس بالحاء (تحسس) اور دوسرا تَجَسُّس بالجیم (تجسس) ان میں کیا فرق ہے۔

ج: بالترتیب کسی کے اچھے کوائف و احوال کی تلاش میں ہونا تحسس اور کسی کے برے افعال و عیوب ڈھونڈنا (تجسس)۔

70- لَا يَمَسُّهٗ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ (سورۃ الواقعہ، آیت:79) (اسے صرف پاکیزگی کی حالت میں چھوؤ) یہ حکم کس کے بارے میں آیا ہے؟

ج: قرآن مجید۔

71- اسلامی ریاست میں ذمی سے کون لوگ مراد ہوتے ہیں؟

ج: اسلامی سلطنت کے غیر مسلم باشندے۔

72- عفو و درگزر کے بارے میں کوئی ایک آیت قرآنی مع ترجمہ لکھئے؟

ج: فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا (سورۃ البقرۃ، آیت:109) (اور معاف کرو اور درگزر کرو)

73- اسلامی معاشرے کے استحکام اور تعلقات کی استواری کی بنیادی شرائط کیا ہیں؟

ج: عدل، مساوات، اخوت، خدمت۔

74- وعدہ وفا کرنے کے سلسلے میں ایک حکم قرآنی مع ترجمہ قلمبند کریں؟

Marfat.com

ج: وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُوْلًا. (سورۃ بنی اسرائیل، آیت:34)
(ترجمہ: اور عہد کی پابندی کرو، بے شک عہد کے بارے میں سوال کیا جائے گا)۔

-75 ''زوجین سے کیا مراد ہے؟

ج: زوجین، زوج (ساتھی، میاں، بیوی) کی تثنیہ ہے عرف عام میں خاوند کو زوج اور بیوی کو زوجہ کہا جاتا ہے۔

-76 صوم، جہاد اور تبلیغ کس دین کی شناخت ہیں؟

ج: اِسلام کی۔

-77 شرک کے لغوی معنی شریک کرنے اور ساتھی بنانے کے ہیں۔ سورۃ اخلاص کی کون سی آیت خاص طور پر شرک بالمعنیٰ (کفو) کی نفی کرتی ہے؟

ج: آخری آیت (وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ).

-78 کون سا عقیدہ توہم پرستی، بت پرستی اور غیر اللہ کی پرستش کا خاتمہ کرتا ہے۔

ج: عقیدہ توحید۔ علم حدیث کی اصطلاح میں۔

-79 علم حدیث کی اصطلاح میں ''درایت'' سے کیا مراد ہوتی ہے؟

ج: حدیث کے متن کو بغور دیکھنا اور اس کے محاسن و معائب کا جائزہ لینا۔ جرح و تعدیل کرنا، متن سے حاصل ہونے والے احکام و ہدایات کی حیثیت متعین کرنا۔

-80 ختم نبوت صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کم از کم تین القاب تحریر کریں؟

ج: (i) خاتم النبیین (ii) عاقب (iii) حاشر (iv) خاتم نبوتؐ
(v) ختم الرسل (vi) نبی آخر الزماں (vii) نبی اوّل و آخر (viii) خاتم الرسل

-81 فقرہ مکمل کریں۔ ''انبیاء ورسل (پیغمبران عظام) گناہ اور خطا سے ..........

ج: معصوم ہوتے ہیں۔

-82 نماز بدنی عبادت ہے تو زکوٰۃ مالی عبادت ہے مگر .......... بدنی اور مالی دونوں طرح کی عبادت ہے؟

Marfat.com

ج: حج بیت اللہ۔

83- منافقین مدینہ نے مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلے میں مسجد ضرار کس منافق، شریر اور فتنہ جو کے اشارے پر تعمیر کی تھی؟

ج: بنوخزرج کے ابو عامر نامی راہب کے اشارے پر جس نے غزوہ اُحد میں کافروں کی طرف سے مسلمانوں پر پہلا تیر چلایا تھا۔

84- قیامت کے دن مالدار غیر مالدار لوگوں کی نسبت کتنی مدت زیادہ حساب دیتے رہیں گے؟

ج: پانچ سو سال زیادہ۔

85- تکمیل دین کا اعلان (آیہ تکمیل دین کا نزول) کب اور کہاں ہوا؟

ج: 9 ذوالحج 10 ہجری میدانِ عرفات، مکہ مکرمہ میں۔

86- سورۃ البقرۃ کے بعد آیات کے حساب سے قرآن مجید کی سب سے بڑی سورۃ کون سی ہے؟

ج: سورۃ الشعراء: 227 آیات۔

87- رکوعات کے حساب سے سورۃ البقرہ کے بعد سب سے بڑی سورۃ کون سی ہے؟

ج: سورۃ آل عمران، 20 رکوع۔ 200 آیات۔

88- وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰہِ قِیْلًا، وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰہِ حَدِیْثًا. ترجمہ کریں۔

ج: (i) اور اللہ سے زیادہ سچا قول کس کا ہے؟

(ii) اور اللہ سے زیادہ سچی بات کس کی ہے؟

89- حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کے مہاجر مسلمان اور انصار مسلمان اور یہودیوں اور مشرکین کے درمیان 1 ہجری میں سیاسی معاہدہ کیا۔ نام بتایئے؟

ج: معروف نام ہے، میثاق مدینہ۔

"الوثائق السیاسیة" کے نام سے ڈاکٹر محمد حمید اللہ مرحوم نے اس معاہدہ کے بارے میں ایک مفصل اور محقق کتاب لکھی ہے۔

90- حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں سے "عفو عام" کی دو مثالیں لکھیے؟

Marfat.com

ج: فتح مکہ اور سفر طائف کا واقعہ۔

91- زکوٰۃ کے کم از کم دو معاشی فائدے تحریر کریں۔

ج: غربت کا خاتمہ، جمع مال کی حوصلہ شکنی، مخلوق خدا کی خدمت۔ آخرت کی تیاری۔

92- صحیح یا غلط بتائیے؟ مکی سورتوں میں عبادت کے احکام بیان نہیں کیے گئے؟

ج: صحیح۔ عبادات کے احکام مدنی سورتوں میں آئے ہیں۔

93- غزوۂ بدر میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دو دندان مبارک شہید ہوئے اور غزوہ احد میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کافروں کو بھرپور شکست دی، کیا یہ صحیح ہے؟

ج: جی نہیں یہ غلط ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دندان مبارک غزوۂ اُحد میں شہید ہوئے اور غزوۂ بدر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کافروں کو عبرت ناک شکست دی۔

94- خالی جگہیں پُر کریں۔

''میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی ............ نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ ............ اللہ کے بندے اور ............ ہیں۔

ج: معبود، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم، رسول۔

95- بتائیے کہ صحیح ہے یا غلط کہ قرآن مجید کی سورۃ توبہ میں دو دفعہ تسمیہ (بسم اللہ الرحمٰن الرحیم) پڑھا جاتا ہے۔

ج: غلط ہے۔ (ایک دفعہ بھی نہیں پڑھا جاتا)۔

96- حدیث شریف میں یہ رائے کس کے بارے میں آئی ہے۔ كَانَ خُلُقُهُ الْقُرْآنَ (ان کے اخلاق قرآن تھے)۔

ج: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم (سیدہ عائشہ صدیقہؓ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کو قرآنی اخلاق کہا ہے)۔

97- ارکانِ اسلام میں سے کس رکن کی فرضیت سب سے آخر میں ہوئی؟

ج: حج ...... 9 ہجری میں فرض ہوا۔

98- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تیس سچے نبیوں نے آنا ہے، غلط ہے یا صحیح؟

Marfat.com

ج: غلط..... حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نئے انبیاء کا آنا موقوف ہوا۔ ہاں تیس جھوٹے آئیں گے جو نبی ہونے کا دعویٰ کریں گے (اور جن کی شہرت ہوگی اور بڑی تعداد میں ان کے پیروکار ہوں گے) یہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے۔

-99 اِسلامی تاریخ میں کس جنگ کے دشمن کے قیدیوں (کو قتل کرنے کے بجائے) فدیہ لے کر رہا کر دیا گیا؟ (یہ پہلی بار ہوا)۔

ج: غزوۂ بدر کے ستر قیدیوں کے ساتھ یہ معاملہ کیا گیا۔

-100 رمی جمرات (شیطانوں کے پتھروں کو کنکریاں مارنا) کا عمل دوران حج کہاں ادا کیا جاتا ہے۔

ج: مقام منیٰ میں۔

-101 حدیث کے الفاظ کو مکمل کریں۔ اِنَّ رَحْمَتِیْ غَلَبَتْ .......... (بے شک میری رحمت میرے.......... پر غالب ہے)۔

ج: عَلٰی غَضَبِیْ. عَلٰی غَضَبِ. (یہ حدیث قدسی کے الفاظ ہیں)۔

-102 بتایئے یہ قرآنی آیت ہے یا حدیث یا کسی بزرگ کا قول ''جو شخص اپنے چھوٹوں پر رحم نہیں کرتا اور اپنے بڑوں کی عزت نہیں کرتا۔ وہ ہم میں سے نہیں ہے''۔

ج: مشہور حدیثِ مبارکہ ہے..... جامع ترمذی میں آئی ہے۔

(مَنْ لَّا یُوَقِّرُ کَبِیْرَۃً وَلَا مَنْ لَّا یَرْحَمُ صَغِیْرَۃً فَلَیْسَ مِنَّا).

-103 ترجمہ لکھئے۔ صَدَقَ اللّٰہُ الْعَظِیْمُ ط.

ج: اللہ عظیم نے سچ کہا۔

-104 .......... مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِہٖ وَیَدِہٖ (.......... وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں) حدیث مبارکہ مکمل کریں؟

ج: المسلم، مسلمان۔

-105 حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کس خطبہ میں عورتوں کو تحفظ دیا اور غلاموں (نوکروں) کو ان کے بنیادی حقوق عطا کیے۔

Marfat.com

ج: خطبہ حجتہ الوداع۔

106- اللہ تعالیٰ ان .................. کرتا ہے جو اس کے راستہ میں سیسہ پلائی (بہت مضبوط) دیوار کی طرح (جم کر) لڑتے ہیں؟ آیت کے الفاظ مکمل کریں؟

ج: لوگوں سے محبت (یہ سورۃ الصف کی چوتھی آیت کا ترجمہ ہے)۔

107- صحیح ترجمہ کی نشاندہی کریں۔ اِنَّ الشِّرْکَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ.

(الف) کہہ دو اللہ ایک ہے (ب) شرک سے دین ختم ہو جاتا ہے

(ج) بلاشبہ شرک بڑا ظلم ہے

ج: بلاشبہ شرک بڑا ظلم ہے۔

108- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تعمیر کعبہ کے وقت حجر اسود نصب کیا تو آپ کی عمر 30 سال/ 35 سال/ 40 سال تھی، صحیح جواب بتائیے۔

ج: 35 سال صحیح جواب ہے۔

109- حدیث کی گفتگو مکمل کریں؟ ''پہلی قومیں ............ کو سزا دینے اور ............ کو چھوڑ دینے (عدل نہ کرنے) کی وجہ سے تباہ ہوئیں''۔

ج: کمزوروں، طاقتوروں۔

110- اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ.

(الف) اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے

(ب) اللہ صبر کرنے والوں کو پسند کرتا ہے

(ج) اللہ صبر کا حکم کرتا ہے

صحیح ترجمہ کی نشاندہی کریں؟

ج: اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

111- کس نبیؐ نے کہا کہ ''میں قیامت کے دن اپنی اُمت کی کثرت پر فخر کروں گا''۔

ج: حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔

112- ''قیامت کے دن'' خرید و فروخت، دوستی اور سفارش ضرور کام آئے گی'' کیا یہ صحیح ہے

Marfat.com

یا غلط؟

ج: غلط ہے، یہ تینوں چیزیں کام نہیں آئیں گی۔ (حوالہ ہے: سورۃ البقرۃ۔154)

113- غزوۂ اُحد میں پچاس سے زیادہ اور ستر سے کم مسلمان شہید ہوئے۔ ہاں یا نہ میں جواب دیں؟

ج: جی نہیں، پورے ستر مسلمان شہید ہوئے۔

114- حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلی مسجد مکہ میں، مدینہ میں، قبا میں، طائف میں تعمیر کی۔ صحیح جگہ کی نشاندہی کیجئے؟

ج: قبا کے مقام پر۔ (سفرِ ہجرت کے دوران مدینہ پہنچنے سے پہلے)

115- اِسلام کا لفظی معنی ہے سلامتی، اطاعت شعاری، قرآن کی وہ آیت بتایئے جس میں اللہ نے اِسلام کے دین ہونے پر اپنی رضامندی کا اعلان کیا ہے۔

ج: وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا. (سورة المائده ـ 2) (اور میں تمہارے لئے اسلام کے دین ہونے پر راضی ہوگیا ہوں)۔

116- قرآن کا آغاز کس سورۃ سے ہوتا ہے؟ الفاتحہ، الصلوٰۃ، ام الکتاب، کنز، شفا۔

ج: سورۃ الفاتحہ۔ باقی بھی سورۃ فاتحہ کے ہی صفاتی نام ہیں۔

117- عورت نماز کی امامت کیسے کرواسکتی ہے؟

ج: (۱) جب مقتدیوں میں کوئی مرد نمازی نہ ہو۔

(۲) امام عورت سب سے پہلی صف میں کھڑی ہوگی، آگے نکل کر اکیلی کھڑی نہ ہوگی۔

(۳) صرف عورتوں کی امامت کروائے گی۔

118- سفرِ ہجرت میں دو شخص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے رفیق تھے۔ (حضرت ابوبکر صدیقؓ عبداللہ بن اریقط)۔ قرآن نے ایک شخص کو آپ کا رفیق کہا ہے بھلا کسے؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ کو رفیق کہا گیا ہے۔ (سورۃ توبہ: 41)

اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا.

Marfat.com

(جب اس (نبیؐ) نے اپنے ساتھی سے کہا غم نہ کر، اللہ ہمارے ساتھ ہے۔

119- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کے ساتھ حضرت عائشہؓ نے قبر بنوانے کی خواہش کی تھی، مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمرؓ دفن ہوئے۔ حضرت عائشہؓ کہاں دفن ہوئیں؟

ج: جنت البقیع میں دفن کی گئیں۔

120- کس خلیفہ راشد نے بغیر جنگ کے معاہدہ صلح کے ذریعے بیت المقدس کو فتح کیا اور مسجد اقصیٰ میں نماز پڑھائی؟

ج: حضرت عمرؓ بن خطاب۔

121- سورۃ فاتحہ کے آخر میں کون سا لفظ پڑھا جاتا ہے، مگر لکھنے میں نہیں آتا؟

ج: آمین (قبول فرما)۔

122- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بارے میں یہ کب کہا۔ اَفَلَا اَکُوْنَ عَبْدًا شَکُوْرًا (کیا میں اللہ کا شکر گزار بندہ نہ بنوں)۔

ج: جب کثرت عبادت پر ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا تھا کہ آپ اتنی مشقت کیوں اُٹھاتے ہیں؟

123- نام لئے بغیر کس صحابی کے اِسلام لانے کی حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے دُعا کی تھی؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ، اسی وجہ سے آپ کو "مرادِ رسولؐ" بھی کہا جاتا ہے۔

124- نفلی نمازوں میں سب سے زیادہ کون سی نماز اللہ کو پسند ہے؟

ج: نماز تہجد۔

125- حدیث کے سب سے پہلے مرتب کن صحابہ کرامؓ کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت ابوہریرۃؓ۔ حضرت عمرو بن العاصؓ۔ حضرت علیؓ وغیرہم۔

126- جبل رحمت کی حجۃ الوداع کے موقع پر کیا اہمیت ہے؟

ج: یہاں پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ حجۃ الوداع دیا تھا۔

127- "جمعۃ الوداع" کس جمعہ کو کہا جاتا ہے؟

Marfat.com

ج: رمضان المبارک کے آخری جمعہ کو۔

128- صحیح یا غلط کی نشاندہی کریں۔ ”حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چار حج اور ایک عمرہ کیا“۔

ج: غلط ہے، صحیح یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حج اور چار عمرے کئے۔

129- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کون سی چیز (کچی) کھا کر مسجد میں آنے سے منع فرمایا ہے؟

ج: لہسن اور پیاز (یا کوئی ناگوار بدبو والی چیز)۔

130- غزوۂ خندق اور بیعت رضوان کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج: غزوۂ خندق: غزوۂ احزاب بیعت رضوان: بیعت الشجرہ۔

131- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا کا نام عبدالمطلب تھا۔ حضرت علیؓ کے دادا کا کیا نام تھا؟

ج: یہی عبدالمطلب حضرت علیؓ کے بھی دادا تھے۔

132- آیہ مبارکہ کا ترجمہ کریں۔ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَO (سورۃ انعام، آیت:162)

ج: بے شک، میری نماز اور میری قربانی اور میری زندگی اور میری موت اللہ کے لئے ہے جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے۔

133- حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے حج کے سفر (10 ہجری) میں ایک سو اُونٹ بطور قربانی لے گئے تھے، آپ نے کتنے اُونٹ ذبح کئے؟

ج: 63 اُونٹ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے ذبح کئے (اپنی عمر کے ہر سال کے بدلے ایک اُونٹ) اور 37 اُونٹ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے حضرت علیؓ نے ذبح کئے۔

134- ہر غزوہ میں مسلمانوں کی تعداد دشمنوں سے کم رہی ہے، سوائے ایک غزوہ کے نام بتائیے؟

Marfat.com

ج: غزوۂ حنین۔ (کفار 4000،[1] مسلمان 12000)
لشکر کی...... تعداد کی زیادتی پر اتراتے ہوئے بعض نومسلم نوجوانوں نے کہا تھا۔ ''آج ہمیں کون شکست دے سکتا ہے؟'' اللہ کو ان کی یہ بات پسند نہ آئی، نتیجتاً مسلمان ابتداً شکست سے دوچار ہوئے، بعدازاں کامیاب ہوئے۔

135- احادیث مبارکہ کا ترجمہ کریں۔

(الف) اَلْحَیَاءُ شُعْبَۃٌ مِنَ الْاِیْمَانِ.

(ب) خَیْرُ الْمَجَالِسِ اَوْ سَعُھَا.

ج: (الف) حیا ایمان کی ایک شاخ ہے۔

(ب) مجلسوں میں بہترین مجلس وسیع و کشادہ ہوتی ہے۔

136- صلح حدیبیہ کا معاہدہ تحریر کرنے والے صحابی کا نام تو حضرت علیؓ ہے، معاہدہ سے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کس نے کافروں کے مطالبہ پر کاٹا تھا؟

ج: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے خود کیونکہ حضرت علیؓ نے اس سے (رسول اللہ کا لفظ کاٹنے) سے معذرت کی تھی۔

137- مسجد اقصیٰ کی تعمیر کن نبی علیہ السلام کے زمانے میں کس نے کی؟

ج: حضرت سلیمان علیہ السلام کے زمانے میں، جنوں اور زورآور انسانوں نے۔

138- کن دو جنگوں میں حضرت سلمان فارسیؓ کے جنگی نوعیت کے مشورے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبول کیے۔

ج: غزوۂ خندق اور غزوۂ حنین۔

139- حضرت یوسف علیہ السلام کے دادا اور پڑدادا کا نام بتائیے؟

ج: حضرت یوسف کے والد کا نام حضرت یعقوبؑ، دادا کا نام حضرت اسحاقؑ اور پڑدادا کا نام حضرت ابراہیمؑ ہے۔

---

(1) دیکھئے تاریخ محمدؐ مصنف ایم ڈی فاروق، صفحہ 456، ادارہ اشاعت قرآن و تاریخ اسلام لاہور

Marfat.com

140- خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا لقب ہے۔ تاجدار ختم نبوت کس نبی علیہ السلام کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہی کہا جاتا ہے۔

141- مرنے کے بعد انسان کا کیا فنا ہوتا ہے؟

ج: جسم فنا ہوتا ہے اور رُوح باقی رہتی ہے۔

142- فقرہ مکمل کریں۔ "اِسلامی حکومت کا اصل مقصد.................. کا قیام ہے"۔

ج: نظام عدل۔

143- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کون سی نماز صرف تین دن جماعت کے ساتھ ادا کی، پھر اپنے اپنے طور پر پڑھنے کا اختیار دے دیا۔

ج: نمازِ تراویح۔

144- کس آسمانی کتاب کی زبان کو زندہ زبان کہا جاتا ہے؟

ج: قرآن مجید کی زبان عربی کو۔

145- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مکمل کریں۔ "اگر اللہ کے سوا کسی دوسرے کے لئے سجدہ جائز ہوتا تو میں..................کو حکم دیتا کہ اپنے..................کو سجدہ کرے"۔

ج: بیوی، خاوند۔

146- صحیح اور غلط کی نشاندہی کیجئے۔ "اِسلام نے اپنے سے پہلی شریعتوں کو منسوخ کر دیا ہے"۔

ج: صحیح

147- صحیح یا غلط کی نشاندہی کریں۔ "شرک، توحید کا مترادف ہے یا "دونوں ایک ہی جیسے فعل ہیں"۔

ج: غلط: شرک توحید کا اُلٹ ہے، دونوں ایک دوسرے کے اُلٹ کام ہیں۔

148- کیا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم صرف اہل عرب کے لئے رسول اور نبی بنا کر بھیجے گئے؟

ج: جی نہیں...... بلکہ ساری دُنیا کی طرف (قُلْ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ اِلَیْکُمْ جَمِیْعًا)

Marfat.com

(آیہ قرآنی)

149- اللہ تعالیٰ پر ایمان لانا تمام قسم کے ایمان کو لازم کر دیتا ہے۔ وضاحت کریں؟

ج: اللہ پر ایمان کے بعد اس کے رسولوں، کتابوں، ملائکہ، یوم آخرت اور تقدیر پر ایمان لا ضروری ہو جاتا ہے، کیونکہ یہ اللہ ہی کا حکم ہے اور ایمان باللہ کا حصہ ہے۔

150- "وجودِ باری تعالیٰ پر ایمان لانا ہر جاندار (انسان) کی فطرت میں شامل ہے"۔ ہاں ناں میں جواب دیں۔

ج: ہاں! یہ بات بالکل ٹھیک ہے۔

151- منصب رسالت محنت کر کے (دن رات عبادت کر کے) حاصل کیا جا سکتا ہے۔ صحیح ہے یا غلط؟

ج: یہ بات بالکل غلط ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنی مرضی سے جسے چاہے نبی بنا دے، یہ منصب کوشش سے حاصل نہیں ہو سکتا۔ (اَللّٰهُ يَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ) (آیہ قرآنی)

152- "اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت کے لئے انسانوں میں سے ہی رسول بھیجا" درست یا غلط بتائیں؟

ج: جی ہاں! اس صفت کو "بشریت رسالت" کہتے ہیں۔

153- "مشرکین اور کفار یوم آخرت پر ایمان نہیں رکھتے، بلکہ وہ صرف دُنیا کو اپنا اوڑھنا بچھونا سمجھتے ہیں"۔ درست یا غلط؟

ج: درست ہے۔ وہ مرنے کے بعد کی زندگی کو ناممکن کہتے تھے۔ (حوالہ ہے سورۃ یٰسین آیات 79-80)

154- "ایک مسلمان کے لئے صرف محمد رسول اللہ پر ایمان لانا کافی نہیں بلکہ تمام گزشتہ انبیاء پر ایمان لانا (کہ وہ اپنے اپنے وقت میں برحق تھے) بھی ضروری ہے"۔ درست یا غلط؟

ج: درست ہے۔ بلکہ ان کی کتابوں اور صحیفوں کو بھی من جانب اللہ ماننا ضروری ہے۔

155- اس حدیث مبارکہ کا عربی متن لکھیں؟ "دُنیا آخرت کی کھیتی ہے"۔

ج: اَلدُّنْيَا مَزْرَعَةُ الْآخِرَةِ.

Marfat.com

-15 ''پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اپنی خواہش سے نہیں بولتے بلکہ وہ وحی الٰہی کے مطابق بات کرتے ہیں''۔اس آیت کی عربی لکھیں؟

ج: وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰیO اِنْ هُوَ اِلاَّ وَحْیٌ يُّوْحٰی. (سورۃ القلم:3)

-15 ''اللہ کو ایک جاننا توحید ہے اور اس کے ساتھ (اس کی ذات، صفات، حق عبادت یا افعال میں) کسی کو حصہ دار یا ساتھی سمجھنا شرک ہے''۔درست ہے یا غلط؟

ج: درست ہے۔

-15 ''اللہ کی آخری کتاب قرآن مجید ہر شعبہ زندگی میں مکمل رہنمائی فراہم کرتی ہے؟'' درست ہے یا غلط ہے۔

ج: درست ہے۔اسی لئے تو کہا جاتا ہے۔

(Islam is a perfect code of life)

-15 فقرہ مکمل کریں۔''.................. کی بنیاد پانچ ستونوں (عقائدِ اسلام یا ارکان اسلام) پر قائم ہے''۔

ج: اِسلام۔(بُنِیَ الْاِسْلَامَ عَلٰی خَمْسٍ اَنْ تَشْهَدُ...... حدیث نبویؐ)

-16 درست لفظ خالی جگہ پر لگائیں۔''قیامت کے دن سب سے پہلے .................. کے بارے میں پوچھا جائے گا''۔(نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ)

ج: نماز۔

-16 درست لفظ لگا کر خالی جگہ پُر کریں۔

(الف) انسان .................. فانی ہے۔ (کی روح۔کا جسم)

(ب) موجودہ زندگی کے بعد .................. ہے۔

(ایک اور زندگی۔ایک اور موت)

(الف) کا جسم (ب) ایک اور زندگی

-16 درست یا غلط کی نشاندہی کریں۔''زکوٰۃ مسلم و غیر مسلم دونوں پر فرض ہے؟

غلط!صرف مسلم پر فرض ہے۔

Marfat.com

163- ''اللہ کی اطاعت میں رسولؐ کی اطاعت اور رسولؐ کی اطاعت میں اللہ کی اطاعت پوشیدہ ہے''۔ درست ہے یا غلط۔

ج: درست

164- تہمت بے بنیاد الزام کو کہتے ہیں اور غیبت کسی کے حقیقی عیب کے اظہار کو کہتے ہیں۔ کیا یہ درست ہے؟

ج: بالکل درست ہے۔

165- ہجرت مدینہ کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلا کام ''مواخات'' کا کیا۔ مواخات کا مطلب کیا ہے؟

ج: (انصار اور مہاجرین کے درمیان) بھائی چارہ قائم کرنا۔ مسلمانوں کا ایک دوسرے کے دینی بھائی ہونا۔

166- خالی جگہ پُر کریں۔ ''کافروں اور مشرکوں کے ساتھ.............کی دوستی ہی ہو سکتی ہے''

ج: کافروں اور مشرکوں کی۔

167- کیا یہ دونوں باتیں صحیح ہیں؟

(الف) حضورؐ اخلاق کی اعلیٰ بلندی پر فائز ہیں۔

(ب) تہجد کی نماز سب پر فرض ہے۔

ج: پہلی بات صحیح ہے، دوسری بات غلط ہے۔ تہجد کی نماز (حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ) سب کے لئے نفل ہے۔

168- ان میں سے کون سا بیان درست ہے؟

(الف) قرآن 15 شعبان کی رات نازل ہوا۔

(ب) قرآن مجید 27 رمضان المبارک کی رات کو نازل ہوا۔

ج: دونوں غلط ہیں۔ قرآن مجید ''لیلۃ القدر'' کو نازل ہوا۔ جو 27 رمضان المبارک کو بھی ہو سکتی ہے اور آگے پیچھے بھی۔

169- اِسلام میں قومیت کی بنیاد رنگ و نسل اور وطن پر ہے۔ غلط ہے یا صحیح۔

Marfat.com

ج: غلط ہے۔ اِسلام میں ''قومیت کی بنیاد'' دین ہے۔

170- ''مزین منبر و محراب'' کن خلیفہ راشد کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت عمر فاروق ؓ

171- حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشادِ نورانی کا کیا مطلب ہے۔ اِنَّمَا بُعِثْتُ رَحْمَةً۔

ج: بے شک مجھے رحمت بنا کر بھیجا گیا ہے۔ یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اور تعلیمات دونوں عالم انسانیت کے لئے رحمت ہیں۔

172- حدیث کے وہ مجموعے جن کی ترتیب ابواب فقہ کے مطابق ہو، کیا کہلاتے ہیں؟

ج: سنن جیسے سنن ابن ماجہ یا سنن نسائی۔

173- جرح و تعدیل سے کیا مراد ہے؟

ج: <u>جرح:</u> کسی حدیث کے راوی کے عیوب بیان کرنا۔ یا کسی حدیث کے متن کو جانچنا۔

<u>تعدیل:</u> حدیث کے کسی راوی کے اوصاف بیان کرنا۔ یا کسی حدیث کے بظاہر مخالف قرآن یا مخالف حدیث متن میں ایسی تاویل کرنا کہ اس کا انکار بھی نہ ہو اور ظاہری قباحت بھی دُور ہو جائے۔

174- تدوین حدیث کے چار ادوار ہیں۔ بتایئے صحاح ستہ کس دور میں مرتب ہوئیں؟

ج: تیسرے دور (171ھ کے بعد)۔

175- اصول اربعہ میں سب سے پہلی کتاب کون سی تھی اور کب لکھی گئی؟

ج: الکافی مرتبہ ابو جعفر محمد بن یعقوب الکلینی، 399 ہجری میں مرتب ہوئی۔

176- آیت کے معانی گول دائرہ کے ہیں، صحیح ہے یا غلط؟

ج: غلط۔ آیت کے معنی ہیں نشانی، قرآن مجید کا خاص نشان O وقف آیت کہلاتا ہے۔

177- اُمّی سے کیا مراد ہے؟

ج: یہ لفظ اگر عام آدمی کے لئے بولا جائے تو معنی ہوگا ''ان پڑھ'' اگر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بولا جائے تو معنی ہوگا ایسا نبی جس نے دُنیا کے کسی اُستاد سے نہیں

Marfat.com

پڑھا۔اس کا اُستاد اللہ تعالیٰ ہے۔ع

پڑھے نہ لکھے جناب والاً　　　شاگردِ رشید حق تعالیٰ

178- آیت الکرسی قرآن مجید کی کس سورۃ میں آئی ہے؟

ج: سورۃ البقرۃ کی آیت 255۔

179- قرآن مجید میں چار ایسے اشخاص کے نام بھی آئے ہیں، جو بڑے تھے۔کم از کم دو کے نام بتادیں؟

ج: (۱) فرعون　(۲) قارون　(۳) ہامان　(۴) ابولہب

180- اُونٹنی کا معجزہ کس پیغمبر سے منسوب ہے؟

ج: حضرت صالح علیہ السلام سے۔

181- پاکستان میں قرآن مجید کا سب سے پہلا ترجمہ کس زبان میں ہوا؟

ج: سندھی زبان میں۔(اخوند عزیز اللہ متعلوی 1160-1240ھ نے کیا)(۱)

182- بتایئے تیمم کا حکم کب نازل ہوا؟

ج: 5ہجری میں۔

183- اس حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا کیا ترجمہ ہے؟ حَقُوقُ الْجِيرَانِ كَحَقُوقِ الْاَقْرِبَاءِ.

ج: پڑوسی کے حقوق ایسے ہیں جیسے قریبیوں کے حقوق۔

184- کس حق کی ادائیگی سے اِسلامی معاشرہ ترقی کرتا ہے؟

ج: حقوق العباد کی ادائیگی سے۔

185- اللہ تعالیٰ کی محبت کے بعد ایک مسلمان کی محبت کا سب سے زیادہ مستحق کون ہے؟

ج: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

186- "كَسْبُ الْحَلَالِ جِهَادٌ". حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا ترجمہ لکھیں۔

ج: رزق حلال کمانا جہاد ہے۔

(۱) بحوالہ سیارہ ڈائجسٹ قرآن نمبر، جلد دوم، ص636

Marfat.com

187- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی کل زندگی میں گیارہ دفعہ زکوٰۃ ادا کی یا دس دفعہ؟

ج: ایک بار بھی نہیں اس لئے کہ آپ ﷺ مال جمع کرتے ہی نہ تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر زکوٰۃ فرض ہوتی۔

188- حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مکمل کیجئے۔ ''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نمود و نمائش کو..........کی ایک قسم قرار دیا ہے؟

ج: جھوٹ۔

189- مکمل کیجئے۔ ''مخلوقات الٰہیہ میں سب سے پہلے.......... نے تکبر کیا؟

ج: شیطان (ابلیس)۔

190- ''سردار مؤذنین سید المؤذنین'' (مؤذنوں کے سردار) کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت بلالؓ بن رباح کو۔

191- حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے..........کے مہینے کو مواسات اور ہمدردی کا مہینہ قرار دیا ہے؟ خالی جگہ دیئے گئے الفاظ میں سے درست لفظ لگا کر پُر کریں۔

(الف) محرم (ب) ربیع الاول (ج) رجب (د) رمضان

ج: (د) رمضان المبارک۔

192- ''..........اور..........پہلی اُمتوں پر بھی فرض تھے'' گفتگو مکمل کریں۔

ج: روزہ، نماز۔

193- حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا ترجمہ مکمل کریں۔ ''اپنی اولاد کے درمیان..........کیا کرو''۔

ج: عدل وانصاف۔

194- رشتہ داروں سے اچھا سلوک کرنے کو اسلامی اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟

ج: صلہ رحمی، یہ عمل اللہ کو بہت زیادہ پسند ہے اور قطع رحمی (صلہ رحمی نہ کرنا) اللہ کے غضب کا باعث ہوتی ہے۔

195- حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا ترجمہ مکمل کریں۔ ''غیبت.......... سے بھی برا

Marfat.com

گناہ ہے''۔

ج: زنا۔

196- صدق (معنی، سچائی اور راستی) کی کون کون سی تین قسمیں ہیں؟

ج: صدق قولی، صدق قلبی، صدق عملی۔

197- اس قرآنی آیت کا ترجمہ کریں۔ تِلْکَ حُدُوْدُ اللّٰہِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا.

(سورۃ البقرہ، آیت: 229)

ج: یہ اللہ کی حدیں ہیں، پس ان سے آگے نہ بڑھو۔

198- اس عبارت کا کیا ترجمہ ہے۔ ''اَلْمُلْکُ یَبْقٰی مَعَ الْکُفْرِ وَلَا یَبْقٰی مَعَ الظُّلْمِ''

ج: ریاست کفر کے ساتھ تو زندہ رہ سکتی ہے، مگر ظلم کے ساتھ زندہ (باقی) نہیں رہ سکتی۔ (یہ قول علیؓ ہے)۔

199- اہل معاہدہ تو وہ غیر مسلم ہوتے ہیں، جو معاہدے کے تحت اسلامی حکومت میں رہتے ہیں۔ اہل ذمہ کون سے غیر مسلم ہوتے ہیں؟

ج: جو جنگ میں شکست کھانے کے بعد اسلامی حکومت کی اطاعت قبول کریں اور اسلامی سلطنت میں رہتے ہوں۔

200- حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق ''ہمسائیگی کی حد.......... تک ہے''۔

ج: چالیس گھروں۔

201- ہر شخص کے تین باپ ہیں۔ وہ جو اس کی ولادت کا سبب بنا۔ دوسرا وہ جس کی بیٹی سے اس کا نکاح ہوا، تیسرا کون ہے؟

ج: اس کا اُستاد (معلم)۔

202- رشتہ داروں کے حقوق کی ادائیگی کے سلسلے میں قرآن مجید کی کوئی مختصر سی آیت لکھیے۔

ج: وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰی حَقَّهٗ. (اور رشتہ دار کو اس کا حق دے دو)۔

203- خالی جگہ پُر کریں۔ ''نان ونفقہ.......... کا حق ہے اور.......... وارثوں کا حق ہے''۔ (حدیثِ نبویؐ)

Marfat.com

ج: بیوی۔وراثت۔

204- سورۃ الفاتحہ کی آیت کے الفاظ مکمل کریں۔ اِیَّاکَ.......... وَاِیَّاکَ.....O

ج: نَعْبُدُ. نَسْتَعِیْنُ (ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور ہم تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں)

205- استقلال کے لغوی معنی بتایئے؟

ج: استحکام اور مضبوطی، دین پر برابر عمل کرتے رہنے کو استقلال کہتے ہیں۔

206- حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مجلس میں تشریف لاتے تھے تو۔

(i) صحابہ کرام مجلس میں کھڑے ہو جاتے تھے۔

(ii) کھڑے نہیں ہوتے تھے۔

درست عبارت کی نشاندہی کریں۔

ج: کھڑے ہوتے تھے۔مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے منع فرمایا کرتے تھے۔

وضاحت: آپ نے فرمایا کہ جو یہ خواہش رکھے کہ "لوگ اس کی آمد پر کھڑے ہوں، وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے" دوسری طرف آپ سے بڑوں اور سرداروں کے اعزاز و اکرام کی خاطر کھڑا ہونے کا حکم بوجہ تعظیم و انکسار دیا ہے۔

207- عبادات میں سب سے بڑی عبادت نماز ہے/ حج ہے/ ذکر الٰہی ہے۔ درست کی نشاندہی کریں؟

ج: ذکر الٰہی ہے۔ (وَلَذِکْرُ اللّٰهِ اَکْبَرُ). (بحوالہ سورۃ العنکبوت)۔

208- حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیمات نے یہ الفاظ کب کہے۔ لَا تَثْرِیْبَ عَلَیْکُمُ الْیَوْمَ اِذْهَبُوْا اَنْتُمُ الطُّلَقَاءُ (آج تم پر کوئی پکڑ نہیں جاؤ تم سب آزاد ہو)۔

ج: فتح مکہ کے موقع پر (کفار مکہ سے کہے)۔

209- اس آیتِ قرآنی میں کیا سبق دیا گیا ہے؟

وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِیْحُکُمْ. (سورۃ انفال، آیت:46)

(اور آپس میں مت جھگڑو ورنہ تم کمزور ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا اُکھڑ جائے گی)۔

ج: اتحاد و اتفاق قائم رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔

Marfat.com

210- بتائیے۔ ''رحمۃ للعالمین'' کس کے لئے کہا گیا ہے اور اس کا معنی کیا ہے؟

ج: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے کہا گیا ہے۔ (معنی ہے سارے جہانوں کیلئے رحمت) سورۃ الانبیاء۔ 107 میں ہے۔ وَمَا اَرۡسَلۡنٰکَ اِلَّا رَحۡمَۃً لِّلۡعٰلَمِیۡنَ O

211- علامہ اقبال کے اس شعر میں کن دو برائیوں کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

فرقہ بندی ہے کہیں اور کہیں ذاتیں ہیں
کیا زمانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں؟

ج: فرقہ بندی اور ذات پات کی برائی۔

212- قیامت کی کوئی سی دو نشانیاں بتائیے؟

ج: (۱) مسجدوں میں آوازیں بلند ہوں گی۔
(۲) حکومت نااہلوں کے قبضے میں ہوگی۔
(۳) زکوٰۃ کو تاوان سمجھا جائے گا۔

213- مذہبی لحاظ سے اقوامِ عالم کی کونسی چار قسمیں ہیں؟

ج: (الف) مسلمان (ب) اہل کتاب
(ج) مشتبہ اہل کتاب (د) کفار و مشرکین

214- شرک جلی تو کھلا شرک ہے اور شرک خفی چھپا ہوا شرک ہے۔ ''شرک دون شرک'' کس قسم کا شرک ہوتا ہے؟

ج: ناں جانتے ہوئے (لاعلمی میں) شرک کرنا مثلاً کہنا کہ ''تیرے سر کی قسم'' حالانکہ قسم صرف اللہ کی کھائی جا سکتی ہے۔ (غیر اللہ کی قسم کھانا شرک ہے)۔

215- ''ایک مکمل ضابطہ حیات'' کس آسمانی کتاب یا دین کو کہا جاتا ہے؟

ج: اِسلام اور قرآن مجید کو (Islam is a Perfect Code of Life)
(Quran is a Perfect Code of Life)

216- آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ''اچھے اخلاق (اخلاق فاضلہ) کو............قرار دیا ہے؟ مکمل کریں''۔

Marfat.com

ج: ایمان کامل۔

217- کس صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اِسلام کے لئے غیرت اور کس کی بہادری بالخصوص مثالی تھی؟

ج: غیرت حضرت عمر فاروقؓ کی اور بہادری حضرت علیؓ کی۔

218- حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے اور حضرت عیسیٰؑ کے بعد ایک نبی آیا/ایک رسول آیا/ایک نبی اور ایک رسول آیا۔ صحیح بات کیا ہے؟

ج: کوئی نبی یا رسول نہیں آیا۔ (صرف حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی آئے)۔ آپؐ نبی بھی ہیں اور رسول بھی، آپؐ کے بعد سلسلہ نبوت و رسالت بند ہو چکا ہے۔

219- اللہ کو معبود واحد مان کر مگر رسول اللہ کا انکار کر کے انسان مسلمان رہتا ہے یا نہیں؟ (ہاں یا نہ میں جواب دیں)۔

ج: مسلمان نہیں رہتا۔

220- اِسلام کے اعلان کے لئے زندگی میں کم از کم کتنی دفعہ کلمہ طیبہ یا کلمہ شہادت اعلاناً پڑھنا ضروری ہے؟

ج: کم از کم ایک دفعہ۔

221- واقعہ معراج کی تصدیق سب سے پہلے کس صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے کی؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ نے۔ (اسی وجہ سے آپ کو صدیق کا لقب عطا کیا)۔

222- یہ تو معلوم ہے کہ پہلی وحی میں پانچ قرآنی آیات نازل ہوئی تھیں، بتایئے سورۃ کون سی تھی؟

ج: سورۃ علق۔ (سپارہ ۳۰، کتابی نمبر ۹۶)

223- بتایئے مسجد اقصیٰ کس شہر، ملک اور براعظم میں ہے؟

ج: شہر: بیت المقدس، ملک: فلسطین (اسرائیل قابض ہے)، براعظم: مشرقِ وسطیٰ۔

224- سنت موکدہ اور سنت غیر موکدہ میں کیا فرق ہے؟

ج: سنت موکدہ: جسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ کیا اور کبھی نہ چھوڑا۔

Marfat.com

سنت غیر مؤکدہ: جسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کیا اور کبھی نہ کیا۔

225- کفارِ مکہ باوجود اپنی سرکشی، کفر اور ظلم کے عذابِ الٰہی سے کیوں محفوظ رہے؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے، جونہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ سے ہجرت کی، دو سال کے اندر اندر تمام بڑے بڑے کافر مٹی میں مل گئے۔

(وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ۔ القرآن)

226- يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا. عموماً..................سورتوں میں آیا ہے۔

ج: مدنی۔

227- ..................سورتوں میں مسلمانوں کو کافروں سے جہاد و قتال کی اجازت دی گئی ہے۔ خالی جگہ پُر کریں؟

ج: مدنی۔

228- يٰاَيُّهَا النَّاسُ کے خطاب کو عموماً..................سورتوں میں دہرایا گیا ہے؟ گفتگو مکمل کریں؟

ج: مکی۔

229- حدیث شریف کو مکمل کریں۔ "اُوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے اور اُوپر والا ہاتھ..................۔" (اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنْ يَّدِ السُّفْلٰى..........)

ج: دینے والا ہے اور نیچے والا ہاتھ لینے والا ہے۔

230- اس قرآنی آیت میں کس عمل کی ترغیب ہے۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ.
(اور ایمان والے اللہ کی محبت میں شدید تر ہیں)۔

ج: اللہ سے سب سے زیادہ محبت کرنے کی ترغیب ہے۔

231- کتنے سونے اور چاندی پر زکوٰۃ نہیں لگتی، خواہ کئی سالوں تک پڑا رہے؟

ج: ساڑھے سات تولے سے کم وزن سونا اور ساڑھے باون تولے سے کم وزن چاندی۔

232- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کون سا مال اپنے اور اپنے خاندان والوں پر حرام اور اُمت کے مستحقین کے لئے حلال قرار دیا ہے؟

Marfat.com

ج: صدقہ اور زکوٰۃ

233- حضرت اسامہ کے والد کا نام تو زید بن حارث تھا۔ والدہ کا کیا نام تھا؟

ج: حضرت ام ایمن۔ برکہ

234- وہ کون سا غزوہ ہے جس میں حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ شریک نہ ہو سکے؟

ج: حضرت عثمانؓ غزوۂ بدر میں اور حضرت علی غزوۂ تبوک کی مہم میں شریک نہ ہو سکے۔

235- کون سے نبی پیدا ہوتے ہی پنگھوڑے میں قوم سے خطاب کرنے لگے تھے؟

ج: حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

236- وہ آیت قرآنی لکھئے جس میں قرآن مجید کی حفاظت کا وعدہ کیا گیا ہے؟

ج: اِنَّ نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ O (حجر۔9) (بے شک ہم نے اس ذکر (قرآن) کو نازل کیا اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں)۔

237- مسواک کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی ایک فرمان لکھئے؟

ج: فرمایا: ''اگر مجھے اپنی اُمت پر تکلیف کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں ہر نماز سے پہلے مسواک کرنا فرض قرار دے دیتا''۔

238- موجودہ زمانے میں اہل کتاب سے کون سی دو اُمتیں مراد ہیں؟

ج: یہودی اور عیسائی۔

239- اعراب اور حرکت میں کیا فرق ہے؟

ج: عربی (قرآن) کے الفاظ کے آخری حرف پر آنے والے زیر، زبر، پیش وغیرہ اعراب کہلاتے ہیں اور اس سے پہلے حروف پر زیر، زبر، پیش کو حرکت کہتے ہیں۔

240- بیعت عقبہ ثانیہ کس سن ہجری میں ہوئی؟

ج: یہ بیعت سن ہجری میں نہیں بلکہ 12 نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں ہوئی۔ سن ہجری کے آغاز سے ایک سال قبل۔

241- کس قرآنی سورۃ میں دو دفعہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم آئی ہے۔ ایک بار آغاز میں دوسری دفعہ درمیان میں؟

ج: سورۃ النمل ایک دفعہ آغاز میں دوسری دفعہ آیت 30 میں۔

Marfat.com

242- دین میں نئی بات پیدا کرنے والے کو کیا کہتے ہیں؟

ج: بدعتی۔ اگر اچھی بات (بدعت حسنہ) پیدا کرے تو قابل قبول اور اگر بری بات (بدعت سیہ) پیدا کرے تو اس کی بات رد کر دی جائے گی۔

243- لغت میں چار دیواری اور بلندی کس کا معنی ہے، سورۃ کا یا سیپارہ کا؟

ج: سورۃ کا لغوی معنی ہے۔

244- اصول اربعہ تو اہل تشیع کی حدیث کی چار مستند کتابیں ہیں۔ بتائیے فقہ جعفریہ کی حدیث کی کتابیں کون سی ہیں؟

ج: یہی اصول اربعہ فقہ جعفریہ کی کتب ہیں۔ (اہل تشیع اور فقہ جعفریہ اور شیعہ ایک ہی گروہ ہے)۔

245- قرآن مجید کی زبان عربی کتنے ممالک کی سرکاری زبان ہے؟

ج: تقریباً بیس سے زیادہ ممالک کی۔

246- پاکستان کس اسلامی تاریخ کو وجود میں آیا تھا؟

ج: 27 رمضان المبارک 1366 ہجری بروز جمعرات۔ (۱)

247- ابو جہل کو کس غزوہ میں دو انصاری لڑکوں نے مارا (قتل کیا تھا؟)

ج: غزوۂ بدر میں۔ لڑکوں کے نام معوذؓ اور معاذؓ تھے۔ جو عفراءؓ نامی صحابیہ کے بیٹے تھے۔

248- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلا نکاح حضرت خدیجہ طاہرہؓ سے کتنی عمر میں کیا۔

ج: 25 سال کی عمر میں۔ سیدہ حضرت خدیجہؓ کی عمر چالیس سال تھی۔

249- بسم اللہ الرحمن الرحیم. مع اعراب و ترجمہ لکھئے۔

ج: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ؕ

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔

(۱) دراصل قیام پاکستان کا اعلان 15,14 اگست 1947ء، 28,27 رمضان المبارک 1366ھ کی درمیانی رات کو ہوا تھا۔ پاکستان اور بھارت نے آپس کی رضامندی سے ایک دن کو علیحدہ یوم آزادی قرار دیا۔ پاکستان نے 14 اگست اور بھارت نے 15 اگست کو۔

Marfat.com

250- اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم. مع اعراب وترجمہ لکھئے۔

ج: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط

ترجمہ: میں شیطان مردود (کی شرارتوں سے) اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔

251- کیا عقیدہ ختم نبوت ایک ثابت شدہ عقیدہ ہے؟

ج: جی ہاں، پوری اُمت اِسلامیہ کا متفقہ عقیدہ ہے۔ جو تقریباً 100 آیاتِ قرآنی اور 210 حدیثوں سے ثابت عقیدہ ہے۔

252- ایمان اور .................... کے ساتھ رکھے گئے روزوں کے بعد گزشتہ تمام گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔ خالی جگہ پُر کریں۔

ج: احتساب۔

253- آخرت میں نجات کے لئے ایمان کے بعد کون سی چیز درکار ہے۔

ج: عمل صالح۔

254- اس شعر میں کون سا عقیدہ ذکر کیا گیا ہے؟

سروری زیبا فقط اس ذات بے ہمتا کو ہے
حکمراں ہے ایک وہی باقی بتان آزری!

ج: عقیدہ توحید اور ردشرک۔

255- وہ قرآنی آیت لکھئے جس میں جھوٹوں پر اللہ کی لعنت کی گئی ہے؟

ج: لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ (آل عمران، 61)۔

256- یہ کس قانون کی بنیاد ہے لَا طَاعَةَ الْمَخْلُوْقِ فِيْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ (اللہ کی نافرمانی میں مخلوق کی اطاعت نہیں کی جائے گی)۔

ج: اِسلامی قانون کی بنیاد۔

257- حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سادگی کو ایمان کا حصہ قرار دیا ہے۔ حدیث کے الفاظ لکھیں؟

ج: اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِيْمَانِ.

Marfat.com

258- بتایئے حج اجزائے ایمان کا رُکن ہے یا ارکان اسلام کا رُکن؟

ج: ارکان اسلام کا آخری رُکن حج ہے۔ اجزائے ایمان کا آخری رکن ایمان بالآخرت ہے۔

259- قرآن مجید کی سب سے چھوٹی سورۃ الکوثر کی کتنی آیات اور کتنے رکوع ہیں؟

ج: 9، الفاظ 3 آیات، 1 رکوع، سپارہ تیس (سورۃ الماعون کے بعد اور سورۃ الکافرون سے پہلے)۔

(i) پہلی آیت میں ''کوثر'' کے عطا کیے جانے کا ذکر ہے۔

(ii) دوسری آیت میں نماز پڑھنے اور قربانی کرنے کا حکم ہے۔

(iii) تیسری آیت میں آپؐ کے دشمن کے بے نام ونشان ہونے کی خبر ہے۔

260- بتایئے عربی زبان کے کتنے حروف تہجی ہیں؟

ج: 28 (اٹھائیس)۔ 14 شمسی۔ 14 قمری۔

261- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دو ازواجِ مطہرات کا نام زینب تھا۔ آپ مکمل نام بتایئے؟

ج: (۱) زینبؓ بنت خزیمہؓ (۲) زینبؓ بنت جحش

262- اعلانِ نبوت سے قبل اہل مکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کس نام سے پکارتے تھے؟

ج: صادق اور امین۔

263- اس منافق کا نام بتایئے جو غزوۂ احد کے موقع پر اپنے تین سو ساتھیوں کے ساتھ مسلمانوں سے الگ ہو گیا تھا؟

ج: رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی سلول۔

264- تکبر کے بارے میں ایک قرآنی آیت مع ترجمہ لکھیے۔

ج: وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا. (اور زمین پر اکڑ کر نہ چل)۔

265- اخوت کے بارے میں کوئی ایک حدیث مع ترجمہ لکھیے۔

ج: کُوْنُوْا یَا عِبَادَ اللهِ اِخْوَانًا.

(اے اللہ کے بندو! آپس میں بھائی بھائی بن جاؤ)۔

266- اس آسمانی کتاب کا نام لکھیے جو آج تک تحریف سے پاک ہے اور قیامت تک پاک

Marfat.com

رہے گی؟

ج: قرآن مجید۔ نہ کوئی اس کی مثال لاسکتا ہے اور نہ کوئی اس میں تبدیلی لاسکتا ہے، اس حوالے سے قرآن کا ایک نام ''کتابِ محفوظ'' ہے۔

267- حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ الفاظ کس سے اور کب کہے؟ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا (مت ڈر بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے)۔

ج: سفر ہجرت میں غارِ ثور میں قیام کے وقت حضرت ابوبکر صدیقؓ سے کہے۔

268- رمی جمرات شیطانوں کو کنکریاں مارنے کو کہتے ہیں۔ (حج کا ایک رکن) بتایئے کل کتنے شیطانوں کو کنکریاں ماری جاتی ہیں؟

ج: تین شیطانوں کو سات سات کنکریاں مارتے ہیں۔

269- ''یوم الفرقان'' کس مشہور تاریخی دن کو کہا جاتا ہے؟

ج: غزوۂ بدر کے دن کو، (17 رمضان، 2 ہجری)۔

270- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوی زندگی کو مکی اور مدنی دور میں تقسیم کیجئے؟

ج: کل نبویؐ زندگی 23 سال، مکی دور 13 سال اور مدنی دور 10 سال۔

271- قرآن مجید کے کتنے نام خود قرآن کی آیات میں بیان ہوئے ہیں؟

ج: علامہ سیوطیؒ نے 55 نام لکھے ہیں۔

272- قرآن مجید کی آخری دو سورتوں (سورۃ فلق اور سورۃ ناس) کو اصطلاحاً کیا کہتے ہیں؟

ج: معوذتین۔ (جن کے ذریعے اللہ کی پناہ مانگی جاتی ہے)۔

273- یہ کس نے فرمایا تھا: ''مذہب میں غلو اور مبالغہ سے بچو، کیونکہ تم سے پہلے قومیں اسی وجہ سے برباد ہوئی تھیں''۔

ج: حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر رمی جمرات کے بعد یہ الفاظ کہے۔

274- حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کن جگہوں کو اللہ کی محبوب جگہیں اور کن جگہوں کو اللہ کی ناپسندیدہ جگہیں قرار دیا ہے؟

ج: بالترتیب مسجدیں اور بازار۔

Marfat.com

275- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ خندق میں کس مجاہد صحابی کو ''کل ایمان'' قرار دیا تھا؟

ج: حضرت علیؓ۔

276- قرآن مجید کی سورۃ ''مریم'' کس اسرائیلی نیک خاتون کے نام پر ہے؟

ج: حضرت مریم بنت عمران، والدہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

277- مکروہ تحریمی اور مکروہ تنزیہی سے کیا مراد ہے؟

ج: مکروہ تحریمی: کسی عمل میں اتنی زیادہ برائی (خامی) آجانا کہ وہ حرمت کے قریب پہنچ جائے۔

مکروہ تنزیہی: کسی عمل میں اتنی زیادہ برائی (خامی) آجانا کہ وہ منع کرنے یا دوبارہ دوہرانے کے حکم تک پہنچ جائے۔

278- کس عمل کا اجر ''اللہ کی ذات خود'' ہے؟

ج: روزہ۔ حدیث قدسی ہے۔ اَلصَّوْمُ لِیْ وَاَنَا اَجْزِیْ بِہٖ...... اَلصَّوْمُ لِیْ وَاَنَا یُجْزیٰ بِہٖ.

ج: حضرت ابی بن کعب۔

279- صحیح اور غلط کی نشاندہی کریں۔ قرآن مجید یک بارگی نازل ہوا/ آہستہ آہستہ (تھوڑا تھوڑا کرکے) نازل ہوا؟

ج: آہستہ آہستہ (تھوڑا تھوڑا کرکے) صحیح ہے۔ اس طریقہ نزول کو تدریج اور نجماً نجماً بھی کہا جاتا ہے۔

280- صحیحین سے مراد ہے صحیح بخاری اور صحیح مسلم/ سنن ابوداؤد، سنن نسائی، سنن ابن ماجہ، درست کیا ہے؟

ج: پہلی بات صحیح ہے۔

281- قرآن مجید کی کتابی ترتیب کو نزولی ترتیب کہتے ہیں/ توقیفی ترتیب کہتے ہیں/ کتابی ترتیب کہتے ہیں۔ صحیح کیا ہے۔

ج: دوسری اور تیسری بات درست ہے۔

Marfat.com

282- حضورِاکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر پہلی وحی غارِحرا میں نازل ہوئی/ غارِثور میں نازل ہوئی/ سفرہجرت کے دوران نازل ہوئی۔ صحیح کیا ہے؟

ج: پہلی بات درست ہے۔

283- حضورصلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا...... كِلاهُمَا فِي النَّارِ جَهَنَّم خالی جگہ پُر کریں۔

ج: اَلرَّاشِيَ وَالْمُرْتَشِيْ (ترجمہ: رشوت دینے والا اور لینے والا دونوں جہنمی ہیں)

284- نماز پڑھتے ہوئے آدمی کے سامنے سے گزرنا کیسا فعل ہے؟

ج: نمازی کے سامنے سے گزرنے سے منع فرمایا گیا ہے۔ بلکہ گزرنے والے کو "وعید" سنائی گئی ہے۔

285- "زکوٰۃ کو اِسلام کا..................قرار دیا گیا ہے"۔ خالی جگہ پُر کریں؟

ج: پل یا عمارت۔

286- حضورصلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ حضرت صفیہ بنت حی اخطب کس بنی اسرائیلی نبی علیہ السلام کی نسل سے تھیں؟

ج: حضرت ہارون علیہ السلام۔

287- "ام عرب" کس مشہور عرب خاتون کو کہا جاتا ہے، جو کہ ایک نبی کی بیوی اور دوسرے نبی کی ماں تھیں؟

ج: حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہما۔ (آپ حضرت ابراہیمؑ کی بیوی اور حضرت اسماعیلؑ کی ماں تھیں)۔

288- نماز جنازہ کے فرائض دو ہیں۔ تفصیل بتائیے:

ج: (۱) کھڑے ہوکر نماز پڑھنا (۲) چار دفعہ اللہ اکبر کہنا (چار تکبیریں)

289- بتائیے مدنی سورتوں کی تعداد زیادہ ہے یا مکی سورتوں کی؟

ج: مکی سورتوں کی (86 یا 87 یا 88)۔

290- سورۃ الانبیاء کی آیہ 107 میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی کون سی صفت عالیہ بیان ہوئی ہے؟

Marfat.com

ج: رَحْمَةً لِّلعٰلَمِینَ. (جہانوں کے لئے رحمت قرار دیا جانا)۔

291- صابی کس اُمت کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت ابراہیمؑ یا حضرت داؤدؑ یا حضرت یحییٰ یا حضرت نوحؑ کی اُمت کو صابئین کہا جاتا ہے، اس سلسلے میں تفصیلی مضمون تفسیر ماجدی اوّل سورۃ البقرۃ۔62 کی تفسیر میں آیا ہے۔

292- ''بے روح نماز'' کون سی نماز ہوتی ہے؟

ج: وہ نماز جس کا پڑھنے والے پر کوئی اثر نہ ہو۔ یا جو نماز بے توجہی سے پڑھی جائے۔

293- فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ (سورۃ رحمٰن) (قرآنی آیت کا ترجمہ لکھئے؟)

ج: ''پس اے جنو اور انسانو! تم اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟''۔

294- اہل ایمان اور اہل کفر کی جنگ میں کیا فرق ہے؟

ج: اہل ایمان اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں اور اہل کفر شیطان کی راہ میں یا دُنیاوی مقاصد کے لئے لڑتے ہیں۔

295- جہاد بالسیف سے کیا مراد ہے؟

ج: تلوار کے ساتھ اللہ کے دشمنوں کے خلاف لڑنا جہاد بالسیف کہلاتا ہے۔

296- اِسلامی عقائد کے مطابق ایک نیکی کا اجر کتنا ہے؟

ج: دس گناہ دُنیا میں اور ستر گنا (سات سو گنا بھی ہے) آخرت میں۔

297- شہید کو غسل میت دیا جائے گا یا نہیں؟

ج: شہید کے نہ کپڑے اُتارے جاتے ہیں، نہ اسے غسل دیا جاتا ہے، اسے پہلے پہنے گئے کپڑوں پر کفن پہنایا جاتا ہے اور نماز جنازہ پڑھی جاتی ہے۔

298- ''اقعاء'' کہتے ہیں ''پیٹھ زمین پر رکھ کر دونوں زانوں کو کھڑے کر کے سینے سے لگانے اور ہاتھوں کو زمین پر رکھنے کو'' نماز کے دوران یہ عمل کیسا عمل ہے؟

ج: ممنوع عمل ہے۔ اس عمل کو کتے کی طرح بیٹھنے سے تشبیہہ دی گئی ہے۔

299- ''عقوق الامہات'' سے کیا مراد ہے؟

Marfat.com

ج: اس کا مطلب ہے ماؤں کی نافرمانی کرنا، اسلام میں اس سے منع فرمایا گیا ہے۔

300- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے غلاموں اور کنیزوں کو عبدی (میرا بندہ) اور امی (میری بندی) کہنے سے منع فرمایا ہے، پھر کیسے پکارنے کا حکم دیا ہے؟

ج: غُلَامِیْ وَجَارِیَتِیْ ......یا...... فَتَایَ وَفَتَاتِیْ کہنے کا حکم دیا ہے۔

301- آپس میں محبت کو بڑھانے (رواج دینے) کا سب سے آسان اور عام طریقہ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں کیا فرمایا گیا ہے؟

ج: آپس میں ایک دوسرے کو السلام علیکم اور وعلیکم السلام کہنا۔ (اَفْشُوا السَّلَامَ بَیْنَکُمْ)

302- سخاوت کی فضیلت میں کوئی ایک حدیث لکھئے؟

ج: اِنَّ اللّٰهَ جَوَّادٌ وَیُحِبُّ الْجُوْدَ (بے شک اللہ بہت بڑا سخی ہے اور سخاوت کو پسند کرتا ہے)۔

303- کن مجلسوں کو حدیث شریف میں باغات جنت (جنت کی کیاریاں) کہا گیا ہے؟

ج: علم کی مجلسیں۔

304- صبح 9 یا 10 بجے پڑھی جانے والی نماز کو کون سی نماز کہا جاتا ہے؟

ج: نماز الضحیٰ۔

305- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو لباس کس رنگ کا سب سے زیادہ پسند تھا؟

ج: سفید رنگ کا۔

306- قرآن مجید کی بے نقط تفسیر ''سواطع الالہام'' کس نے لکھی تھی؟

ج: مغل بادشاہ اکبر اعظم کے ایک مسلمان رتن فیضی نے۔

307- علم میراث (مرجانے والے کی جائیداد کو وارثوں میں تقسیم کرنے کا علم) کا مخصوص نام کیا ہے؟

ج: علم فرائض۔

308- وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ۔ آیہ قرآنی کا ترجمہ لکھیں؟

ج: اور جھوٹی بات (کہنے) سے بچو۔

Marfat.com

309- کیا کفر اور ایمان میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے؟

ج: جی ہاں! کمی بھی ہوتی رہتی ہے اور زیادتی بھی۔ مگر یہ دونوں حالتیں بغیر کسی بنیادی عقیدہ یا رکن کے اقرار و انکار کے بالکل ختم نہیں ہوتیں۔

310- کیا اللہ کی سنت بدلتی رہتی ہے یا نہیں؟

ج: جی نہیں! اللہ کی سنت ہرگز نہیں بدلتی۔ (وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا)

311- میزبان رسول اللہ حضرت ابوایوب انصاریؓ کا صحیح نام لکھئے۔

ج: خالد بن زید بن کلیب النجاری۔

312- کیا خشک اناج اور میوے اور سبزیوں پر زکوٰۃ ہے؟

ج: سبزیوں پر کوئی زکوٰۃ نہیں، مگر خشک اناج اور میووں پر زکوٰۃ ہے۔

313- جہاد اور جنازہ میں کیا قدرِ مشترک ہے؟

ج: دونوں فرضِ کفایہ ہیں۔

314- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام زندگی کسی کا مشورہ نہیں لیا۔ درست ہے یا غلط؟

ج: غلط ہے! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام دُنیاوی امور باہمی مشورے سے فیصلے کیے۔

315- کیا خشک اناج پر زکوٰۃ کا کم از کم نصاب تیس من ہے؟

ج: جی ہاں! اس سے کم اناج پر زکوٰۃ نہیں لگتی۔

316- غیر مسلم صحت مند، امیر ہو یا نادار یا معذور، اس سے زکوٰۃ نہ لی جاسکتی ہے نہ اسے دی جاتی ہے۔ درست ہے یا غلط؟

ج: درست ہے۔

317- اولاد میں انصاف کرنا کن کی ذمہ داری ہے؟

ج: ماں باپ کی۔ (بالغ ہونے سے پہلے پہلے)۔

318- ''حرام کمانے اور کھانے والے کی ............ قبول نہیں ہوتی''۔ خالی جگہ دیئے گئے الفاظ میں سے درست لفظ سے پُر کریں۔

(الف) نماز (ب) عمل (ج) دُعا (د) خیرات

Marfat.com

ج: (ج) دُعا

319- قرآن وحدیث حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تحریر شدہ شکل میں اُمت کو دیئے۔ صحیح ہے یا غلط؟

ج: قرآن تحریری شکل میں دیا۔ حدیث تحریری شکل میں نہیں دی۔ صحابہ نے سن سن کر لکھی تھی۔ یا یاد کر لی تھی، جسے بعد کے ادوار میں کتابی شکل میں لکھا گیا۔

320- قرآن میں مرکزی نوعیت کی آیات کو کیا کہا جاتا ہے؟

ج: ام الکتاب۔

321- عربوں میں بت پرستی کا آغاز.................. نے کیا؟

ج: عمرو بن ربیعہ بن حارثہ۔

322- نزولِ وحی کے کوئی تین طریقے لکھیں؟

ج:
1- نفث فی الروع
2- صلصلۃ الجرس
3- تمثیل
4- ورائے حجاب
5- رویائے صادقہ
6- تمثّل
7- القافی القلب

(یہ کل سات طریقے وحی کے نزول کے بیان ہوئے ہیں)۔

323- حجۃ الوداع کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنی کس اُونٹنی پر سوار تھے؟

ج: قصویٰ۔

324- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کس کھانے کو ''سید الطعام'' کہا ہے؟

ج: گوشت کو۔

325- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا عمومی لباس کیا ہوتا تھا؟

ج: عمامہ، کرتہ، تہبند، چادر۔

326- جوتے اُتارنے اور پہننے کا سنت طریقہ لکھیں؟

ج: اُتارتے وقت بایاں پاؤں پہلے اور دایاں بعد میں اُتاریں، پہنتے وقت جوتوں کو

Marfat.com

جھاڑیں اور دایاں پہلے اور بایاں بعد میں پہنیں۔

-327 حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہؓ کے نکاح میں کتنے لوگ شریک تھے؟

ج: چودہ (حضور صلی اللہ علیہ وسلم، انس بن مالک، چھ انصار، چھ مہاجرین)۔

-328 اسلام کے سب سے پہلے مرتد کون تھے؟

ج: ام المومنین حضرت ام حبیبہؓ کے پہلے شوہر عبداللہ بن جحش جو مسلمان سے عیسائی ہو کر مرے تھے۔ یہ حبشہ میں مسلمان سے عیسائی ہو گئے، بعدازاں حضرت اُم حبیبہ سے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح فرمالیا تھا۔

-329 حضرت خدیجہ طاہرہؓ کے بعد سب سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کس خاتون سے نکاح فرمایا؟

ج: حضرت سودہ بنت زمعہؓ۔

-330 شہنشاہِ ایران (کسریٰ فارس) کے پاس 6 ہجری میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا مکتوب لے کر کون صحابی گئے تھے؟

ج: عبداللہ بن حذافہ سہمی۔

-331 غسل کب فرض ہوتا ہے؟

ج: (۱) مرد عورت کا مباشرت صحیحہ کرنا۔ (دونوں پر فرض ہے)

(۲) عورت کا حیض سے فارغ ہونا۔ (صرف عورت پر فرض ہے)

(۳) عورت کا نفاس سے فارغ ہونا۔ (صرف عورت پر فرض ہے)

(۴) مرد کو احتلام ہونا۔ (صرف مرد پر فرض ہے)

-332 کیا خاوند اور بیوی ایک دوسرے کو زکوٰۃ دے سکتے ہیں؟

ج: اختلاف ہے مگر نہ دینا بہتر ہے۔

-333 مردہ پیدا ہونے والا اور پیدا ہوتے ہی مر جانے والے بچے کا نماز جنازہ پڑھنا چاہئے یا نہیں؟

ج: مردہ پیدا ہونے والا بچہ بغیر نماز جنازہ کے دفنایا جائے گا، جبکہ دوسری صورت میں نماز

Marfat.com

جنازہ پڑھی جائے گی۔

334- ایک گائے میں سات قربانیاں سمجھی جاتی ہیں، بتایئے ایک اُونٹ میں کتنی قربانیاں سمجھی جاتی ہیں؟

ج: سات ہی۔

335- اموی سلطنت تو امیر معاویہؓ کے نام سے منسوب ہے، عباسی سلطنت کن کے نام سے منسوب ہے؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سوتیلے چچا حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب کے نام سے۔

336- قرآن مجید کے پہلے اور آخری سیپارے کا نام کیا ہے؟

ج: الٓم اور عَمَّ (بالترتیب)۔

337- سفر طائف میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کون سے خادم تھے؟

ج: حضرت زیدؓ بن حارثؓ۔

338- کیا اہل علم اور بے علم برابر ہو سکتے ہیں؟

ج: جی نہیں! قرآن کا یہی فرمان ہے۔

(هَل يَستَوِى الَّذِينَ يَعلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعلَمُونَ).

(سوالیہ انداز میں ان پڑھ اور پڑھے لکھے کے ایک جیسے ہونے کی نفی کی گئی ہے)۔

339- عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کن قمری مہینوں میں منائی جاتی ہیں؟

ج: عیدالفطر: یکم شوال (ہر سال)

عیدالاضحیٰ: 10 ذوالحجہ (ہر سال)

340- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا عبدالمطلب کا مکمل نام کیا تھا؟

ج: نام عامر، کنیت ابو حارث لقب شیبہ تھا۔ باپ کا نام ہاشم تھا۔ ماں کا نام سلمیٰ تھا۔

341- صحابہؓ میں قرآن کے ماہر اور علم قرآن کا ذوق رکھنے والے دو افراد کے نام لکھیے؟

ج: عبداللہؓ بن عباسؓ، عبداللہؓ بن مسعود، زیدؓ بن ثابت۔

Marfat.com

342- تابعین میں قرآن کے ماہر اور علم قرآن کا ذوق رکھنے والے دو افراد کے نام لکھیے؟

ج: مجاہدؒ، قتادہؒ، حسن بصریؒ، عکرمہؒ۔

343- تبع تابعین میں قرآن کے ماہر اور علم قرآن کا ذوق رکھنے والے ایک فرد کا نام لکھیے؟

ج: حضرت امام مالکؒ بن انس۔

344- عہد نامہ قدیم (Old Testament) میں کتنی قسم کے صحائف شامل ہیں؟

ج: تین قسم کے۔

(۱) پیغمبروں کے تاریخی تحائف (۲) دُعائیہ زبور

(۳) امثال

345- نماز میں دوسری، تیسری یا چوتھی رکعت کے بعد بیٹھنے کو قعدہ کہتے ہیں، اس کی کتنی قسمیں ہیں؟

ج: دو۔ قعدہ اولیٰ، قعدہ ثانیہ۔

346- ابوجہل مرتا مر گیا مگر اسلام کا دشمن رہا۔ اس کے کون سے بھائی مسلمان ہوئے اور تنگی و تکلیف کے باوجود مخلص مسلمان رہے؟

ج: عیاشؓ بن ابی ربیعہ۔

347- کشتی کس نبی کی مشہور ہے؟

ج: حضرت نوح علیہ السلام کی (کشتی نوح)۔

348- کون سے صحابی اسلام قبول کرنے والے چھٹے مسلمان تھے اور فخریہ اپنے آپ کو چھ میں سے چھٹا کہا کرتے تھے؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن مسعود۔

349- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کا کیا مطلب ہے۔ مَنْ حَمَلَ السَّلَاحَ عَلَیْنَا فَلَیْسَ مِنَّا (جس نے ہم پر ہتھیار اُٹھایا پس وہ ہم میں سے نہیں)۔

ج: کلمہ گو مسلمان پر حملہ کرنے والا مسلمان نہیں ہوسکتا۔

350- لیلتہ المعراج کس اسلامی مہینے میں آتی ہے؟

Marfat.com

ج: 27 رجب کو۔

-351 طہارت کو کن دو قسموں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟

ج: (۱) لباس کی طہارت (۲) بدن کی طہارت

-352 جنت کی کنجی نماز کو کہا گیا ہے، بتایئے نماز کی کنجی کس عمل کو کہا گیا ہے؟

ج: طہارت یا وضو۔

-353 اہل جنت، جنت میں کن دو سورتوں کی تلاوت کیا کریں گے۔ (بحوالہ حدیث نبویؐ)

ج: سورۃ طٰہٰ اور سورۃ یٰسین۔

-354 عبادت کا معنی ہے، نہایت تعظیم، اس سے کیا مراد ہے؟

ج: خدا تعالٰی کے بتائے ہوئے طریقوں کے مطابق اس تعظیم کی عملی شکل کا اظہار عبادت کہلاتا ہے۔

-355 ہم ہر سال دو عیدیں مناتے ہیں "عید" کے کیا معنی ہیں؟

ج: عید عود سے نکلا ہے، معنی ہیں بار بار آنا، لوٹنا۔ یہ آرامی زبان کا لفظ ہے۔ خوشی کا دن جو بار بار آئے۔ (بحوالہ شاہکار اسلامی انسائیکلو پیڈیا مرتبہ سید قاسم محمود)

-356 غلمان اور ولدان کون ہیں؟

ج: جنت میں اہل جنت کے خدمت گار بچے۔ یہ اہل جنت کے چھوٹی عمر میں انتقال کر جانے والے بچے ہوں گے۔

-357 اس آیت مبارکہ سے کون سا عقیدہ ظاہر ہوتا ہے؟

"كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ" (ہر جان نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے)۔

(سورۃ آل عمران)

ج: عقیدہ آخرت۔

-358 اپنے مسلمان بھائی سے کتنے دنوں سے زیادہ ناراض رہنا جائز نہیں ہے؟

ج: تین دن سے زیادہ۔

-359 مواخات میں حضرت مصعب بن عمیرؓ (پہلے مبلغ مدینہ) کے بھائی کون تھے؟

Marfat.com

ج: حضرت ابوایوب انصاریؓ۔

360- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ملکیت میں کتنی اُونٹنیاں تھیں؟

ج: تین۔ جدعا، عضبا، قصویٰ۔

361- حضرت امام حسنؓ کی کنیت اور لقب بتائیے؟

ج: کنیت: ابومحمد لقب: ریحانۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم مجتبیٰ

362- فاطمہ کے لغوی معانی کیا ہیں؟

ج: (۱) جس کی محبت سے لوگ ممتاز اور منفرد ہوں۔

(۲) اپنی اولاد کو اور غلاموں کو دوزخ سے بچانے والی۔

(۳) دُنیا کو ترک کر کے فنافی اللہ ہو جانے والی۔

363- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کون سے داماد غزوۂ بدر میں مسلمانوں کے خلاف کافروں کی طرف سے لڑے تھے؟

ج: ابو العاص بن ربیع۔ حضرت زینبؓ بنت رسول اللہؐ کے شوہر۔ بعد میں یہ مسلمان ہو گئے تھے۔

364- ''ام المساکین'' کس زوجہ مطہرہ کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت زینبؓ بنت خزیمہ کو۔

365- ''واقعہ افک'' ایک دُکھ بھرا سانحہ ہے۔ منافقین، مشرکین اور یہود مدینہ کا زوجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف پروپیگنڈہ۔ قرآن مجید میں کہاں اس کی تردید کی گئی؟

ج: سورۃ نور میں (ابتدائی 10 آیات میں)۔

366- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی چھ پھوپھیوں میں سے کتنی پھوپھیوں نے اِسلام قبول کیا تھا؟

ج: صرف دو ام حکیم بیضاؓ، صفیہؓ۔

367- اَلْکِبْرُ رِدَائِیْ وَالْعَظْمَۃُ اِزَارِیْ (بزرگی میری چادر ہے اور عظمت میرا تہہ بند ہے) حدیث شریف میں کس کے لئے کہا گیا ہے؟

ج: حدیث قدسی میں خود اللہ تعالیٰ نے اپنے لئے کہا ہے۔

Marfat.com

368- غصہ کی برائی کے بارے میں کوئی ایک حدیث نبوی تحریر کریں؟

ج: لَا تَغْضَبْ (تو غصہ مت کر)۔ فَرَدَّدَ مِرَارًا (آپؐ نے یہ نصیحت بار بار کی)۔

369- پہلی وحی آنے سے قبل حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کس طرح ثابت ہوتی تھی؟

ج: آپ جو کچھ خواب میں دیکھتے تھے، صبح کو سب کچھ ویسے ہی ہوتا، دیکھ لیا کرتے تھے۔ یہ آپ کی نبوت کی نشانی تھی۔

370- عورت ہمارے ہاں مرد کی مونث کو کہتے ہیں، بتائیے عربی اصطلاح میں عورت کا کیا معنی ہے؟

ج: ہر وہ چیز جس کے ظاہر کرنے سے آدمی شرم محسوس کرے۔لہٰذا اسے پوشیدہ رکھنا چاہئے۔

371- اَلْحُبُّ فِیْ اللّٰهِ اور اَلْحُبُّ مِنَ اللّٰهِ کا مفہوم بیان کیجئے؟

ج: وہ محبت جو خالصتاً اللہ کے لئے ہو الحب فی اللہ ہے اور وہ محبت جس کا محرک صرف رضائے الٰہی ہو کوئی دُنیاوی مقصد نہ ہو۔الحب من اللہ ہے۔

372- حدیث شریف مکمل کریں، اللہ تعالیٰ! اس شخص پر رحم نہیں کرتا جو.........

ج: دوسروں پر رحم نہیں کرتا۔

373- صلہ رحمی اور قطع رحمی ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ دونوں کا مفہوم بیان کیجئے؟

ج: صلہ رحمی: رشتہ داروں سے تعلقات جوڑنا، رشتہ داروں سے لین دین رکھنا۔ رشتہ داروں کے کام آنا۔

قطع رحمی: رشتہ داروں سے تعلقات توڑنا، رشتہ داروں سے لین دین نہ رکھنا۔ رشتہ داروں سے منہ پھیرنا۔

374- علامہ اقبال کے اس شعر میں کس بات پر زور دیا گیا ہے؟

گر تو می خواہی مسلماں زیستن

نیست ممکن جز بقرآں زیستن

ج: قرآن کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے پر زور دیا گیا ہے۔

375- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کن انبیاء کو "کریم" قرار دیا تھا؟

Marfat.com

(کریم ابن الکریم ابن الکریم ابن الکریم)۔

ج: یہ ہیں حضرت یوسفؑ بن حضرت یعقوبؑ بن حضرت اسحاقؑ بن حضرت ابراہیمؑ۔

376- قرآن مجید کے درمیانی سیپارہ کا نام بتایئے؟

ج:1 سبحٰن الذی (پندرہواں سپارہ) قَالَ اَلَمْ (سولہواں سپارہ)

377- احکامِ الٰہی کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ کا مخلوق سے کیا رویہ ہے؟

ج: يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ.

(اللہ تم پر آسانی چاہتا ہے تنگی نہیں چاہتا)۔

378- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر (کے وقت) کی دو قسمیں بتائی ہیں بھلا کون کون سی۔

ج: ایک وہ فجر جس سے کھانا حرام اور نماز حلال ہوتی ہے۔ دوسری وہ فجر جس سے کھانا (سحری) حلال اور نماز (فجر) حرام ہوتی ہے۔ پہلی فجر کو صبح صادق اور دوسری فجر کو صبح کاذب کہتے ہیں۔

379- عصر کی نماز کا آخری وقت کب تک ہوتا ہے؟

ج: عصر کی نماز کا وقت آفتاب کے زرد پڑنے تک رہتا ہے۔

(وَقْتُ الْعَصْرِ مَالَمْ تَصْفَرُ الشَّمْسِ).

380- نماز وتر پڑھنے کا سب سے زیادہ مناسب وقت کون سا ہے؟

ج: اگر تہجد کا عادی نہ ہو تو عشا کی نماز کے فوراً بعد اور تہجد کا عادی ہو تو تہجد کی نماز سے پہلے وتر پڑھنے چاہئیں۔

381- ''ارکان تعدیل، اصطلاحات صلوٰۃ میں کون سے ارکان ہیں''؟

ج: رکوع سے سیدھا کھڑا ہونا حتیٰ کہ ہڈیاں اپنی جگہ سیدھی ہو جائیں اور دو سجدوں کے درمیان کافی دیر بیٹھنا حتیٰ کہ ہڈیاں اپنی جگہ بیٹھ جائیں۔ یہ اعمال ارکان تعدیل کہلاتے ہیں۔

382- جس شہید کو زخمی حالت میں میدانِ جہاد سے اُٹھایا جائے اور پھر وہ تھوڑی دیر بعد فوت ہو جائے، اسے ''ارتاث'' کہتے ہیں، کیا ارتاث کی نماز جنازہ ہوگی؟

Marfat.com

ج: جی ہاں! ہوگی۔

383- حضرت امیر معاویہؓ کس خلیفہ راشد کے بعد خلیفہ ہوئے؟

ج: آپ حضرت علیؓ (چوتھے خلیفہ راشد) کے صاحبزادے حضرت امام حسنؓ کے خلافت چھوڑنے پر خلیفہ بنے تھے۔

384- قرآن مجید کی کوئی ایک آیت لکھئے جس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کفار کے مجنوں ہونے کے پروپیگنڈا کی نفی ہوتی ہے۔

ج: وَمَا اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّکَ بِمَجْنُوْنٍ. (سورۃ القلم۔2)۔

(ترجمہ: اور آپ اپنے رب کی نعمت سے مجنوں نہیں ہیں)۔

385- خلاصہ القرآن، سبع مثانی اور اُم القرآن اور ام الکتاب قرآن کی کون کون سی سورتیں ہیں؟

ج: یہ تمام صفاتی نام سورۃ فاتحہ کے ہیں۔

386- جمائی اور چھینک میں سے کون سی چیز اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو محبوب ہے؟

ج: چھینک پسندیدہ ہے اور جمائی ناپسندیدہ ہے۔

387- حضرت مریم علیہا السلام کی پرستش کی بدعت سیئہ کے خلاف کس عیسائی عالم نے سب سے پہلے آواز اُٹھائی؟

ج: نسطوریس (Nestorius) نامی عیسائی بطریق نے۔ اس کے ماننے والوں کو نسطوری کہا جاتا ہے۔ یہ عیسائیوں کا ایک باقاعدہ فرقہ ہے۔

388- ''طاغوت کیا چیز ہوتی ہے؟''۔

ج: اصل طیغوت سے مراد ہے، سرکش، شیاطین جن وانس کو طاغوت کہا جاتا ہے، جو کفر و گمراہی کی تعلیم دیتے ہیں۔

389- ''اللہ تبارک وتعالیٰ'' کا مطلب واضح کیجئے۔

ج: اللہ بلند و باعظمت ہے۔

390- ''اللہ عزوجل'' کا مطلب واضح کیجئے؟

ج: اللہ عزت وجلال والا ہے۔

Marfat.com

-391 قرآن کریم میں انبیاء میں سب سے زیادہ نام تو حضرت موسیٰؑ کا آیا ہے، سب سے کم کس کا آیا ہے؟

ج: حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا۔ صرف چار مرتبہ۔ (سورۃ آل عمران، سورۃ فتح، سورۃ محمد، سورۃ احزاب)۔

-392 ''زینت القرآن'' تو سورۃ رحمٰن کا نام ہے بتایئے ''عروس القرآن'' قرآن کی کس سورۃ کو کہتے ہیں؟

ج: سورۃ رحمٰن ہی کو۔

-393 پاکستان بننے کے بعد پہلی تاریخ ہفتے کے کس دن کو آئی تھی؟

ج: جمعہ کے دن (28 رمضان المبارک 1366 ہجری مطابق 15 اگست 1947ء)

-394 حضرت عائشہؓ صدیقہ سے کوئی اولاد نہ ہوئی، مگر ان کی کنیت ''ام عبداللہ'' تھی، بتایئے کیوں؟

ج: یہ کنیت ان کے بھانجے حضرت عبداللہؓ بن زبیرؓ کے نام کی مناسبت سے رکھی گئی تھی۔

-395 دریائے نیل مصر کا دریا ہے، یہ کس نبیؑ اور اس کے مخالف کی وجہ سے مشہور ہے؟

ج: حضرت موسیٰؑ اور ان کے مخالف فرعون کی وجہ سے۔ اس کو پار کرتے ہوئے حضرت موسیٰؑ بخیریت گزر گئے تھے۔ جبکہ فرعون ڈوب مرا تھا۔

-396 وہ کون سے اوقات ہیں، جن میں نفل نماز پڑھنا منع ہے؟

ج: نو اوقات:

(۱) صبح صادق سے نماز فجر تک۔

(۲) نماز فجر سے طلوع آفتاب تک۔

(۳) نماز عصر سے غروب آفتاب تک۔

(۴) فرض نماز کی اقامت کے وقت۔

(۵) نماز جمعہ کے خطبہ کے وقت۔

(۶) عیدین کے دن طلوع آفتاب سے نماز عید تک۔

Marfat.com

(۷) عرفہ اور مزدلفہ میں جمع بین الصلوٰۃ کے درمیانی وقت میں۔

(۸) فرض نماز کا وقت تنگ ہو رہا ہو تو اس وقت۔

(۹) جن اوقات میں نماز کی ممانعت ہے ان اوقات میں بھی (یعنی طلوع آفتاب، زوال آفتاب اور غروب آفتاب)۔

397- تکبیر تحریمہ (اللہ اکبر کہہ کر کانوں کو ہاتھ لگانا اور ہاتھ باندھ کر نماز کا آغاز کر دینا) کو تحریمہ بمعنی (حرام کر دینا) کیوں کہتے ہیں؟

ج: اس لئے کہ اس تکبیر سے وہ تمام چیزیں حرام ہو جاتی ہیں جو نماز سے قبل حلال تھیں، لہٰذا اسے تکبیر تحریمہ کہا جاتا ہے۔

398- عیسائیوں کی چاروں انجیلوں کو کس پوپ کے حکم سے عیسائیوں میں رائج کیا گیا؟

ج: پوپ گلاسیوس۔

399- قرآنی آیت کا ترجمہ کریں:

جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا.

ج: حق آیا اور باطل چلا گیا اور باطل تو جانے ہی والا تھا۔ (سورۃ بنی اسرائیل: 81)

400- بتائیے سید الانصار اور سید المسلمین کن دو صحابہ کو کہا جاتا ہے؟

ج: سید الانصار: حضرت سعدؓ بن معاذ۔

سید المسلمین: حضرت ابی بن کعب۔

401- بتائیے قرآن (سورۃ النساء۔36) میں پڑوسی کی کتنی قسمیں ذکر کی گئی ہیں؟

ج: تین: ☆ جَارِ ذِی الْقُرْبٰی (قریب کا پڑوسی) ☆ جَارُ الْجُنُبِ (دور کا پڑوسی) ☆ صَاحِبُ الْجَنْبِ (تھوڑی دیر کا ساتھی)

402- حدیث شریف کا ترجمہ کریں:

فَاِنَّهٗ (اَلنِّكَاحُ) اَغَضُّ بِالْبَصَرِ وَاَحْصَنُ لِلْفَرْجِ.

ج: بے شک نکاح نظر کو حیا والی کرتا ہے اور شرم گاہ کی حفاظت کرتا ہے۔

403- بتائیے "تثلیث" یا "اقنوم ثلاثہ" کیا ہوتے ہیں؟

Marfat.com

ج: دونوں ایک ہی چیز ہیں: عیسائیوں کے عقیدہ کے مطابق باپ (اللہ تعالیٰ) بیٹا (حضرت عیسیٰؑ) اور روح القدس (حضرت جبرائیلؑ) خدا ہیں۔ ایک میں تین اور تین میں ایک کا عقیدہ۔

404- مصافحہ اور معانقہ کیا ہوتا ہے؟

ج: <u>مصافحہ:</u> دو مسلمانوں کا السلام علیکم، وعلیکم السلام کہہ کر ہاتھ ملانا۔

<u>معانقہ:</u> ہاتھ ملانے کے بعد ایک دوسرے سے گلے ملنا اور سینے سے سینہ لگانا۔

405- ان آیات قرآنی سے کیا حکم ثابت ہوتا ہے۔

(الف) فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ (سورۃ البروج)۔

(ب) کِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ O فِیْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ. (سورۃ طور)۔

ج: قرآن مجید ایک محفوظ اور لکھی ہوئی کتاب ہے۔

406- سُوْرَۃُ الْقَارِعَۃُ میں کون سا لفظ پہلی تین آیتوں میں بار بار آیا ہے؟

ج: اَلْقَارِعَۃُ (کھڑکھڑانے والی)۔

407- عبادت کی کون کون سی تین قسمیں ہیں؟

ج: (۱) عبادات جسمانی: جیسے نماز وغیرہ۔

(۲) مالی عبادت: جیسے صدقہ، خیرات، قربانی وغیرہ۔

(۳) عبادت الدعا: اللہ ہی سے دُعا مانگنا اور صرف اسے ہی پکارنا، وغیرہ۔

408- ''حبل اللہ'' کا معنی ہے اللہ کی رسی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حبل اللہ کی کیا تعریف کی ہے؟

ج: کِتَابُ اللّٰہِ ھُوَ حَبْلُ اللّٰہِ ، حَبْلُ اللّٰہِ ھُوَ الْقُرْآنِ

(اللہ کی کتاب حبل اللہ ہے، حبل اللہ قرآن ہے)۔

409- آیت مبارکہ مکمل کریں۔ ''وَتَعَاوَنُوْا عَلَی.............. وَ.............. وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَی .............. وَ..............''.

ج: اَلْبِرِّ. التَّقْوٰی. اَلْاِثْمِ. الْعُدْوَانِ

Marfat.com

410- قرآن کریم میں کن اعمال کو "شیطانی گندے کام" قرار دیا گیا ہے؟

ج: چار اعمال: خمر (شراب)، میسر (جوا)، انصاب (بت پرستی کے مقامات) ازلام (پانسے کے تیر)۔ (بحوالہ سورۃ المائدہ، آیت 90-89)

411- صادق اور امین تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے القاب ہیں۔ ھُوَ الصَّادِقُ وَالْمَصْدُوْقُ (وہ سچے ہیں اور انہیں سچا قرار دیا)، کسے کہا جاتا ہے؟

ج: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہی کو۔

412- ماں کے پیٹ میں انسان کی تخلیق کے کون کون سے تین مراحل بیان ہوئے ہیں؟

ج: پہلا مرحلہ: نطفہ (معنی قطرہ منی) مدت 40 دن۔

دوسرا مرحلہ: علقہ (معنی منجمد خون) مدت 40 دن۔

تیسرا مرحلہ: مضغہ (معنی گوشت کا ٹکڑا) مدت 40 دن۔

413- حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد بُنِيَ الْإِسْلَامُ عَلَىٰ خَمْسٍ کی وضاحت کریں؟

ج: شہادتین، نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج۔ (یہ پانچ ارکانِ اسلام ہیں جن پر ایمان مسلمان ہونے کی بنیاد ہے)۔

414- کون سی چار چیزیں تقدیر انسانی میں لکھی جاتی ہیں؟

ج: رزق، موت، عمل، (خوش بخت یا بد بخت ہونا)۔

415- ایک مسلمان کا قتل کن تین حالتوں میں جائز ہے؟

ج: (۱) شادی شدہ زانی۔

(۲) جان بوجھ کر کسی مسلمان یا غیر مسلم کو قتل کرنے والا۔

(۳) دین کو ترک کر کے مرتد ہو جانے والا۔

416- بنی اسرائیل کے کم از کم پانچ انبیاء کے نام بتایئے؟

ج: (۱) حضرت موسیٰ علیہ السلام (۲) حضرت داؤد علیہ السلام

(۳) حضرت سلیمان علیہ السلام (۴) حضرت زکریا علیہ السلام

Marfat.com

(۵) حضرت عیسیٰ علیہ السلام

417- حدیث شریف کے مطابق مسلمانوں کا افضل ترین اخلاق کیا ہے؟

ج: عفو (معاف کرنا)۔

418- حبِ رسولؐ کے تین تقاضے لکھیں۔

ج: اطاعت، اتباع سنت پر عمل، صلوٰۃ وسلام پڑھنا، خاندانِ رسولؐ کا ادب۔

419- تقدیر کے چار مراتب لکھئے۔

ج: علمِ الٰہی، کتابت، مشیت ایزدی، تخلیق۔

420- اللہ تعالیٰ نے اُمتِ محمدیہؐ سے کن کن خطاؤں کی سزا ختم کردی ہے؟

ج: بھول چوک، مجبوری کا گناہ۔

421- عبارت کو درست لفظ لگا کر مکمل کریں۔

''کسی پاک دامن عورت پر.......... لگانا سو سال کی نیکیوں کو برباد کر دیتا ہے''۔

ج: زنا کا الزام، بہتان۔

422- جس نے کسی مسلمان کو ایذا دی گویا اس نے.......... (حدیث کے الفاظ مکمل کریں)

ج: اللہ کو ایذا دی۔

423- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کس عمل کو نماز، روزہ اور زکوٰۃ سے افضل عمل قرار دیا ہے؟

ج: مسلمانوں کے درمیان صلح کروا دینا۔

Marfat.com

# اِسلام

1- ''اجتباء'' کن بندگانِ الٰہی کو کہا جاتا ہے؟

ج: پیغمبروں، شہیدوں اور صدیقوں کو۔ لغوی معنی ہے برگزیدہ کرنا۔

2- اصطباغ یا بپتسمہ (Baptisim) سے کیا مراد ہے؟

ج: عیسائیوں کی دو مذہبی رسمیں۔ اصطباغ پیدا ہونے والے بچے کو زرد رنگ کے پانی میں غسل دینا اور بپتسمہ (Baptize) جوان ہونے پر لڑکے یا لڑکی کو عیسائی بنانا۔ اس سے عیسائی عقائد کا اقرار کروانا، اسے (Confirmation) کہتے ہیں۔

3- اُمت اجابت اور اُمت دعوت کسے کہتے ہیں؟

ج: **اُمت اجابت:** وہ لوگ جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لے آئیں، مثلاً تمام مسلمان مومنین۔

**اُمت دعوت:** جن کو دعوت اسلام دی جائے وہ ایمان نہ لائیں، مثلاً تمام غیر مسلم انسان۔

4- بتایئے ''اولوالعزم'' نبی سے کیا مراد ہے؟

ج: صبر، عزم اور ہمت والا نبی۔ یہ انبیاء حضرت نوحؑ، حضرت ابراہیمؑ، حضرت موسیٰؑ،

Marfat.com

حضرت عیسیٰ ؑ اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ (حوالہ اسلامی انسائیکلو پیڈیا مرتبہ منشی محبوب عالم، جلد اول صفحہ ۱۲۱، مطبوعہ پیسہ اخبار، لاہور۔ ۱۹۳۴)

5- قرآن مجید میں "صادق الوعد" کس نبی کو کہا گیا ہے؟

ج: حضرت اسماعیل علیہ السلام کو (بحوالہ سورۃ مریم آیت۔3)

6- وہ کون سا مقدس مقام ہے جو ہر آسمانی کتاب کا قبلہ رہا ہے؟

ج: بیت المقدس، یہودیوں، عیسائیوں اور مسلمانوں کا قبلہ رہا ہے۔

7- تسمیع اور تسمیہ میں کیا فرق ہے؟

ج: تسمیع: نماز میں رکوع کے بعد کھڑا ہوتے وقت سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَه' پڑھنا۔

تسمیہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِO

8- قرآن مجید میں آتش پرستوں کے لئے "مجوس" کا لفظ کہاں آیا ہے؟

ج: سورۃ الحج، آیت 17 میں۔

9- "حَمَلَةُ الْعَرْشِ" کون ہیں؟

ج: عرشِ الٰہی کو اُٹھانے والے (بقول امام بیضاوی) آٹھ فرشتے ہیں۔ جو یہ کام کرتے ہیں۔

(۱) عرش کے اِردگرد تعینات فرشتے۔

(۲) عرش کو اُٹھائے ہوئے فرشتے۔

(۳) اللہ کی تسبیح و تقدیس کرنے والے فرشتے۔

(۴) ایمان والوں کے لئے مغفرت مانگنے والے فرشتے۔

10- "حواریان مسیح" کون تھے؟

ج: حضرت عیسیٰ ؑ کے بارہ ساتھی جو تبلیغ و اشاعت دین میں آپ کے رفیق تھے۔ قسی، لوقا، یوحنا، مرقس، پولس، پطرس، شمعون، تھوما، فیلبوس، اندریاس، یعقوب، یہودا اسقر یوطی۔

11- عہد نامہ قدیم اور عہد نامہ جدید قرآن سے پہلے کی آسمانی مذاہب کی کتابوں کا مجموعہ ہے۔ بتائیے یہ دونوں عہد نامے کہاں یک جا ملتے ہیں؟

ج: بائبل (Bible) عہد نامہ قدیم اور عہد نامہ جدید کا مجموعہ ہے۔

Marfat.com

12- ''دُعائے ماثورہ'' کس قسم کی دُعا کو کہتے ہیں؟

ج: وہ دُعا جو قرآن میں منقول ہو یا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ ہوں۔ دُعائے ماثورہ کہلاتی ہیں۔

13- ''ذوالفقار حیدری'' سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

ج: غزوۂ بدر میں ایک کافر عاص بن منبہ مارا گیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تلوار حضرت علیؓ کو تحفہ میں دی، اس کا پھل دندانے دار تھا۔ حضرت علیؓ اس کو جنگوں میں استعمال کرتے تھے، اسے ذوالفقار حیدری کہا جاتا ہے۔ (ذوالفقار بمعنی دندانے دار)

14- کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اس شعر کے دوسرے مصرعہ میں کس کا ذکر ہے؟

نارِ نمرود کو کیا گلزار۔ دوست کو یوں بچا لیا تو نے

ج: حضرت ابراہیم خلیل اللہ کو دوست کہا گیا ہے۔

15- رحل کسے کہتے ہیں؟

ج: لکڑی کا ڈھانچہ جس پر رکھ کر قرآن شریف کی تلاوت کی جاتی ہے۔

16- ''اصحاب کہف'' کون نیک لوگ تھے؟

ج: معنی ہے غار والے۔ دقیانوس نامی بت پرست بادشاہ کے عہد میں سات اہل ایمان فرار ہو کر ایک غار میں جا سوئے اور 309 سال تک سوئے رہے۔ یہ لوگ اصحاب کہف کہلاتے ہیں، ان کے نام ہیں۔ مکسلمینا، یملیخا، مرطونس، بینونس، ساربنونس، ذونوانس، کشفیط طونس (حوالہ کنز الایمان حاشیہ خزائن العرفان مطبوعہ تاج کمپنی لمیٹڈ سورۃ کہف)۔

17- رُوح القدس اور رُوح اللہ سے کون سی شخصیت مراد ہے؟

ج: رُوح القدس حضرت جبرئیل کو اور رُوح اللہ حضرت عیسیٰؑ کو کہتے ہیں۔

18- اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دو مشترکہ صفات لکھئے۔

ج: اللہ کی صفات: اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَؤُفٌ الرَّحِیْم (سورۃ الحج، آیت: 65)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات: بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَؤُفٌ الرَّحِیْم (سورۃ توبہ،

Marfat.com

آیت:128)(وضاحت: اللہ کی صفات ذاتی اور مستقل اور رسول اللہ کی صفات اللہ کی عطا کردہ ہیں)۔

19- زکریا عبرانی زبان کا لفظ ہے اور بنی اسرائیل کے ایک نبی علیہ السلام کا نام۔ اس کا کیا معنی ہے؟

ج: ہمیشہ ذکر کرنے اور تسبیح پڑھنے والا۔

20- آیت قرآنی: اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ. خطبہ حجۃ الوداع سے پہلے نازل ہوئی یا بعد میں؟

ج: خطبہ حجۃ الوداع کے بعد جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد نمرہ کی طرف تشریف لے جا رہے تھے۔

21- سردار الآیات اور سید الآیات کون سی آیت کریمہ ہے؟

ج: آیت الکرسی۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ کی پچیس (25) صفات کا تذکرہ ہے۔

22- ایمان مجمل کیا ہے؟

ج: <u>ایمان مجمل</u>: اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ کَمَا هُوَ بِاَسْمَآئِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَقَبِلْتُ جَمِیْعَ اَحْکَامِهٖ اِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ وَتَصْدِیْقٌ بِالْقَلْبِ.

ترجمہ: میں ایمان لایا اللہ پر جیسا کہ وہ اپنے ناموں اور اپنی صفتوں کے ساتھ ہے اور میں نے اس کے سارے حکموں کو قبول کیا، زبان کے اقرار سے اور دل سے۔

23- ایمان مفصل کیا ہے؟

ج: <u>ایمان مفصل</u>: اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلٰئِکَتِهٖ وَکُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَیْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰی وَالْبَعْثِ بَعْدَالْمَوْتِ.

<u>ترجمہ</u>: میں ایمان لایا اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر اور قیامت کے دن پر اور اچھی اور بری تقدیر پر۔ کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور مرنے کے بعد جی اُٹھنے پر۔

24- بتایئے۔ ''اسود عنسی'' کون تھا؟

Marfat.com

ج: دورِ نبوی کا پہلا جھوٹا نبی جو یمن میں ظاہر ہوا تھا۔ اس کا صحیح نام ہے، ذوالحمار عیہلہ۔

-25 صحابی کسے کہتے ہیں؟

ج: معنی ہے رفیق۔ مصاحب، ساتھی۔ وہ مسلمان جس نے بحالت اسلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی ہو اور مسلمان مرا ہو صحابی کہلاتا ہے۔ حضورِ اکرمؐ کے صحابہؓ کی تعداد ایک محتاط اندازے کے مطابق 4 لاکھ ہے۔ سوا لاکھ صحابہ کرام تو حجۃ الوداع میں حضورؐ کے ساتھ تھے۔

-26 سورۃ البقرہ میں صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ (بہرے، گونگے، اندھے) کن لوگوں کے لئے آیا ہے۔

ج: منافقین کے لئے۔

-27 تکبیر کے الفاظ کیا ہیں؟

ج: اَللّٰہُ اَکْبَرُ اللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرَ اللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ.

(اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور اللہ سب سے بڑا ہے اور اللہ کے لئے سب تعریف ہے)۔

-28 کن کن لوگوں کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جاسکتی؟

ج: کافر، مرتد، ماں باپ کا قاتل اور مردہ پیدا ہونے والا بچہ۔

-29 اصحاب الفیل کون لوگ تھے؟

ج: لفظی معنی ہے ہاتھی والے لوگ، یمن کے حاکم ابرہہ حبشی کے لشکر والے، جو خانہ کعبہ کو ڈھانے کے لئے ہاتھیوں پر سوار ہو کر آئے تھے۔ اللہ نے ابابیلوں کے ذریعے سارے لشکر کو مروا دیا کہ وہ کھائے ہوئے بھس کی مانند ہو گئے۔ ابرہہ اور اس کے یہ ہاتھیوں والے لشکر اصحاب الفیل کہلاتے تھے۔ ان کا ذکر سورۃ الفیل میں آیا ہے۔ تفاسیر میں آیا ہے کہ ابرہہ کے لشکر میں 9 ہاتھی شامل تھے اور جس ہاتھی پر ابرہہ سوار تھا اس کا نام ماموۃ تھا۔

-30 اس قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیے۔ وَلَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَکُمْ مِنْ خَشْیَۃِ اِمْلَاقٍ.

Marfat.com

ج: اور تم اپنی اولاد کو بھوک (افلاس) کے ڈر سے قتل نہ کرو۔

31- مالِ غنیمت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مخصوص حصہ کا کیا نام ہے؟

ج: صفی۔

32- حضرت عمرؓ نے اپنے دور میں جن نیک و انتظامی و رفاہی کاموں (فقہی اصلاحات) کا آغاز کیا انہیں اصطلاحاً کیا کہا جاتا ہے؟

ج: اولیات عمرؓ۔

33- کون سے تین صحابی غیر عرب تھے؟

ج: حضرت بلال حبشیؓ، حضرت سلمان فارسیؓ، حضرت صہیبؓ رومی۔

34- بتائیے مشہور جھوٹے نبی مسیلمہ کذاب کو کس نے قتل کیا تھا؟

ج: مسیلمہ کذاب کو وحشیؓ بن حرب نامی مسلمان صحابی نے قتل کیا اپنے خاص ہتھیار ''حربہ'' سے۔ وحشی حضرت امیر حمزہؓ بن عبدالمطلب کے غزوہ اُحد میں بھی قاتل تھے جس کا وہ افسوس کیا کرتے تھے، مگر مسیلمہ کے قتل پر خوشی کا اظہار کیا کرتے تھے۔

35- قرآن مجید کا سب سے پہلا لفظ کیا ہے؟

ج: اَلْحَمْدُ.

36- بتائیے حضرت علیؓ کے دور میں نیا فرقہ خوارج وجود میں آیا تھا؟ اس فرقہ سے حضرت علیؓ کو ذاتی طور پر کیا نقصان پہنچا؟

ج: حضرت علیؓ کا قاتل ابن ملجم خارجی تھا۔

37- صلح حدیبیہ کا معاہدہ کتنی مدت کے لئے ہوا تھا اور کتنی مدت تک رہا؟

ج: دس سال کے لئے ہوا تھا مگر دو سال کے بعد ختم ہو گیا۔

38- اسلامی تقویم (قمری مہینوں) کے نام کس شخص نے رکھے تھے؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک بزرگ دادا کلاب بن مضر نے۔

39- بتائیے غزوۂ اُحد میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کس پھوپھی نے ایک حملہ آور یہودی کو قتل کیا تھا؟

Marfat.com

ج: حضرت صفیہؓ بنت عبدالمطلب۔

40- عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کیوں اور کس تاریخ کو منائی جاتی ہے؟

ج: عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کی خوشی میں ہر سال 12 ربیع الاول کو منائی جاتی ہے۔اس دن کو ''بارہ وفات'' بھی بولتے ہیں۔

41- کیا آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رضاعی (دودھ پلانے والی) ماؤں کے نام بتا سکتے ہیں؟

ج: آٹھ خواتین:

| | | | |
|---|---|---|---|
| (۱) | اصل والدہ آمنہؓ بنت وہب | (۲) | ثویبہ |
| (۳) | خولیہ | (۴) | حلیمہ سعدیہؓ |
| (۵۔۷) | عاتکہ نام کی تین عورتیں | (۸) | ام ایمنؓ |

(بحوالہ سیرت احمد مجتبیٰ، جلد ا،ص ۶۷ مولفہ، شاہ مصباح الدین شکیل، مطبوعہ پاکستان سٹیٹ آئل کمپنی، کراچی، جون ۱۹۹۲ء)

42- عرب اپنی بیٹیوں کو زندہ دفن کر دیا کرتے تھے، سب سے پہلے یہ رسم بد کس نے جاری کی؟

ج: قبیلہ بنو تمیم کا قیس بن عاصم۔

43- بتائیے کس سریہ میں مسلمانوں کے لشکر کے تین سپہ سالار شہید ہوئے تھے؟

ج: سریہ موتہ 8 ہجری میں ہوا۔(تین سپہ سالار حضرت زیدؓ بن حارث، حضرت جعفر طیار، حضرت عبداللہؓ بن رواحہ)۔

44- خالد کا معنی ہے، ہمیشہ رہنے والا، بتائیے'' خلدون یا خالدین'' کیا ہے؟

ج: خالدین اور خالدون، خالد کی جمع ہے معنی ہے ہمیشہ رہنے والا۔ یہ لفظ اہل جنت اور اہل جہنم کے بارے میں آیا ہے کہ وہ وہاں ہمیشہ رہیں گے۔

45- ''نادِ علیؑ'' سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔

ج: ایک دُعا ہے جو حصولِ مطلب اور دفع بلیات کے لئے پڑھی جاتی ہے۔

Marfat.com

-46 حضرت مصعب بن عمیر میں ایک نبی سے جسمانی مشابہت کی خوبی تھی۔ بتایئے کس نبی سے؟

ج: حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشابہت رکھتے تھے۔ غزوہ اُحد میں ان کی شہادت سے ہی کافروں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کا شک ہوا جو بعد میں دور ہو گیا۔

-47 سیف اللہ اور سیف الاسلام کن حضرات کے القاب ہیں؟

ج: سیف اللہ: حضرت خالدؓ بن ولید۔

سیف الاسلام: حضرت ابو عبیدہؓ بن الجراح۔

-48 حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا۔ ''میرے بعد خلافت تیس سال رہے گی'' یہ کب سے کب تک رہی؟

ج: 11 ہجری، وفات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے 40 ہجری شہادت علیؓ تک (امام حسنؓ کی چھ ماہ کی خلافت کی مدت کو بھی اسی تیس سال میں شامل کیا جاتا ہے)۔

-49 کس مسجد میں دو رکعت نماز نفل پڑھنے کا ثواب عمرہ کرنے کے ثواب کے برابر ہے؟

ج: مسجد قباء۔

-50 حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہر سال رمضان المبارک میں دس دن کا.........کیا کرتے تھے۔ (درست ترین الفاظ سے مکمل کریں)

(الف) روزہ (ب) اعتکاف (ج) ذکر الٰہی (د) تبلیغی دورہ

ج: (ب) اعتکاف۔

-51 عمرؓ ثانی اور عمر بن عبدالعزیز ثانی کن مسلمان کو کہا جاتا ہے؟

ج: عمر ثانیؓ: حضرت عمرؒ بن عبدالعزیز ہیں۔ عمر بن عبدالعزیز ثانی: امویوں میں ہشامؒ بن عبدالملک نے حضرت عمر بن عبدالعزیز کی روایات اور اصلاحات کو زندہ رکھنے کی کوشش کی، مگر ناکام رہا۔ اس کی اصلاحات و خدمات کے سبب اسے عمر بن عبدالعزیز ثانی کہا جاتا ہے۔

-52 بیت المال سب سے پہلے کس خلیفہ راشد نے قائم کیا؟

Marfat.com

ج: حضرت عمر فاروقؓ نے۔

53- قرآن مجید کی کس سورۃ کا ایک صفاتی نام نہ صرف ''دُعا'' ہے، بلکہ یہ سورۃ پوری کی پوری دُعا ہے؟

ج: سورۃ الفاتحہ۔

54- بتایئے اِسلام کا پہلا مرکز اشاعت کون سا مقام تھا؟

ج: حضرت ارقمؓ ابن ابی ارقم عبد مناف مخزومی کا گھر (مکہ میں) اور حضرت ابو ایوب انصاریؓ کا گھر (مدینہ میں)۔

55- آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مکی دور میں کون کون سے غزوات ہوئے؟

ج: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مکی زندگی میں ایک بھی غزوہ نہیں ہوا۔

56- بتول ایک بہت مشہور صحابیہ کا لقب ہے بتایئے کس کا؟

ج: حضرت فاطمہ بنت محمد رسول اللہ کا لقب ہے۔ معنی ہے دُنیا سے الگ ہو جانے والی۔

57- شہادت کے وقت ہی شہید کے تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں، سوائے ایک بوجھ کے۔ بتایئے وہ کیا ہے؟

ج: قرض۔

58- تحویل قبلہ کا حکم کب اور مدینہ کی کس مسجد میں نازل ہوا تھا؟

ج: شوال 2 ہجری میں مسجد بنو سلمہ، میں جسے اب مسجد ذو قبلتین کہتے ہیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز پڑھا رہے تھے، دو رکعات مسجد اقصیٰ کی طرف رُخ کر کے پڑھا چکے تھے کہ تحویل قبلہ کا حکم نازل ہوا، اگلی دو رکعتیں خانہ کعبہ کی طرف رُخ کر کے پڑھائی گئیں۔ فوراً اس کا مدینے اور احوال مدینہ میں اعلان کر دیا، بہت سے لوگوں نے دورانِ نماز اپنے رُخ بدل لئے۔

59- حضرت جبرئیلؑ کس صحابی کی شکل اختیار کر کے وحی لے کر آیا کرتے تھے؟

ج: حضرت دحیہ کلبیؓ۔

60- ''قاب قوسین'' سے آپ کے نزدیک کیا مراد ہے؟

Marfat.com

ج: سفرِ معراج کی انتہا پر اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات۔ معبود و عبد کی قربت کو قابَ قوسین (انتہائی قربت) سے ظاہر کیا گیا ہے۔

-61 ''دورِ موسوی'' کے کس نافرمان کو اللہ تعالیٰ نے اس کے خزانوں سمیت زمین میں غرق کر دیا تھا؟

ج: قارون، حضرت موسیٰ کا چچازاد بھائی۔ اس نے زکوٰۃ یا صدقہ دینے سے انکار کیا تھا۔

-62 سجاح بنت حارث ایک جھوٹی مدعیہ نبوت تھی۔ مذہباً عیسائی تھی، کس خلیفہ کے دور میں ہوئی؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دور میں۔

-63 بتائیے مرزا غلام احمد قادیانی کس وجہ سے مشہور ہوا؟

ج: 1901ء میں نبوت و رسالت کا جھوٹا دعویٰ کرنے کی وجہ سے، انگریزوں کی حمایت اور مسلمانانِ ہند کی مخالفت کرنے کی وجہ سے، پیغمبروں، صحابہ کرام اور علمائے اسلام کے بارے میں سوقیانہ اور گستاخانہ کلمات لکھنے کی وجہ سے، اس کے پیروکار مرزائی یا قادیانی کہلاتے ہیں۔ مرزائیوں کے دو گروہ قادیانی مرزائی اور لاہوری مرزائی ہیں اور بالاتفاق دونوں گروہ کافر ہیں۔

-64 علم حدیث پر سب سے پہلی کتاب کس عنوان سے لکھی گئی؟

ج: الحدیث الفاضل بین الراوی والراعی مرتبہ قاضی ابو محمد رامہرمزی۔

-65 اس صحابیٔ رسول کا نام لکھئے جو مکہ سے مدینہ کو ہجرت کرنے والے آخری فرد تھے؟

ج: حضرت صہیبؓ بن سنان رومی۔

-66 مولانا شبلی نعمانی اور سید سلیمان ندوی نے ''سیرۃ النبی ﷺ'' کی کتنی جلدیں لکھیں؟

ج: (۱) شبلی نعمانی۔ جلد اول، دوم۔

(۲) سید سلیمان ندوی۔ جلد سوم تا جلد ششم۔ ساتویں جلد آپ کی وفات کے بعد آپ کے تحریری مسودات (Notices) کو مرتب کر کے شائع کی گئی۔

-67 ''نہج البلاغہ'' حضرت علیؓ کے خطبات، خطابات، اقوال اور خطوط کا مجموعہ ہے''۔

Marfat.com

""صحیفہ علیؓ"" کس کی تالیف ہے؟

ج: حضرت علیؓ کا مرتب کیا ہوا مجموعہ حدیث۔

68- ہجرت کے بعد مدینہ میں فوت ہونے والے پہلے مہاجر مسلمان عثمانؓ بن مظعون تھے۔ کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے ان کی نمازِ جنازہ پڑھائی تھی؟

ج: جی نہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اسعدؓ بن زرارہ کی نماز جنازہ سب سے پہلے پڑھائی تھی۔

69- حضرت آدمؑ کے بیٹوں ہابیل اور قابیل میں سے قاتل کون تھا اور مقتول کون؟

ج: قابیل قاتل تھا اور ہابیل مقتول تھا۔

70- قرآن مجید کی قرأت، حرکات وسکنات اور لب لہجہ کے ماہر قراء سبعہ کے نام لکھئے۔

ج: نافع، ابن کثیر مکی، ابوعمرو، عبداللہ بن عامر، عاصم کوفی، حمزہ، کسائی۔

71- فرض عین اور فرض کفایہ میں کیا فرق ہے؟

ج: <u>فرض عین</u>: جس کا کرنا ہر مسلمان کے لئے ضروری ہو۔

<u>فرض کفایہ</u>: جسے چند آدمی بھی کریں تو سب پر سے بوجھ ختم ہو جاتا ہے اور اگر کوئی بھی نہ کرے تو سب گنہگار ہوتے ہیں۔

72- قیصر، کسریٰ اور مقوقس کن مملکتوں کے بادشاہوں کو کہا جاتا تھا؟

ج: قیصر: روم کا بادشاہ کسریٰ: ایران کا بادشاہ

مقوقس: مصر کا بادشاہ

73- کوئی سی پانچ علامات قیامت لکھئے۔

ج: (الف) امام مہدیؑ کا آنا (ب) نزول عیسیٰ علیہ السلام

(ج) خروج دجال (د) خروج یاجوج ماجوج

(ہ) علم کا اُٹھ جانا (ح) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور مشرق میں غروب ہونا

74- صرف نو غزوات میں مقاتلہ کی نوبت آئی، غزوات کے نام بتائیے۔

Marfat.com

ج: بدر، اُحد، خندق، غزوہ بنی قریظہ، غزوہ بنی مصطلق، خیبر، فتح مکہ، حنین، طائف (کل نو)

75- عرب مستعربہ، عرب بائدہ، عرب عاربہ۔ یہ کون سے عرب ہیں؟

ج: عرب مستعربہ: عرب عاربہ کے بعد عربوں میں شامل ہونے والے عرب۔

عرب بائدہ: وہ قدیم عرب جومٹ گئے اور آج انکا نام صرف کتابوں میں ملتا ہے۔

عرب عاربہ: خالص موجودہ عرب نسل، یعرب بن قحطان کی اولاد۔

76- اللہ تعالیٰ کی صفت ''عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ'' ہے، اس سے کیا مراد ہے؟

ج: عالم الغیب: مخفی اور پوشیدہ دُنیا اور اس کے کاموں کو جاننے والا۔

عالم الشہادۃ: موجود (سامنے نظر آنے والا) جہان اور اس کے ذرے ذرے کو جاننے والا۔

77- قرآن مجید کی کس سورۃ اور آیت میں رب کریم نے شہر رسول کی قسم کھائی ہ؟

ج: سورۃ البلد آیت۔1

78- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خاتم المہاجر کسے قرار دیا تھا؟

ج: حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب، اپنے چچا کو۔

79- ''مقام ابراہیم'' کس مقام کو کہتے ہیں؟

ج: مسجد حرام میں کعبہ کے سامنے مطاف کے کنارے ایک پتھر طول دس بالشت عرض سات بالشت۔ اس پر حضرت ابراہیمؑ کے پاؤں کے نشان ہیں، جو خانہ کعبہ کی تعمیر کے وقت پڑ گئے تھے، اس وجہ سے اس کا نام مقام ابراہیم ہے۔

80- چاروں قل قرآن کریم کی کن چار سورتوں کو کہتے ہیں؟

ج: سورۃ الکافرون، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق اور سورۃ الناس۔ ان کے آغاز میں لفظ ''قل'' (کہہ دے) آنے کی وجہ سے ان کو ''قل'' کہا جاتا ہے۔

81- بتائیے سیرت کی یہ کتابیں کس نے لکھیں۔

(۱) سیرت ابن ہشام (۲) مدارج النبوۃ

(۳) ضیاء النبی ﷺ (۴) رسول رحمت

Marfat.com

ج: (۱) سیرت ابن ہشام: ابومحمد عبدالملک بن ہشام۔اصل عربی میں لکھی۔

(۲) مدارج النبوت: شیخ عبدالحق محدث دہلوی، اصل فارسی میں لکھی۔

(۳) ضیاء النبیؐ: پیر کرم شاہ الازہری، بھیرہ شریف، اُردو میں لکھی۔

(۴) رسول رحمت: سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر مولانا ابوالکلام آزاد کے سیرت النبیؐ پر مضامین کا مجموعہ، غلام رسول مہر نے اُردو میں مرتب کیا۔[1]

82- ''محرمات'' کس قسم کی عورتوں کو کہتے ہیں؟

ج: وہ عورتیں جن سے کسی کا نکاح حرام ہو، محرمات کہلاتی ہیں، ان کی تعداد 14 ہے۔

83- حدیث شریف میں کن لوگوں کو حمادون اور مفردون کہا گیا ہے؟

ج: حمادون: اللہ کا شکر ادا کرنے والے۔

مفردون: اللہ کا ذکر کرنے والے مسلمان۔

84- کرامت اور معجزہ میں کیا فرق ہے؟

ج: کرامت: غیر نبی مگر مسلم کے ہاتھ سے صادر ہونے والا خلاف عادت فعل جو عام طور پر نہ ہوسکتا ہو۔

(Miracle / Get Possible which is generally Impossible)

معجزہ: نبی کے ہاتھ سے صادر ہونے والا خلاف عادت فعل، جو عام طور پر صادر نہ ہوسکتا ہو۔

85- گناہ کبیرہ کس قسم کا گناہ ہوتا ہے۔

ج: قرآن وحدیث نے جس فعل (گناہ) کے ارتکاب پر حد (شرعی سزا) مقرر کر دی ہے یا اس کے بارے میں وعید (warning) نازل ہوئی ہے یا واضح الفاظ میں اس سے منع کیا گیا ہے یا وہ گناہ اور فعل دین اسلام کی ہتک کا باعث ہے یا اس کے لئے عذاب اور لعنت وارد ہوئی ہے۔ گناہ کبیرہ کہلاتا ہے۔

---

(1) اس نام سے سیرت النبیؐ پر مولانا سید سلمان ندوی کی بھی ایک تالیف موجود ہے۔

Marfat.com

86- کس خلیفہ راشد کو اپنا مال راہِ خدا میں خرچ کرنے کی وجہ سے دُنیا میں ہی تین بار جنت کی بشارت ملی؟

ج: حضرت عثمانؓ بن عفان، تیسرے خلیفہ راشد۔

87- جمعہ کی نماز کن کن افراد پر فرض نہیں ہے؟

ج: مسافر، بیمار، غلام، عورت، لڑکا، دیوانہ، اندھا، لنگڑا۔

88- علامہ جلال الدین سیوطیؒ اور علامہ جلال الدین محلیؒ کی مشترکہ تفسیر قرآن کا کیا نام ہے؟

ج: تفسیر جلالین۔ (اس کا اُردو ترجمہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور نے شائع کیا ہے)۔

89- اخلاقِ حسنہ اور اسوۂ حسنہ میں کیا فرق ہے؟

ج: اچھے اور مثالی اخلاق کو اخلاقِ حسنہ کہتے ہیں اور بہترین اور نمونہ زندگی کو اسوۂ حسنہ کہتے ہیں، ان دونوں اصطلاحات کا تعلق حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے۔

90- ''شمائل النبی ﷺ'' کس قسم کی حدیث کی کتاب کو کہا جاتا ہے؟

ج: جس کتاب میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا حلیہ مبارک، آپ کے استعمال کی چیزیں اور عادات مبارکہ کا ذکر ہو۔ ''شمائل النبی ﷺ'' کہلاتی ہے۔

91- بتایئے قرآن کریم میں کن جرائم کی سزائیں ذکر ہوئی ہیں؟

ج: زنا، چوری، قذف (بہتان لگانا) رہزنی (ڈاکہ زنی) بغاوت۔

92- اِسلامی تقویم (ہجری سال) کے کون کون سے مہینے ماہِ حرام کہلاتے ہیں؟

ج: رجب، ذی قعدہ، ذی الحج، محرم (چار مہینے) ان مہینوں میں جنگ کرنا حرام ہے۔

93- حرم فجار کو فجار (گناہ یا نافرمانی والی) جنگیں کیوں کہتے ہیں؟

ج: اس لئے کہ یہ لڑائیاں حرمت والے مہینوں میں لڑی جاتی تھیں، حرب فجار کہلاتی ہیں۔

94- قرآن نے دعوت الی اللہ کے کون سے تین بنیادی اصول بیان فرمائے ہیں؟

ج: (الف) حکمت کے ساتھ (ب) اچھی نصیحت کے ساتھ
(ج) اچھے طریقے سے مناظرہ یا مباحثہ کرنا (بحوالہ سورۃ النحل: 125)

95- حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ میں سے بڑے کون تھے؟

Marfat.com

ج: ابو محمد حسن بن علی، نواسہ رسولؐ، ریحانۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم، آپ عمر میں حضرت امام حسینؓ سے بڑے تھے۔

96- ازواجِ مطہرات میں سے وہ کون حافظ قرآن خاتون تھیں جن کے پاس مصحف صدیقی امانتاً رکھا گیا تھا؟

ج: ام المومنین حضرت حفصہؓ، بنت عمرؓ زوجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

97- بتائیے حقوق العباد کی کتنی قسمیں ہیں؟

ج: دو: (۱) مسلمان (انسانوں کے باہمی حقوق وفرائض)۔

(۲) کچھ کے حقوق اور کچھ کے فرائض۔

98- حدیث رسول مکمل کریں:

''جس نے چالیس دن ............. کھایا، اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو منور کر دے گا اور اس سے حکمت کے سرچشمے پھوٹیں گے''۔

ج: رزقِ حلال۔

99- حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کون سی صاحبزادی ہیں جن کو دو ہجرتوں کا شرف حاصل ہوا؟

ج: حضرت رقیہؓ بنت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنہوں نے اپنے خاوند حضرت عثمانؓ کے ساتھ ہجرت حبشہ اور ہجرت مدینہ کا سفر کیا۔

100- فقرہ کو مکمل کیجئے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ..... کو نبوت کا چھیالیسواں حصہ قرار دیا ہے؟

ج: رویائے صادقہ (سچے خواب)۔

101- قرآن مجید کا انگریزی ترجمہ کرنے والے کسی ایک نومسلم کا نام لکھئے؟

ج: محمد مارماڈیوک پکتھال (Muhammad Marma Duke Pikthal)

102- شریعت کے لغوی اور اصطلاحی معانی بتائیے؟

ج: <u>لغوی معنی</u>: کھلا اور سیدھا راستہ۔

Marfat.com

اصطلاحی معنی: قانون محمدیؐ، قرآن وحدیث کے احکامات۔

103- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کن مہینوں کے لئے فرمایا کہ "............ میرا مہینہ ہے............ اللہ کا مہینہ ہے............ میری اُمت کا مہینہ ہے"۔

ج: بالترتیب: رجب، شعبان، رمضان۔

104- شبِ برأت کس تاریخ کو منائی جاتی ہے؟

ج: 14 اور 15 شوال کی درمیانی رات کوشبِ برأت کہتے ہیں۔

105- حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت کر کے مدینے میں داخل ہوئے تو بنو نجار کی بچیاں کیا گیت گا رہی تھیں۔

ج: یہ اشعار تھے:

طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَیْنَا مِنْ ثَنِیَّاتِ الْوَدَاع
وَجَبَ الشُّکْرُ عَلَیْنَا مَادَعَ لِلّٰہِ دَاع
نَحْنُ جَوَارٌ مِنْ بَنِی النَّجَارُ
یَاحَبَّذَا مُحَمَّدٌ امِنْ جَارِ

ترجمہ: (۱) ہمارے اُوپر ثنیات وداع سے کامل چاند طلوع۔
(۲) ہم پر شکر کرنا واجب ہے، اس پر کہ اس بلانے والے نے ہمیں اللہ کی طرف بلایا۔
(۳) ہم بنی نجار قبیلہ کی پڑوسی ہیں۔
(۴) اے خوش قسمتی! محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پڑوسی ہیں۔

106- بتایئے حضرت موسیٰ کس فرعون کے دور میں پیدا ہوئے اور کس فرعون کے دور میں اعلانِ نبوت کیا؟

ج: جس فرعون کے دور میں پیدا ہوئے: اس کا نام تھا رعمیسس ثانی۔
جس فرعون کے دور میں دعویٰ نبوت کیا: اس کا نام تھا منفتاح۔

107- اِسلامی قانون کے کتنے مآخذ ہیں؟

Marfat.com

ج: کتاب، سنت، اجماع، قیاس (کل چار)۔

108- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے۔ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ قَتَّاتٌ یہ ''قتات'' کون ہوتا ہے؟

ج: جو چھپ کر دوسروں کی باتیں سنے اور دوسروں کو بتائے۔

109- کنز العمال (پورا نام ہے ''کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال'') کے نام سے کس ہندوستانی محدث نے مجموعہ حدیث مرتب کیا؟

ج: شیخ علی المتقی برہان پوریؒ۔

110- لباس کے حوالے سے کون سی دو چیزیں مردوں کے لئے پہننا حرام قرار دی گئی ہیں؟

ج: سونا اور ریشم۔

111- اصحاب کہف اور اصحابِ صفہ میں سے کون سے اصحاب دور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں ہوئے؟

ج: اصحاب صفہ، جو مسجد نبوی میں ایک چبوترے (صفہ) پر رہتے تھے۔

112- کن پیغمبروں کے بارے میں عقیدہ ہے کہ وہ زندہ ہیں؟

ج: حضرت خضرؑ، حضرت الیاسؑ، (زمین پر)

حضرت ادریسؑ، حضرت عیسیٰؑ، (آسمان پر)

113- چیخ چیخ کر اور چلا چلا کر باتیں کرنا کیسا عمل قرار دیا گیا ہے؟

ج: گدھے کی طرح چلانے کا عمل (سورۃ لقمان: آیت، 19)

114- ''لوح محفوظ'' کیا چیز ہوتی ہے؟

ج: ایک بہت بڑی تختی جس پر ہر شخص کی تقدیر کندہ ہے، جس میں کمی بیشی نہیں ہوسکتی۔ قرآن مجید بھی لوح محفوظ میں لکھا ہوا ہے۔

115- کس ایک رات کی عبادت کو ثواب میں 83 سال 4 ماہ سے زیادہ افضل قرار دیا گیا ہے؟

ج: صرف ایک رات (لیلۃ القدر یا شب قدر) کو۔ جو ایک ہزار مہینوں سے افضل ہے، ایک ہزار مہینوں کے 83 سال 4 ماہ بنتے ہیں۔ (لَیْلَۃُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَھْرٍ)

Marfat.com

116- بتایئے مالِ غنیمت میں سے پیدل اور سوار سپاہی کو کس حساب سے حصہ ملتا ہے؟

ج: سواروں کو پیدل سپاہیوں سے دوگنا حصہ ملتا تھا۔

117- حضرت فاطمہؓ کے کون سے دو بیٹے شہید ہوئے تھے؟

ج: آپؓ کے بیٹے حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ شہید ہوئے، ایک سب سے چھوٹے بیٹے ''محسن'' بچپن میں وفات پاگئے تھے۔

118- بتایئے جنت البقیع اور جنت المعلیٰ نامی قبرستان کس ملک میں ہیں؟

ج: سعودی عرب (جنت البقیع: مدینہ منورہ، جنت المعلیٰ: مکہ مکرمہ)

119- "اَلْجِهَادُ مَاضٍ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ" حدیث مبارکہ کا ترجمہ لکھئے۔

ج: ''جہاد قیامت تک جاری رہے گا''۔

120- کن دو اشخاص کے اسلام قبول کرنے سے مکہ میں مسلمان اپنے دینی فرائض علی الاعلان ادا کرنے لگے؟

ج: حضرت حمزہؓ بن عبدالمطلب اور حضرت عمرؓ بن الخطاب۔

121- بتایئے تفسیر ماجدی کس ہندوستانی عالم دین کی اُردو اور انگریزی (علیحدہ علیحدہ) تفسیر کو کہا جاتا ہے؟

ج: مولانا عبدالماجد دریابادی۔

122- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کس مقام پر اپنی موت کی دُعا کرتے تھے؟

ج: مدینہ منورہ آپ کی دُعا کے الفاظ یہ ہوتے تھے۔ ''اے اللہ! مجھے مدینہ میں موت نصیب فرمانا''۔

123- غزوۂ خندق میں تین میل طویل خندق کے ساتھ ساتھ جہاں جہاں مسلمان فوجی نمازیں ادا کرتے رہے، اب وہاں کس نام سے مساجد موجود ہیں؟

ج: مساجد فتح۔

124- حضرت عیسیٰؑ کو عیسائی اور مسلمان (قرآن) کس نام سے پکارتے ہیں؟

ج: عیسائی: مسیح بمعنی نجات دہندہ، مسلمان: عیسیٰؑ ابن مریم یا حضرت عیسیٰؑ

Marfat.com

125- ہم ہر روز عبادت کے بعد اللہ سے ''مغفرت'' مانگتے ہیں، آپ اس الفاظ کے معانی بتلائیے؟

ج: عربی لفظ ''غفر'' سے نکلا ہے، معنی ہے بخشش، نجات، رہائی، چھٹکارا، درگزر، عفو۔ اس سب کے حصول کی کوشش کو ''استغفار'' کہتے ہیں اور ان تمام حالتوں کا حصول ''مغفرت'' ہے۔

آخرت میں حساب کتاب کے بغیر ہی چھٹکارا ہو جائے۔ یہ ''مغفرت'' ہے۔

126- بتائیے حضرت خدیجہؓ کی نماز جنازہ کس مشہور شخصیت نے پڑھائی تھی؟

ج: کسی نے بھی نہیں، کیونکہ حضرت خدیجہؓ کی وفات کے وقت تک نماز جنازہ فرض نہیں ہوئی تھی۔

127- ''من وسلویٰ'' اللہ کی نعمت تھی، جو دعائے موسیٰؑ کے طفیل یہودیوں پر اُتری۔ اس کے معنی تو بتائیے؟

ج: من: معنی ہے ترنجبین شبنم، (میٹھے ذائقہ والے دھنیے کے بیج جتنے دانے)۔

سلویٰ: معنی ہے شہد، (بٹیر جیسے ایک پرندے کا نام)۔

128- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ حضرت ام سلمٰی کا اصل نام کیا تھا؟

ج: ہند بنت ابو اُمیہ۔ والدہ کا نام عاتکہ بنت عامر تھا۔ ان کو یہ خصوصیت حاصل ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکاح کے وقت ان کا بیٹا ان کا ولی بنا تھا۔

129- محققین کہتے ہیں کہ قرآن مجید میں سب سے طویل قصہ حضرت موسیٰؑ کا بیان ہوا ہے۔ بتائیے آپ کا نام کے ساتھ ذکر کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: 129 مرتبہ۔

130- بتائیے۔ ''مولفۃ القلوب'' (فتح مکہ کے بعد اِسلام لانے والوں کا گروہ) کی کتنی قسمیں ہیں؟ جن کو مالِ غنیمت سے حصہ دیا گیا؟

ج: تین: (الف) اسلام پر قائم رہنے والے کو۔

(ب) اسلام قبول کرنے والے کو تاکہ ان کی تالیف قلبی ہو۔

Marfat.com

(ج) نومسلم شرپسندوں کو، ان کے شر سے روکنے کے لئے۔

131- کوئی ایسا کلام لکھیے جس کے بارے میں کہا جاتا ہو کہ یہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا شعر ہے؟

ج: هَلْ اَنْتَ اِلَّا اَصْبَحُ دَمِيْتُ

وَفِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَالَقِيْتُ

ترجمہ: (اے اُنگلی) تو سوائے ایک خون آلود اُنگلی کے کچھ نہیں ہے اور تجھے یہ زخم اللہ کے راستے میں آیا ہے۔

132- سن ہجری کا آغاز دورِ عثمانی میں ہجرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا گیا۔ 622ء میں۔ بتایئے پہلا قمری دن (یکم محرم سن 1 ہجری) کس انگریزی تاریخ کو ہوا تھا؟

ج: 16 جولائی 622ء۔

133- کسی مسلمان کا جنازہ پڑھنے کا ثواب زیادہ ہے یا کفن دفن میں شرکت کا ثواب زیادہ ہے؟

ج: دونوں کا ثواب برابر برابر ہے، جنازہ پڑھنے کا ثواب ایک قیراط (خیرات کرنا) اور جنازہ پڑھنا و کفن دفن میں شرکت کرنا دو قیراط (خیرات کرنا ہے)۔

134- حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ مکمل کریں۔ جس نے وعدہ خلافی کی وہ۔

ج: ''ہم میں سے نہیں''۔

135- عیسائیت میں کون سے دو فرشتے برگزیدہ ہیں؟

ج: حضرت جبرائیل اور حضرت میکائیل۔

136- ''حیات محمد صلی اللہ علیہ وسلم'' (Life of Muhammad) کے نام سے چار جلدوں میں سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم لکھنے والے مشہور غیر مسلم مستشرق ''میور'' کا تعارف کروایئے؟

ج: نام: ولیم میور خطاب: سر 39 سال ہندوستان میں رہے۔ ہندوستانی صوبہ یوپی کے گورنر تھے۔ قومیت کے لحاظ سے برطانوی تھے۔

Marfat.com

-137 اللہ
رسول
محمد
اس شکل میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم۔
محمد رسول اللہ کہاں لکھتے تھے؟

ج: یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سرکاری مہر کا ڈیزائن ہے، جو سرکاری خطوط پر لگائی جاتی تھی۔

-138 خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَہٗ' اس حدیث مبارکہ کا ترجمہ لکھئے۔

ج: ترجمہ: تم میں وہ بہتر ہے جو قرآن سیکھتا ہے اور (دوسروں کو) سکھاتا ہے۔

-139 حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دو بیٹیاں 2 ہجری اور 10 ہجری کو فوت ہوئیں۔ نام بتادیجئے۔

ج: بالترتیب حضرت رقیہؓ بنت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔
حضرت اُم کلثومؓ بنت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

-140 تدوین قرآن کے سلسلے میں ذرا وہ چیزیں گنوایئے جن پر قرآن مجید لکھا جاتا تھا۔

ج: عسیب، لخفہ، کتف، ادیم، قتب، (کل پانچ چیزیں)۔

-141 یعوق اور یغوث دو بتوں کے نام ہیں جن کا ذکر قرآن مجید میں بھی آیا ہے، یہ کس شکل و صورت کے بت تھے؟

ج: یعوق: گھوڑے کی شکل کا یغوث: شیر کی شکل کا۔

-142 صابی ایک قوم تھی جو بہت پہلے ہو گزری، بتایئے یہ کس چیز کی پوجا کرتی تھی؟

ج: فرشتوں کو پوجتے تھے اور ستاروں کی تعظیم کرتے تھے۔

-143 کس نام کے بارے میں سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن اللہ کے نزدیک یہ نام "اَقْبَحُ وَاَفْحَشُ" (سب سے برا اور سب سے گھٹیا) ہوگا؟

ج: ملک الاملاک یعنی شہنشاہ۔

-144 حدیث شریف میں رمضان المبارک کو فقط رمضان کہنے سے منع کیا گیا ہے، کیا کہنے کا حکم دیا گیا ہے؟

ج: شہر رمضان (رمضان کا مہینہ)۔

-145 بتایئے "کلمہ الحضرت" کن الفاظ کو کہتے ہیں؟

Marfat.com

ج: خدا کا کلمہ ''کن'' (معنی ہے ہو جا)۔

146- علم حدیث کی مشہور و معروف کتاب ''نخبة الفكر فی مصطلح اهل الاثر'' کے مصنف حافظ ابن حجر عسقلانی نے اس کتاب کی شرح بھی لکھی ہے، بتائیے کس نام سے؟

ج: نزهة النظر فی توضیح نخبة الفكر۔

147- وہ کون سا غزوہ ہے جس میں کفار کے گیارہ علمبردار (دس مرد+ایک عورت) مارے گئے؟

ج: غزوۂ اُحد۔

148- وہ حبشی قبائل جنہوں نے مقاطعہ قریش کے وقت اور تمام غزوات میں قریش کی ہر طرح مدد کی کیا کہلاتے ہیں؟

ج: احابیش۔

149- حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد کس بارے میں ہے۔ ''میری اُمت کبھی بھی کسی بھی غلطی پر متفق نہیں ہو سکتی؟''۔

ج: اجماع اُمت کے جواز کی طرف اشارہ ہے۔

150- حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ کون سا چچا تھا جو خود اس کی بیوی اور اس کا ایک بیٹا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دشمنی میں عبرت ناک موت مرے؟

ج: چچا: ابولہب چچی: اروٰی (ام جمیل) بیٹا: عتبہ بن ابولہب

151- بتائیے ان دو صحابیوں کے اصل نام کیا ہیں؟

(۱) ابوذر غفاریؓ (۲) سلمان فارسیؓ

ج: (۱) جندب بن جنادہ (۲) مابہ بن بوذخشاں

152- کتا کن اصحاب کا مشہور ہے؟

ج: اصحاب کہف کا۔ کتے کا نام قطمیر ہے۔ یہ واحد جانور ہے جو جنت میں جائے گا۔

153- جنگِ قادسیہ تین دن جاری رہی، تینوں دنوں کو علیحدہ علیحدہ کیا نام دیا گیا؟

ج: پہلا دن: یوم ارماث دوسرا دن: یوم اغواث تیسرا دن: یوم العماس

Marfat.com

-154 حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن کتنے مشرکوں کا خون بہانا جائز قرار دیا تھا؟

ج: پندرہ: جن میں سے گیارہ قتل ہوئے اور چار نے اِسلام قبول کر لیا۔

-155 کسی مستحق کے لئے زکوٰۃ کا کم از کم حصہ کیا ہے؟

ج: اتنا کہ ایک دن کے خرچ کو کافی ہو جائے اور اس دن کسی اور سے نہ مانگنا پڑے۔

-156 کیا آپ مختلف سمتوں سے میقات (احرام باندھنے کی جگہ) بتا سکتے ہیں؟

ج: جی ہاں: پاکستانی و ہندوستانی حاجیوں کے لئے "یلملم"۔ مدینہ کی طرف سے "ذوالحلیفہ" نجد کی طرف سے "قرن" مصر اور شام کی طرف سے "جحفہ" اور عراق کی طرف سے "ذاتِ عراق"۔

-157 "مسجد میں ہنسنا (قہقہے لگانا)..........لاتا ہے"۔ ذیل میں دیئے گئے الفاظ میں سے درست لفظ سے حدیث مکمل کریں۔

(الف) عذاب (ب) بھوک

(ج) قبر میں اندھیرا (د) قبر کی سختی

ج: (ج) قبر میں اندھیرا۔

-158 ترجمہ کریں: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌO اَللّٰهُ الصَّمَدُ O (سورۃ اخلاص)

ج: کہہ دیجئے اللہ ایک ہے۔ اللہ (سب سے) بے نیاز ہے (مگر کوئی اس سے بے نیاز نہیں ہے)۔

-159 بتائیے یہ عبارت کس قرآنی آیت کا ترجمہ ہے۔ "نہ اس اللہ نے کسی کو جنا نہ وہ کسی سے جنا گیا"۔

ج: لَمْ يَلِدْO وَلَمْ يُوْلَدْO (سورۃ اخلاص)۔

-160 کس عبادت گاہ کے بارے میں قرآن میں یہ آیا ہے؟"

یہ دُنیا میں سب سے پہلی عبادت گاہ ہے"۔ (آل عمران:96)

ج: بیت اللہ شریف (مکہ مکرمہ)۔

Marfat.com

161- حج کرنے کی استطاعت سے کیا مراد ہے؟

ج: استطاعت سے مراد ہے صحت، زادراہ اور سفر کی سہولت۔

162- حضرت عمر بن عبدالعزیز نے کس محدث کے نام یہ مراسلہ لکھا۔ "احادیث نبویہ جہاں بھی ملیں ان کو لکھ لو"۔

ج: حضرت ابوبکر بن حزم کے نام۔

163- آیہ قرآنی مکمل کریں............ فِی الدَّرْکِ اَسفَلَ مِنَ النَّارِ.

ج: اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ. (ترجمہ: بے شک منافقین جہنم کے سب سے نیچے والے حصے میں ہوں گے)۔

164- حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام کی دیانت اور عدل کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟

ج: اَلصَّحَابَۃُ کُلُّھُمْ عَدُوْلٌ.

ترجمہ: صحابہ سب کے سب عدل کرنے والے (ثقہ) ہیں۔

165- کن نبیؑ کے ہاتھ میں لوہا نرم ہو جایا کرتا تھا اور وہ لوہے سے ہتھیار بنایا کرتے تھے؟

ج: حضرت داؤد علیہ السلام۔

166- تسبیح فاطمہؓ کس قسم کی تسبیح کو کہتے ہیں؟

ج: ہر رات سونے سے پہلے 33 بار سبحان اللہ، 33 بار الحمدللہ اور 34 بار اللہ اکبر پڑھنا۔ اس کی تلقین حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی حضرت فاطمہؓ کو کی تھی۔ اس مناسبت سے یہ تسبیح "تسبیح فاطمہؓ" کہلاتی ہے۔

167- سب سے پہلے غزوہ میں مسلمان مجاہدین کی تعداد کتنی تھی؟

ج: صرف چار، غزوہ ودان یا غزوہ ابوا پہلا غزوہ ہے۔

168- منافق اور منفق میں کیا فرق ہے؟

ج: <u>منافق:</u> بظاہر مسلمان مگر دل سے دشمن اسلام

<u>منفق:</u> اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والا، فیاض سخی۔

Marfat.com

169- آخری سفر حج میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کتنی ازواج مطہرات تھیں؟

ج: آٹھ ازواج مطہرات۔

170- ''زیادہ ہنسنے سے............مردہ ہو جاتے ہیں'' حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کو مکمل کریں؟

ج: دل۔

171- قرآن مجید نے روزوں کے سلسلے میں ''سحری'' کا آخری وقت یہ بیان کیا ہے۔ حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَکُمُ الْخَیْطُ الْاَبْیَضُ مِنَ الْخَیْطِ الْاَسْوَدِ۔ (البقرہ۔187) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا کیا مفہوم بیان فرمایا؟

ج: اَلْخَیْطُ الْاَبْیَضُ: دن کی سفیدی اَلْخَیْطُ الْاَسْوَدُ: رات کی تاریکی۔

172- مذہب کتنی چیزوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

ج: مذہب دو چیزوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

(الف) عقائد (ب) شرعی احکام (قانون)

173- ''جب الحزن'' جہنم میں ایک کنواں یا نالا ہے جس سے جہنم بھی ہر روز چار سو دفعہ پناہ مانگتا ہے، یہ کن لوگوں کا مقام ہے؟

ج: دکھلاوے کی نماز پڑھنے والوں کا مقام ہے۔

174- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تبرکات مثلاً موئے مبارک، نعلین مبارک، عمامہ شریف، چادر کو اصلاحاً کیا کہا جاتا ہے؟

ج: باقیات محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم یا اثر الشریف یا ذخیرہ۔

175- حج اور عمرہ میں کئی باتیں (مناسک) مشترک ہیں، کم از کم دو کی نشاندہی کریں۔

ج: حج اور عمرہ میں یہ امور (مناسک) مشترک ہیں۔

(الف) احرام باندھنا (ب) بیت اللہ کا طواف کرنا

(ج) صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرنا

176- بتایئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ایام علالت میں ابوبکر صدیقؓ کی امامت

Marfat.com

میں کتنی نمازیں ادا فرمائیں؟

ج: صرف تین۔

177- قرآن مجید کے یہ الفاظ کس عظیم واقعہ کی طرف اشارہ کرتے ہیں؟ یٰـــــنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلَامًا (اے آگ ٹھنڈی ہو جا اور سلامتی والی ہو جا)۔

ج: جب حضرت ابراہیمؑ کو نمرود نے آگ میں ڈلوایا تو اللہ نے آگ کو حکم دیا۔ ''اے آگ! ابراہیمؑ پر سلامتی کے ساتھ ٹھنڈی ہو جا''۔

178- ''آنکھیں اسے دیکھ نہیں سکتیں اور وہ ان کو دیکھتا ہے'' قرآن مجید نے یہ الفاظ کس کے لئے کہے۔ (لَا تُدْرِکُهُ الْاَبْصَارِ وَهُوَ یُدْرِکُ الْاَبْصَارِ).

ج: اللہ تعالیٰ کے لئے۔

179- مسلمان تو "اَمْر بِالْـمَعْرُوْفِ وَنَهِیْ عَنِ الْمُنْکَرِ" کا حکم کرتے ہیں، رب کریم نے منافقوں کی کیا عادت بیان فرمائی ہے؟

ج: وہ برائی کا حکم دیتے ہیں اور نیکی سے روکتے ہیں۔ یَـاْمُرُوْنَ بِالْمُنْکَرِ وَیَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ. (سورۃ توبہ: آیت، 47)

180- خدا تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ کو اَوَّاهٌ مُّـنِـیْـبٌ (ہود:75) فرمایا ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے کس صحابیؓ کو اَوَّاهٌ مُّنِیْبٌ فرمایا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ۔

181- قرآن مجید میں اپنے بعد ایک رسول ''احمد'' نامی کے آنے کی بشارت کس نبی نے دی ہے؟

ج: سورۃ الصف میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے۔ (آیت:6)

182- مدینے میں یہودیوں کے تین قبیلے آباد تھے۔ بنو نضیر، بنو قینقاع، بنو قریظہ یہ کب مدینہ بدر کئے گئے؟

ج: (الف) بنو نضیر: بئر معونہ کے حادثہ کے بعد میثاق مدینہ کی مخالفت کرنے پر مدینہ بدر کیا گیا۔

Marfat.com

(ب) بنوقینقاع: غزوۂ بدر کے بعد مدینہ بدر کیا گیا۔

(ج) بنوقریظہ: غزوۂ خندق کے بعد بدعہدی کی بناء پر مدینہ بدر کیا گیا۔

183- چاروں آسمانی کتب میں سے کس کتاب کا صفاتی نام نَصٌّ کَرِیْمٌ (کھلی کھلی باعزت بات) ہے؟

ج: قرآن مجید۔

184- کبیرہ گناہ اور صغیرہ گناہ میں کیا فرق ہوتا ہے؟

ج: جو گناہ توبہ و کفارہ کے بعد معاف ہوں کبیرہ کہلاتے ہیں اور جو گناہ مختلف نیک اعمال اور صدقہ و خیرات کرنے کی وجہ سے خود بخود معاف ہوتے رہتے ہیں، صغیرہ کہلاتے ہیں۔

185- ''صحیفہ'' کس قسم کی کتاب کو کہتے ہیں؟

ج: چھوٹی کتاب، کتابچہ، رسالہ، چند ورقہ، انبیاء پر نازل ہونے والی چھوٹی چھوٹی کتابیں صحیفہ کہلاتی ہیں، جمع ہے صحف۔ ان میں زندگی کے کسی ایک معاملہ پر تعلیمات و احکام درج ہوتے تھے۔

186- قرآن (سورۃ النساء) میں ہے۔ ''انہوں نے (اسے) عیسیٰ کو نہ قتل کیا نہ سولی چڑھایا'' کس قوم کے کس عقیدہ کا رد ہے؟

ج: عیسائیوں کے مصلوبیت عیسیٰؑ کے عقیدہ کا رد۔

187- حضرت عائشہ صدیقہؓ کا حجرہ جس میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی کہاں ہے؟

ج: مدینہ میں مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے عقب میں 26 فٹ کے فاصلے پر رقبہ 55 مربع فٹ ہے۔

188- ہم اکثر ایک دوسرے پر لعنت کرتے ہیں، بتائیے لعنت کا معنی و مفہوم کیا ہے؟

ج: لعنت کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ کا کسی بندے کو اپنی رحمت سے دُور کرنا اور اس کی بداعمالی کی فوراً سزا دے دینا۔

189- قرآن مجید کی سورۃ عبس کی ابتدائی آیات میں کس صحابی کا واقعہ ذکر ہوا ہے؟

Marfat.com

ج: حضرت عبداللہ ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ

190- بتایئے ماسوا اللہ یا غیر اللہ سے کیا مراد ہوتی ہے؟

ج: ماسوا اللہ یا غیر اللہ سے تین قسم کی چیزیں مراد ہیں۔

(الف) بت، مورتیاں، دیویاں۔

(ب) قوم اور دین کے بڑے جن کی خدا کی طرح اطاعت کی جائے۔

(ج) خواہشات نفس۔

191- ہجرت نبویؐ کے وقت مدینہ کے دو مشرک قبائل اوس اور خزرج کے سردار کون تھے؟

ج: اوس: سعد بن معاذ خزرج: سعد بن عبادہ۔

192- بتایئے حبیب اللہ اور حبیب رسول اللہ کون حضرات کہلاتے ہیں؟

ج: حبیب اللہ: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب۔

حبیب رسول اللہ: حضرت زیدؓ بن حارث۔

193- ابو جہل کا اصل نام عمر بن ہشام تھا اور کنیت ابو الحکم اسے سب سے پہلے کس نے ابو جہل کہا کہ لوگ اس کا نام اور کنیت بھی بھول گئے؟

ج: حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔

194- واقعہ بئر معونہ کب اور کس کے درمیان پیش آیا ہے؟

ج: 30 صفر 4 ہجری کو بنو عامر کے سردار ابو براء عامر بن مالک نے مسلمانوں سے بدعہدی کرتے ہوئے ستر مسلمان مبلغین کو قتل کر دیا۔ صرف ایک صحابی حضرت کعبؓ بن زید زندہ بچے اور مدینہ پہنچنے میں کامیاب ہو سکے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک ماہ تک بنو عامر کے لئے بددعا کرتے رہے اور نمازوں میں ''قنوت نازلہ'' پڑھتے رہے۔

195- ''غیبت'' کے جواز کی کوئی دو شکلیں بیان کریں۔

ج: (1) مظلوم کی ظالم کے خلاف فریاد یا استغاثہ کی شکل میں غیبت۔

(2) لوگوں کو فریب کار کے فریب سے بچانے کیلئے اس کے افعال سے آگاہ کرنا۔

(3) سربراہ یا حاکم کا لوگوں کے احوال سے مطلع ہونے اور خرابیوں کی اصلاح

Marfat.com

کرنے کے لئے سلسلۂ جاسوسی وغیبت جاری کرنا۔

196- مشرک عرب اپنے جانور بتوں کے نام وقف کرکے چھوڑ دیتے تھے، ان میں سے "بحیرہ" کس قسم کے جانور کو کہا جاتا ہے؟

ج: چرے ہوئے کانوں والی اُونٹنی یا بھیڑ یا بکری کو بحیرہ کہتے ہیں۔

197- کیا آپ کو معلوم ہے کہ سفر معراج میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ساتوں آسمانوں پر کن کن انبیاء سے ملاقات ہوئی؟

ج: پہلا آسمان: حضرت آدمؑ دوسرا آسمان: حضرت یحیٰیؑ وحضرت عیسیٰؑ

تیسرا آسمان: حضرت یوسفؑ چوتھا آسمان: حضرت ادریسؑ

پانچواں آسمان: حضرت ہارونؑ چھٹا آسمان: حضرت موسیٰؑ

ساتواں آسمان: حضرت ابراہیمؑ

198- کیا آپ بتا سکتے ہیں موجودہ چار مروج انجیلوں میں سے سب سے پہلے اور سب سے آخر میں کون سی انجیل لکھی گئی؟

ج: سب سے پہلے انجیل مرقس، 70ء میں۔ سب سے آخر انجیل یوحنا، دوسری صدی عیسوی کے آغاز میں۔

199- زبان اور عمل کے جھوٹ کی دو دو مثالیں بیان کریں۔

ج: زبان کا جھوٹ: مذاقاً یا تفریحاً جھوٹ بولنا، تکلفاً جھوٹ بولنا، کسی خبر میں اپنی طرف سے جھوٹ ملانا، بہتان طرازی کرنا۔

عمل کا جھوٹ: کم تولنا، کم ناپنا، ملاوٹ کرنا، ذخیرہ اندوزی کرنا، غلط کو صحیح اور صحیح کو عملاً غلط کہنا، غلط کار کے ساتھ چلنا۔

200- بائبل (عہد نامہ قدیم) میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ پیش گوئی تھی۔ "اللہ جنوب سے اور وہ (حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم) جو قدوس ہے کوہ فاران سے آیا" حوالہ بتائیے؟

ج: حبقوق نبی کی کتاب باب 3 درس 3 (اس بشارت میں مکہ کو فاران کہا گیا ہے)۔

Marfat.com

201- اذان سب سے پہلے کس مسجد میں اور کس موذن نے دی؟

ج: مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں حضرت بلالؓ نے۔ (''اذان'' کا خواب حضرت عبداللہؓ اور حضرت عمرؓ نے دیکھا تھا) (اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا تھا) پھر وحی الٰہی سے اس کی تصدیق ہوگئی، اس طرح اذان شروع ہوگئی۔

202- اَنْفَاقْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ سے کیا مراد ہے؟

ج: اپنے مال، جان اور طاقت کو اللہ کی راہ میں خرچ کرنا۔ عام طور پر اس سے صدقہ، خیرات کرنا مراد لیا جاتا ہے۔

203- کوہ البرز کے دامن میں دور فاروقیؓ میں عربوں اور ایرانیوں کے درمیان لڑا جانے والا مشہور تاریخی معرکہ ''فتح الفتوح'' کہلاتا ہے، تاریخ میں یہ کس نام سے مشہور ہے؟

ج: جنگ نہاوند۔ 641ء میں لڑی گئی۔

204- ایرانیوں اور مسلمانوں کے درمیان عہد فاروقیؓ کا پہلا معرکہ کس نام سے مشہور ہے؟

ج: جنگِ نمارق۔

205- جو شخص صبح کو دیر تک سوتا ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟

ج: اس کے کان میں شیطان پیشاب کر جاتا ہے۔

206- پہلا سریہ (وہ جنگ جن میں حضور خود شامل نہ تھے مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کافروں کے مقابلے کے لئے لشکر بھیجا) اور آخری سریہ کون سا تھا؟

ج: <u>پہلا سریہ:</u> سریہ سیف البحر 1 ہجری رمضان المبارک۔

<u>آخری سریہ:</u> سریہ دومتہ الجندل رجب 9 ہجری۔

207- اللہ نے قرآن میں کس قوم کو فَضَّلْنَا عَلَى الْعٰلَمِيْنَ (ہم نے اس کو جہانوں پر فضیلت دی) کہا ہے؟

ج: بنی اسرائیل کو۔

208- کن سورتوں کا آغاز اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سے ہوا ہے۔

ج: چار۔ فاتحہ، کہف، سبا، فاطر۔

Marfat.com

209- صاحبین اور شیخین کن بزرگوں کو کہا جاتا ہے؟

ج: صاحبین: حضرت امام ابو یوسفؒ، حضرت محمد بن حسن الشیبانیؒ۔

شیخین: حضرت امام بخاریؒ، حضرت امام مسلمؒ۔

210- جس رسم الخط میں آج کل ہم قرآن مجید دیکھتے ہیں اسے خط نسخ کہا جاتا ہے۔ اولاً قرآن مجید کس رسم الخط میں لکھا گیا تھا؟

ج: لغت قریش (خط کوفی) میں 30 ہجری میں دورِ عثمانی میں لکھوایا گیا۔

211- رضی اللہ عنہ اور قدس سرہ العزیز کے معنی بتایئے۔

ج: (الف) اللہ اس سے راضی ہوا۔

(ب) اللہ اس کے بھیدوں (اسرار) کو پاکیزہ کردے۔

212- حضرت امام حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ خطبہ جمعہ کے پانچ ارکان ہیں، کم از کم دو ارکان کے بارے میں بتا دیجئے۔

ج: (۱) حمد خداوندی (۲) درود شریف

(۳) دوسروں کو تقویٰ کی تلقین کرنا (۴) تلاوت قرآن

(۵) دُعا

213- ''حدیث حقوق'' میں بیان کردہ ایک مومن پر دوسرے مومن کے حقوق لکھئے؟

ج: مریض کی عیادت کرنا، جنازہ میں شرکت کرنا، دعوت قبول کرنا، ملاقات کے وقت سلام کہنا، خیر خواہی کرنا۔

214- ''عبدة الاوثان'' کس قسم کا دین رکھنے والے کو کہا جاتا ہے؟

ج: بت پرست کو ''عبدة الاوثان'' کہا جاتا ہے۔

215- حضرت یوسف علیہ السلام اپنے وقت کے ''عزیز مصر'' بھی تھے، بتایئے یہ ''عزیز مصر'' کیا ہوتا تھا؟

ج: یہ دور یوسفی کا ایک انتظامی عہدہ تھا، فرعون جسے حاکم مقرر کرتا اصطلاحاً اسے ''عزیز

Marfat.com

مصر" کہا جاتا ہے۔

216- کس نبیؐ نے اپنے آپ کو "عواتک وفواطم" کہا تھا؟

ج: حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے (آپؐ کی عاتکہ نامی تین رضاعی مائیں تھیں)

217- تحریک اِسلام کا مکہ میں پہلا مرکز دار خدیجہؓ اور دار ارقم تھا۔ اس کے علاوہ کون سا مرکز اشاعت دین تھا؟

ج: مسجد حرام۔

218- جس رات آں سرور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کی اس دن دارالندوہ میں کفار مکہ کے اجلاس میں کون سی تین تجویزیں زیر بحث آئیں؟

ج: (الف) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک مکان (کمرے) میں بند کر دیا جائے۔
(ب) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ (بلکہ عرب) سے نکال دیا جائے۔
(ج) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مل کر قتل کر دیا جائے۔
(یہ تیسری تجویز منظور ہوئی۔ جس میں مکہ کے تمام قبائل کے ایک ایک منتخب نوجوان نے حصہ لیا تھا)۔

219- نماز میں سجدہ سہو کب لازم ہوتا ہے؟

ج: نماز میں کسی فعل کا اضافہ یا کمی یا سورۃ فاتحہ نہ پڑھ سکنا یا دُعائے قنوت نہ پڑھنا یا تشہد نہ پڑھ سکنا یا عیدین کی تکبیریں چھوڑ جانا یا سری نماز میں جہری اور جہری نماز کو سری کے طرز پر پڑھنا (یہ کل آٹھ وجوہات ہیں)

220- حضرت عیسیٰؑ اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے حوالے سے "دورِ فترت" کیا چیز ہے؟

ج: حضرت عیسیٰؑ اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے درمیانی عرصہ کو دورِ فترت کہا جاتا ہے۔

221- مذاہب عالم کے مقابلے میں اسلام کو کیا خصوصی برتری حاصل ہے؟

ج: اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ (Islam is a perfect code of life)

Marfat.com

جبکہ دوسرے مذاہب میں زندگی گزارنے کے لئے جزوی تعلیمات ہیں۔

-222 ''مالِ غنیمت'' کون سے مال کو کہتے ہیں؟

ج: مسلمانوں اور غیر مسلموں کی جنگ کے بعد فتح پاکر مسلمان مجاہدین میدان جنگ سے کافروں کا جو گرا پڑا مال اکٹھا کریں اسے مال غنیمت کہا جاتا ہے۔ اسے مجاہدین میں بانٹ دیا جاتا ہے۔

-223 ان دو احادیث کا ترجمہ لکھئے:

(۱) اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ (۲) کُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ اِخْوَانًا

ج: (الف) مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے۔

(ب) اے اللہ کے بندو! (آپس میں) بھائی بھائی بن جاؤ۔

-224 ایک آدمی نے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا۔ ''میرا دل سخت ہو گیا ہے، کیا کروں'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا علاج بتایا؟

ج: یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرا کرو اور مسکین کو کھانا کھلایا کرو۔

-225 بتائیے قلب القرآن، زینت القرآن اور جہاد (مقاتلہ) قرآن مجید کی کن سورتوں کو کہا جاتا ہے؟

ج: بالترتیب سورۃ یٰسین، سورۃ رحمٰن، سورۃ انفال۔

-226 تسبیح فاطمہ اور تسبیح نماز میں کیا فرق ہے اور کیا اشتراک ہے؟

ج: سبحان اللہ، الحمد اللہ اور اللہ اکبر کہنے میں مشترک مگر تعداد کلمات میں مختلف۔ تسبیح صلوٰۃ میں یہ کلمات دس دس بار پڑھے جاتے ہیں۔ جبکہ تسبیح فاطمہ میں 33 بار، فی کلمہ، تسبیح صلوٰۃ ہر فرض نماز کے بعد پڑھی جاتی ہے، جبکہ تسبیح فاطمہؓ رات کو صرف سوتے وقت پڑھی جاتی ہے۔

-227 ''عادل سلطان زمین پر اللہ کا سایہ ہے'' (اِمَامُ الْعَادِلُ ظِلُّ اللّٰهِ عَلَی الْاَرْضِ) کس مشہور شخصیت کا قول ہے؟

ج: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا۔

Marfat.com

228- سورۃ العصر میں فرمان ذی شان ہے کہ "انسان خسارے میں ہے سوائے ان لوگوں کے جو..............؟" مکمل کریں۔

ج: ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور حق کی وصیت کرتے رہے اور صبر کی وصیت کرتے رہے۔ (چار کام)

229- لَا صَلٰوۃَ اِلَّا بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ (سورۃ فاتحہ پڑھے بغیر نماز نہیں ہوتی) حدیث نبویؐ کا مفہوم بتایئے۔

ج: سورۃ فاتحہ نماز کا لازمی حصہ ہے، امام پڑھے یا اکیلا اگر امام یا اکیلا کوئی بھی نہ پڑھے تو نماز نہیں ہوگی۔

230- اس شعر سے کیا مفہوم نکلتا ہے:

خوشا مسجد و مدرسہ خانقاہے
کہ در وے بود قیل وقال محمدؐ

ج: تین اداروں مسجد، مدرسہ اور خانقاہ میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال و ارشادات (تعلیمات) بیان ہوتے ہیں۔

231- پہلا حصہ کلمہ طیبہ، کلمہ شہادت اور (لا الٰہ الا اللہ) کس بات کا اعلان واقرار ہے؟

ج: اللہ ایک ہے، اپنی ذات، صفات، حق عبادت اور افعال میں۔

232- اِن کتابوں کے مصنف کون ہیں:
کشف المحجوب، غنیۃ الطالبین، احیاء العلوم۔

ج: بالترتیب حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ، حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ (گیارہویں والے پیر) حضرت امام غزالیؒ (ابوحامد محمد بن محمد الغزالی)۔

233- خاتون صحابیہ جن کا نام برکہؓ تھا، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ان کے بارے میں فرمایا کرتے تھے کہ "میری اصل ماں کے بعد یہ میری ماں ہیں" کس نام سے مشہور ہیں؟

ج: برکہ۔ ام ایمنؓ۔

234- میثاق النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کس معاہدے کو کہا جاتا ہے؟

Marfat.com

ج: عالم ارواح میں اللہ نے اپنے کل پیغمبروں کی روحوں سے یہ عہد لیا تھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائیں اور آپ کی عزت و نصرت کریں وغیرہ وغیرہ۔ یہ عہد میثاق النبیین کہلاتا ہے۔ (سورۃ آل عمران:88)

235- اللہ تعالیٰ نے اپنے ساتھ ساتھ کن دو شخصیات کا شکر ادا کرنے کا حکم دیا ہے؟

ج: والدین (ماں اور باپ) (وَاشۡکُرۡ لِیۡ وَلِوَالِدَیۡکَ).

236- قرآن مجید کی پہلی سات طویل سورتوں کو طوال کہا جاتا ہے۔ مفصل کن سورتوں کو کہا جاتا ہے؟

ج: آخری 76 سورتوں کو۔

237- قرآن مجید میں ''معلم کتاب وحکمت'' کس نبی کو کہا گیا ہے؟

ج: حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو۔

238- حضرت عمرؓ کے عہد میں لڑی جانے والی سب سے پہلی جنگ ''جنگِ یرموک'' کب لڑی گئی؟

ج: 13 ہجری میں دریائے یرموک کے کنارے لڑی گئی مسلمان لشکر کے سپہ سالار حضرت خالد بن ولید اور شامی لشکر کا سپہ سالار ہرقل تھا۔ اس جنگ میں شامیوں کو شکست ہوگئی تھی۔

239- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سب سے چھوٹے (آخری) صاحبزادے کون تھے؟

ج: حضرت ابراہیم بن محمدؐ۔ ام المومنین حضرت ماریہ قبطیہؓ کے بطن سے تھے۔ ان کے نام سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی کنیت ابو ابراہیم بھی ہے۔

240- یکم ذی قعد 7 ہجری کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کس سفر پر روانہ ہوئے تھے؟

ج: عمرۃ القضا، عمرۃ الصلح کے لئے مکہ مکرمہ کی طرف روانگی۔

241- بتائیے سب سے زیادہ غزوہ جات اور سرایا کس سال میں ہوئے؟

ج: 7 ہجری (3 غزوے، 4 سرایا)۔

242- نافع وضار (نفع دینے والا اور نقصان پہنچانے والا) کس ذات کو کہا جاتا ہے؟

Marfat.com

ج: اللہ تعالیٰ کو۔

243- کون سی دو قومیں اپنے آپ کو اللہ کے بیٹے اور محبوب ہونے کا دعویٰ کرتی تھیں؟

ج: یہودی اور عیسائی۔ اللہ نے سورۃ مائدہ میں ان کے دعویٰ ابنیت (بیٹا ہونا) اور دعویٰ محبوبیت (محبوب ہونا) کو رد کیا ہے۔

244- قریش حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کس جد امجد کا نام ہے؟

ج: قصی بن کلاب کا۔

245- صاحب ہجرت، صاحب شریعت، صاحب جہاد، صاحب کتاب اور اپنی زندگی کے اکتالیسویں سال میں نبوت ملنا۔ کن دو پیغمبروں کی مشترکہ خصوصیات ہیں۔

ج: حضرت موسیٰ اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

246- کس قسم کی وحی کو سِرٌّ بَیْنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ کہا جاتا ہے؟

ج: حروف مقطعات کی شکل میں نازل ہونے والی وحی کو۔

247- ازواجِ مطہرات میں کس زوجہ مطہرہ نے سب سے پہلے اور کس نے سب سے آخر وفات پائی؟

ج: حضرت خدیجہ بنت خویلد اور حضرت زینب بنت خزیمہؓ تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات ارضی میں ہی وفات پا گئی تھیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد سب سے پہلے ام المومنین حضرت سودہؓ اور ام المومنین حضرت زینبؓ بنت جحش نے (20 ہجری میں) اور سب سے آخر میں حضرت ام سلمیٰؓ (59 ہجری میں) نے وفات پائی۔

248- میدانِ کربلا کے پہلے اور آخری شہید کون تھے؟

ج: پہلے شہید: حضرت مسلم بن عوسجہ

آخری شہید: حضرت امام حسینؓ

249- ام المومنین (مومنوں کی ماں) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواجِ مطہرات کو کہا جاتا ہے۔ پہلے پہل یہ خطاب کسے ملا؟

ج: حضرت زینب بنت جحش 5 ہجری میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نکاح کے وقت

Marfat.com

لقب ان کو دیا گیا۔ پھر تمام ازواجِ مطہرات کو امہات المومنین کہا جانے لگا۔

250- اَللّٰھُمَّ بَلِ الرَّفِیْقُ الْاَعْلٰی...... اَللّٰھُمَّ فِی الرَّفِیْقُ الْاَعْلٰی

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تاریخی الفاظ کب کہے؟

ج: اپنے وصال مبارک کے وقت۔ (روح پرواز کرنے کے وقت)۔

251- قرآن نے صفا اور مروہ دو پہاڑیوں کو اللہ کے نشان قرار دیا ہے، اصطلاحاً انہیں کیا کہا جاتا ہے؟

ج: شعائراللہ۔

252- حضرت آدمؑ کے بعد کون حضرت نبی اللہ مبعوث ہوئے تھے؟

ج: حضرت ادریسؑ اصل نام اخنوح ہے۔

253- اذان دینے والے کو مؤذن اور اقامت پڑھنے والے کو مکبر کہا جاتا ہے، بتایئے ان کا جواب دینے والا کیا کہلاتا ہے؟

ج: مجیب (جواب دینے والا)۔

254- صور اسرافیل دو دفعہ پھونکا جائے گا۔ بتایئے کس کس مقصد کے لئے؟

ج: پہلی دفعہ تمام زندہ مخلوقات کو موت دینے کے لئے (مَوْتُ الْعَالَمْ) اور دوسری دفعہ تمام مخلوقات کو زندہ کر کے اٹھانے کے لئے (حَشْرُ الْعَالَمْ)۔

255- حدیث شریف مکمل کریں۔ ''لوگو! تم میں سے کوئی بائیں ہاتھ سے ہرگز کھانا نہ کھائے اور نہ بائیں ہاتھ سے پانی پیئے، کیونکہ..................؟

ج: ''شیطان بائیں ہاتھ سے کھانا کھاتا اور بائیں ہاتھ سے پانی پیتا ہے''۔

256- کچھ کام ایسے ہیں جو اول اول حضرت ابراہیمؑ نے شروع کئے تھے، انہیں اولیات ابراہیم کہا جاتا ہے، ان میں سے دو کام لکھئے۔

ج: (الف) حج کی ابتداء کی۔ (ب) مہمان نوازی کا آغاز کیا
(ج) منبر پر خطبہ دینے کا آغاز کیا (د) ختنہ کرنے کا آغاز کیا۔

257- نماز کھڑی ہونے سے پہلے اقامت کہنا فرض ہے یا سنت؟

Marfat.com

ج: متفقہ رائے کے مطابق یہ سنت ہے۔

258- کھانا کھانے کے آغاز کا ادب تو یہ ہے کہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط پڑھ کر اپنے سامنے سے کھانا شروع کیا جائے۔ چھوٹے چھوٹے لقمے لئے جائیں۔ کھا چکنے کا ادب کیا ہے؟

ج: (الف) کھا چکنے کے بعد اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ پڑھے یا کسی دوسری دُعا کے ذریعے اللہ کا شکر ادا کرے۔ رزق کے بکھرے ذرے اکٹھے کرے۔ بچا ہوا کھانا بھوکوں کو کھلائے، خواہ وہ واقف ہوں یا ناواقف۔

(ب) برتن صاف کرے (ج) کلی کرے (د) ہاتھ دھوئے

259- ایک دفعہ قریش مکہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ "اپنے رب کا نسب بیان کیجئے" تو ایک سورۃ نازل ہوئی، بتائیے کون سی؟

ج: سورۃ الاخلاص۔

260- جنت سے آیا تھا۔ اس وقت یہ دودھ سے زیادہ سفید تھا، لیکن بنی آدم کے گناہوں نے اسے سیاہ کر دیا۔ "کس کے بارے میں حدیث شریف میں ذکر آیا ہے؟"۔

ج: حجر اسود۔

261- ........... حدیث کی اس کتاب کو کہتے ہیں، جس میں حدیثیں اسمائے صحابہ کی ترتیب سے جمع کی گئی ہوں۔ خالی جگہ کے لئے دیئے گئے الفاظ میں سے درست ترین کو ٹک کریں۔

(الف) مسند (ب) سنن (ج) جامع (د) صحیح

ج: (الف) مسند

262- بتایئے لا الہ الا اللہ کے تمام حروف اور الفاظ کس لفظ سے مشتق (نکلے) ہیں۔

ج: لفظ اللہ سے یا الٰہ سے۔

263- اکثر ہم "اللھم" پڑھتے ہیں۔ جو کہ ایک ندائیہ کلمہ ہے جو مالک حقیقی کو پکارنے کے لئے استعمال ہوتا ہے، اس لفظ کا معنی کیا ہے؟

Marfat.com

ج: اے اللہ۔ یَااَللّٰهُ اس کا مترادف ہوتا ہے۔

264- حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھانے سے پہلے "سَوُّوْا صُفُوْفَكُمْ کہا کرتے تھے۔ اس کا کیا مطلب ہے؟

ج: اپنی صفیں سیدھی کرلو۔

265- اذان کے سات کلمات میں سے کتنے کلمے چار چار بار دہرائے جاتے ہیں؟

ج: کلمہ اللہ اکبر دو دفعہ (ہر دفعہ دو بار) کرکے چار بار دہرایا جاتا ہے۔

266- اذان فجر میں اضافی کلمات اَلصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ (نماز نیند سے بہتر ہے) سن کر دوسرے آدمی کو کیا کہنا چاہیے؟

ج: صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ (تو نے سچ کہا اور تو نے ٹھیک کہا)۔

267- کس اذان کے بعد نماز نہیں ہوتی؟

ج: بچے کے کان میں کہی گئی، اذان اور آفت اور خطرے کے وقت دی گئی اذان کے بعد نماز نہیں ہوتی۔

268- بتائیے موذن کو اذان دینے کا اجر کتنی نمازوں کے برابر ملتا ہے؟

ج: پچپن (55) نمازوں کے برابر۔

269- ایک حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے استفسار کیا گیا کہ "آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسے امیر بنایا جائے" تو آپؐ نے کیا جواب دیا؟

ج: "ابوبکر کو امیر بناؤ گے تو اسے امین پاؤ گے"۔

270- مسلمانوں میں کون سا دن عید کا دن کہلاتا ہے؟

ج: جمعہ کا دن۔

271- "محبوب رسول اللہ" حضرت اسامہؓ بن زید کا لقب ہے، بتائیے "محبوبِ الٰہی" کس صحابی کا لقب ہے؟

ج: یہ کسی صحابی کا نہیں بلکہ (ہندوستان) کے مشہور صوفی بزرگ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کا لقب ہے۔

Marfat.com

272- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے غلاموں کی تعداد نصف درجن سے زیادہ ہے جنہیں آپؐ نے آزاد کر دیا تھا، بتایئے ان میں سے ''ابن محمدؐ'' کسے کہا جاتا تھا؟

ج: حضرت زیدؓ بن حارث کو۔

273- رمی جمرات میں کنکریاں مارتے وقت حاجی کو ہر کنکری پھینکتے وقت کیا پڑھنے کا حکم ہے؟

ج: ہر کنکری پھینکتے وقت (اَللّٰهُ اَكْبَرُ) پڑھتا ہے۔

274- بتایئے اگر کوئی شخص کعبہ شریف کی چھت پر نماز پڑھنا چاہے تو نماز ہوگی یا نہیں؟

ج: جی نہیں۔ کیونکہ کعبہ کی دیواروں کا اندرونی حصہ اور چھت سے اُوپر آسمان تک سب قبلہ ہے، جس کی طرف منہ کرنے کا حکم ہے۔

275- اُونٹوں کی کم از کم زکوٰۃ کیا ہے؟

ج: 5 سے کم اُونٹوں پر کوئی زکوٰۃ نہیں، 5 تا 9 اُونٹ تک ایک بکری ہے، جو بطور زکوٰۃ وصول کی جائے گی۔

276- کن جانوروں کی زکوٰۃ کے بارے میں آں سرور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا تو آپؐ نے فرمایا: ''ان دونوں کی بابت مجھ پر کوئی حکم نازل نہیں ہوا؟''۔

ج: خچروں اور گدھوں کے بارے میں

277- ابوجہل کو غزوہ بدر میں قتل تو دو انصاری بچوں معاذ اور معوذ نے کیا تھا۔ بتایئے اس کا سر کس نے کاٹا تھا؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن مسعود صحابی نے۔

278- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات ظاہری میں چار انصاری صحابہؓ نے قرآن مجید حفظ کر لیا تھا۔ نام بتایئے؟

ج: ابیؓ بن کعب، معاذؓ بن جبل، زیدؓ بن ثابت اور ابو زیدؓ۔

279- جس زمانے میں حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں پیدا ہوئے قریش کے کتنے افراد لکھنا پڑھنا جانتے تھے؟

ج: سترہ۔

Marfat.com

280- دِل کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟

ج: (1) صاف دل، روشن چراغ کی طرح چمکدار

(2) غلاف آلود دل (3) اُلٹا دِل

(4) مخلوط دِل (بحوالہ تفسیر ابن کثیر)

281- کیا آپ گائے بیل جانوروں میں زکوٰۃ کا نصاب جانتے ہیں کہ کیا ہے؟

ج: جی ہاں! 29 گائے بیلوں تک کوئی زکوٰۃ نہیں، تعداد 30 ہو تو ایک سال کی عمر کا بچھڑا یا بچھڑی جو دوسرے سال میں لگ گیا ہو زکوٰۃ میں دیا جائے گا۔

282- علامہ اقبالؒ کے اس شعر میں کس عمارت کی طرف اشارہ ہے؟

دُنیا کے بت کدوں میں پہلا وہ گھر خدا کا

ہم اس کے پاسباں ہیں یہ پاسباں ہمارا

ج: بیت اللہ شریف۔

283- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشادِ نورانی کا ترجمہ کیجئے۔ بُعِثْتُ بِکَسْرِ الْمَزَامِیْرُ۔

ج: ''مجھے مزامیر (موسیقی کے ساز) توڑنے کے لئے بھیجا گیا ہے''۔

284- بتائیے ''صدقہ الغنم'' یعنی بکریوں میں زکوٰۃ کا نصاب کیا ہے؟

ج: چالیس بکریوں سے کم میں کوئی زکوٰۃ نہیں، چالیس سے ایک سو بیس بکریوں تک تعداد میں ایک بکری کی زکوٰۃ ہے۔

285- ''امیر المومنین'' کا خطاب حضرت عمر فاروقؓ سے خلفائے راشدین کے لئے شروع کیا گیا۔ ''امیر المسلمین'' کا خطاب کن حکمرانوں نے شروع کیا؟

ج: یہ لقب سب سے پہلے مابطی حکمرانوں نے شروع کیا۔

286- تالمود (Talmud) یہودیوں کی ایک مذہبی کتاب ہے، اس میں کس قسم کی گفتگو ہے؟

ج: اس میں یہودیوں کے غیر یہودی اقوام سے تعلقات پر احکام ہیں (احکام تعلقاتِ خارجہ)۔

287- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''وہ شخص بالآخر جنت میں جائے گا جس کے دل میں

Marfat.com

رائی برابر ایمان بھی ہوا"۔ بتایئے آپؐ کے ارشاد کے مطابق "وہ کیا چیز ہے جو اگر رائی کے دانے کے برابر بھی جس کے دل میں ہو وہ جنت میں نہ جائے گا"۔

ج: غرور تکبر۔

288- حدیث شریف میں آیا ہے کہ عوامل، حوامل اور علوفہ جانوروں میں کوئی زکوٰۃ نہیں۔ بتایئے یہ عوامل، حوامل اور علوفہ کون سے جانور ہیں؟

ج: عوامل، حوامل، جو مالک کے گھر کے کام میں لگے رہتے ہوں اور علوفہ جنہیں گھاس دانہ دیا جاتا ہو۔ یعنی چراگاہوں یا کھیتوں میں نہ چرتے ہوں۔

289- موحد کا معنی ہے ایک خدا کو ماننے والا بتایئے کیا ہم ایک موحد کو مسلمان سمجھ سکتے ہیں؟

ج: جی نہیں: اسلام کی بنیادی شرائط میں ایمان بالرسالت بھی شامل ہے اور دوسرے عقائد بھی۔ جب تک دوسرے عقائد کا اقرار واعلان نہ کرے محض اللہ پر ایمان لاکر مسلمان نہیں ہوسکتا۔

290- مسلمانوں کی عبادت گاہ مسجد (Masjid or Mosque) ہے، ہندوؤں کی مندر (Temple) اور سکھوں کی گوردوارہ (Gurudawara) بتایئے، عیسائیوں اور یہودیوں کی عبادت گاہ کو کیا کہتے ہیں؟

ج: بالترتیب، چرچ (Church) اور کنیسا (Synagogue)۔

291- اسلام اور سلام میں کیا فرق ہے؟

ج: اسلام: مسلمانوں کے دین کا نام ہے۔

سلام: سلام کا مطلب ہے السلام علیکم، وعلیکم السلام کہنا وغیرہ۔

292- ہاتھ، پاؤں کی پانچوں انگلیوں میں سے انگشت شہادت کسے کہتے ہیں؟

ج: انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی کو۔

293- ذُو النُّورین حضرت عثمان غنیؓ کا لقب ہے اس کا معنی کیا ہے؟

ج: ذوالنورین کا مطلب ہے دونوروں والا۔ حضرت عثمان غنیؓ کی زوجیت میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دو بیٹیاں (حضرت رقیہؓ اور حضرت ام کلثومؓ) آئیں اس وجہ سے

Marfat.com

آپ کو ذوالنورین کہا جاتا ہے۔

294- بتایئے خانہ کعبہ کے اندر کس سمت کو نماز پڑھنی چاہئے؟

ج: کسی بھی سمت کو نماز پڑھی جا سکتی ہے۔

295- بتایئے قیامت کے قریب حضرت امام مہدیؓ پہلے آئیں گے یا حضرت عیسیٰؑ پہلے آئیں گے؟

ج: حضرت امام مہدیؓ پہلے آئیں گے۔

296- حدیث شریف مکمل کریں۔ "دُنیا ملعون ہے اور جو کچھ اس میں ہے وہ بھی ملعون ہے، مگر.........."۔

ج: "اللہ تعالیٰ کا ذکر اور اس کی اطاعت اور عالم اور متعلم" (ملعون نہیں ہیں)۔

297- ترجمہ کیجئے: اِقْرَؤُا الْقُرْآنَ فَاِنَّہٗ یَاتِیْ الْقِیٰمَۃِ شَفِیْعًا۔

(حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم)

ج: قرآن مجید کی تلاوت کیا کرو، کیونکہ یہ قیامت کے دن شفاعت کرنے والا بن کر آئیگا۔

298- حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین سے محبت کرنے کی تلقین کی ہے۔ اللہ سے محبت کرو۔ اللہ کی محبت جیتنے کی خاطر مجھ سے محبت کرو۔ تیسری چیز بتایئے؟

ج: "میری محبت کی خاطر میرے اہل بیت سے محبت کیا کرو"۔

299- "ہر دین کی ایک امتیازی علامت (نشانی) ہوتی ہے، اسلام کی امتیازی علامت .......... ہے"۔ حدیث نبویؐ درج ذیل الفاظ میں سے درست لفظ لگا کر مکمل کریں؟"

(الف) توحید (ب) دیانت داری (ج) سخاوت (د) حیا

ج: (د) حیاء

300- حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے کن تین وجوہات کی بنا پر عربی سے محبت کرنے کا حکم دیا ہے؟

ج: میں عربی ہوں۔ قرآن کی زبان عربی ہے اور اہل جنت کی زبان عربی ہوگی۔

Marfat.com

301- جی سنگھ دارا (ایک غیر مسلم) اور کے ایل گابا (کنہیا لال گابا۔ خالد لطیف گابا) (ایک نو مسلم) نے کن عنوانات سے سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر کتب لکھی ہیں؟

ج: کے ایل گابا: پیغمبر صحرا (ﷺ) مطبوعہ مکتبہ شاہکار کلفٹن کالونی وحدت روڈ، لاہور

جی سنگھ دارا: رسول عربی (ﷺ) مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ، لوئر مال، لاہور

302- کیا آپ کو سید سلیمان ندوی کی سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم (جلد سوم تا ہفتم) کے علاوہ لکھی جانے والی سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر کسی کتاب کا نام یاد ہے؟

ج: رحمت عالم، خطبات مدراس۔

303- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بعثت کا مقصد یہ بیان کیا ہے۔ اِنِّیْ لَمْ اُبْعَثْ لَعَّانًا وَاِنَّمَا بُعِثْتُ رَحْمَةً" بھلا اس کا کیا ترجمہ ہے؟

ج: مجھے لعنت کرنے والا بنا کر نہیں بھیجا گیا بلکہ رحمت (کرنے والا) بنا کر بھیجا گیا ہے۔

304- حضرت عمر فاروقؓ نے کس سورۃ کی آیات پڑھ کر اسلام قبول کرنے کی خواہش ظاہر کی؟

ج: سورۃ طٰہٰ کی آیات۔

305- نماز عیدین سے پہلے اذان نہیں کہی جاتی کم از کم ایک اور نماز کا نام بتایئے جس سے پہلے اذان نہیں کہی جاتی؟

ج: نماز استسقاء اور نمازِ جنازہ۔

306- کیا آپ کو معلوم ہے کہ واقعہ کربلا کب پیش آیا؟

ج: 10 اکتوبر 680ء، 10 محرم الحرام 61 ہجری بمقام کربلا (کوفہ) عراق۔

307- "نارِ نمرود" سن کر آپ کے ذہن میں کس نبی علیہ السلام کا نام آتا ہے؟

ج: حضرت ابراہیمؑ۔ آپ کو نمرود نامی بادشاہ نے آگ کے الاؤ میں پھینکوا دیا تھا، مگر اللہ نے آپ کو بچالیا۔

308- کیا آپ کو معلوم ہے کہ حضرت علیؓ، حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ کہاں دفن ہیں؟

ج: حضرت علیؓ: نجف اشرف (عراق)، حضرت امامِ حسنؓ: جنت البقیع (مدینہ منورہ)

حضرت امامِ حسینؓ: کربلا معلّٰی (عراق)

Marfat.com

309- انصار میں سب سے پہلے کس شخص نے اِسلام قبول کیا تھا؟

ج: ابورافع بن مالک۔

310- بتایئے ہر روز کی کل پانچ نمازوں کے فرائض کی کل تعداد کتنی ہوتی ہے؟

ج: سترہ:

فجر: دو رکعت ظہر: چار رکعت

عصر: چار رکعت مغرب: تین رکعت عشاء: چار رکعت

311- اِسلامی (قمری) سال کے مہینوں کے نام بتایئے۔

ج: (1) محرم الحرام (2) صفرالمظفر (3) ربیع الاول

(4) ربیع الثانی (5) جمادی الاول (6) جمادی الثانی

(7) رجب المرجب (8) شعبان (9) رمضان

(10) شوال المکرم (11) ذی قعد (12) ذوالحج

312- ہجرت کے بعد مدینہ میں مہاجر مسلمانوں کے ہاں سب سے پہلا بچہ کون سا پیدا ہوا؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن زبیرؓ۔

313- 10 نبوی کو "عام الحزن" اور 9 ہجری کو "عام الوفود" کیوں کہا جاتا ہے؟

ج: عام الحزن: اس لئے کہ اس سال حضور کے شفیق چچا حضرت ابو طالبؓ اور رفیقہ و زوجہ حضرت خدیجہؓ وفات پا گئے تھے۔

عام الوفود: اس لئے کہ اس سال حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملنے، تعلیمات و احکامات سمجھنے اور اطاعت و بیعت کرنے عرب کے سینکڑوں قبائل آئے تھے۔

314- کس سریہ میں حضرت خالد بن ولید نے دشمن کا مقابلہ کرتے ہوئے نو تلواریں توڑیں۔

ج: سریہ موتہ میں (اس پر آپ کو سیف اللہ (اللہ کی تلوار) کا لقب ملا تھا)۔

315- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی حیاتِ طیبہ میں ایک دفعہ نماز غائبانہ جنازہ پڑھائی؟ (9 ہجری میں) بتایئے کس کی؟

ج: نجاشی، شاہ حبشہ کے مرنے پر، جو 6 ہجری میں مسلمان ہوگیا تھا۔

Marfat.com

316- یہ کن راتوں کے نام ہیں۔

لَیْلَۃُ الْکَفِیْرِ لَیْلَۃُ الشَّفَاعَۃ لَیْلَۃُ الْمَغْفِرَت

ج: یہ ایک ہی رات شب برات کے نام ہیں۔

317- نماز تراویح کا موجودہ شکل میں باقاعدہ آغاز (20 تراویح روزانہ) کب ہوا؟

ج: رمضان المبارک 13 ہجری دورِ فاروقیؓ میں ہوا۔

318- کئی نبیوں اور رسولوں کے جانور بھی مشہور ہیں، کم از کم دو کے نام بتائیے؟

ج: ناقۃ صالحؑ: جسے ناقۃ اللہ بھی کہا جاتا ہے۔

خرِ عیسیٰؑ: جس پر سوار ہو کر حضرت عیسیٰؑ تبلیغ کرنے جایا کرتے تھے۔

319- مصطفیٰ، مرتضیٰ اور مجتبیٰ کن مسلم شخصیات کے القاب ہیں؟

ج: مصطفیٰ: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب ہے۔

مرتضیٰ: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب ہے۔

مجتبیٰ: حضرت امام حسنؓ کا لقب ہے۔

320- عربی میں ہفتے کے سات دنوں کے نام بتائیے؟

ج: یوم الجمعہ (جمعہ)، یوم السبت (ہفتہ) یوم الاحد (اتوار)، یوم الاثنین (سوموار)، یوم الثلاثہ (منگل)، یوم الاربعا (بدھ)، یوم الخمیس (جمعرات)۔

321- بتائیے قرآن کریم میں انسانی نفس کی کتنی قسمیں بتائی گئی ہیں؟

ج: تین: (۱) نفس امارہ (۲) نفس لوامہ (۳) نفس مطمئنہ

322- حدیث شریف کے جزو کا ترجمہ لکھئے۔ اَلْاِثْمُ مَاحَاکَ فِیْ نَفْسِکَ.

ج: ''گناہ وہ ہے جو تمہارے دل میں کھٹکے''۔ (یعنی تمہیں بے چین کردے)

323- بتائیے قرآن نے اہل کتاب کو کن مشترک باتوں (کلمہ) پر اکٹھے ہونے کی دعوت دی ہے؟

ج: تین باتوں پر:

(۱) اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں۔

Marfat.com

(۲) کسی کو اللہ کا شریک نہ ٹھہرائیں۔

(۳) اللہ کے علاوہ کسی کو رب نہ مانیں۔(بحوالہ سورۃ آل عمران:64)

324- حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے وصال سے چند لمحے پیشتر کتنے درہم خیرات کیے تھے؟

ج: 3 درہم۔

325- حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کی کسی دو کتابوں کے نام بتایئے؟

ج: حجتہ اللّٰہ البالغہ، البدور الباغہ، ازالتہ الخفاعن خلافتہ الخلفاء، الفوز الکبیر فی اصول التفسیر.

326- مسجد میں داخلہ اور خارجہ کے شرعی آداب کیا ہیں؟

ج: داخل ہو تو دایاں پاؤں پہلے اندر رکھے، بایاں پاؤں بعد میں اور مسجد میں داخل ہونے کی دُعا پڑھے۔ باہر نکلے تو بایاں پاؤں پہلے باہر نکالے اور دایاں بعد میں اور مسجد سے باہر آنے کی دُعا پڑھے۔

327- ہم اکثر سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں سنتے رہتے ہیں ''سیرت'' کسے کہتے ہیں؟

ج: عرف عام میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی، آپؐ کے کردار اور آپؐ کے طور طریقوں کو سیرت کہا جاتا ہے۔

328- کیا آپ عہد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی کم از کم تین خصوصیات بتا سکتے ہیں؟

ج: تقویٰ، خدمت، انفاق فی سبیل اللہ۔

329- حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں مسجد میں جماعت کیسے ہوتی تھی؟

ج: امام کے پیچھے بالغ مرد پھر بچے اور ہیجڑے اور آخر میں عورتوں کی صف ہوتی تھی۔ عورتیں سلام پھیرتے ہی مسجد سے اُٹھ جایا کرتی تھیں۔ باقی ذکر اذکار کر کے یا دُعا مانگ کے مسجد سے نکلا کرتے تھے۔

330- کیا آپ کو جمعہ کی نماز کی شرائط معلوم ہیں؟

Marfat.com

ج: جی ہاں:

(الف) بڑا شہر یا قصبہ (ب) حاکم یا اس کا نائب امامت کرے

(ج) ظہر کا وقت ہو (د) وقفے کے ساتھ خطبہ پڑھا جائے

(ہ) جماعت ہو

331- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد بامراد کا کیا مطلب ہے۔ فَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ.

ج: تم میں سے ہر حاضر میری بات کو اس تک پہنچا دے جو یہاں حاضر نہیں ہے۔

332- بتایئے توحید فی العبادت سے کیا مراد ہے؟

ج: عبادت صرف اور صرف اللہ کی کی جائے اور کسی دوسرے کو اللہ کے حق عبادت میں شریک نہ کیا جائے۔

333- بتایئے یہودی مذہب کی بنیاد کن دو عقیدوں پر ہے؟

ج: اول: - خدا کی وحدانیت۔

دوم: بنی اسرائیل کے ساتھ خدا کا مخصوص تعلق۔

334- یہودی اور مسلمان حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو "راعنا" (ہماری رعایت فرمایئے) کہہ کر مخاطب کرتے تھے، اس سے توجہ کرنے کی درخواست کے ساتھ ساتھ بے ادبی کا پہلو بھی نکلتا تھا۔ اللہ نے اس لفظ کو کس لفظ سے بدل دیا؟

ج: اُنْظُرْنَا (ہماری طرف نظر فرمایئے)۔

335- قرآن کی آیت کا ترجمہ لکھیں۔ اَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا.

ج: اللہ نے بیع (تجارت) کو حلال کیا ہے اور سود (ربوا) کو حرام کیا ہے۔

336- کیا کوئی ایسی اذان ہے جس کے سننے کے بعد کاروبار کرنا منع کیا گیا ہے۔

ج: جی ہاں: جمعہ کی اذان کے بعد کاروبار کرنے کی ممانعت آئی ہے۔

337- بتایئے "ایام تشریق" کن ایام کو کہتے ہیں؟

ج: 9 ذوالحج تا 13 ذوالحج۔ ان دنوں میں تکبیریں پڑھی جاتی ہیں۔ ان ایام میں اس وجہ سے ان ایام کو ایام تشریق کہتے ہیں۔ جو لوگ حج پر نہ جائیں، وہ ہر فرض نماز کے

Marfat.com

سلام پھیرتے ہی کم از کم تین بار تکبیریں پڑھتے ہیں۔

338- آپ نے اکثر شَیْطٰنُ الرَّجِیْمِ پڑھا اور سنا ہوگا۔ یہ رَجِیْمٌ کیا ہوتا ہے؟

ج: معنی ہے جو سنگسار کیا جائے۔ یعنی اللہ اسے آگ کے پتھر (گولے) مارے۔

339- مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں ایک مقام "ریاض الجنۃ" کہلاتا ہے ذرا نشاندہی تو کردیں۔

ج: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک اور منبر کے درمیان کی جگہ۔ آپؐ کا ارشاد نورانی ہے۔ (مَابَیْنَ مِنْبَرِیْ وَقَبْرِیْ رَوْضَۃٌ مِّنَ الرِّیَاضِ الْجَنَّۃِ)۔

340- بتایئے بئرِ زمزم اور آبِ زمزم کیا چیز ہے؟

ج: مسجد حرام کے اندر حجر اسود کے سامنے مطاف کے کنارے ایک کنواں "زمزم" کہلاتا ہے، اس کنویں کا پانی آبِ زمزم کہلاتا ہے۔ عربی میں بئر کا نام کنواں ہوتا ہے۔ دونوں ترکیبوں کا ایک ہی مطلب ہے۔

341- بتایئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواجِ مطہرات میں سے واحد کنواری خاتون کون تھیں؟

ج: اُم المومنین حضرت سیدہ عائشہ صدیقہؓ۔

342- عربی میں مہینہ اور ہفتہ اور سال کے لئے کیا الفاظ مروج ہیں؟

ج: (۱) مہینہ: شَھْرٌ جمع شُھُوْرٌ (۲) ہفتہ: اَسْبَعُ جمع اُسْبُوْعٌ

(۳) سال: سَنَۃٌ جمع سَنَوَاتٌ سِنِیْنٌ۔ عَامٌ

343- کلمہ طیبہ پڑھتے وقت کن چھ آداب کا خیال رکھنا ضروری ہے؟

ج: (الف) زبان سے اُونچی آواز سے پڑھے۔

(ب) ادائیگی درست الفاظ سے کرے۔

(ج) معنوں پر غور کرے۔

(د) اس پر دل سے یقین کرے۔

(ہ) مرتے دم تک پڑھتا رہے۔

(و) مرتے دم تک اس پر ایمان رکھے۔

Marfat.com

344- جبریہ اور قدریہ کن لوگوں کو کہا جاتا ہے؟

ج: جبریہ: جو یہ عقیدہ رکھیں کہ انسان تقدیر کے لکھے کے آگے مجبور ہے، وہی کچھ کرے گا جو تقدیر میں لکھ دیا گیا ہے۔ جبریہ کہلاتے ہیں۔

قدریہ: جو سمجھیں کہ تقدیر کے ساتھ ساتھ انسان اپنے ارادوں اور اعمال میں آزاد بھی ہے۔ قدریہ کہلاتے ہیں۔

345- حدیث کا مجموعہ صحیح بخاری کی کوئی سی دو شروح کے نام بتائیں؟

ج: (1) فتح الباری شرح صحیح بخاری (عربی) از علامہ ابن حجر عسقلانیؒ

(2) عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری (عربی) از علامہ بدر الدین عینیؒ

(3) نعمۃ الباری شرح صحیح بخاری (اُردو) از علامہ غلام رسول سعیدی

346- منہ بولی ماں اور رضاعی ماں میں سے کون اصلی ماں کی طرح ہوتی ہے؟

ج: اخلاقاً تو دونوں کی عزت و خدمت اُصل ماں کی طرح کرنی چاہئے۔ مگر رضاعی ماں کا درجہ منہ بولی ماں سے زیادہ ہے اور اسلام میں اس کے حقوق و حرمت کا ذکر بھی کیا ہے۔

347- کیا آپ کو معلوم ہے کہ صلح حدیبیہ کی کفار کی مسلط کردہ شقوں میں سے سب سے پہلے کون سی شق منسوخ ہوئی؟

ج: کفار مکہ کی ایک شق یہ تھی کہ جو مسلمان مکہ سے فرار ہو کر مدینہ آجائے اسے واپس کر دیا جائے گا اور جو مسلمان مدینہ سے مکہ آجائے اسے واپس نہیں کیا جائے گا۔ مکہ کے کافروں نے اس شق کو خود ہی منسوخ کرنے کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مطالبہ کیا۔ جسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبول فرمالیا اور یہ شق ختم ہو گئی۔

348- کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بوقت وصال کن پر لعنت کی اور کیوں؟

ج: یہودیوں اور عیسائیوں پر کہ انہوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو مسجدیں بنالیا تھا۔

(لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى اِتَّخَذُوْا قُبُوْرَ اَنْبِيَاءِ هِمْ مَسَاجِدًا).

Marfat.com

349- سورۃ الکہف میں آیت۔19 کا لفظ "وَلْيَتَلَطَّفْ" کی اہمیت بیان کریں؟

ج: اس لفظ کی تا پر باعتبار عدد الحروف قرآن مجید کا پہلا نصف ختم ہوتا ہے اور لام سے دوسرا نصف شروع ہوتا ہے۔

350- وہ کون سی دُنیاوی چیز ہے جس کی وجہ سے قرآن نے جنت اور جہنم دونوں کی بشارت دی ہے؟

ج: دولت، مال دنیا۔

وضاحت: قارون کو اس دولت کی وجہ سے عذاب جہنم کی خبر دی گئی اور مسلمانوں کو اسی دولت کی وجہ سے جنت کے اجر کا وعدہ کیا گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمانؓ کو ان کی زندگی میں انفاق مال فی سبیل اللہ کی وجہ سے تین دفعہ جنت کی بشارت دی۔

351- آں سرور صلی اللہ علیہ وسلم نے **لا تطیرونی** اور **لا تخیرونی** سے کیا حکم دیا ہے؟

ج: کہ مجھے دوسرے انبیاء کرام پر فضیلت نہ دو۔

وضاحت: یہ آپ نے بطور عجز و انکسار اور اکرام انبیاء کے اعزاز و اکرام کے سبب تعلیم دی ہے، ورنہ حق یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم درجات میں تمام پیغمبروں سے بڑھے ہوئے ہیں۔

352- حدیث قدسی میں اللہ رب العزت نے کس شخص سے دشمنی رکھنے والے کے لئے اعلانِ جنگ کیا ہے؟

ج: اپنے ولی سے دشمنی کرنے والے سے: (مَنْ عَادَلِیْ وَلِیًّا فَقَدْ اٰذِنْتُ بِالْحَرْبِ)

ترجمہ: جس نے میرے ولی سے دشمنی کی بلاشک میں اس سے جنگ کا اعلان کرتا ہوں۔

353- یوم الفرقان تو غزوۂ بدر کے دن کو کہا جاتا ہے۔ بتایئے: "يَوْمُ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ" کس دن کو کہا جاتا ہے؟

ج: غزوۂ بدر کے دن ہی کو۔

354- قرآن مجید میں امر بالمعروف و نہی عن المنکر کو............ (حوصلے کا کام) کہا گیا ہے۔ اصل الفاظ لکھیں؟

Marfat.com

ج: اِنَّ ذٰلِکَ مِنۡ عَزۡمِ الۡاُمُوۡرِ (سورۃ لقمان:17)

355- کیا آپ کو کچھ یاد آتا ہے کہ یہ الفاظ کس کے ہیں۔ اللہ کے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے یا کسی عالم دین کے؟

''خدا کی قسم! ان ہونٹوں سے حق کے سوا کچھ نہیں نکلتا''۔

(وَاللّٰهِ، لَا اَقُوْلُ اِلَّا الْحَقَّ).

ج: حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ ایک صحابیؓ سے اپنے بارے میں یہ الفاظ کہے تھے۔

356- وہ کون سی نماز ہے جو تین ممنوعہ اوقات (طلوع آفتاب، زوال آفتاب اور غروب آفتاب) کے علاوہ ہر وقت پڑھی جاسکتی ہے؟

ج: قضا نماز۔

357- جمع بین الصلوٰۃ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

ج: ظہر اور عصر کی نمازوں کو ملا کر پڑھنا۔

مغرب اور عشاء کی نمازوں کو ملا کر پڑھنا۔

یہ سہولت بالخصوص حجاج کرام کو دورانِ حج حاصل ہوتی ہے، مگر موسم کی خرابی یا خوف یا سفر کی حالت میں مسافر اور قیامی مسلمان بھی اس سہولت سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

358- وہ کون سا زمانہ ہے جسے ''جاہلیت کا زمانہ'' کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے کا زمانہ۔ یعنی ظلم و جبر کا دور۔

359- یہ تو ہم سب کو معلوم ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اعلانِ نبوت کے وقت مکہ میں سترہ افراد لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔ کیا مدینہ کے پڑھے لکھے افراد کی تعداد معلوم ہے؟

ج: تیرہ (13)۔

360- اللہ نے اپنی محبت کا سو (100) میں سے کتنا حصہ (تمام مخلوقات) انسانوں میں تقسیم کیا ہے؟

ج: سو (100) میں سے ایک حصہ (سوواں)۔

Marfat.com

-361 سبع معلقات عربوں کی شاعری کے وہ شاہکار نمونے ہیں جنہیں.......... میں خانہ کعبہ کی دیواروں پر لٹکایا گیا۔ خالی جگہ پُر کریں۔

ج: 450 عیسوی میں، (حضورؐ کی ولادت باسعادت سے 20 سال پہلے) مکہ میں، خانہ کعبہ کی دیواروں پر۔

-362 حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خاموشی (نہ ہاں کہنا نہ ناں) بھی حدیث ہوتی ہے بھلا کیسی؟

ج: حدیث تقریری۔ کسی کام کو ہوتے دیکھنا اور خاموش رہنا نہ اس کام سے منع کرنا اور نہ حکم دینا۔

-363 حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینے کی مردم شماری کروائی۔

(۱) ایک دفعہ (۲) دو دفعہ (۳) تین دفعہ۔ صحیح کیا ہے؟

ج: (۲) دو دفعہ

-364 نھی اور نہیں میں کیا فرق ہے؟

ج: نھی۔ Do Not (نہ کریں) منع فرمانا اور نہیں۔ Not (نہ ہونا)۔

-365 فَاعْتَبِرُوْا يَا أُولِي الْأَبْصَارِ کا کیا مطلب ہے؟

ج: اے آنکھوں والو! (عقل والو!) نصیحت پکڑو۔

-366 کیا آپ کے علم میں ہے کہ پیدائش سے قبل انسان کتنے پردوں میں (اندھیروں) میں ہوتا ہے؟

ج: ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ. تین اندھیروں میں (پیٹ کا پردہ، رحم کا پردہ اور بچہ دانی کا پردہ)۔

-367 بھلا قلب سلیم کیسا دل ہوتا ہے؟

ج: جہالت دینی اور اخلاق رذیلہ سے محفوظ دل کو قلب سلیم کہا جاتا ہے۔

-368 ہم کہتے ہیں کہ ہم اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں، عربی میں ''عبد'' کو بندہ کہا جاتا ہے۔ ''عبد'' کے لغوی معانی کیا ہیں؟

ج: عبد: عبودیت سے نکلا ہے، معنی ہے اللہ تعالیٰ کی تقسیم اور تقدیر کو دل و جان سے بخوشی قبول کرنا۔ (بحوالہ اسلامی سائیکلوپیڈیا مرتبہ منشی محبوب عالم مطبوعہ پیسہ اخبار، لاہور)

-369 حواری تو حضرت عیسیٰؑ کے مشہور ہیں۔ انصاری کس نبی کے مشہور ہیں؟

Marfat.com

ج: یہ بھی حضرت عیسیٰؑ کے ہی ساتھی ہیں۔ سورۃ آل عمران میں حضرت عیسیٰؑ کا قول آیا ہے: مَنْ اَنْصَارِیْ اِلَی اللّٰهِ (آیت:52)

ترجمہ: اللہ کی طرف کون میرا مددگار ہے۔

370- کوئی سے دو ایسے قرآنی الفاظ بتایئے جو اللہ کے لئے اور بندوں کے لئے استعمال ہوئے ہیں، مگر اللہ کے لئے کسی اور معنی میں اور انسانوں کے لئے کسی اور معنی میں؟

ج: شکوراً یا شکوُر: اللہ کے لئے ہو تو شکر قبول کرنے والا اور بندوں کے لئے ہو تو شکر کرنے والا۔

تَـوَّابٌ: بندوں کے لئے ہو تو مطلب ہے، بہت توبہ کرنے والا اور اللہ کے لئے ہو تو بہت توبہ قبول کرنے والا۔

371- السلام علیکم کا معروف معنی تو یہ ہے "تم پر سلامتی ہو" کیا آپ عربی لغت سے اس کے معنی بتا سکتے ہیں؟

ج: سَلَّمْتُ عَلَيْكُمْ سَلَامًا. میں تم کو سلامتی (کی دُعا) دیتا ہوں۔

(تمہاری ذات تمہارے دین اور تمہارے اہل و مال میں)۔

372- اللہ تعالیٰ نے چھ دن میں یہ کائنات اور مخلوقات بنائی۔ کیا آپ دنوں کی تقسیم کر سکتے ہیں؟

ج: جی ہاں: دو دن خلق ارض۔

وہ دن زمین مین پہاڑ اور دیگر اقوات اور نچلی مخلوقات۔

دو دن آسمان سبع کی تخلیق۔

373- مواخات اور اخوت میں کیا فرق ہے؟

ج: مواخات: مدینہ میں انصار اور مہاجر مسلمانوں میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے برادرانہ رشتہ قائم کیا۔ جس کا اطلاق فتح مکہ تک رہا۔

اخوت: بھائی چارہ۔ بحیثیت اِنسان اور پھر بحیثیت مسلمان ایک دوسرے کے بھائی بن کر رہنا اور دُکھ سکھ میں شریک ہونا۔

374- جو شخص غلطی سے مدینہ کو "یثرب" کہہ دے حدیث شریف میں اس کے لئے کیا حکم ہے؟

Marfat.com

ج: وہ اللہ تعالیٰ سے تین بار استغفار کرے اور یہ طیبہ ہے، یہ طیبہ ہے، یہ طیبہ ہے۔ کہے۔

375- بَشَرَۃٌ اور بَشَرٌ میں کیا فرق ہے؟

ج: بَشَرَۃٌ جلد کو کہتے ہیں اس کی جمع بَشَرٌ ہے۔ یعنی کھالیں۔ بَشَرٌ انسان کے لئے استعمال ہوتا ہے اور واحد اور جمع دونوں کے لئے بَشَرٌ ہی آتا ہے۔

376- قرآن وحدیث کی تمام ہدایات پر عمل کرنا:

(الف) فرض ہے (ب) فرض نہیں ہے

(ج) کچھ پر عمل کرنا فرض ہے اور کچھ کو چھوڑا جا سکتا ہے۔ (یعنی عمل کرنے والے کی مرضی پر چھوڑا گیا ہے)

ج: (الف) صحیح ہے۔ فرض ہے۔

377- کتنے صحابہ کرام نے حدیث مبارکہ کی روایت کی ہے؟

ج: گیارہ ہزار صحابہ کرام جبکہ "اسماء الرجال" کی کتابوں میں پانچ لاکھ راویوں کا ذکر ہے، ان میں تابعین، تبع تابعین اور بعد کے راوی بھی شامل ہیں۔

378- صحیح طریقہ سے صحیح اجتہاد کرنے والے اور صحیح طریقہ سے غلط اجتہاد کرنے والے کو کتنی کتنی نیکیاں ملتی ہیں؟

ج: (۱) صحیح اجتہاد کرنے والے کو دو نیکیاں (ایک صحیح اجتہاد کی محنت اور دوسری اس کا صحیح ہونا)

(۲) غلط اجتہاد کرنے والے کو ایک نیکی (صحیح طریقہ سے اجتہاد کرنے کی محنت کے صلہ میں)۔

379- "جھوٹے نبی سے اس کے دعویٰ نبوت کی نشانیاں طلب کرنے والا بھی کافر ہو جاتا ہے"۔ یہ کس شخصیت کا قول ہے؟

ج: حضرت امام ابو حنیفہؒ کا۔

380- اللہ تعالیٰ کی ذات کا عرفان کن کن طریقوں سے حاصل ہو سکتا ہے؟

ج: تین طریقوں سے:

Marfat.com

(۱) وحی الٰہی سے۔

(۲) مظاہر کائنات کے بےنقص اور بےعیب ہونے سے۔

(۳) انسان کے اپنے اندر کی گواہی سے۔

381- بعض لوگ کہتے ہیں موسیقی رُوح کی غذا ہے، کیا آپ اس سے متفق ہیں؟

ج: جی نہیں: روح کی غذا نماز، تلاوت قرآن، روزہ اور خدمت خلق ہے۔ موسیقی کو تو شیطان کا ہتھیار کہا گیا ہے۔

382- انصار، ناصری، انصاری اور نصاریٰ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

ج: انصار: مدینے میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کے وقت کے رہائشی مسلمان۔

ناصری: یروشلم کے قریب ناصرہ گاؤں کی مناسبت سے حضرت عیسیٰؑ کا لقب۔ مسیح ناصری ہے۔

نصاریٰ: حضرت مسیح ناصریؑ کے اُمتی ہونے کے سبب عیسائیوں کو بھی نصاریٰ کہا جاتا ہے جیسے یہود ونصاریٰ (یہودی اور عیسائی)۔

انصاری: حضرت عیسیٰؑ کے ساتھی، جنہیں آپ نے ''انصاری'' کہہ کر بلایا تھا۔

383- وہ کون سی ایسی دو چیزیں ہیں جن کو قرآن میں بیک وقت:

(۱) زِینَةُ الْحَیٰوةِ الدُّنیَا اور (۲) فِتنَة کہا گیا ہے؟

ج: مال اور اولاد۔

384- اَلصَّحِیفَةُ الصَّحِیحَة حدیث کی کس کتاب کا نام ہے؟

ج: حضرت ابوہریرہ کی روایت سے مرتب کیا گیا مجموعہ حدیث جسے مرتب کی نسبت سے صحیفہ ہمام بن منبہ بھی کہا جاتا ہے۔

385- ہونٹ اور زبان ہلائے بغیر اگر دل میں نماز پڑھ کے رکوع وسجود کیے جائیں تو کیا نماز ہو جاتی ہے؟

ج: جی نہیں: تلاوت وتسبیحات کے الفاظ کی منہ سے ادائیگی ضروری ہے۔ ہاں! نیت دل میں ہو سکتی ہے۔

Marfat.com

386- لفظ اَنَا الْحَقّ کا کیا مطلب ہوتا ہے؟

ج: اس کا مطلب ہوتا ہے "میں حق ہوں" یا "میں حق پر ہوں"۔ یہ الفاظ ظاہر شریعت کے خلاف ہیں کیونکہ حق اللہ کا صفاتی نام ہے، صرف اللہ کہہ سکتا ہے۔ اَنَا الْحَقّ۔ یہ الفاظ منصور حلاج نے عالمِ سکر میں بار بار کہے جس پر حکومت وقت نے اسے موت کی سزا دے دی تھی۔

387- یہ طے ہے کہ جہنم میں یا جنت میں بھیجنے سے پہلے ہر ایک کا حساب کتاب ہوگا۔ بھلا وہ کون سے گروہ ہیں جو بغیر حساب جنت اور جہنم میں جائیں گے؟

ج: (الف) اہل ایمان متقین جنت میں۔ (غافر۔40)

(ب) اللہ کی آیات اور اس کے رسولوں کا مذاق اُڑانے والے جہنم میں۔

388- رُوح اللہ، روح الامین اور روح سے کون کون شخصیات آپ کے ذہن میں آتی ہیں؟

ج: رُوح اللہ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام

رُوح الامین: حضرت جبرائیل علیہ السلام

رُوح: ایک فرشتہ جو لیلۃ القدر کو زمین پر اُترتا ہے۔

389- یہ شاتم رسول صلی اللہ علیہ وسلم کون ہوتا ہے؟

ج: جو کسی بھی طریقے سے (عمل سے، زبان سے) کسی رسول علیہ السلام یا نبی علیہ السلام کی ہتک کرے شاتم رسول کہلاتا ہے اور اس کی سزا قتل ہے۔ اگر وہ توبہ نہ کرے۔ قتل کرنے سے پہلے توبہ کرنے کے لئے اسے تین دن کا وقت دیا جائے گا۔

390- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ بدر کے آخر میں حضرت علیؓ کو "ذوالفقار" دی بتائیے، حضرت عبداللہؓ بن مسعود کو کون سی تلوار دی؟

ج: ابوجہل کی تلوار آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہؓ بن مسعود کو عنایت فرمائی۔

391- کیا آپ کو قرآن مجید کے کسی منظوم ترجمے کا علم ہے؟

ج: جی ہاں: اُردو میں سیماب اکبرآبادی نے "وحی منظوم" کے نام سے اور عبدالعزیز خالد نے "فرقان جاوید" کے نام سے قرآن مجید کا ترجمہ کیا ہے۔

Marfat.com

پنجابی میں مولوی فیروز الدین ڈسکوی نے قرآن مجید کا ترجمہ کیا۔ جو 1926ء میں شائع ہوا تھا۔

392- علامہ محمد عنایت اللہ خاں المشرقی نے دس جلدوں میں قرآن حکیم کے صحیح مقاصد اور اس کے منجانب اللہ ہونے پر تبصرے لکھے تھے۔ کیا آپ کو کتاب کا نام معلوم ہے؟

ج: جی ہاں: کتاب کا نام ''تذکرہ'' ہے۔

393- حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے خطوط (سلاطین عالم کے نام) میں دو فقرے بطور خاص لکھوایا کرتے تھے، جو یہ ہیں:

(۱) اَسْلِمْ تَسْلِمْ.

(۲) وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی.

ان کا مطلب و مفہوم واضح کر دیجئے۔

ج: (۱) اِسلام قبول کر لو تم سلامتی پا جاؤ گے۔

(۲) اور سلامتی (السلام علیکم) اس کے لئے ہے جو ہدایت کی اتباع کرے۔

پہلے فقرے کے ذریعے آپ اپنے مخاطب کو اِسلام قبول کرنے کی دعوت دیا کرتے تھے اور دوسرا فقرہ وہ ''سلام'' ہے جو غیر مسلموں کو کرنے کا حکم ہے۔

394- ضیافت و میزبانی کے تین حصے ہیں۔ جائزہ، ضیافت، صدقہ، بتائیے یہ کیا ہیں؟

ج: جائزہ: ایک دن رات کی خدمت

ضیافت: تین دن رات کی خدمت

صدقہ: وہ خدمت و تواضع جو تین دن رات سے زیادہ ہو جائے۔

395- دل کے لئے قرآن میں دو لفظ استعمال ہوئے ہیں فواد اور قلب۔ ان کی وضاحت کریں۔

ج: فواد: دل کا اندرونی حصہ

قلب: دل کا بیرونی حصہ

396- کھانا کھانے سے پہلے کی دُعا تو اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط ہے۔ کھانا کھانے کے بعد کی دُعا کیا ہے؟

Marfat.com

ج: • اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَاجْعَلْنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ.

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے ہم کو کھانا کھلایا اور پانی پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا۔
حضور صلی اللہ علیہ وسلم کسی کا پیش کیا ہوا کھانا (دعوت) کھایا کرتے تھے تو یہ بھی دُعا کیا کرتے تھے۔

(اَللّٰھُمَّ) اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِیْ وَاسْقِ مَنْ سُقَانِیْ.

ترجمہ: اے اللہ جس نے مجھے کھانا کھلایا تو بھی اسے کھانا کھلا دے اور جس نے مجھے پانی پلایا تو اسے پانی پلا دے۔

397- اَھْلًا وَ سَھْلًا وَ مَرْحَبًا کا کیا مطلب ہے؟

ج: یہ خوش آمدید کے مترادف الفاظ ہیں اور ان کا معنی ہے۔
(آپ اپنے اہل میں آگئے، آپ نرم زمین میں اُترے، آپ نے فراخی کو پایا)۔

398- حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی صحابی کو پکارا کرتے تھے تو وہ جواب میں کہا کرتا تھا۔
"لَبَّیْکَ وَسَعْدَیْکَ" اس کا کیا مطلب ہے؟

ج: لَبَّیْکَ: میں تیری خدمت میں موجود ہوں۔
سَعْدَیْکَ: میں تعمیل حکم کے لئے حاضر ہوں۔

399- کیا آپ اسم "اللہ" کی لغوی وضاحت کر سکتے ہیں؟

ج: جی ہاں: عربی میں لفظ ہے اِلٰـــہ معنی ہے معبود۔ اس پر الف لام کا اضافہ کیا گیا تو یہ بن گیا "اللہ"۔ یہ اللہ رب العزت کا اسم علم، اسم ذاتی اور اسم اعظم ہے۔ باقی تمام نام مثلاً اَلرَّحْمٰنُ، اَلرَّحِیْمُ، اَلْمَلِکُ، اَلْقُدُّوْسُ، اَلسَّلَامُ، مُؤْمِنُ، مُھَیْمِنُ، عَزِیْزُ، جَبَّارُ وغیرہ سب کے سب اسم صفاتی ہیں۔ کلمہ طیبہ میں بھی پہلے حصہ میں اللہ کی معبودیت کا اعلان ہے۔ اللہ کے اعداد بحساب جمل 66 ہیں۔

ا+ا، ل+ (۳۰) ،ل+ (۳۰) ہ+ (۵) کل اعداد = (۶۶)

400- اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی لغوی وضاحت کریں۔

ج: محمد، حمد سے بنا ہے۔ معنی ہے بہت زیادہ تعریف کیا گیا۔ یہ ہمارے نبی مکرم صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وسلم کا اسم ذاتی ہے، آپ کا دوسرا اسم ذاتی احمد ہے۔ قرآن مجید میں اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم چار دفعہ آیا ہے اور اسم احمد ایک بار آیا ہے۔ محمد اور احمد کے علاوہ باقی تمام اسماء مثلاً حامد، محمود، عاقب، قاسم، فاتح، داع، سراج، رشید، عبد وغیرہ صفاتی نام ہیں۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اعداد بحساب اعداد جمل 92 بنتے ہیں۔

401- حدیث کے الفاظ مکمل اس ''شیطان انسان کے بدن میں اس طرح دوڑتا ہے جیسے..................''۔

ج: رگوں میں خون۔

402- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کے الفاظ کو مکمل کریں۔

...........آدھا ایمان ہے اور روزہ آدھا

ج: صبر۔

403- سنن الہدیٰ اور سنن الزوائد کس قسم کی سنتیں ہیں؟

ج: سنن الہدیٰ موکدہ سنتوں کو اور سنن الزوائد غیر موکدہ سنتوں کو کہتے ہیں۔

404- کون سے پانچ امور کی انجام دہی کرنے والے کے لئے اللہ تعالیٰ جنت میں داخل ہونا لکھ دیتا ہے؟

ج: (۱) مریض کی عیادت (۲) نماز جنازہ میں شرکت

(۳) نماز جمعہ کی پابندی (۴) روزہ رکھنا

(۵) غلام آزاد کرنا

405- سید الایام کس دن کو کہا جاتا ہے؟

ج: جمعہ۔

406- حضورؐ ہمارا پڑھا گیا درود شریف کس دن خود اپنے مبارک کانوں سے سنتے ہیں؟

ج: جمعتہ المبارک کے دن۔ اس دن کے علاوہ آپؐ پر پڑھا گیا درود وسلام تین واسطوں

Marfat.com

سے یا ان میں سے کسی ایک واسطہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتا ہے۔

اوّل: حضور صلی اللہ علیہ وسلم خود اپنے مبارک کانوں سے سنتے ہیں۔

دوم: اللہ نے اس کام کے لئے ایک فرشتہ مقرر فرمایا ہوا ہے۔

سوم: کسی غیر مادی وسیلہ سے اللہ کی ذات سے درود وسلام آپ تک پہنچایا جاتا ہے۔

-407 حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے۔ ''جو کوئی بغیر عذر تین......ترک کردے اس نے گویا اِسلام سے منہ پھیر لیا اور اس کا دل زنگ آلود ہو گیا ہے'' خالی جگہ پُر کریں۔

ج: جمعہ کی نمازیں۔

-408 اشراق کی نماز کا ثواب کیا ہے؟

ج: ایک حج اور ایک عمرہ کرنے کا ثواب ملتا ہے۔ (حدیث)

-409 ناک کس ہاتھ سے صاف کرنا سنت ہے اور پاخانہ پیشاب کے مقامات کو کس ہاتھ سے دھونا سنت ہے۔

ج: بائیں ہاتھ سے۔

-410 سر کا مسح کرنا کسے کہتے ہیں؟

ج: ہاتھوں کو گیلا کر کے سر کے بالوں پر پھیرنا۔ بعض کے نزدیک نصف سر اور بعض کے نزدیک مکمل سر کا مسح کرنا فرض ہے۔

-411 موزے کس قسم کے جوتوں کو کہتے ہیں۔

ج: چمڑے کی جرابیں، چاہیں تو انہیں پہن کر چل پھر سکتے ہیں یا پھر انہیں پہن کر جوتا پہنا جاسکتا ہے، ان کی موجودگی میں پاؤں دھونے کی ضرورت نہیں، ان کا مسح کرنا کافی ہے۔ وضو ہو جائے گا۔

-412 وضو سے تھوڑا سا پانی بچ جائے تو اس کا کیا استعمال کرنا چاہئے۔

ج: اس پانی کو پی لے کہ اس میں بیماریوں سے شفا ہے۔

Marfat.com

-413 نفل نماز کی ممانعت کے اوقات کون کون سے ہیں۔

ج: (۱) صبح اذان فجر سے سورج کے کافی بلند ہونے تک

(۲) سورج کے ڈھلنے کے وقت (دوپہر کو)

(۳) عصر کی اذان سے مغرب کی نماز پڑھنے تک۔

-414 کیا ایک یا چند فرائض کے رہ جانے پر سجدہ سہو کرنے سے نماز ہو جاتی ہے یا نہیں؟

ج: فرائض کے رہ جانے کا کفارہ سجدہ سہو نہیں ہے، بلکہ نماز دہرانی ہوگی۔

-415 عورت اور مرد کی حالت نماز میں دو فرق بیان کریں۔

ج: (۱) مرد تکبیر تحریمہ کہہ کر کانوں تک ہاتھ اُٹھاتا ہے، عورت کندھوں تک اُٹھاتی ہے۔

(۲) عورت قیام میں سینے پر ہاتھ باندھتی ہے، مرد پیٹ پر فوق السرة یا علی السرة ہاتھ باندھے گا۔

(۳) مرد سجدہ میں پیٹ کو رانوں سے علیحدہ کر کے بلند رکھے گا اور عورت پیٹ رانوں سے علیحدہ نہ کرے گی۔

Marfat.com

# پیدائش

ہر چیز کی پیدائش وتخلیق کے بارے میں قرآن نے فرمایا ہے کہ پانی سے کی گئی ہے، کیا آپ کو آیت مبارکہ معلوم ہے؟

وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ (اور ہم نے ہر چیز کو پانی سے بنایا، زندگی دی)۔(سورۃ الانبیاء:30)

کوئی ایسی قرآنی آیت لکھئے جس سے یہ معلوم ہو کہ انسان کی تخلیق ''نطفہ'' سے کی گئی ہے؟

ثُمَّ جَعَلْنَهُ نُطْفَةً فِي قَرَارٍ مَّكِيْنٍ. (المومنون:۱۳)

کوئی ایک قرآنی آیت بتائیے جس سے یہ پتہ چلے کہ انسان کو مٹی سے بنایا گیا ہے۔

(1) خَلَقْتَهُ مِنْ طِيْنٍ. اللہ نے اسے (حضرت آدمؑ) کو مٹی سے تخلیق کیا۔(ص۔۷۶)

(2) وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ. (المومنون:۱۲)
اور بے شک ہم نے انسان کو عمدہ اور منتخب مٹی سے تخلیق کیا۔

(3) ............ من حماء مسنون. (الحجر:۳۳)
انسان کو سڑے ہوئے گارے کی مٹی سے بنایا گیا ہے۔

Marfat.com

(4) خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ. (الرحمٰن:۱۴)

(انسان کو کھنکتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا)۔

4- انسان کی تخلیق کے چار مراحل حدیث شریف میں بیان ہوئے ہیں، تفصیل بتایئے؟

ج: پہلے چالیس دن ...... قطرہ (نطفہ)

اگلے چالیس دن ...... خون کا لوتھڑا (علقہ)

اگلے چالیس دن ...... گوشت کا لوتھڑا (مغضہ)

اس کے بعد جان (رُوح) ڈال دی جاتی ہے۔

اربعین نووی حدیث نمبر 4 (بروایت صحیح بخاری و صحیح مسلم)

5- عرب لڑکیوں کو کس وجہ سے قتل کر دیتے تھے؟

ج: کہ بڑی ہوں گی تو ان کو بیاہنا پڑے گا اور دامادوں کے سامنے نظر جھکانی پڑے گی (دامادی کا رشتہ بنانا وہ ذلت سمجھتے تھے) لہٰذا لڑکیوں کو قتل کر دیا کرتے تھے۔

6- قرآن مجید میں اولاد کو قتل کرنے کی کیا وجہ بیان کی گئی ہے؟

ج: 1- مفلسی کے ڈر۔ مِنْ خَشْيَةَ اَمْلَاقٍ.

2- (یہ میرے ساتھ بیٹھے گا اور میری روٹی کھائے گا)۔

7- کیا آپ کو قرآن مجید کی اس آیہ مبارکہ کا موضوع معلوم ہے۔

وَاِذَا الْمَوْءُدَتُ سُئِلَتْ O بِاَيِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ.

ج: (اور جب (قیامت کے دن) زندہ قتل کی گئی لڑکی سے پوچھا جائے گا۔ کہ تجھے کس دن سے قتل کیا گیا)۔

8- میاں بیوی کو مباشرت سے پہلے کون سی دُعا پڑھنی چاہئے؟

ج: "بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطٰنِ وَجَنِّبِ الشَّيْطٰنِ مَا رَزَقْتَنَا.

(اللہ کے نام سے، اے اللہ ہمیں شیطان سے بچا اور جو رزق (اولاد) تو ہمیں دینے والا ہے اسے بھی شیطان سے بچا)۔

9- حدیث شریف میں انعام اور رحمت کیسی اولاد کو کہا گیا ہے؟

Marfat.com

ج: لڑکے کو انعام اور لڑکی کو رحمت قرار دیا گیا ہے۔

-10 اسقاطِ حمل کب کرایا جائے تو حدیثِ مبارکہ کے مطابق یہ قتل نفس (انسانی جان کا قتل) ہے؟

ج: تین ماہ کے حمل کے بعد۔

-11 آپ کو ضرور معلوم ہوگا کہ اولادِ نرینہ لڑکی ہوتی ہے یا لڑکا یا دونوں۔ اگر معلوم ہے تو بتایئے؟

ج: نرینہ، نر سے نکلا ہے جس کا مطلب ہے مرد۔ لہٰذا اولادِ نرینہ لڑکے کو کہا جاتا ہے، یعنی مرد اولاد۔

-12 لڑکے اور لڑکی کی پیدائش میں سے کس کی پیدائش پر خوشیاں منانا چاہئیں؟

ج: دونوں میں سے جو بھی ہو۔ اِسلام میں کوئی تفریق نہیں ہے، مگر حق یہ ہے کہ خوشی اعتدال کے اندر رہ کر منائی جائے اور اللہ کا شکر ادا کیا جائے۔

-13 پیدائش کے بعد فوری عمل کیا ہے جس کے کرنے کا حکم ہے؟

ج: بچے کے دائیں کان میں اذان کہنا اور بائیں کان میں اقامت کہنا۔ گھٹی دینا۔ (شہد چٹانا یا کھجور کو اچھی طرح چبا کر بچے کے منہ میں ڈالنا وغیرہ) صدقہ خیرات کرنا۔

-14 حدیث شریف میں فرمایا گیا ہے، كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ.........حدیث مبارکہ کا مکمل ترجمہ کریں۔

ج: ..............ترجمہ: ہر پیدا ہونے والا بچہ دین فطرت پر پیدا ہوتا ہے، اب اس کے ماں باپ ہوتے ہیں جو اسے یہودی یا نصرانی بنا دیتے ہیں۔

-15 رضاعت کسے کہتے ہیں؟

ج: ماں بچے کو دودھ پلائے تو یہ رضاعت کہلاتی ہے۔ بچے کو دُودھ پلانا اصلی ماں کا فرض ہے، لیکن دوسری عورت بھی بچے کو دُودھ پلا سکتی ہے، یہ دوسری عورت رضاعی ماں (Foster Mother) کہلائے گی۔ ضروری ہے کہ دُودھ کم از کم ایک گھونٹ ہو اور بچے کی عمر کے اڑھائی سال کے اندر اندر پلایا گیا ہو۔

Marfat.com

16- یہ رُوح کیا ہے جو انسان کے جسم میں ڈالی جاتی ہے؟

ج: (الف) قرآن کریم میں روح کو مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ (سورۃ بنی اسرائیل:85) کہا گیا ہے۔

(ب) روح کا اطلاق اس چیز پر ہوتا ہے جس کے ذریعہ زندگی، حرکت، منافع کا حصول اور مضرات سے بچاؤ حاصل ہوتا ہے۔(مفردات القرآن، اُردو، جلد اول، ص418)

(ج) رُوح جسم کے اندر ایک ایسی "طاقت" (Power) کا نام ہے جو اللہ کی پوشیدہ رحمتوں میں سے انسان کو ملتی ہے، اس کے سبب انسان کا جسم زندہ ہوتا ہے اور تمام اعضا اپنا اپنا کام خود بخود کرتے ہیں۔

17- بچہ کے پیدا ہوتے ہی ایک یا دو دن کے بعد اس کے سر سے بال صاف کئے جاتے ہیں، اس موقع پر کیا صدقہ کرنے کا حکم ہے؟

ج: بالوں کے وزن کے برابر چاندی خیرات کرنے کا حکم ہے۔

18- عقیقہ کرنے کے بارے میں اِسلامی تعلیمات کیا ہیں؟

ج: بچے کی پیدائش کے ساتویں دن (بشرط گنجائش) ورنہ زندگی کے کسی بھی حصہ میں عقیقہ کرنے کا حکم اور سنت نبویؐ موجود ہے۔ لڑکے کی طرف سے دو جانوں کی قربانی (دو قربانیاں یا دو بکرے) اور لڑکی کی طرف سے ایک جان کی قربانی یا ایک بکرا کا حکم آیا ہے۔

19- اللہ نے قرآن میں انسان کی تخلیق تا پیدائش سات مدارج بیان فرمائے ہیں، بتایئے کون سے؟

ج: سلالہ (مٹی)......نطفہ (پانی کا قطرہ)......علقہ (خون کا لوتھڑا)......مضغہ (گوشت کا لوتھڑا)......عظم (ہڈیاں)......لحم (گوشت)......جلد (کھال)۔

20- پیدا ہونے والے بچے کے کوئی سے دو حقوق لکھیں۔

ج: بچے کو نہلانا (صاف کرنا)۔

دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہنا۔

گھٹی دینا۔ پیدائش کے ساتویں روز عقیقہ کرنا۔

Marfat.com

بچے کا اچھا نام رکھنا۔ ختنہ کرنا (اگر لڑکا ہو)

ماں کا دُودھ پلانا۔ صدقہ خیرات کرنا۔

-21 حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بچوں کو کیا قرار دیا ہے؟

ج: ''خدا کے باغ کے پھول'' (اس لئے ان پر شفقت کرنے کا حکم ہے)۔

-22 کسی آدمی (مسلمان) کا اپنے بچے کو ''ادب'' (Manners) سکھانا کس اہمیت کا حامل ہے؟

ج: ایک روایت میں فرمایا: ''ایک صاع (37 تولے وزن) صدقہ کرنے کے برابر ہے'' دوسری روایت میں فرمایا: ''باپ کی طرف سے بیٹے یا بیٹی کے لئے سب سے بہتر تحفہ ہے''۔

-23 مَنْ لَا یُوَقِّرِ کَبِیْرَۃً وَلَا یَرْحَمْ صَغِیْرَۃً فَلَیْسَ مِنَّا ۔ اس حدیث سے بچوں کا کون سا حق ثابت ہوتا ہے؟

ج: کہ بچوں پر شفقت کی جائے۔

-24 نوزائیدہ بچوں کا ''حق تحنیک'' سے کیا مراد ہے؟

ج: تحنیک منہ میں کھجور ڈال کر چبانا اور پھر باریک کر کے بچے کے منہ میں ڈالنے کو کہتے ہیں۔ ہمارے ہاں گھٹی اس کا نام البدل ہے۔

-25 بچوں کا وہ کون سا حق ہے جو باپ کے مرنے کے بعد ان کو ملتا ہے؟

ج: وراثت......لڑکے کو لڑکی سے دُوگنا حصہ ملتا ہے۔

Marfat.com

# موت

1- موت کے بارے میں قرآن کی ایک آیت لکھیے۔

ج: كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ (سورۃ آل عمران:۱۵۸) خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ (سورۃ الملک:2)

2- موت کے کوئی دو مترادفات لکھیے۔

ج: اجل۔وفات۔فنا ہونا۔انتقال کرنا۔اللہ کو پیارا ہو جانا۔وصال کر جانا۔

3- موت اور وفات کے لغوی معنی لکھیے۔

ج: موت: مرگ، ممات، وفات جمع اموات (فرہنگ عامرہ، ص۶۲۶) موت: مرجانا (لغاتِ کشوری)

وفات: موت، انتقال، ممات (ایضاً ص۶۷۴) وفات: مرگ (لغاتِ کشوری)۔

4- جنازہ کسے کہتے ہیں؟

ج: جَنَزَ کے معنی ہیں چھپانا، ڈھانکنا، چارپائی پر ڈالی ہوئی لاش، میت تابوت یا میت مع تابوت اور پھر تجہیز و تکفین کو جنازہ کہتے ہیں۔(اُردو دائرہ معارف اِسلامیہ، جلد۷)

5- موت کی کتنی قسمیں ہیں؟

ج: موتِ نامیہ: انسان، حیوانات، نباتات سب میں پائی جاتی ہیں۔قوتِ نامیہ کا زوال

Marfat.com

اس میں ہوتا ہے۔

**موتِ زوال:** حس وشعور کے زائل ہو جانے کو بھی موت کہتے ہیں۔

**زوال قوتِ عاقلہ:** قوتِ عاقلہ کے زائل ہونے کو بھی موت کہتے ہیں۔ اس کا دوسرا نام جہالت ہے۔

**غم:** یہ زندگی کے صافی چشمہ اور دُنیا میں اللہ کی نعمتوں کے ذائقے کو مکدر کر دیتا ہے، یہ بھی موت ہے۔

**نیند:** نیند کو بھی موت کہتے ہیں (اَلنَّوْمُ اَخُو الْمَوْتِ) (مفردات القرآن، جلد دوم۔ اُردو)

6- توفّٰی کی وضاحت کریں۔

ج: توفّٰی کے معنی اُٹھانے اور بلند کرنے کے بھی ہوتے ہیں۔

7- کیا موت اور حیات ہر ایک کو حاصل ہے؟

ج: جی ہاں! ہر انسان، حیوان، نباتات، جمادات، جن، فرشتے اور دوسری تمام مخلوقات موت اور حیات کے ذائقہ کو چکھتی ہیں اور چکھیں گی۔

8- مرنے سے پہلے وارد ہونے والی حالت کو اصطلاحاً کیا کہا جاتا ہے؟

ج: غمرات اور سکرات، جان کنی کا عالم، اس حالت میں فرد ابھی مرا تو نہیں ہوتا مگر اس کی جسمانی حسیات دُنیاوی معاملات سے منقطع ہو جاتی ہیں۔

9- موت کے اٹل ہونے کے بارے میں کوئی ایک قرآنی آیت لکھئے۔

ج: وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا. (سورۃ المنافقون)

(اور اللہ کسی شخص کی موت کو مؤخر نہ کرے گا، جب کہ اس کا وقت آ جائے)۔

10- نیند کی موت اور دوسری (عام) موت میں کیا فرق ہوتا ہے؟

ج: نیند میں رُوح جسم سے الگ تو ہوتی ہے، مگر اس کے فوری جسم میں واپس آنے اور جسم کو زندہ کر دینے کی طاقت باقی ہوتی ہے، جبکہ عمومی موت میں رُوح کو جسم سے علیحدہ کر دیا جاتا ہے اور پھر وہ واپس جسم میں نہیں آ سکتی۔

Marfat.com

11- رُوح کسے کہتے ہیں؟

ج: قرآن مجید میں رُوح کو 'امرِ ربی' کہا گیا ہے۔(سورۃ بنی اسرائیل: آیت،85)
روح دراصل اللہ تعالٰی کی خاص طاقتوں میں سے وہ طاقت ہوتی ہے جو ایک جامد و ساکت جسم (خون اور گوشت کے لوتھڑے) کو متحرک رکھتی ہے، جب تک اللہ کو منظور ہوتا ہے یہ اپنا کام انجام دیتی ہے اور جب اللہ رُوح کو واپس بلا لیتا ہے تو جسم تمام صحت منداور خصوصیات زندگی ہونے کے باوجود مردہ (بے حس، بے حرکت) ہو جاتا ہے۔

12- موت کے بارے میں کوئی ایک شعر لکھیں۔

ج: موت سے کس کو رُستگاری ہے
آج تم کل ہماری باری ہے

......☆......

بہ دنیا گر کسے پائندہ بودے
ابو القاسم محمدؐ زندہ بودے

13- کس قسم کی موت قابل رشک ہوتی ہے؟

ج: اللہ کی راہ میں مارا جانا۔(شہادت کی موت)

14- کس موت کو "حیات" کہا جاتا ہے۔

ج: ایسی موت جو اللہ کے راستے میں آئے، یعنی اللہ کے دین کے لئے کام کرتے ہوئے آئے یا اللہ کی مخلوق کے فائدہ میں لگے ہوئے آدمی کو آئے۔سورۃ بقرہ میں آیا ہے۔
وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ يُقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ، بَلْ اَحْيَاءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ.
(اور اللہ کی راہ میں مارے جانے والوں کو مردہ نہ کہو، بلکہ وہ زندہ ہیں اور لیکن تمہیں ان کا شعور نہیں ہے)۔

15- کیا موت سے زندگی ختم ہو جاتی ہے؟

ج: موت سے موجودہ زندگی ختم ہو جاتی ہے، مگر ایک نئی زندگی شروع ہو جاتی ہے۔ جسے اصطلاحاً آخرت کہتے ہیں۔یعنی زندگی بدل ضرور جاتی ہے ختم نہیں ہوتی۔

Marfat.com

-16 حیات علی الارض اور حیات فی الآخرۃ میں کیا فرق ہے؟

ج: حیات علی الارض محدود اور غیر دائمی ہے اور حیات فی الآخرۃ غیر محدود اور دائمی ہے۔

-17 ساری دُنیا فنا ہو جائے گی تو کون باقی رہ جائے گا؟

ج: اللہ کی ذات باقی رہے گی۔ سورۃ رحمٰن میں آیا ہے۔

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ.

-18 صوفیا کی اصطلاح میں "فنا" سے کیا مراد ہے۔

ج: "فنا سے مراد اپنی ذات اور اپنے وجود کو مٹا دینا۔ (کشف المحجوب)

مراد اس سے یہ ہوتی ہے کہ اللہ کے حکم اور رضا کے مقابلے میں اپنی خواہش، مرضی اور وجود کو ختم کر دینا اور اپنے آپ کو آخرت کے لئے تیاری میں لگا دینا۔

-19 قرآن وحدیث کے مطابق موت کسے کہتے ہیں؟

ج: قرآن وحدیث کی رُو سے موت محض جسم ورُوح کی علیحدگی کا نام ہے، پھر جسم فنا ہو جاتا ہے اور مٹی میں مل جاتا ہے، مگر رُوح باقی رہتی ہے اور اللہ کے ہاں قیام کرتی ہے، قیامت کے دن رُوح کو واپس جسم میں لوٹایا جائے گا اور انسان دوبارہ زندہ ہو جائے گا۔ (اِسلامی انسائیکلوپیڈیا شاہکار) مرتبہ: سید قاسم محمود (مرحوم)

-20 اس قول کا کیا مطلب ہے۔ اَلْمَوْتُ جِسْرٌ يُّوْصِلُ حَبِيْبُ اِلَى الْحَبِيْبِ.

(موت ایک پل ہے جو دوست کو دوست سے ملا دیتا ہے)۔

ج: جو آدمی اللہ سے محبت کرتا ہے۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ (اور ایمان والے اللہ سے محبت میں شدید ہوتے ہیں) وہ دُنیا میں اللہ سے ملاقات کی خواہش رکھتا ہے، مرتے ہی وہ اللہ کے پاس پہنچ جاتا ہے اور پھر اللہ کے دیدار میں وہ لذت پاتا ہے جس کو بیان نہیں کیا جا سکتا۔ اس صورت میں موت دوست سے دوست کی ملاقات کا ذریعہ ہے۔ اسی لئے موت کو 'وصال' دو دوستوں کا ملاپ بھی کہتے ہیں۔

-21 موت کے تذکرہ میں "قبر" کا کیا مقام ہے؟

ج: مسلمان، عیسائی اور یہودی اپنے مردوں کو زمین میں ایک خاص طرز کا گڑھا کھود کر

Marfat.com

دفن کرتے ہیں اور پھر اسے بند کر کے اُوپر ایک ڈھیری یا نشان وغیرہ لگا دیتے ہیں، اسے قبر کہتے ہیں۔ اس گڑھے میں مردہ کو لٹایا جاتا ہے مگر اس میں اس کے بیٹھنے کی گنجائش ہوتی ہے۔

-22 کوئی دو ایسی قوموں کی نشاندہی کریں جو اپنے مردوں کو دفن نہیں کرتے۔

ج: ہندو اور سکھ اپنے مردوں کو آگ میں جلاتے ہیں۔ زرتشتی اپنے مردوں کو ایک مخصوص مچان پر رکھ دیتے ہیں، جہاں مردار خور پرندے اُن کو کھا جاتے ہیں۔

-23 ایک مومن اور کافر کی موت کا فرق بیان کریں۔

ج: مومن کو مرتے وقت اتنی تکلیف بھی نہیں ہوتی جتنی چیونٹی کے کاٹنے سے ہو سکتی ہے، جبکہ کافر کو مرتے وقت بہت شدید تکلیف ہوتی ہے، حدیث شریف میں اس کی مثال اس طرح دی گئی ہے، گویا ململ کے کپڑے کو کانٹے دار جھاڑی پر پھیلا کر زور سے کھینچا جائے تو کانٹوں کے پھنس جانے سے کپڑے کا جو حال ہوتا ہے وہی کافر، نافرمان کا مرتے وقت حال ہوتا ہے۔

-24 عزرائیلؑ فرشتے کا کام بیان کریں۔

ج: اس کا کام یہ ہے کہ اللہ کے حکم سے مخلوقات کو موت دے۔ اسے ملک الموت بھی کہتے ہیں اور موت کا فرشتہ بھی کہتے ہیں۔

-25 منکر نکیر کون ہوتا ہے؟

ج: منکر نکیر دو فرشتے ہوتے ہیں جو مردہ کو مرتے / دفن ہوتے ہی آوارد ہوتے ہیں اور اس سے سوال و جواب کرتے ہیں۔ ان سوال و جواب میں کامیابی پر مردے کو راحت اور ناکامی پر عذاب دیا جاتا ہے۔ جو قیامت تک جاری رہے گا۔

-26 قبریں کتنی طرح کی ہوتی ہیں؟

ج: دو طرح کی، ایک لحد والی یعنی بغلی اور دوسری شق یعنی صندوق کی شکل کی۔ زمین سخت (مضبوط) ہو تو لحد والی قبر افضل ہے۔

-27 موت اور قیامت میں کیا تعلق ہے؟

Marfat.com

ج: موت کے بعد قیامت ہی آنی ہے جو مر گئے یا مر رہے ہیں وہ قبروں میں لیٹے قیامت کے آنے کا انتظار کر رہے ہیں۔ موت موجودہ زندگی کے خاتمہ کا نام ہے اور قیامت اس دن کو کھڑے ہونے کا نام ہے جس طرح موجودہ دُنیا کے اعمال کا حساب کتاب ہوگا، اس کی بنیاد پر جنت کا انعام یا دوزخ کا عذاب ملے گا۔

28- اس حدیث شریف کی مختصر وضاحت کر دیں۔ مَنْ مَاتَ فَقَدْ قَامَتْ قِيَامَتُهٗ.
(جو مر گیا اس کے لئے تو قیامت قائم ہو گئی)۔

ج: قیامت نام ہے حساب کتاب کے لئے کھڑے ہونے کا۔ مرتے ہی بندے کا حساب کتاب شروع ہو جاتا ہے، پہلے قبر کے سوال و جواب، قیامت تک راحت یا عذاب انہی کی بنیاد پر قائم ہوگا۔ پھر اگلی قیامت آنی ہے۔ قبر کے عذاب یا راحت کو ظاہر کرنے کے لئے کہا جاتا ہے کہ (قبر یا تو جنت کے باغات میں سے ایک باغ ہے یا جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا)۔ (حدیث نبویؐ)

29- اِسلامی فقہ کی رُو سے ایک مرد کا شرعی کفن کتنے کپڑوں پر مشتمل ہوتا ہے؟

ج: کم از کم تین اور زیادہ سے زیادہ پانچ۔

30- اِسلامی تعلیمات کی رُو سے ایک عورت کا کفن کتنے کپڑوں پر مشتمل ہوتا ہے؟

ج: کم از کم پانچ اور زیادہ سے زیادہ سات۔

31- نمازِ جنازہ میں کتنے سجدے اور تکبیریں ہوتی ہیں؟

ج: نمازِ جنازہ میں نہ سجدہ ہوتا ہے نہ رکوع، البتہ اس میں چار تکبیریں ہوتی ہیں۔

32- نماز جنازہ میں جنازہ کو کہاں رکھا جاتا ہے؟

ج: امام کے بالکل سامنے۔

33- سب سے پہلا قتل کس کا ہوا، کس نے کیا اور کب؟

ج: جب حضرت آدم علیہ السلام زمین پر آئے اور آپؑ کی اولاد ہوئی تو آپ کے بیٹے (ق) قابیل نے (ھا) ہابیل کو قتل کر دیا۔ یہ قتل سر پر پتھر مار کر کیا گیا اور یہ قتل مکہ مکرمہ میں ہوا۔ قابیل نے بھائی کی لاش کو چھپانے کا فن کوے سے سیکھا۔

Marfat.com

(سورہ المائدہ، آیات 31-30)

34- صندوق قبر کیسی ہوتی ہے؟

ج: اول مستطیل شکل میں زیادہ لمبائی اور چوڑائی میں قبر کھودی جاتی ہے، پھر اس کے درمیان دوسرا مستطیل لمبائی میں میت کے قد سے کچھ زیادہ اور چوڑائی میں میت کی جسمانی چوڑائی سے تھوڑی سی زیادہ کھودی جاتی ہے۔ دوسرے مستطیل میں میت کو قبلہ رُخ کر کے رکھا جاتا ہے۔ پھر قبر کو تختوں/سلوں سے بند کر کے مٹی ڈالیں اور زمین سے ایک فٹ بلند مٹی ڈالیں۔

35- بغلی قبر کی وضاحت کریں۔

ج: بغلی یا لحد والی قبر اس طرح ہوتی ہے کہ پہلے زمین کو سیدھا کھودا جائے، پھر قبلہ کی جانب میت کے جسم کے مطابق کھدائی کی جائے اور جو دروازہ سا بن جائے اسے کچی اینٹوں یا پتھر سے بند کیا جائے یہاں پکی اینٹیں یا لکڑی لگانا مکروہ ہے۔

36- کیا قبر کو ایک دفعہ بند کر کے دوبارہ کھولنا جائز ہے؟

ج: جی ہاں! بشرطیکہ کھولنے کی ضرورت ہو اور علماء نے اس کی اجازت دی ہو، مثلاً:
عورت کی میت کو بھول کر زیور سمیت دفن کر دیا، زیور نکالنے کے لئے قبر کھولنا جائز ہے۔
میت کے دفن کے وقت ورثا موجود نہ تھے، اب ورثا کو کھولنے کی اجازت ہے۔
میت کو دفن کرتے وقت کسی کا مال قبر میں گر گیا، اسے نکالنے کے لئے قبر کھولنا جائز ہے۔
میت کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے کے لئے قبر کھولنا جائز ہے۔

37- میت کو قبر میں اُتارتے وقت کیا دُعا پڑھنی چاہیے؟

ج: (1) بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ عَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلُ اللّٰهِ.

(2) بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ.

میت کو قبر میں اُتارتے وقت یہ دُعائیں پڑھیں۔

38- میت کو قبر میں لٹانے کا طریقہ لکھیں۔

ج: میت کو قبلہ رُخ کر کے دائیں کروٹ لٹایا جائے، میت کا نیچے والا بازو جسم کے بوجھ

Marfat.com

سے آزاد رکھیں، میت کی پشت کی طرف نرم مٹی یا ریت کا تکیہ سا بنا دیں۔

-39 اس حدیث مبارکہ کا ترجمہ کریں اور اس سے ظاہر ہونے والے احکام لکھیں۔

اِنَّ الْمَیِّتَ یَتَاذّٰی مِمَّا یَتَاذّٰی بِهِ الْحَیُّ.

ج: بیشک میت کو (ہر) اس (کام) سے تکلیف ہوتی ہے جس سے زندہ کو تکلیف ہوتی ہے۔

احکام: میت کے اُوپر بیٹھنا نہیں چاہئے۔ میت کا کوئی عضو توڑنا یا مروڑنا نہ چاہئے۔ غسل یا کفن پہناتے وقت یا دفن کرتے وقت میت کو سختی کے ساتھ نہیں دبانا چاہئے۔ قبر کے اُوپر چڑھ کر نہ بیٹھنا چاہئے۔ بلکہ قبر کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھنا بھی منع ہے۔

-40 قبر کے اُوپر مٹی ڈالنا کیسا عمل ہے؟

ج: قبر پر مٹی ڈالنا سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

-41 میت کو قبر میں اُتارنے کا شرعی طریقہ بتائیں؟

ج: میت کو قبلہ کی سمت سے قبر میں اُتاریں۔ مرد کو اجنبی، غیر اجنبی سب قبر میں اُتار سکتے ہیں، مگر افضل ہے کہ عورت کو اس کے محرم قبر میں اُتاریں۔ قبر میں میت کو لٹانے سے قبل کچھ بچھانا جائز ہے، مثلاً کمبل یا مصلیٰ، مرد کے جنازے کو قبر میں اُتارتے وقت چھپانے کی ضرورت نہیں، مگر عورت کے جنازہ کو کپڑے کا پردہ کر کے قبر میں اُتارا جائے، حتیٰ کہ قبر پر تختے یا سلیبیں لگا دی جائیں۔ عورت کو دو افراد اور مرد کو چار افراد قبر میں اُتاریں۔ دفن کے بعد قبر پر پانی چھڑکیں۔ قبر پر کھڑے ہو کر تلاوت قرآن مجید کی جائے اور سبز پتے/شاخیں اور پھول وغیرہ ڈالے جا سکتے ہیں۔

-42 قبر کے قریب کون کون سے امور مکروہ اور غلط ہیں؟

ج: قبر کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھنا، دُنیا کی (لغو اور بے ہودہ) باتیں کرنا، ہنسنا، موت کو یاد نہ کرنا، مرنے والے کی برائی کرنا، توبہ نہ کرنا اور بخشش نہ مانگنا۔

-43 پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے جنازہ و کفن دفن اور اُمتی کے جنازہ و کفن دفن میں دو امتیازات لکھیں۔

ج: (ا) پیغمبر کے پہنے ہوئے کپڑے بوقت غسل اُتارے نہیں جاتے۔ عام

Marfat.com

مسلمان کے کپڑے اُتارے جاتے ہیں۔

(۲) پیغمبر جہاں فوت ہو، وہیں دفن کیا جاتا ہے۔عام اُمتی کو قبرستان میں دفن کیا جاتا ہے۔

(3) پیغمبر کے جنازہ میں اس کے لئے دُعائے مغفرت نہیں کی جاتی (درود و سلام پڑھا جاتا ہے) عام اُمتی کے لئے اللہ سے مغفرت مانگی جاتی ہے۔

44- تعزیت اور عیادت میں کیا فرق ہوتا ہے؟

ج: جب تک کوئی مسلمان مرد یا عورت بیمار ہے اس کی خبر گیری کرنا عیادت ہے اور جب وہ مر جائے اس کا افسوس کرنا اور اس کے گھر والوں کو صبر کی تلقین کرنا تعزیت ہے۔

45- تعزیت کا کیا ثواب بیان ہوا ہے؟

ج: میت کے دفن سے تین دن تک تعزیت کرنا (سوگ منانا) حکم ہے۔تعزیت کرنے والے کا ثواب بہت زیادہ بیان ہوا ہے۔مثلاً

(1) مصیبت زدہ کے اجر کی مثل اجر کا استحقاق

(2) جنت کی عمدہ چادر پہنائے جانے کا ثواب۔

(3) قیامت کے دن عزت و کرامت کا لباس پہنائے جانے کا ثواب۔

46- کون سی تین ساعتیں ہیں جن کے اندر نماز جنازہ اور کفن دفن سے منع فرمایا گیا ہے؟

ج: طلوع آفتاب۔زوالِ آفتاب۔غروبِ آفتاب (یہی اوقات نماز سے ممانعت کے اوقات ہیں)۔

47- قبر پر کھڑے ہو کر مردے کو کس طرح پکارنا چاہئے؟

ج: میت کا نام اس کی ماں کے نام کے ساتھ پکارے اور کلمہ کی تلقین کرے۔قیامت کے دن مردہ کو اس کے باپ کے نام کے ساتھ پکارا جائے گا۔(بحوالہ المعجم الکبیر للطبرانی جلد۸، ص ۲۹۸، مجمع الزوائد، جلد۲، ص ۳۲۴، جلد۳، ص ۴۵، کنز الاعمال حدیث نمبر ۴۲۴۰۶، ۴۲۹۳۴)۔

48- میت کو کن لوگوں کے جوار (پڑوس) میں دفنانا چاہئے؟

Marfat.com

ج: اِدْفِنُوا مَوْتَاکُمْ فِیْ وَسْطِ قَوْمٍ صَالِحِیْنَ.

(اپنے مردوں کو نیک لوگوں کے درمیان (قریب) دفن کیا کرو)۔

49- مردہ پیدا ہونے والا بچہ اور پیدا ہوا مر جانے والا بچہ دونوں کو کہاں دفن کرنا چاہئے؟

ج: دونوں کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنا چاہئے۔

(مردہ پیدا ہونے والے کی نمازِ جنازہ نہ پڑھی جائے گی، زندہ پیدا ہو کر مرنے والے کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی)۔

50- قبر کے سوال و جواب کن لوگوں کو معاف ہیں۔تین کے نام لکھیے؟

ج: ملکی سرحدوں کی حفاظت کرنے والا، شہید، موت کے وقت کی شدت کو برداشت کرنے والے، خاص (مثلاً جمعۃ المبارک کے) دونوں میں دُنیا سے اُٹھایا جانے والا۔

51- اس حدیث مبارکہ کا ترجمہ کریں۔

لَا تَجْلِسُوا عَلَی الْقُبُوْرِ وَلَا تَصِلُوا عَلَیْھَا.

ج: (قبروں پر نہ بیٹھا کرو اور نہ ہی قبروں کی طرف منہ کر کے نماز پڑھا کرو)

52- قبرستان اور قبر کے تین آداب لکھیں۔

ج: (1) قبروں پر چلا نہ جائے (2) قبر پر پیشاب یا پاخانہ نہ کیا جائے

(3) قبروں میں جوتے پہن کر نہ چلنا (4) قبرستان میں چار پائی بچھا کر نہ سونا۔

(5) قبرستان میں گھوڑا نہ باندھنا (6) عورتیں نہ جنازہ کے ساتھ چلیں اور نہ قبرستان میں جائیں۔

لَعَنَ اللّٰہُ زَائِرَاتُ الْقُبُوْرِ (بحوالہ صحیح بخاری)

(اللہ کی لعنت ہے ان عورتوں پر جو قبروں کی زیارت کو جائیں)۔

Marfat.com

# تاریخِ اسلام

1- "تاریخ" کسے کہتے ہیں؟

ج: (1) مہینے کے گنتی وار دن کو تاریخ کہتے ہیں۔ مثلاً آج یکم تاریخ ہے۔

(2) قوموں کے احوال و وقائع اور مرحلہ وار واردات و حالات کو تاریخ کہتے ہیں۔

2- پتھر کے دور کی تاریخ (Stone Age History) سے کیا مراد ہوتی ہے؟

ج: جب انسان تہذیب و تمدن سے عاری تھا اور پتھر سے شکار کرتا تھا۔ پتھر سے کاٹنے کا کام لیتا تھا۔ پتھر کو بطور ہتھیار استعمال کرتا تھا اور پتھر سے ہی آگ جلاتا تھا۔ اس دور کو پتھر کا زمانہ کہتے ہیں، یعنی تہذیب و تمدن سے قبل کا زمانہ، سہولتوں کی عدم فراہمی کا دَور۔

3- مسلم تاریخ کے علاوہ کوئی سی دو تاریخوں کی نشاندہی کریں۔

ج: یونانیوں کی تاریخ (Greek History)، مصریوں کی تاریخ (Egyptian History)، ہندوستانیوں کی تاریخ (Indian History)، یورپ کی تاریخ (European History) وغیرہ وغیرہ۔

4- مسلم تاریخ سے کیا مراد ہے؟

ج: اس زمانے کا ذکر اور احوال و وقائع جس میں مسلمان بحیثیت ایک قوم اُبھرے اور

Marfat.com

کے عروج وزوال میں اپنا مقام بنایا۔

5- مسلم تاریخ کا آغاز کب ہوا؟

ج: حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت سے (571 عیسوی سے)

6- سیرت النبیؐ کی تاریخ کے دو مراحل ہیں ذرا بیان کر دیں۔

ج: (1) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مکی زندگی، (سن 1 عام الفیل تا سن 53 عام الفیل)

سن 571 عیسوی تا سن 622 عیسوی (53 سالہ دور)

(2) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مدنی زندگی سن 53 عام الفیل تا سن 63 عام الفیل۔ سن 622 عیسوی تا سن 632 عیسوی (10 سالہ دور)

7- حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نبوی زمانہ کی تاریخی تقسیم کریں۔

ج: (1) مکی دورِ نبویؐ: سن 40 عام الفیل تا سن 53 عام الفیل (13 سالہ دور)

(2) مدنی دورِ نبویؐ: 53 عام الفیل تا 63 عام الفیل 622 عیسوی تا 632 عیسوی (10 سالہ دور)

8- حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا دورِ خلافت بیان کریں۔

ج: سن 11 ہجری تا سن 13 ہجری (12 ربیع الاول سن 11 ہجری تا 22 جمادی الثانی سن 13 ہجری) (2 سال، 3 ماہ، 10 دن)

9- حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا دورِ خلافت بیان کریں۔

ج: سن 13 ہجری تا سن 24 ہجری (23 جمادی الثانی، سن 13 ہجری تا 29 ذوالحج، سن 23 ہجری) (10 سال، 6 ماہ، 6 دن)

10- حضرت عثمان ذُوالنّورین رضی اللہ عنہ کا دورِ خلافت بیان کریں۔

ج: سن 23 ہجری تا سن 35 ہجری (30 ذوالحج، سن 23 ہجری تا 18 ذوالحج، 35 ہجری) (11 سال، 11 ماہ، 18 دن)

11- حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کا دورِ خلافت بیان کریں۔

ج: سن 35 ہجری تا سن 40 ہجری، (19 ذوالحج، سن 35 ہجری تا 21 رمضان المبارک،

Marfat.com

40 ہجری)،(4سال،9ماہ،2دن)

12- ہجری، میلادی، عام الفیل اور عیسوی سال کب شروع ہوئے۔

ج: ہجری......رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مکہ سے مدینہ کو ہجرت کرنے کے دن سے

16 جولائی 622ء......تا حال (جاری ہے)

میلادی......حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اس عالم آب وگل میں تشریف لانے کے

دن سے 20 اپریل 571ء......تا حال (جاری ہے)۔

عام الفیل......ابرہہ یمنی کے خانہ کعبہ پر حملہ کرنے کے واقعہ سے۔

عیسوی......حضرت عیسیٰ رُوح اللہ علیہ السلام کے اس دُنیا سے عالم بالا کی طرف زندہ

اُٹھائے جانے کے وقت سے۔

13- A.D اور B.D اگر کسی سن کے ساتھ لکھا ہو تو اس کا کیا مطلب ہوتا ہے؟

ج: A.D کا مطلب ہوتا ہے (After Death) (عیسائی عقیدہ، حضرت عیسیٰ کی

موت کے بعد کا زمانہ)

B.D کا مطلب ہوتا ہے (Before Beath) (حضرت عیسیٰ کی پیدائش سے

پہلے کا زمانہ)۔

14- حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے بعد کون سے خلیفہ راشد برسر اقتدار آئے؟

ج: حضرت امام حسن مجتبیٰؓ بن حضرت علیؓ (آپ صرف چھ ماہ کے لئے خلیفہ بنے، پھر آپ

نے خلافت ازخود چھوڑ دی)۔

15- حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے حضرت امیر معاویہؓ کے ساتھ جھگڑا یا اختلاف کی بنیادی

وجہ کیا تھی؟

ج: حضرت عثمانؓ بن عفان (تیسرے خلیفہ راشد) کا قتل اور ان کے خون کا بدلہ لینے کا مطالبہ

16- دورِ صدیقیؓ کی کسی ایک جنگ کا نام لکھیں۔

ج: جنگ یمامہ، جھوٹے نبی مسیلمہ کذاب کے خلاف لڑی گئی جس میں مسیلمہ مارا گیا اور

حضرت خالدؓ بن ولید کی سربراہی میں مسلمان لشکر فاتح واپس لوٹا۔

Marfat.com

-17 دورِ فاروقیؓ میں ایرانیوں کے خلاف کسی ایک جنگ کا نام لکھیں۔

ج: ایرانیوں کے خلاف دورِ فاروقی کی جنگوں کے نام یہ ہیں۔

جنگِ نمارق (مسلمانوں اور ایرانیوں کے مابین پہلی جنگ)

جنگِ کسکر (مسلمان سپہ سالار حضرت ابوعبیدہؓ بن الجراح ایرانی سپہ سالار: جابان)

جنگِ جسر (مسلمان سپہ سالار حضرت ابوعبیدہؓ بن الجراح ایرانی سپہ سالار: مردان شاہ بہمن)

جنگِ قادسیہ (مسلمان سپہ سالار حضرت مثنیٰؓ بن حارثہؓ ایرانی سپہ سالار: رستم)

-18 حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور میں کون سا ایسا کام کیا گیا جو آپ سے پہلے نہ ہوا تھا؟

ج: قرآن مجید کے نسخہ صدیقی (المصحف الامام) کی نقول تیار کر کے مسلمان ریاست میں پھیلانا اور لوگوں کو اس ایک نسخہ قرآن پر جمع کرنا۔

-19 دورِ علیؓ کی تین مشہور جنگوں کے فریقین کے نام لکھیں۔

ج: جنگِ جمل (حضرت علیؓ بمقابلہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ)

جنگِ صفین (حضرت علیؓ بمقابلہ امیر معاویہؓ)۔

جنگِ نہروان (حضرت علیؓ بمقابلہ خوارج)

-20 حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے کس طرح تصفیہ ہوا؟

ج: اسلامی سلطنت کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا گیا۔ ایک کے سربراہ حضرت علیؓ تھے اور دوسرے حصہ (شام وغیرہ) میں سربراہ حضرت امیر معاویہؓ سربراہ تھے۔

-21 بنوامیہ کا دورِ خلافت کب سے کب تک رہا؟

ج: سن 41 ہجری تا سن 132 ہجری (661 عیسوی تا 750 عیسوی)۔

بنوامیہ کے 14 خلفا یکے بعد دیگرے مسندِ خلافت پر جلوہ فگن ہوئے اور نوے برس نو ماہ حکومت کی۔

-22 خلافت بنی امیہ کے پہلے اور آخری خلیفہ کا نام لکھیے۔

Marfat.com

ج: پہلے خلیفہ: حضرت امیر معاویہؓ بن ابوسفیانؓ (41 ہجری تا 60 ہجری)

آخری خلیفہ: مروان ثانی (127 ہجری تا 132 ہجری)

23- اموی اور عباسی سلطنت کو مستحکم کرنے میں کن دو افراد نے حصہ لیا؟

ج: اموی: حجاج بن یوسف ثقفی (خلیفہ عبدالملک بن مروان کے دور میں ہوا۔

عباسی: ابو مسلم خراسانی (ابوالعباس عبداللہ السفاح کے دور میں ہوا۔

24- مشہور اموی خلیفہ حضرت عمرؒ بن عبدالعزیز جسے پانچواں خلیفہ راشد بھی کہا جاتا ہے (عمر فاروق ثانیؒ) کا دور کب سے کب تک ہے؟

ج: 99 ہجری تا 101 ہجری (3 سالہ دور)

(انہوں نے خلافت راشدہ کے دور کو زندہ کردیا، اسی وجہ سے انہیں عمر ثانی کہتے ہیں)۔

25- عباسی دور کے پہلے اور آخری خلیفہ کے نام اور زمانہ لکھیے۔

ج: ابوالعباس عبداللہ السفاح۔132 ہجری تا 136 ہجری (4 سال)۔

واثق باللہ بن معتصم باللہ...... 227 ہجری تا 232 ہجری (5 سال)۔

26- عباسی خلافت کے پانچ ادوار کی نشاندہی کریں۔

ج: پہلا دور...... 132 ہجری تا 232 ہجری (100 سال)

دوسرا دور...... 232 ہجری تا 334 ہجری، (102 سال)

تیسرا دور...... 334 ہجری تا 447 ہجری (113 سال)

چوتھا دور...... 447 ہجری تا 590 ہجری (143 سال)

پانچواں دور...... 590 ہجری تا 656 ہجری (66 سال)

(عباسیوں کا اصل دور پہلا دور ہی ہے۔ اس کے بعد اکثر غیر عباسی خاندانوں نے حکومت کی ہے)۔

27- صلیبی جنگوں سے کیا مراد ہے؟

Marfat.com

ج: عباسی خلافت کے چوتھے دور میں یورپ کے عیسائیوں نے اسلامی ملکوں پر بار بار حملے کئے اور مسلمانوں کے ساتھ خونریز جنگیں کرتے رہے۔ان جنگوں کو صلیبی جنگیں کہتے ہیں،ان جنگوں میں عیسائیوں کا مقصد تھا۔

1- بیت المقدس (یروشلم) کو مسلمانوں کے قبضے سے آزاد کروانا۔

2- صلیب کا جھنڈا کل دُنیا میں لہرانا۔

28- کون سے مسلمان حکمران صلیبی جنگوں کی معرکہ آرائیوں کے حوالے سے مشہور ہیں؟

ج: عمادالدین زنگیؒ ،نورالدین زنگیؒ ،صلاح الدین ایوبیؒ ۔

29- عباسی خلافت کے (دو تا پانچ) چار ادوار میں مشہور حکمران خاندانوں کے نام بتائیے۔

ج: ترک سیاہ وسفید کے مالک بن بیٹھے (دوسرا دور)

(بنی بویہ) دیلمی اور سلجوقی حکمران بن گئے (تیسرا دور)

خوارزم شاہی حکمران بن گئے (چوتھا دور)

تاتاریوں نے عباسی سلطنت کی اینٹ سے اینٹ بجادی (پانچواں دور)

30- آخری عباسی خلیفہ 656ء میں بغداد میں مارا گیا۔بتائیے کیسے؟

ج: چنگیز خان کے پوتے ہلاکو خان نے عباسی خلیفہ مستعصم باللہ کو اس کا خون بہائے بغیر قتل کردیا اور بغداد کو خاک وخون میں نہلادیا۔

31- اموی اور عباسی سلطنت کے اصل بانی کن خلفا کو کہا جاتا ہے؟

ج: اموی: عبدالملک بن مروان۔

عباسی: ابوجعفر المنصور۔

32- بیت الحکمت کے نام سے تالیف وترجمہ کا اشاعتی ادارہ کس عباسی خلیفہ کے دور میں قائم ہوا؟

ج: ہارون الرشید۔

Marfat.com

33- خلیفہ ہارون الرشید اور خلیفہ ابو جعفر المنصور نے دو مشہور شخصیات کو قتل کروایا۔ بھلا بتایئے کون؟

ج: خلیفہ ہارون الرشید نے خاندان برمکی کے جعفر برمکی کو قتل کروایا۔
خلیفہ ابو جعفر المنصور نے ابو مسلم خراسانی کو قتل کروایا۔

34- اموی خاندان کے کس فرد نے اندلس میں اموی سلطنت کی بنیاد رکھی؟

ج: عبدالرحمٰن الداخل نے اندلس میں اموی سلطنت کی بنیاد رکھی، جو کہ 275 سال تک قائم رہی۔

35- بنو عباس کا دورِ خلافت کب سے کب تک ہے؟

ج: بنو عباس 132 ہجری تا 656 ہجری تک برسرِ اقتدار ہے (750 عیسوی تا 1258 عیسوی) اور اس خاندان میں کل 37 خلفا برسرآرائے خلافت ہوئے۔

Marfat.com

# نکاح

1- لفظ نکاح کی لغوی وضاحت کریں۔

ج: لفظ نکاح عربی کے مصدر ن ک ح سے مشتق ہے، اس کا معنی ہوتا ہے عقد، ازدواج، شادی، بیاہ، معاملہ تزویج، بندھن۔

اصطلاحی مطلب: ایسا شرعی معاملہ/ معاہدہ جس کے ذریعے مرد اور عورت کے درمیان جنسی تعلق جائز اور اولاد کا نسب صحیح ہو جاتا ہے اور زوجین کے درمیان دیوانی حقوق و فرائض پیدا ہو جاتے ہیں۔

2- نکاح اور شادی میں کیا فرق ہے؟

ج: نکاح: شرعی/ مذہبی/ اخلاقی بندھن جس کے ذریعے ایک مرد اور ایک عورت اکٹھے زندگی گزاریں اور ایک دوسرے سے جنسی تعلق قائم کریں۔

شادی: اصل معنی ہے خوشی، یہ نکاح کا مترادف ہے، مگر نکاح کا بدل نہیں..... نکاح کی خوشی کو بھی شادی کہہ دیتے ہیں۔

3- معاشرے میں نکاح کی اہمیت کے بارے میں دو سطریں لکھیں۔

ج: مرد اور عورت ایک دوسرے کی جنسی ضرورت پورا کرتے ہیں۔ شیطان کے ورغلانے

Marfat.com

سے محفوظ ہو جاتے ہیں۔ افزائش نسل کا باعث بنتے ہیں اور معاشرتی ترقی کے لئے ذہنی، جسمانی اور افرادی قوت فراہم کرتے ہیں۔ معاشرتی اطمینان کا ایک بڑا ذریعہ نکاح ہے۔ شادی شدہ مرد اور عورت دونوں کا وقار بلند ہو جاتا ہے۔

4- کائنات میں سب سے پہلا نکاح کس کا ہوا؟

ج: حضرت آدم علیہ السلام اور اماں حوا علیہا السلام۔

5- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کو کیا قرار دیا ہے۔

ج: اپنی سنت (النکاح من سنتی) جس سے منہ موڑنے والے کو اپنی اُمت/ جماعت سے خارج کر دیا گیا ہے۔

6- بروایت نبویؐ عورت سے نکاح کن وجوہات کے سبب کیا جاتا ہے؟

ج: مال، حسب نسب، حسن، دینداری (کردار) ان میں سب سے اولیت دینداری کو حاصل ہے۔

7- نکاح کرنے کو ایمان کے ساتھ جوڑا گیا ہے، کوئی دو روایات لکھیں۔

ج: اَلنِکَاحُ نِصْفُ الْاِیْمَانِ. اَلنِکَاحُ مِنَ الْاِیْمَانِ.

اَلنِکَاحُ مِنْ سُنَّتِیْ. اَلنِکَاحُ حِصْنُ الْاِیْمَانِ.

8- نکاح کی فضیلت میں کوئی ایک ارشادِ نبوی قلم بند کریں۔

ج: (1) مباح (اچھی اور پسندیدہ اور جائز) چیزوں میں سے اللہ کے نزدیک سب سے پسندیدہ (افضل) چیز نکاح ہے۔

(2) نکاح کرنے سے منہ پھیرنا حلال چیز کو حرام کرنے کے برابر ہے۔

(3) نکاح کیا کرو کیونکہ میں اپنی اُمت کی کثرت کی وجہ سے (دوسری اُمتوں) نبیوں پر فخر کروں گا۔

(4) نکاح کرنا نبیوں کا طریقہ ہے۔

9- قرآن مجید کی وہ آیت لکھیں جس کے مطابق "چار" تک نکاح کرنے کی اجازت ہے۔

ج: فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ (سورۃ النساء 4:)

Marfat.com

(جو عورتیں تمہیں پسند آ جائیں ان میں سے دو سے اور تین سے اور چار سے نکاح کر لو)

10- اسلام سے پہلے عرب میں نکاح کے کتنے طریقے رائج تھے؟

ج: آٹھ۔ایک (مروج فی الشرع) کے علاوہ تمام طریقوں کو سرکار صلی اللہ علیہ وسلم نے ختم کر دیا۔

11- نکاح فرض ہے یا سنت؟

ج: قرآن مجید میں نکاح کا حکم صیغہ امر (حکم) کے ساتھ دیا گیا ہے۔ **فَانکِحُوا مَا طَابَ لَکُم مِّنَ النِّسَاءِ** حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کو اپنی سنت قرار دیا ہے اور اس سنت کو اپنانے کی تاکید کی ہے۔

فقہاء لکھتے ہیں: "جذبات میں ہیجانی کیفیت (توقان) اور نکاح کی قدرت ہونے پر نکاح فرض ہے۔ بدکاری میں مبتلا ہونے کے اندیشہ کے پیش نظر نکاح واجب ہے اور حالت اعتدال میں نکاح سنت مؤکدہ ہے"۔

12- نکاح کے پیغام پر نکاح کا پیغام بھیجنا کیسا عمل ہے؟

ج: انتہائی برا اور ناپسندیدہ، آں سرور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے سختی سے منع فرمایا ہے۔

13- نکاح کے واجبات کتنے ہیں؟

ج: تین: (1) ایجاب وقبول، (2) حق مہر کا تعین، (3) اعلان

14- نکاح میں ولی اور وکیل کی وضاحت کریں۔

ج: <u>ولی:</u> عورت کے نکاح کے معاملات میں اختیار رکھنے والا شخص "ولی" کہلاتا ہے۔ عورت کا ولی ترجیحاً اس کا باپ ہوتا ہے۔

<u>وکیل:</u> مرد کی طرف سے نکاح کے معاملات میں اختیار رکھنے والا شخص "وکیل" کہلاتا ہے۔ مرد کا ولی یا وکیل ترجیحاً اس کا باپ ہوتا ہے۔ ولی کو وکیل اور وکیل کو ولی بھی کہہ دیتے ہیں۔

15- باکرہ اور ثیبہ عورت سے کیا مراد ہوتی ہے؟

ج: کنواری لڑکی کو باکرہ کہتے ہیں اور شوہر دیدہ عورت کو ثیبہ کہتے ہیں۔ باکرہ کے نکاح

Marfat.com

میں ولی کا ہونا شرط ہے، ثیبہ کے نکاح میں ولی کا ہونا ضروری نہیں ہے۔ (شرط نہیں) لیکن اگر ولی موجود ہو تو یہ احسن ہے۔

16- خیار بلوغ سے کیا مراد ہے؟

ج: کسی لڑکے اور لڑکی کا بچپن میں نکاح کر دیا جائے اور بالغ ہونے کے بعد اگر ان میں سے کوئی ایک یا دونوں اس نکاح سے انکار کر دیں تو عدالت اسے تسلیم کرتی ہے، اس حق کو خیارِ بلوغ (بلاغت میں آ جانے کے بعد کا اختیار) کہا جاتا ہے۔

17- کفو سے کیا مراد ہے؟

ج: کفو، کفا سے بنا ہے، مطلب ہوتا ہے برابر ہونا۔ ایک حیثیت کا ہونا، نکاح میں مرد اور عورت کا نسب، اسلام، حریت، دیانت، مال اور معیشت (معاشرتی حیثیت) میں برابر ہونا ضروری ہے۔ اس میں دین و اخلاق کو باقی چیزوں پر تفوق حاصل ہے۔ (ایک کامیاب شادی کے لئے مرد کا عورت کا ہم کفو اور عورت کا مرد کا ہم کفو ہونا ضروری ہے)۔

18- جب نکاح پڑھایا جاتا ہے تو عورت ایجاب کرتی ہے اور مرد قبول کرتا ہے، یہ ایجاب کیا ہے؟

ج: جب عورت سے اس کے نکاح کے لئے رضامندی پوچھی جاتی ہے تو وہ ہاں یا ناں میں جواب دیتی ہے۔ عورت اگر کنواری ہے تو اس کا خاموش رہنا بھی ''رضا'' (ایجاب) ہے اور اس کا رونا/نفی میں سر ہلانا انکار ہے۔ عورت اگر ثیبہ ہو تو وہ رضا یا انکار زبان سے بول کے کرے گی۔ مرد، نکاح خواں کے سوال کے جواب میں ''قبول ہے'' کے الفاظ سے اپنی رضامندی ظاہر کرتا ہے۔ مرد کنوارا ہو یا رنڈوا، اس کا زبان سے کہنا ضروری ہے۔

19- نکاح کے معاملہ میں گواہوں کا کیا کردار ہوتا ہے؟

ج: عورت کے ایجاب کے وقت کم از کم دو گواہوں کا موقع پر موجود ہونا ضروری ہے، جو لڑکی کا اقرار یا انکار خود سنیں اور اس کا مجمع میں اعلان کریں۔ مرد کے قبول کے وقت

Marfat.com

ایک مجمع (کم از کم دو) شاہد ہوتا ہے۔

20- "ولی" کی ترجیحاً ترتیب بیان کریں۔

ج: ولی حسب ذیل افراد میں سے بہ ترتیب ذیل اس طرح ہوسکتا ہے۔

1- آبائی رشتہ میں قریب ترین رشتہ دار مرد۔

2- باپ کی اولاد میں سے قریب ترین رشتہ دار مرد۔

3- دادا کی اولاد میں سے قریب ترین رشتہ دار مرد۔

4- ماں اور اس کے رشتہ دار مرد اور عورتیں، تقسیم وراثت کے اصول پر۔

5- درج بالا تمام اولیاء کی عدم موجودگی میں قاضی یا اس کا مقرر کردہ نمائندہ۔

21- کفو کی شرط کب کالعدم ہو جاتی ہے؟

ج: جب نکاح دُلہن اور اس کے اولیاء کی باہمی رضامندی سے انجام پائے تو کفو کا اصول غیر مؤثر ہو جاتا ہے۔

22- "محرمات نکاح" سے کیا مراد ہے؟

ج: ایسی عورتیں جن سے نکاح حرام اور قطعی ناجائز ہے، محرمات نکاح کہلاتی ہیں۔

23- "محرمات نسبیہ" کی وضاحت کریں۔

ج: نسب (خون کے رشتے سے) کے حوالے سے مرد کے لئے نکاح میں حرام عورتیں محرمات نسبیہ کہلاتی ہیں، ان میں (۱) ماں، (۲) بہن، (۳) بیٹی، (۴) پھوپھی، (۵) خالہ، (۶) بھتیجی، (۷) بھانجی (سات رشتے) حرام ہیں۔

24- "محرمات رضاعیہ" کی وضاحت کریں۔

ج: دُودھ کے رشتے سے یعنی دُودھ پلانے کے رشتے سے محروم عورتیں، یہ بھی وہی سات رشتے ہیں جن کو اُوپر گنوایا گیا ہے۔

25- "محرمات سببیہ" کی وضاحت کریں۔

ج: سببیہ کا مطلب ہوتا ہے کسی وجہ سے۔ عورت کا مرد کے نکاح کے لئے حرام ہونا۔ محرمات سببیہ کی تفصیل اس طرح ہے۔

Marfat.com

(1) چار بیویاں موجود ہوں تو پانچویں سے شادی کرنا حرام ہے۔

(2) ایک بہن نکاح میں ہو تو دوسری سے نکاح حرام ہے۔

(3) بیوی کی ماں سے نکاح حرام ہے۔

(4) بیوی کی بیٹی (ربیبہ) سے نکاح حرام ہے۔

(5) بیٹے کی بیوی (بہو) سے نکاح حرام ہے۔

(6) ایسی دو رشتے دار خواتین سے ایک وقت میں نکاح حرام ہے کہ اگر ان میں سے ایک کو مرد اور دوسری کو عورت فرض کیا جائے تو ان کا باہم نکاح ناجائز ہو، مثلاً پھوپھی اور بھتیجی۔

-26 ''نکاح باطل'' سے کیا مراد ہے؟

ج: ایسا نکاح جو سرے سے منعقد ہی نہ ہوا ہو اور جس سے مہر اور اولاد کے نسب سمیت کوئی بھی حکم (دیوانی حقوق و فرائض) ثابت نہ ہوتا ہو۔ نکاح باطل کہلاتا ہے۔ مثلاً نکاح کیا مگر ایجاب و قبول زبان سے نہ کروایا یا نکاح کا اعلان نہ کیا۔

<u>تعریف</u>: ارکان نکاح میں خلل آجائے تو ایسا نکاح باطل ہو جاتا ہے۔

-27 نکاح فاسد سے کیا مراد ہے؟

ج: ایسا نکاح فسد (خراب) ہو جاتا ہے یعنی باقی نہیں رہتا مگر خلوتِ صحیحہ ہو جانے کی صورت میں مہر اور اولاد کا نسب ثابت ہو جاتا ہے۔

<u>تعریف</u>: ایسا نکاح جو کسی وجہ سے ٹوٹ جائے نکاح فاسد کہلاتا ہے۔

-28 نکاح پر نکاح کرنا شرعاً کیسا عمل ہے؟

ج: مرد کے لئے چار نکاحوں کی حد تک یہ ایک جائز، مسنون اور جمہوری عمل ہے۔ اس کے بعد ناجائز ہے، حتیٰ کہ ازواج کی تعداد کسی وجہ سے مثلاً طلاق یا وفات سے چار سے کم ہو جائے۔

-29 نکاح کرنے کے بعد مرد کے عورت پر اور عورت کے مرد پر حقوق ثابت ہو جاتے ہیں، کون سے؟

Marfat.com

ج: مرد اور عورت دونوں کے باہمی حقوق و فرائض یہ ہیں:

(1) حسن معاشرت

(2) خدمت و احترام

(3) ایک دوسرے کے اعزا و اقارب سے حسن سلوک۔

(4) اکٹھا رہنا اور خلوتِ صحیحہ۔

(5) ایک دوسرے کی جائز ضرورت پوری کرنا۔

(6) وراثت میں حق۔

30- ''ولیمہ'' کی وضاحت کریں۔

ج: ولیمہ ایک شرعی اور سنت عمل ہے، بشرطیکہ اعتدال کے اندر ہو۔

مرد اور عورت شبِ زفاف (ملاپ کی پہلی رات) گزارنے کے بعد اگلے دن نکاح کی خوشی میں ایک تقریب منعقد کرتے ہیں، جس میں اپنے عزیزوں کے علاوہ احباب اور تعلق داروں کو دعوت دیتے ہیں، ماکولات و مشروبات کا بندوبست کرتے ہیں۔ لوگ خوشی کے ماحول میں کھاتے پیتے ہیں، مبارک بادیں دیتے ہیں۔ یہ ولیمہ کی تقریب ہوتی ہے۔ (ولیمہ شبِ زفاف سے پہلے بھی ہوسکتا ہے)۔

31- نکاح کے بعد دولہا کو مبارک باد کی دُعا بیان کریں۔

ج: بَارَکَ اللّٰہُ لَکُمَا وَبَارَکَ عَلَیْکُمَا وَجَمَعَ بَیْنَکُمَا فِیْ خَیْرٍ

(اللہ تم دونوں کو برکت دے اور تم دونوں پر برکت ڈالے اور تم دونوں کے درمیان خیر کو جمع کردے)۔

32- نکاح کے موقع پر شیطان کس ردعمل کا مظاہرہ کرتا ہے؟

ج: روتا ہے، چیختا ہے، چلاتا ہے کہ ہائے ایک مسلمان مرد اور ایک مسلمان عورت نے اپنا آپ مجھ سے نکاح کے قلعہ میں محفوظ کرلیا ہے۔

33- ''نکاح متعہ'' سے کیا مراد ہے؟

ج: ایسا نکاح جس میں کسی عورت کے ساتھ معاوضہ طے کر کے مخصوص مدت کے لئے

Marfat.com

نکاح کیا جائے، نکاح متعہ کہلاتا ہے۔

34- نکاحی زندگی کو عائلی زندگی بھی کہتے ہیں، اس سے کیا مراد ہے؟

ج: میاں بیوی (اور اگر اولاد ہو تو) اولاد والی زندگی۔ اسلام میں تجرد کی زندگی سے عائلی زندگی پسندیدہ اور سنت عمل ہے۔

35- جنسی تعلقات اگر بلا نکاح قائم کئے جائیں تو یہ کیا کہلاتے ہیں؟

ج: زنا اور بدکاری۔ یہ گناہ کبیرہ ہے جس کی دُنیا اور آخرت دونوں جہانوں میں سزا بیان ہوئی ہے۔

36- پاکستان میں عائلی قوانین کے ذریعے نکاح پر کن دو شرعی اجازتوں پر پابندی لگائی گئی ہے؟

ج: (۱) پہلی بیوی کی اجازت کے بغیر دوسرا نکاح نہیں کیا جا سکتا، جبکہ شریعت کے مطابق کیا جا سکتا ہے۔

(۲) تین طلاقیں دے دینے کے بعد بھی طلاق مؤثر نہیں ہوتی جب تک کہ متعلقہ یونین کونسل اس کی توثیق نہ کرے، حتیٰ کہ یونین کونسل "طلاق" کو واپس بھی کروا سکتی ہے، جبکہ شریعت میں اس کے برعکس عمل ہے۔

37- نکاح کا عربی مروج مترادف لکھئے:

ج: وطی (مرد اور عورت کا ایک دوسرے سے ملاپ کرنا۔) تزویج (مرد کا عورت سے تعلق قائم کرنا) (جسے حق زوجیت کہتے ہیں۔ عقد (گرہ باندھنا، بندھن میں بندھنا)

Marfat.com

# طلاق

1- لفظ طلاق کے معنی کی وضاحت کریں۔

ج: طلاق عربی کا لفظ ہے اور ط ل ق مصدر سے مشتق ہے، اس کا مطلب ہوتا ہے آزاد کرنا، بندش کھول دینا۔ اصطلاحی معنوں میں خاوند کا اپنی بیوی کو نکاح کی پابندی سے آزاد کر دینا طلاق کہلاتا ہے۔ اپنی منکوحہ سے علیحدگی اختیار کرنے کا شرعی اور سنت طریقہ طلاق ہے۔

2- ''طلاق'' اللہ کے نزدیک کیسا عمل ہے؟

ج: حدیث شریف میں ہے کہ ''اللہ کے نزدیک جائز کاموں میں سب سے زیادہ ناپسندیدہ عمل طلاق ہے''۔

3- طلاق کے بارے میں قرآن میں پہلا حکم کیا آیا؟

ج: طلاق کو عورت سے مال چھیننے کا ذریعہ نہ بنایا جائے۔ (سورۃ النساء:20)

4- عربوں میں طلاق کی کیا حیثیت تھی؟

ج: عرب کثرت سے اپنی بیویوں کو طلاق دیتے تھے۔ اس طرح کہ ایک رجعی طلاق دے دیتا اور عدت کے ختم ہونے سے پہلے پہلے ہم بستری کر کے رجوع کر لیتے۔ پھر طلاق

Marfat.com

دے دیتے۔ اس طرح عورت نہ تو مطلقہ ہوتی اور نہ شادی شدہ۔ عربوں میں طلاق دینے کا حق مرد کو حاصل تھا۔ اسلام نے بھی اس حق کو قائم رکھا ہے۔

5- مرد کو طلاق کا حق حاصل ہے، عورت کو اس کے مقابل کیا حق حاصل ہے؟

ج: خلع (سورۃ البقرۃ کی آیت: 227)

(یعنی عورت اپنے خاوند کو کچھ دے دلا کر یا حق مہر چھوڑ کر یا دوسرے طریقے سے کوئی لین دین کر کے طلاق لے، لے، یہ خلع ہے)۔

6- طلاق کی کتنی قسمیں ہیں؟

ج: طلاق تین دفعہ دی جاتی ہے، تب مؤثر ہوتی ہے۔

(۱) پہلی دفعہ طلاق دینے کو "طلاق رجعی" کہتے ہیں۔

(۲) دوسری دفعہ کی طلاق کو "طلاق بائنہ" کہتے ہیں۔

(۳) تیسری دفعہ کی طلاق کو طلاق بائن یا طلاق مغلظہ کہتے ہیں۔

7- طلاق رجعی کے احکام کیا ہیں؟

ج: مرد اپنی بیوی کو خوشی سے یا ناراضی سے ایک دفعہ کہہ دے۔ میں تجھے طلاق دیتا ہوں۔ یا تجھے طلاق ہے۔ یا تو میری طرف سے طلاق یافتہ ہے۔ یا اس طرح کے دوسرے الفاظ سے طلاق دے دے اور نیت یہ کرے کہ میں ایک طلاق دیتا ہوں یا ایک طلاق کا اعلان کر دے تو یہ رجعی طلاق ہے۔ اس طلاق کی عدت کے دوران اگر خاوند اپنی بیوی سے صرف ہم بستری کر لے تو طلاق کا اثر ختم ہو جائے گا۔

8- طلاق بائن کی وضاحت کریں۔

ج: ایسی طلاق جس کے بعد میاں بیوی میں علیحدگی ہو جائے، یعنی وہ ایک بستر پر نہ سو سکیں بلکہ علیحدہ علیحدہ رہیں تو اس کو طلاق بائن کہتے ہیں۔ یعنی جدائی کر دینے والا طلاق۔ یہ طلاق یعنی طلاقِ بائنہ۔

1- دو دفعہ طلاق دینے کے بعد ہوتی ہے، مگر اس میں واپسی یعنی رجوع کی گنجائش ہے۔

2- تین دفعہ طلاق دینے کے بعد ہوتی ہے اور اس میں واپسی یعنی رجوع کی

Marfat.com

گنجائش نہیں ہوتی۔

9- طلاقِ مغلظہ کسے کہتے ہیں؟

ج: تیسری طلاق دے دینے کے بعد میاں بیوی کا رشتہ ٹوٹ جاتا ہے اور ان میں علیحدگی ہو جانے کے ساتھ ساتھ واپسی کی گنجائش ختم ہو جاتی ہے۔

نوٹ: تین طلاقیں ایک ایک کر کے دے یا اکٹھی دے دے، فقہ حنفی کے مطابق طلاق ہو جاتی ہے اور مؤثر ہوتی ہے)۔

10- عورت کو طلاق کے بعد کتنی دیر تک انتظار کرنا چاہئے؟

ج: وَالْمُطَلَّقٰتُ یَتَرَبَّصْنَ ثَلٰثَةَ قُرُوْءٍ۔ (مطلقہ (طلاق یافتہ) عورت کو تین حیض یا تین طہر کے مساوی تین ماہ انتظار کرنا ہوتا ہے)۔ شرعی اصطلاح میں اس انتظار کو عدت کہتے ہیں۔

11- ''عدت'' کی تعریف کریں۔

ج: طلاق دے دینے کے بعد عورت جتنی دیر تک خاوند کے رجوع کا انتظار کرنے کی پابند ہے یا کسی دوسری جگہ نکاح سے رکے رہنے کی پابند ہے، اسے عدت کہتے ہیں۔ معنی ہے گنتی۔ مختلف عورتوں کے لئے عدت کی مدت مختلف ہے، مثلاً:

| | | |
|---|---|---|
| 1- | عام عورت کی عدت | تین ماہ (سورۃ البقرۃ: 228) |
| 2- | حاملہ کی عدت | وضع حمل تک۔ |
| 3- | بیوہ کی عدت | چار ماہ دس دن۔ |
| 4- | نابالغہ یا بے رخصت عورت کی عدت | ایک ماہ |
| 5- | آئسہ (بڑھیا کی عدت) | تین ماہ (سورۃ الطلاق: 4) |
| 6- | لونڈی کی عدت | آزاد عورت سے نصف (ذوات الحیض کیلئے۔ دو قروء اور غیر ذوات الحیض کیلئے۔ ڈیڑھ مہینہ) |

12- ''حلالہ'' سے کیا مراد ہے؟

ج: اس کا لفظی معنی ہے، حلال کرنے والا یا والی۔ یعنی تین طلاق دے دیئے جانے کے بعد

Marfat.com

مطلقہ کسی دوسرے مرد سے نکاح کرے اور پھر بعد از صحبت دوسرا مرد اپنی خوشی سے اس عورت کو چھوڑ دے، یعنی طلاق دے دے یا مر جائے تو اب وہ عورت اپنے پہلے خاوند سے دوبارہ نکاح کر کے نکاحی زندگی گزار سکتی ہے۔اس سارے عمل کو حلالہ کہتے ہیں۔

13- دو طلاقوں کے بعد رجوع کا طریقہ کیا ہے؟

ج: یہ کہ عورت کی رضامندی سے مرد دوبارہ نکاح کرے (اور وکیل اور گواہ مقرر کرے اور حق مہر بھی طے کرے)۔ پھر وہ دوبارہ سے اکٹھے ہو سکتے ہیں۔(البقرۃ:230)

14- ''مہر'' کیا ہوتا ہے؟

ج: عورت کے شادی کرنے پر عورت کے مرد کے لئے حلال ہونے کے عوض میں مرد کو کچھ طے شدہ رقم / مال/ جائیداد یا کوئی قیمتی چیز عورت کو دینا ہوتی ہے۔اسے ''مہر'' کہتے ہیں۔یہ نکاح کا رکن ہے اور اس کی دو قسمیں ہیں:

مہر مؤجل: مہر طے تو کر لیا جائے مگر بعد میں دیدیا جائے۔فوری ادائیگی ضروری نہ ہو۔

مہر معجّل: نکاح کے وقت ہی طے شدہ مہر ادا کر دیا جائے۔یعنی جلدی سے ادا کیا جانے والا مہر۔

15- بے چھوئی مگر نکاح یافتہ عورت کی عدت اور مہر کیا ہے؟

ج: سورۃ احزاب۔49 اور البقرۃ:236 میں اس بارے میں حکم آیا ہے کہ غیر مس شدہ عورت کی کوئی عدت نہیں ہے۔

ان کا کوئی حق مہر نہیں مگر یہ کہ

(۱) کچھ فائدہ پہنچا دو دستور کے مطابق۔

(۲) فائدہ پہنچائے جتنی ہمت ہو۔تنگی والا تنگی کے مطابق اور آسانی والا آسانی کے مطابق۔

16- ایلاء کسے کہتے ہیں؟

ج: بیوی سے ناراض ہو کر اس سے علیحدہ ہو بیٹھنا ایلا کہلاتا ہے۔اس میں چار ماہ تک

Marfat.com

انتظار ہے۔اگراس مدت کے اندر مرد رجوع کرلے تو ایلا ختم ہو جائے گا اور اگر چار ماہ گزر جائیں تو طلاق بائن ہو جاتی ہے۔(البقرة:226)

-17 طلاق مکروہ کون سی طلاق ہے؟

ج: عورت کو حیض کی حالت میں طلاق دینا، دورانِ حمل طلاق دینا ایک ہی دفعہ تین طلاقیں دینا مکروہ ہے، مگر احناف کے نزدیک طلاق ہو جاتی ہے۔

-18 حاکمین سے کیا مراد ہے؟

ج: اگر میاں بیوی میں مناقشت ہو جائے، جھگڑا بڑھتا جائے اور اصلاح کی کوئی صورت نظر نہ آئے تو ایک حاکم عورت کی طرف سے اور ایک حاکم مرد کی طرف سے مقرر کیا جائے گا۔ یہ مل بیٹھیں گے اور تصفیہ کی راہ نکالیں گے۔ان دونوں نمائندوں کو حاکمین کہتے ہیں۔

-19 عورت کی اصلاح کے مرحلہ وار اقدامات بیان کریں۔

ج: پہلے تو زبان سے سمجھایا جائے...... پھر سرزنش کی جائے/ ڈانٹا جائے...... پھر پٹائی کی جائے، (اس طرح کہ چہرہ پر اور نازک اعضاء پر نہ مارا جائے)...... پھر سونے میں علیحدگی کی جائے...... پھر حاکمین کا تقرر ہو...... پھر مرحلہ وار طلاق دی جائے۔

-20 ''طلاق حسن'' سے کیا مراد ہے؟

ج: طلاق حسن سے مراد ہے کہ حالتِ طہر میں ایک دفعہ طلاق دے کر ایک ماہ انتظار کیا جائے اور اس طہر میں ہم بستری نہ کی جائے۔ پھر دوسرے طہر میں دوسری طلاق اور ایک ماہ انتظار، پھر تیسرے طہر میں تیسری طلاق دی جائے اور ایک ماہ انتظار کیا جائے۔ طلاق دینے کا یہ طریقہ حسن کہلاتا ہے۔ یہ طلاق حالت طہر میں دی جانی ضروری ہے اور ہم بستری کا نہ کیا جانا بھی ضروری ہے۔

-21 طلاق احسن سے کیا مراد ہے؟

ج: (۱) یہ کہ طلاق حسن والا طریقہ اختیار کیا جائے۔

(۲) یہ کہ حالت طہر میں ہم بستری نہ کی جائے۔

Marfat.com

(۳) یہ کہ ہر طلاق کی عدت تین ماہ ہونی چاہئے۔

(۴) اسے طلاق سنت بھی کہتے ہیں۔

22- "تحلیل" کے بارے میں حدیث میں کیا حکم آیا ہے؟

ج: تحلیل کا مطلب ہے حلالہ کرنا۔ وضاحت اس کی یہ ہے کہ مطلقہ تین طلاق یا ایک طلاق سے اس غرض سے نکاح کیا جائے کہ وہ اپنے پہلے خاوند سے دوبارہ نکاح کرنے کے قابل ہو جائے۔ (البقرۃ:230) حدیث شریف میں ایسے نکاح کے بارے میں حکم ہے۔ لَعَنَ اللّٰهُ الْمُحَلِّلَ وَالْمُحَلَّلَ لَهٗ (حلالہ کرنے والے پر اللہ کی پھٹکار اور جس کے لئے حلالہ کیا جا رہا ہے اس پر بھی اللہ کی پھٹکار) (بحوالہ تفسیر ضیاء القرآن، جلد اوّل، ص159، مولفہ پیر محمد کرم شاہ الازہری)۔

23- غلام اور کنیز کی طلاق کے بارے میں کیا حکم ہے؟

ج: غلام دو دفعہ طلاق دے دے تو طلاق مؤثر ہو جائے گی۔

کنیز کی عدت کا زمانہ دو قروء (حالت حیض یا حالت طہر) قرار دیا گیا ہے۔

24- ہنسی مذاق کی طلاق کا کیا حکم ہے؟

ج: ایسی طلاق واقع ہو جاتی ہے (بحوالہ جامع الترمذی، باب...... فی الجد والھزل، ابن ماجہ، باب من طلق......)

25- طلاق مشروط کی وضاحت کریں۔

ج: ایسی طلاق جس کو کسی عمل، قول یا حالت سے مشروط کر دیا جائے طلاق مشروط کہلاتی ہے۔ مثلاً مرد کہے "اگر تو گھر سے باہر نکلے تو تجھے طلاق ہے"۔

ایسی طلاق شرط کے پورا ہوتے ہی واقع ہو جاتی ہے۔ یہ طلاق "طلاقِ بائن" ہوتی ہے۔

26- کنایہ الفاظ میں دی گئی طلاق کی وضاحت کریں۔

ج: مرد صریح طلاق کے لفظ سے تو طلاق نہیں دیتا، مگر ایسے الفاظ استعمال کرتا ہے جس سے طلاق کی طرف اشارہ ہوتا ہے، مثلاً نکل جا میرے گھر سے اور پھر یہاں نہ آنا۔ تیری پشت میرے لئے حرام ہے۔ آج کے بعد تو آزاد ہے۔ ایسی طلاق طلاق بائن ہوتی

Marfat.com

ہے اور فوراً واقع ہو جاتی ہے۔

27- ظہار کسے کہتے ہیں؟

ج: قرآن مجید کے اٹھائیس ویں سپارے کی سورۃ مجادلہ کا آغاز یوں ہوا ہے۔ قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِیْ تُجَادِلُکَ......

(بے شک اللہ نے اس عورت کی بات کو سن لیا جو آپؐ سے جھگڑا کرتی تھی......) اپنی بیوی کی پشت یا اعضائے جنسی کو) ماں، بہن، بیٹی کے اعضائے جنسی کے مانند قرار دینے کو ظہار کہتے ہیں۔ یہ ایک قسم کی طلاق ہوتی ہے، جس کے ازالہ کی صورت یہ ہے کہ:

(1) دو ماہ کے مسلسل روزے رکھے جائیں (ہم بستری سے پہلے)...... یا

(2) ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلایا جائے (ہم بستری سے پہلے)...... یا

(3) دو غلام آزاد کئے جائیں (ہم بستری سے پہلے)۔

28- مدخولہ اور غیر مدخولہ سے کیا مراد ہے؟

ج: ایسی بیوی جس سے صحبت ہو چکی ہو، مدخولہ کہلاتی ہے اور جس سے صحبت نہ ہو سکی ہو غیر مدخولہ کہلاتی ہے۔

29- بغیر کسی وجہ کے طلاق دینا کیسا عمل ہے؟

ج: بعض اسے مکروہ کہتے ہیں اور حنفی اسے حرام کہتے ہیں۔

30- طلاق بدعی یا طلاق البدعۃ سے کیا مراد ہوتی ہے؟

ج: طلاق بدعت وہ طلاق ہوتی ہے جس میں طلاق سنت کے لوازمات کو نظر انداز کیا گیا ہو، لیکن ایسی طلاق واقع ہو جاتی ہے۔

31- کن تین حالتوں میں خاوند شرعاً اپنے حقوق کے استعمال میں نااہل قرار پاتا ہے؟

ج: کمسنی، غلامی اور دیوانگی۔ ان تین اسباب کو "حجر" کہتے ہیں، ان کی موجودگی میں

(۱) بچوں کے معاملات ان کا ولی سرانجام دے گا۔

(۲) غلام کے معاملات اس کا مالک سرانجام دے گا۔

(۳) مجنوں/مغلوب کا تصرف نہ خود اس سے جائز ہے نہ بذریعہ اس کے ولی کے۔

Marfat.com

32- تفویض طلاق سے کیا مراد ہوتی ہے؟

ج: مرد حق طلاق اپنی بیوی کو دے دے (تحریراً یا اعلاناً) پھر بوقت ضرورت بیوی خود اپنے آپ کو طلاق دے سکتی ہے۔تفویض طلاق کی تین صورتیں ہیں۔توکیل،تخییر ،تملیک۔

33- ہذیان کی طلاق،دیوانے کی طلاق، نشے میں طلاق اور جبر کی طلاق کے احکام کیا ہیں؟

ج: (۱) ہذیان کی طلاق درست نہیں ہے۔

(۲) دیوانے کی طلاق غیر مؤثر ہوتی ہے۔

(۳) نشے کی حالت میں طلاق غیر مؤثر ہوتی ہے۔

(۴) جبر کی طلاق مکروہ ہے مگر حنفیوں کے نزدیک ہو جاتی ہے۔

34- اشارات وکنایات کی طلاق کے احکام کیا ہیں؟

ج: اشارات وکنایات ظاہرہ کے ذریعے طلاق دینے والے سے اس کی نیت پوچھ کر طلاق کا فیصلہ کیا جائے گا۔ مالکیوں کے نزدیک بیک وقت تین طلاقیں ہو جائیں گی۔ اشارات وکنایات خفیہ میں مدخول بہا پر تین طلاقیں اور غیر مدخول بہا پر ایک طلاق ہوگی۔

35- طلاق قبل الدخول کے احکام لکھیں۔

ج: نکاح ہو جانے کے بعد اور دخول سے پہلے دی جانے والی طلاق طلاق بائن ہوتی ہے۔

(۱) طلاق قبل الدخول میں کوئی عدت نہیں ہے۔

(۲) مطلقہ قبل الدخول نصف مہر کی حق دار ہوتی ہے۔

مطلقہ قبل الدخول کا مہر اگر معین (طے) نہ ہوا ہو تو وہ ہدیہ کی مستحق ہوگی، جسے متعہ کہتے ہیں۔

36- طلاق کی صورت میں مطلقہ اپنے خاوند سے کون سا فائدہ اُٹھانے کی حقدار ہوتی ہے؟

ج: بالاتفاق طلاق رجعی اور طلاق بائن میں نان نفقہ،سکنی اور زندگی کی دوسری تمام سہولتوں کی حقدار رہتی ہے۔

Marfat.com

طلاق بائنہ مغلظہ (تیسری طلاق) کی صورت میں دوران عدت نان نفقہ، سکنی اور زندگی کی دوسری تمام سہولتوں کی حق دار رہتی ہے۔

طلاق بائنہ کی صورت میں "مہر" لینے کی بھی حقدار ہوتی ہے۔

-37 چاروں آسمانی کتابوں میں طلاق کے احکام سب سے پہلے اور سب سے مفصل کس کتاب میں ملتے ہیں؟

ج: سب سے پہلے شریعت موسویؑ میں (تورات میں)۔

سب سے مفصل شریعت محمدیؐ میں (قرآن میں)۔

-38 عیسائی مذہب میں طلاق صرف ایک وجہ سے دی جاسکتی ہے، بتایئے کون سا؟

ج: یہ کہ عورت زناکاری کی مرتکب ہو۔

-39 عدالت کے ذریعے فسخ نکاح کے شرعی اسباب کون کون سے ہیں؟

ج: شوہر لاپتہ ہو......شوہر نفقہ نہ دیتا ہو......شوہر مجنون ہو......شوہر مجبوب ہو۔

-40 حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کس طلاق کو طلاق سنت قرار دیا ہے۔

ج: طلاق حسن کو (بحوالہ دارقطنی)

-41 پاکستان کے کس قانون کے تحت تین طلاقوں کو ایک شمار کیا جاتا ہے۔

ج: مسلم عائلی قانون مجریہ 1961ء کے تحت۔ یہ جواز اہل حدیث کے فتویٰ پر قائم کیا گیا ہے، جس کے مطابق ایک مجلس میں دی گئی ایک سے زیادہ طلاقیں "ایک" شمار ہوتی ہیں۔

-42 طلاق کے لئے صریح اور کنایہ الفاظ درج ہیں۔

ج: طلاق کے لئے صریح لفظ تو طلاق ہے۔ کنایہ الفاظ میں فراق (جدائی) اور تسریح (چھوڑ دینا) معروف ہیں۔

-43 حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جن افراد کو طلاق سے رجوع کا حکم دیا تھا، کسی ایک کا نام لکھیں۔

Marfat.com

ج: حضرت رکانہ بن عبد یزید۔

44- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جن صحابہ کو حکم دیا کہ اپنی بیوی کو طلاق دے دیں ان میں سے کسی ایک کا نام لکھیں۔

ج: حضرت عبداللہ بن عمرؓ (اُردو دائرۃ المعارف اِسلامیہ، جلد ۱۲، ص ۵۰۵)

45- دو طلاقیں دینے کو "طلاقِ بائن" کہتے ہیں۔ جس کے بعد رجوع کی صورت میں نئے سرے سے نکاح (ایجاب و قبول) کرنا اور مہر کا تعین ضروری ہے۔ ایک مرد اور عورت کی نکاحی زندگی میں طلاق بائنہ کتنی بار ہو سکتی ہے؟

ج: صرف دو بار (اُردو دائرہ معارف اِسلامیہ جلد ۱۲، ص ۵۱۴)

Marfat.com

# فقہ

1- لفظ فقہ کا تعارف کروائیں۔

ج: فقہ عربی زبان کا لفظ ہے، اس کا معنی ہوتا ہے:

(1) کسی چیز کا علم حاصل کرنا (2) کسی چیز کا فہم وادراک

(3) ذہانت ومہارت (4) سمجھ بوجھ۔

اصطلاحی معنی: تفصیلی دلائل شرع سے شریعت کے احکام کی تفصیلات و جزئیات کا استنباط فقہ کہلاتا ہے۔

2- فقہ کی اصطلاحی تعریف کی آسان وضاحت کریں۔

ج: جس علم سے مکلفین (ذمہ دار اور جوابدہی کے قابل افراد) کے افعال کے بارے میں فرض، واجب، سنت، مستحب، حرام، مکروہ یا مباح ہونے کی حیثیت سے احکامِ الٰہی کی معرفت حاصل ہو، فقہ کہلاتا ہے۔ یہ احکام قرآن، سنت اور شارع علیہ السلام کے قائم کیے ہوئے شرعی دلائل (اجماع اور قیاس) سے اخذ ہوتے ہیں۔

3- فقہ کی بنیاد پر اسلامی ریاست کون سا فائدہ حاصل کرتی ہے؟

ج: تشکیل قانون اسلامی/شریعت محمدیہ کے علم کا جاننا یا معلوم ہونا۔

Marfat.com

4- فقہ کے مآخذ کتنے اور کیا کیا ہیں؟

ج: چار: قرآن، سنت، اجماع، قیاس۔

5- فقہ اِسلامی کی تین بنیادی خصوصیات لکھیں۔

ج: عدمِ حرج، قلت تکلیف، تدریج۔

6- فقرہ مکمل کریں ''دُنیوی اور اخروی دونوں قسم کے امور سے بحث کرتا ہے''۔

ج: (1) فقہ اور اُخروی امور: عبادت یعنی ارکان اِسلام ہیں۔

(2) دُنیوی امور: چھ معاملات دُنیا، دُنیوی امور کہلاتے ہیں۔

7- قرآن مجید کی کوئی ایک آیت لکھئے جس میں لفظ فقہ استعمال ہوا ہو۔

ج: فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ (التوبہ:122)

(ان کے ہر گروہ میں سے ایک گروہ کیوں نہ نکلا تا کہ وہ دین کی سمجھ حاصل کرے)۔

8- ایک حدیث مبارکہ لکھیں جس میں لفظ فقہ استعمال ہوا ہو۔

ج: مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ.

(اللہ جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے اسے دین کا فہم عطا کر دیتا ہے)۔

9- فقہی اصطلاح میں حدود و عقوبات سے کیا مراد ہوتی ہے؟

ج: جرائم اور ان کی سزائیں۔

قتل، چوری، زنا، بہتان وغیرہ جرائم (عقوبات) ہیں۔

قصاص، ہاتھ کاٹنا، جلد (کوڑے مارنا) اور رجم (سنگسار کرنا) (حدود) ہیں۔

10- مناکحات یا شخصی قوانین کی وضاحت کریں۔

ج: نکاح، گواہی، عدت، نسب، طلاق، نان و نفقہ، رضاعت، مہر، کفایت، ولایت، وصیت، وراثت اور پرورش اولاد مناکحات یا شخصی قوانین کہلاتے ہیں۔

جدید قانونی اصطلاح میں مناکحات کو شخصی یا عائلی قانون (پرسنل لاء) کہتے ہیں۔

11- معاملات (انفرادی واجتماعی) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

ج: لوگوں کے حقوق و فرائض و معاہدات کے عام قوانین یعنی ہر قسم کے معاشرتی و اقتصادی

Marfat.com

امور کو ''معاملات'' کہتے ہیں، ان میں خرید و فروخت، ٹھیکہ، عاریت، ضمانت، ہنڈی، شرکت، مصالحت، شفعہ، اتلاف مال اور مالی دستاویزات وغیرہ شامل ہیں۔

-12 شفعہ سے آپ کی سمجھ میں کیا آتا ہے؟

ج: یہ پڑوسی کا وہ حق ہے جو زمین، باغ یا مکان بیچتے وقت لاگو ہوتا ہے، یعنی مندرج تین چیزیں یا ان میں سے کوئی ایک دوسرے کو فروخت کرنے سے پہلے پڑوسی کو فروخت کرنے کا حکم ہے۔ اگر پڑوسی لینے سے انکار کرے تو کسی دوسرے (غیر پڑوسی) کو بیچا جاسکتا ہے۔ اگر پڑوسی کے علم میں لائے بغیر بیچ دیا گیا اور اس نے دعویٰ کردیا تو عدالت غیر پڑوسی کی فروخت کے معاملے کو فسخ کر کے پڑوسی کو فروخت کرنے پر مالک کو حکم دے سکتی ہے۔

-13 فقہی اصطلاح میں ''مخاصمات'' کسے کہتے ہیں؟

ج: عدالتی مسائل، دعویٰ و مقدمہ اور شہادت وغیرہ اور ان کے متعلقات (خاندانی جھگڑے اور اختلافات اور حقوق طلبی کے معاملات) کو مخاصمات کہتے ہیں۔

جدید قانونی اصطلاح میں مخاصمات کو قانونِ مرافعہ یا اصول محاکمہ کہا جاتا ہے۔

-14 سِیَرْ (سیرت کی جمع) سے کیا مراد ہے؟

ج: (الف) جہاد، مالِ غنیمت، امان، غیر مسلموں سے معاہد، دارالاسلام و دارالحرب اور اختلاف مذاہب کے احکام کو ''سِیَرْ'' کے تحت لایا جاتا ہے۔

(ب) جنگ اور اختلاف قومیت کے قوانین کو (قوانین خارجہ) کو سِیَرْ کہا جاتا ہے۔

سِیَرْ سیرت کی جمع، علم سوانح عمری (فرہنگ عامرہ ص355)

(ج) سیرت کے معنی ہیں، حالت، رویہ، طریقہ جمال و کردار، خصلت اور عادت، سیرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال و اعمال اور دیگر احوال کے مجموعہ کا نام ہے (انوار حدیث سیرت، فقہ و تاریخ، ص427)

-15 فقہی اصطلاح میں احکام السلطانیہ سے کیا مراد ہوتی ہے؟

ج: خلافت، امارت، ریاست، حکومت کے انتظامی امور، وزارتِ، فوجی معاملات،

Marfat.com

محاصل (Taxes) مثلاً خراج، جزیہ، عشر وصدقات سے متعلق تمام قوانین کو احکام السلطانیہ کہتے ہیں۔ یعنی حکومت کو اسلامی اصولوں کے مطابق چلانے کے لئے رہنما احکام۔

16- اس آیت سے کیا فقہی حکم نکلتا ہے:

يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ. (البقرة:185)

(ترجمہ: اللہ تمہارے لئے آسانی چاہتا ہے اور وہ تمہارے لئے تنگی نہیں چاہتا)۔

ج: عدم حرج (تکلیف میں نہ ڈالنا)۔

17- اس آیت قرآنی سے کیا حکم نکلتا ہے۔

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا. (البقرة:286)

(ترجمہ: خدا کسی شخص کو اتنی ہی تکلیف دیتا ہے جتنی اس کی ہمت/ طاقت ہوتی ہے)۔

ج: قلتِ تکلیف (مشقت/ تکلیف کو طاقت/ ہمت/ وسعت کے مطابق کم کرنا)۔

18- اہل سنت کے چار فقہی مسالکؒ کے نام لکھیں۔

ج: فقہ مالکی، فقہ حنفی، فقہ حنبلی، فقہ شافعی۔

19- چاروں فقہ ہائے اہل سنت کی ایک ایک امتیازی خصوصیت درج کریں۔

ج: <u>فقہ حنفی</u>: احکام ومسائل کے استنباط کا مدار الفاظ سے زیادہ کتاب وسنت کی رُوح پر ہے۔

<u>فقہ مالکی</u>: اس فقہ میں اہل مدینہ کے تعامل (رائے وعمل) کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔

<u>فقہ حنبلی</u>: اس فقہ میں تقلید کی شدت سے نفی کی گئی ہے۔

<u>فقہ شافعی</u>: اس فقہ کے ہر اختلافی مسئلہ میں دو قول (قدیم اور جدید) پیش کئے جاتے ہیں۔

20- فقہ جعفریہ کو فقہ جعفریہ کیوں کہتے ہیں؟

ج: یہ اہل تشیع کی فقہ ہے اور مشہور بزرگ، امام، تابعی حضرت امام جعفر صادقؒ بن امام باقرؒ کے نام سے منسوب ہے۔

Marfat.com

-21 فقہ جعفریہ میں حدیث کی قبولیت کا معیار کیا ہے؟

ج: روایت اہل بیت سے کی گئی ہو۔ غیر اہل بیت کی روایت کو یہ لوگ قبول نہیں کرتے۔

-22 فقہ حنفی کی کم از کم دو کتابوں کے نام لکھیں۔

ج: کتاب الآثار، المبسوط، الزیادات، ہدایہ، قدوری، فتاویٰ عالمگیری، مجلۃ الاحکام العدلیہ۔

-23 فقہ مالکی کی کم از کم دو کتابوں کے نام تحریر کریں۔

ج: مؤطا امام مالکؒ، المدوّنہ، العتبیہ، کتاب النور، کتاب ابنِ حاجب۔

-24 فقہ حنبلی کی کوئی دو کتابوں کے نام درج کریں۔

ج: مسند امام احمد، کتاب العلل، کتاب الفرائض، کتاب التفسیر، کتاب الناسخ والمنسوخ، کتاب المسائل۔

-25 فقہ شافعی کی کوئی دو کتابوں کے نام لکھیں۔

ج: کتاب الام، الرسالہ، المختصر الکبیر، المختصر الصغیر، کتاب الفرائض۔

-26 فقہ جعفریہ کی دو کتابوں کے نام بتائیں۔

ج: شرائع الاسلام، جواہر الکلام، مفتاح الکرامہ۔

-27 حضرت امام ابوحنیفہؒ کو اور آپ کے فقہی مسلک کے ماننے والوں کو اہل الرائے کیوں کہا جاتا ہے؟

ج: مشہور ہے کہ وہ قیاس کو ضعیف حدیث پر ترجیح دیتے ہیں......

(نوٹ) یہ مشہور کی گئی بات ہے، ورنہ حقیقت یہ ہے کہ احناف حدیث کے مقابلے میں قیاس کو ترجیح نہیں دیتے۔ حضرت امام اعظمؒ کا قول ہے: ''میری رائے کے مقابلے میں اگر خبر احاد یا ضعیف حدیث بھی مل جائے تو میرے قول کو چھوڑ دو اور حدیث پر عمل کرو''۔ (الفقہ والتاریخ مع شرح الحدیث از پروفیسر حریری، ص 27)

-28 فقہ حنفی میں حضرت امام اعظم کے تین تلامذہ نے بہت شہرت پائی۔ امام ابو یوسف، امام محمد بن الحسن، تیسرے کا نام آپ بتادیں۔

ج: امام زفر بن الہذیل۔

Marfat.com

29- اہل سنت کے کس ماخذ فقہ کو فقہ جعفریہ میں ناجائز ٹھہرایا گیا ہے؟

ج: قیاس۔

30- اس آیہ قرآنی سے کون سا فقہی حکم ثابت ہوتا ہے۔

وَاَنِ احْکُمْ بَیْنَکُمْ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰہُ۔ (المائدہ:52)

ترجمہ: اور یہ کہ آپ ان کے درمیان فیصلے اس کے مطابق کریں جو اللہ نے نازل فرمایا ہے۔

ج: فیصلہ حکم قرآنی کے مطابق کرنا ہوگا۔

31- سنت اللہ اور سنت رسول اللہ سے کیا مراد ہوتی ہے؟

ج: سنت اللہ سے مراد ہے، اللہ کا طریقہ کار، اسے لاء آف نیچر بھی کہتے ہیں، جس کے مطابق کارخانہ قدرت کا نظام چل رہا ہے۔ اس کے بارے میں خود ارشادِ الٰہی ہے:

وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّۃِ اللّٰہِ تَبْدِیْلًا (اور تم اللہ کے طریقے کو بدلا ہوا نہ پاؤ گے)۔

سنت رسول اللہ سے مراد ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریق کار اور راہِ عمل، اِسلامی اصطلاح میں اس سے مراد حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اعمال و افعال ہیں۔

32- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد مبارک کا کیا مطلب ہے۔

عَلَیْکُمْ بِسُنَّتِیْ (تم میری سنت کو اختیار کرو)۔

ج: قرآن کے ساتھ ساتھ یا قرآن کے خاموش ہونے کی صورت میں سنت رسول اللہ سے جڑے رہنا لازم ہے۔

33- فقہی اصطلاح میں تعامل صحابہؓ سے کیا مراد ہوتی ہے؟

ج: جن امور میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کا مسلسل عمل پیرا ہونا ثابت ہوا سے تعامل صحابہ کہتے ہیں۔

34- اس حدیث کا مطلب واضح کریں۔

اَصحابِی کَالنُّجُومِ بِاَیِّہِم اقْتَدَیْتُم اھْتَدَیْتُمْ.

(ترجمہ: میرے صحابہ ستاروں کی مانند ہیں، ان میں سے جس کی بھی اقتدا کرو گے ہدایت پا جاؤ گے)

Marfat.com

ج: اِسلامی زندگی میں صحابہ کرامؓ کی زندگیوں/عملی طریقہ کار سے روشنی لینی ہے۔

-35 اگر کسی معاملے میں دو افراد یا دو گروہوں میں اختلاف ہو جائے تو کیا کرنے کا حکم ہے؟

ج: افراد کا اختلاف: فَاسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ O

(ترجمہ: اگر تمہیں علم نہیں ہے تو اہل الذکر (قرآن والوں) سے پوچھ لیا کرو)۔

گروہوں کا اختلاف: فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَی اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ.

(سورۃ النساء:59)

(ترجمہ: پس اگر کسی بات میں تمہارے درمیان اختلاف ہو جائے تو اللہ اور (اس کے) رسول کی طرف (فیصلے کے لئے) رجوع کرو)۔

-36 اجماع ایک مآخذ فقہ ہے، اس کا کیا مطلب ہوتا ہے؟

ج: اجماع، جمع سے ہے۔ متفق ہونا، جمع ہونا، یک آواز ہونا۔ اجماع کی تعریف یہ ہے۔ اِتِّفَاقُ الْفُقَهَاءِ الْمُجْتَهِدِیْنَ فِیْ عَصْرٍ عَلٰی حُكْمٍ.

(ترجمہ: ایک زمانے کے مجتہدین فقہا کا کسی ایک حکم پر متفق ہو جانا)۔

-37 کون سا اجماع ہے جو کسی صورت میں بھی بدلا نہیں جا سکتا؟

ج: صحابہ کرامؓ کا اجماع۔

-38 اجماع کی درستی (صحت) کے لئے بنیادی شرط کیا ہوتی ہے؟

ج: اجماع کا قرآن وحدیث کی رُوح کے مطابق ہونا۔

-39 اجماع کی کون کون سی دو قسمیں ہوتی ہیں؟

ج: اجماع قولی: ایک زمانے کے تمام فقہائے مجتہدین کا زبانی لحاظ سے متفق ہونا۔

اجماع سکوتی: ایک زمانے کے کوئی ایک یا چند مجتہد فقہا کسی غیر منصوص معاملہ میں فتویٰ دیں، اس پر دیگر فقہا خاموش رہیں نہ اس فتویٰ کی تائید کریں نہ تغلیط کریں۔ یہ اجماع سکوتی ہوتا ہے۔

-40 فقہ جعفریہ میں کون سا اجماع معتبر ہوتا ہے؟

ج: وہ اجماع جو یا تو اہل بیت کی آراء سے حاصل ہوا ہو یا جس اجماع میں دیگر مجتہدین کے

Marfat.com

ساتھ کوئی امامِ معصوم بھی شامل ہو۔

41- اہل تشیع کے نزدیک امام معصوم کون ہوتا ہے اوران کی تعداد کیا ہے؟

ج: اہل تشیع کے نزدیک امام کا لفظ حضرت علیؓ کے لئے مخصوص ہے۔ (شاہکار اسلامی انسائیکلوپیڈیا، ص 27)

گناہوں اور برائیوں سے پاک بارہ مقدس شخصیات کو "امامِ معصوم" کہا جاتا ہے، ان کے نام یہ ہیں:

حضرت علیؓ، حضرت حسنؓ، حضرت حسینؓ، حضرت زین العابدینؒ، حضرت محمد باقرؒ، حضرت جعفر صادقؒ، حضرت موسیٰ کاظمؒ، حضرت علی رضاؒ، حضرت محمد نقیؒ، حضرت محمد تقیؒ، حضرت حسن عسکریؒ، حضرت محمد مہدیؒ۔

42- قیاس، فقہ کا چوتھا ماخذ ہے، اس کی تعریف لکھیں۔

ج: دو چیزوں میں سے جب علت یعنی سبب ایک ہی ہو تو ایک کا حکم شرع میں معلوم ہونے کی صورت میں دوسروں کو اس حکم کے تحت لانے کا نام قیاس ہے، مثلاً شراب کے حرام ہونے کی علت نشہ ہے، لہٰذا شراب کی حرمت کا حکم شراب پر قیاس کرنے پر اس چیز پر لگایا جائے گا، جو نشہ آور ہو، مثلاً افیم، بھنگ، چرس، ہیروئن وغیرہ۔

43- قیاس کے کتنے اور کون کون سے ارکان ہوتے ہیں؟

ج: قیاس کے چار ارکان ہیں: اصل، فرع، علت، حکم۔

44- قیاس کی شرائط بیان کریں۔

ج: قیاس کی تین شرائط ہیں: (اوّل) ماضی کے مسئلہ اور پیش آمدہ مسئلہ میں اشتراک (اسے علت کہتے ہیں)

(دوم): اصل اور فرع میں ایک ہی وصف اور علت ہو جیسے شراب اور چرس میں نشہ۔

(سوم) اصل کا حکم عام ہو خاص نہ ہو۔

مخصوص احکام خلاف قیاس کہلاتے ہیں۔

45- فقہ کے کوئی تین ضمنی ماخذ لکھیے۔

Marfat.com

ج: استحسان: قوی سبب کی بناء پر ظاہری قیاس کی بجائے مصلحت عامہ کے تحت باریک علت کی بناء پر کیا گیا قیاس۔

مصالح مرسلہ: یہ استحسان سے مشابہہ قیاس ہے۔

استحصاب: عقلی دلیل جو دلائل شرع کی عدم موجودگی میں کام آتی ہے۔

عرف: اچھی عادات، اچھے رسم و رواج، پسندیدہ اطوار، جو قرآن و سنت سے متصادم نہ ہوں۔ استحسان فقہ حنفی کا اصول ہے اور مصالح مرسلہ فقہ مالکی کا اصول ہے۔

-46 اجتہاد کسے کہتے ہیں؟

ج: لغوی معنی ہے، کوشش کرنا یہ جہد سے ماخوذ ہے۔ اجتہاد کا معنی ہے کسی ایک شخص کا انتہائی درجہ تک کوشش کرنا، شرعی اصطلاح میں اجتہاد اس انتہائی کوشش کو کہتے ہیں جو کتاب اور سنت کی روشنی میں کسی پیش آمدہ مسئلے کا شرعی حکم معلوم کرنے کے لئے کرتا ہے۔

-47 پاکستان میں اجتہاد کرنے والے کوئی دو اداروں کی نشاندہی کریں۔

ج: (i) اِسلامی نظریاتی کونسل، اِسلام آباد۔

(ii) ادارہ تحقیقات اِسلامی، بین الاقوامی اِسلامی یونیورسٹی، اِسلام آباد۔

(iii) وفاقی شرعی عدالت، اِسلام آباد۔

(iv) عدالت عظمیٰ (سپریم کورٹ) کا شریعت اپیلٹ بنچ۔

(v) تمام دینی، تعلیمی اور تحقیقی ادارے۔

-48 فقہی مسائل سے متعلق احادیث والی کتب کو اصطلاحاً کیا کہتے ہیں؟

ج: سنن۔ مثلاً سنن ابی داؤد، سنن نسائی، سنن ابن ماجہ۔

-49 اس حدیث مبارکہ سے کون سا فقہی حکم ثابت ہوتا ہے۔

لَا تَجْتَمِعُ أُمَّتِیْ عَلَی الضَّلَالَةِ.

(ترجمہ: میری اُمت گمراہی کی بات پر جمع یعنی متفق نہیں ہو سکتی)

Marfat.com

ج: اجماعِ اُمت کے جواز کا ثبوت ہے۔

-50 راجح اور مرجوح اور اولیٰ وغیر اولیٰ سے کیا مراد ہے؟

ج: دو چیزوں میں سے ایک زیادہ اچھی کو اختیار کرنا (اولیٰ) ہے اور کم اچھی (غیر اولیٰ) کو ترک کرنا لازم ہوتا ہے۔ قابلِ ترجیح، پسندیدہ کو راجح کہتے ہیں اور جس کو پسند کر کے اختیار کیا جائے اسے مرجوح کہتے ہیں۔

-51 ''قدوری'' سے آپ کے ذہن میں کیا آتا ہے؟

ج: فقہ حنفی کی ایک کتاب جس کا درست نام ''المختصر القدوری'' ہے اس کے مؤلف ہیں، ابوالحسن احمد بن محمد بن جعفر القدوری حنفی۔

-52 آیاتِ احکام کی تعداد لکھئے۔

ج: عبادات میں وارد شدہ آیات:۔140 آیات۔

نکاح وطلاق، وراثت و وصیت اور حجر (تصرفات سے روکنا) کے بارے میں۔70 آیات بیع وشراء، اجارہ و رہن اور شرکت وتجارت کے بارے میں۔70 آیات

| | | |
|---|---|---|
| تعزیرات وعقوبات | ...... | 30 آیات |
| قضاوشہادت | ...... | 20 آیات |
| کل | ...... | 330 آیات |

(بحوالہ علم اصول الفقہ از پروفیسر عبدالوہاب خلاف، ص293)

-53 اصولِ چہارگانہ یا اصول اربعہ یا دلائل تفصیلیہ سے کیا مراد ہوتی ہے؟

ج: چار مآخذ فقہ (کتاب، سنت، اجماع، قیاس)۔

-54 بندوں کے معاملات کی کون سی چار قسمیں ہیں؟

ج: قوانین تحفظ دعوتِ اسلام — قوانین استقلالِ خاندان

قوانین معاملاتِ باہمی — قوانین تعزیر (حدود وقصاص)

Marfat.com

(بحوالہ تاریخ فقہ اسلامی از علامہ خضری بک)

-55 قرآن وحدیث کا باہمی تعلق تین قسم کا ہوتا ہے، بتایئے کون کون سی؟

ج: (1) قرآن کے بیان وحکم کی تائید کرنے والی حدیثیں۔

(2) کتاب اللہ کی شارح وترجمان حدیثیں، قرآن کے مطلق کو مقید کرنے والی حدیثیں۔

(3) قرآن کے سکوت کی صورت میں احکامی حدیثیں۔

-56 فقہ حنفی کے ارکان اربعہ کون سے علماء وفقہاء کہلاتے ہیں۔

ج: قاضی ابو یوسف، محمد بن حسن شیبانی، زفر بن ہذیل، حسن بن زیاد لؤلؤی۔

-57 یہ کس کتاب کے بارے میں ہے۔ ”میں نے یہ کتاب مدینہ کے ستر فقہاء کے روبرو پیش کی ان سب نے میری تائید کی“۔

ج: مؤطا امام مالک کے بارے میں حضرت امام مالک نے خود یہ الفاظ لکھے ہیں۔

(فَكُلُّهُمْ اَطَانِيْ عَلَيْهِ فَسَمَّيْتُهُ الْمُؤَطَا)۔

-58 اہل عمل علماء نے فقہ کے لئے کون سے دس اصول مقرر کئے ہیں؟

ج: قرآن مجید، سنت رسول اللہ۔ تعامل خلفائے راشدین، اجماع، قیاس، مسلمان حکمرانوں کے جاری کردہ احکام جو قرآن وسنت کے خلاف نہ تھے۔ ثالثوں کے فیصلے جن سے قرآن وسنت کی نفی نہیں ہوتی۔ نبی کریمؐ، خلفائے راشدین اور مسلم حکمرانوں کی اپنے اعمال وسفرا کے لئے جاری کی گئی ہدایات۔ بین الاقوامی تعلقات سے متعلق قانون سازی۔ عرف، عادت، رسوم ورواج۔

-59 فقہ اور قانون میں کیا فرق ہے؟

ج: فقہ وسیع تر نظام احکام ہے، یہ دینی شریعت دُنیا اور آخرت دونوں کو حاوی ہوتی ہے۔ قانون ایک محدود نظام احکام ہے۔ یہ صرف حکومت اور معاملات حکومت سے متعلق

Marfat.com

قواعد کا مجموعہ ہوتا ہے۔

60- قیاس اور اجتہاد میں ایک شرط مشترک ہوتی ہے، بتائیے کیا؟

ج: جن معاملات میں قیاس اور اجتہاد کیا جا رہا ہے، ان معاملات میں قرآن و سنت میں کوئی حکم نہ پایا جاتا ہو۔

61- میدانِ فقہ میں اہل ظاہر کا تعارف کروائیں۔

ج: احکام کا استخراج الفاظ قرآن و سنت کے ظاہری معانی سے کرنے والا فقہا کا گروہ ''ظاہریہ'' یا اہل ظاہر کہلاتا ہے۔ یہ لوگ رائے، قیاس، استصحاب، استحسان اور تقلید کی شدید مخالفت کرتے ہیں۔ عراق میں مذہب ظاہری اپنے بانی داؤد بن حلف کے نام ہر داودی کہلاتا ہے اور اندلس میں امام ابن حزم اس کے بانی تھے۔

Marfat.com

# ماثورہ دُعائیں
## (مع ترجمہ)

ہر دُعا سے پہلے یہ پڑھیں:

(1) اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط.

(2) بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط.

(3) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ.

(1) دُعائے نظرِ بد:

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ وَّھَآمَّۃٍ وَّمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَّآمَّۃٍ.

ترجمہ: (میں پناہ مانگتا ہوں، اللہ کے کلمات کے ساتھ جو پورے ہیں، ہر شیطان سے اور ہر زہر دار جانور سے اور ہر آنکھ نظر لگانے والی سے)۔

Marfat.com

(2) <u>ہر کام سے پہلے:</u>

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ط.

ترجمہ: (مجھے اللہ کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں، میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہی عرش عظیم کا مالک ہے)۔

(3) <u>تسبیح مکرم:</u>

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ O ط
وَلَهُ النُّوْرُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ. وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ O

ترجمہ: (تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، جو آسمانوں اور زمین کا پروردگار ہے اور تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔ اور وہ زبردست، حکمت والا ہے)۔

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ O ط

ترجمہ: آسمانوں اور زمین میں اسی کا نور ہے اور وہ زبردست حکمت والا ہے۔

(4) <u>شبِ براُت کی دُعا:</u>

(اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ) اَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ عَقُوْبَتِكَ وَاَعُوْذُ بِرَحْمَتِكَ مِنْ نِقْمَتِكَ وَاَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ جَلَّ ثَنَاءُ كَ.

ترجمہ: (اے اللہ، میں تیرے عذاب سے تیری عفو اور بخشش کی پناہ میں آتا ہوں، تیرے قہر سے تیری رضا کی۔ پناہ میں آتا ہوں، تجھ ہی سے پناہ چاہتا ہوں، تیری ذات بزرگ و برتر ہے میں تیری۔

لَا اُحْصِیْ ثَنَآءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰی نَفْسِكَ.

شایانِ شان تعریف نہیں کرسکتا تو ہی اپنی تعریف آپ کرسکتا ہے (اے میرے رب کریم)

Marfat.com

(5) تسبیح معظم:

**اَسۡتَغۡفِرُاللّٰهَ الَّذِیۡ لَا اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ وَاَتُوۡبُ اِلَیۡهِ.**

ترجمہ: (میں اللہ سے توبہ کرتا ہوں (بخشش مانگتا ہوں) اس کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے، وہ زندہ ہے اور قائم کرنے والا ہے اور میں اسی کی طرف توبہ کرتا ہوں)۔

(6) لیلۃ القدر کی دُعا:

**اَللّٰهُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ کَرِیۡمٌ تُحِبُّ الۡعَفۡوَ فَاعۡفُ عَنِّیۡ یَا غَفُوۡرُ یَاغَفُوۡرُ یَاغَفُوۡرُ.**

ترجمہ: (اے اللہ! بے شک تو معاف کرنے والا، کرم کرنے والا ہے، تو معافی کو پسند کرتا ہے۔ پس (اے اللہ) مجھے معاف کردے، اے بخشنے والے، اے بخشنے والے، اے بخشنے والے)۔

(7) صبح کی دُعا:

**اَللّٰهُمَّ بِکَ اَصۡبَحۡنَا وَبِکَ اَمۡسَیۡنَا وَبِکَ نَحۡیَا وَبِکَ نَمُوۡتُ وَاِلَیۡکَ الۡمَصِیۡرُ.**

ترجمہ: (اے اللہ! تیرے (نام کے) ساتھ ہم صبح کرتے ہیں اور تیرے (نام کے) ساتھ ہم شام کرتے ہیں اور تیرے (نام کے) ساتھ ہم زندہ ہوتے ہیں اور تیرے (نام کے) ساتھ ہم مرتے ہیں اور تیری طرف لوٹ کر جانا ہے)۔

(8) شام کی دُعا:

**اَللّٰهُمَّ بِکَ اَمۡسَیۡنَا وَبِکَ اَصۡبَحۡنَا وَبِکَ نَحۡیَا وَبِکَ نَمُوۡتُ وَاِلَیۡکَ النُّشُوۡرُ.**

ترجمہ: (اے اللہ! تیرے (نام کے) ساتھ ہم شام کرتے ہیں۔ اور تیرے (نام کے) ساتھ ہم مرتے ہیں اور تیری طرف ہم اُٹھائے جائیں گے)۔

Marfat.com

(9) سوکر اُٹھنے کی دُعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ.

ترجمہ: (تعریف ہے اس اللہ کے لئے جس نے ہمیں ہمارے مرجانے (سوجانے) کے بعد زندگی دی اور اسی کی طرف ہم اُٹھائے جائیں گے)۔

(10) سونے کی دُعا:

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَاَحْیَا.

ترجمہ: (اے اللہ! تیرے نام کے ساتھ میں مرتا ہوں (یعنی سوتا ہوں) اور جاگتا ہوں)۔

(11) بیت الخلاء میں داخل ہونے کی دُعا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ.

ترجمہ: (اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ میں آتا ہوں، خبیث جنوں اور خبیث جنیوں سے)

(12) بیت اللہ سے باہر آنے کی دُعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْھَبَ عَنِّیْ اَلْاَذٰی وَعَافَانِیْ.

ترجمہ: (تعریف ہے اللہ کے لئے جس نے مجھ سے تکلیف دہ (چیز) دُور کی اور مجھے عافیت بخشی)۔

(13) آغازِ وضو کی دُعا:

اَتَوَضَّاءُ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط.

ترجمہ: (میں اللہ کے نام کے ساتھ وضو کرتا ہوں، جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے)

(14) اختتامِ وضو کی دُعا:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ.

ترجمہ: اے اللہ مجھے بہت توبہ کرنے والوں میں سے کردے اور مجھے بہت پاکیزہ لوگوں میں سے کردے)۔

Marfat.com

(دوسرا کلمہ پڑھے اور دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت آسمان کی طرف اُٹھائے)۔

(15) غسل کرنے کی دُعا:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِیْنَ.

ترجمہ: (اے اللہ مجھے بہت توبہ کرنے والوں میں سے کردے اور مجھے بہت پاکیزہ لوگوں میں سے کردے)۔

(16) شیطانی وسوسوں سے بچنے کی دُعا:

رَبِّ اَعُوْذُبِکَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّیٰطِیْنِ وَاَعُوْذُبِکَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ.

ترجمہ: (اے رب! میں تیری پناہ میں آتا ہوں، شیطان کے وسوسوں سے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں اے رب! کہ وہ میری طرف آئیں (اور وساوس ڈالیں)۔

(17) دُکھ سے نجات کی دُعا:

اَللّٰهُمَّ اَحْیِنِیْ مَا کَانَتِ الْحَیَاةُ خَیْرًا لِّیْ وَتَوَفَّنِیْ اِذَا کَانَتِ الْوَفَاةُ خَیْرًا لِّیْ.

ترجمہ: (اے اللہ! مجھے بہتر حیات دے، جب تک تو مجھے زندہ رکھے اور تو مجھے موت دے۔ بہتر موت، جب تو مجھے موت دے۔)

(18) کسی کے شر سے بچنے کی دُعا:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ.

ترجمہ: (اے اللہ! بے شک ہم تجھ کو ان کے شر میں اپنا نگہبان بناتے ہیں اور ہم تیری پناہ میں آتے ہیں، ان کے شر سے)۔

Marfat.com

(19) گناہوں کی بخشش کی دُعا:

سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحٰنَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ.

ترجمہ: (پاک ہے اللہ کی ذات اور اس کی حمد کے ساتھ، پاک ہے اللہ کی ذات، عظمت والی)

(20) اضافہ علم (حافظہ) کی دُعا:

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا○

ترجمہ: (اے میرے رب، مجھے علم میں بڑھادے)۔

(21) پریشانی سے نجات کی دُعا:

يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِيْثُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ.

ترجمہ: (اے زندہ، اے قائم کرنے والے، تیری رحمت کے ساتھ میں تجھ سے استغاثہ کرتا ہوں، کوئی معبود نہیں مگر تو، تیری ذات پاک ہے، بے شک میں ہی ظالموں (گنہگاروں) میں سے ہوں)۔

(22) مصیبت سے نجات کی دُعا:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ عِبَادِکَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ○

ترجمہ: (اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ میں آتا ہوں، تیرے بندوں کے شر سے، ہمارے لئے کافی ہے اللہ اور وہ اچھا کارساز ہے۔ اچھا والی ہے اور اچھا مددگار ہے)۔

(23) مصیبت زدہ کو دیکھ کر کی جانیوالی دُعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا.

Marfat.com

ترجمہ: (تمام تعریف ہے اللہ کے لئے جس نے مجھے عافیت دی، اس ابتلا (بیماری/مصیبت) سے جس میں اسے (مصیبت زدہ) کو مبتلا کیا اور مجھے اپنی تخلیق کی گئی اکثر مخلوق پر فضیلت عطا فرمائی)۔

(یہ دُعا کسی مصیبت زدہ کو دیکھ کر بھی پڑھنی چاہئے)۔

(24) طلب ہدایت/رحمت کی دُعا:

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ.

ترجمہ: (اے میرے رب! ہمارے دلوں کو ہمیں ہدایت دینے کے بعد گمراہی کی طرف نہ پھیر دینا اور ہمیں اپنی جناب سے رحمت عطا فرمانا، بے شک تو ہی بہت بڑا عطا کرنے والا ہے)۔

(25) دفع جنات کا دَم:

(اِس آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور سورۃ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلایا جائے)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ط.

ترجمہ: (شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔ بے شک اللہ اسے جلد ہی باطل (غلط) کر دے گا) بے شک اللہ فسادیوں کے عمل کو درست نہ کرے گا اور وہ اللہ اپنے کلمات سے حق کو حق کر دے گا اور اگرچہ مجرموں کو یہ برا ہی لگے)

(26) گھر میں داخل ہونے کی دُعا:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلَجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا بِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا وَعَلَى اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا.

Marfat.com

ترجمہ: اے اللہ! بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بھلائی کے ساتھ (گھر میں) داخل ہونے کا اور بھلائی کے ساتھ (گھر سے) باہر آنے کا۔ اللہ کے نام کے ساتھ ہم نکلتے ہیں اور اللہ کے نام کے ساتھ ہم داخل ہوتے ہیں اور اے ہمارے رب! ہم اللہ پر بھروسہ کرتے ہیں۔

(27) گھر سے نکلنے کی دُعا:

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ.

ترجمہ: (اللہ کے نام کے ساتھ، میں اللہ پر توکل (بھروسہ) کرتا ہوں اور کوئی ڈر ہے اور نہ کوئی مگر اللہ کے ساتھ)۔

(28) سفر پر روانہ ہونے کی دُعا:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ فِيْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى وَمِنَ الْعَمَلِ مَاتَرْضٰى......

ترجمہ: (اے اللہ! بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اپنے سفر میں، اس نیکی اور تقویٰ کا اور اس عمل کا جس سے تو راضی ہو جائے)۔

(29) بستی میں داخل ہونے کی دُعا:

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهَا.

ترجمہ: (اے اللہ! اس بستی میں ہمارے لئے برکت ڈال دے)۔

(30) کھانا شروع کرنے کی دُعا:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

ترجمہ: (شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے)

(31) کھانا ختم کرنے کی دُعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَاجْعَلْنَا مِنَ

Marfat.com

الْمُسْلِمِيْنَ.

ترجمہ: (تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھانا کھلایا اور پانی پلایا اور ہمیں مسلمانوں میں سے بنایا)۔

(32) نیا چاند دیکھنے کی دُعا:

اَللّٰہُ اَکْبَرُ. اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ وَالتَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی رَبُّنَا وَرَبُّکَ اللّٰہُ.

ترجمہ: (اللہ سب سے بڑا ہے۔ اے اللہ، اس چاند کو ہمارے لئے امن اور ایمان اور سلامتی اور اسلام اور توفیق کا ایسا چاند بنادے جیسا کہ تو پسند کرتا ہے اور تو راضی ہے (اے چاند) ہمارا رب اللہ ہے اور تیرا بھی رب اللہ ہے)۔

(33) نیا لباس پہننے کی دُعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ ھٰذَا وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَاقُوَّۃٍ.

ترجمہ: (تمام تعریف ہے اللہ کے لئے جس نے مجھے یہ لباس پہنایا اور اس سے مجھے میرے اِردگرد سے تحفظ (پردہ) دیا اور کوئی قوت نہیں ہے (سوائے اللہ تبارک وتعالیٰ کے)۔

(34) تحفہ لیتے وقت:

بَارَکَ اللّٰہُ فِیْکُمْ.

ترجمہ: (اللہ آپ کو اس میں برکت دے)۔

(35) تحفہ دیتے وقت:

وَفِیْھِمْ بَارَکَ اللّٰہُ.

ترجمہ: (اور اس میں اللہ نے ان کو برکت دے دی)۔

Marfat.com

(36) **اچھی چیز دیکھنے کی دُعا:**

**مَاشَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ.**

ترجمہ: (جو اللہ نے چاہا، اللہ کے علاوہ کوئی قوت نہیں)۔

(37) **بری چیز سے بچنے کی دُعا:**

**اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ.**

ترجمہ: (ساری تعریف اللہ کے لئے ہے، ہر حال میں)۔

(38) **طلبِ اولاد کی دُعا:**

**رَبِّ لَا تَذَرْنِىْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ.**

ترجمہ: (اے میرے رب مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو وارثوں میں سے سب سے بہتر ہے)۔

(39) **بیمار کی عیادت کی دُعا:**

**اَللّٰهُمَّ اَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِىْ**
**لَاشِفَا اِلَّا شِفَاءُكَ شِفَآءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا.**

ترجمہ: اے اللہ تکلیف دُور کر دے۔ اے لوگوں کے رب، اور شفا عطا فرما تو ہی شفا دینے والا ہے تیری طرف سے شفا کے علاوہ کوئی شفا نہیں ہے، کوئی کمزوری (بیماری) نہ رہنے دے۔

(40) **والدین کے حق میں دُعا:**

**رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِىْ صَغِيْرًا.**

ترجمہ: (اے میرے رب ان دونوں (میرے ماں اور باپ) پر رحم فرما، جیسے کہ انہوں نے مجھے بچپن میں پالا)۔

Marfat.com

# مختصر آیاتِ قرآنی

## اصل وترجمہ زبانی یاد کریں اور گفتگو میں ان کا حوالہ دیا کریں۔

1- اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ (البقرہ:43)

ترجمہ: نماز قائم کرو اور زکوۃ دو۔

2- فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا (النّجم:62)

ترجمہ: پس اللہ کو سجدہ کرو اور اس کی عبادت کرو۔

3- رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابِ (ابراھیم:41)

ترجمہ: اے میرے رب، مجھے بخش دے اور میرے والدین کو بخش دے اور مومنین کو بخش دے۔

4- لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْفَرِحِیْنَ (القصص:76)

ترجمہ: مت ہنسو: بے شک اللہ تعالیٰ (دوسروں پر) ہنسنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

5- وَکُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ (التوبہ:119)

ترجمہ: اور سچوں کے ساتھ ہو جاؤ۔

Marfat.com

6- اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَاللّٰهِ اَتْقَاكُمْ (الحجرات:13)

ترجمہ: بے شک اللہ کے ہاں تم میں سے سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہے۔

7- وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ذٰلِكَ خَيْرٌ (الاعراف:26)

ترجمہ: اور تقویٰ کا لبادہ، یہ ایک بہترین لباس ہے۔

8- اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنُ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (الكهف:46)

ترجمہ: مال اور اولاد دُنیا کی زندگی کی زینت ہیں۔

9- لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (الاحزاب:21)

ترجمہ: بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں تمہارے لئے عمدہ نمونہ موجود ہے۔

10- اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ (لقمان:13)

ترجمہ: بے شک شرک ایک ظلم عظیم ہے۔

11- اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ (النحل:90)

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ عدل اور احسان کرنے کا حکم دیتا ہے۔

12- اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى (المائده:8)

ترجمہ: عدل کرو بے شک یہ تقویٰ کے زیادہ قریب ہے۔

13- وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ (الرحمٰن:9)

ترجمہ: اور وزن کو (انصاف سے) قائم رکھو اور کم نہ ماپو (نہ تولو)۔

14- تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰى اَهْلِهَا. (النساء:58)

ترجمہ: لوگوں کی امانتیں، لوگوں (ان کے حقداروں) کو دے دو۔

15- اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ (الفاتحة:1)

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لئے ہیں۔

Marfat.com

16- وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا (آل عمران:103)

ترجمہ: اور سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور تفرقے میں نہ پڑو۔

17- مَآ اٰتٰـكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا (الحشر:103)

ترجمہ: جو کچھ تمہیں رسول صلی اللہ علیہ وسلم دیں، لے لو، اور جس سے روکیں، رُک جاؤ۔

18- اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (الرّعد:28)

ترجمہ: سن لو! اللہ کے ذکر سے ہی دل اطمینان پاتے ہیں۔

19- اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ (النّساء:59)

ترجمہ: اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اور جو تم میں سے صاحبِ امر (حاکم، امیر، خلیفہ، سلطان وغیرہ) ہو (اس کی بھی)۔

20- وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا (الحجرات:13)

ترجمہ: اور تمہارے گروہ اور قبیلے (محض) تمہاری شناخت کو بنائے۔

21- وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا (الاسراء:26)

ترجمہ: اور فضول خرچی نہ کرو۔

22- اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ (لقمان:14)

ترجمہ: یہ کہ تم میرا شکر ادا کرو اور اپنے ماں باپ کا شکر ادا کرو۔

23- وَاَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ (البقرة:254)

ترجمہ: اور ہم نے تم کو جو رزق دیا ہے اس میں سے (اللہ کی راہ میں) خرچ کرو۔

24- اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ (البقرة:153)

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

25- اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ (البقرة:194)

Marfat.com

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ تقویٰ کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

26- وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ (آلِ عمران:68)

ترجمہ: اور اللہ مومنوں کا ولی (دوست/آقا) ہے۔

27- اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ (البقرہ:222)

ترجمہ: بے شک اللہ توبہ کرنے والوں اور پاک صاف رہنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

28- لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ (الشوریٰ:11)

ترجمہ: اللہ کی مثل، کائنات میں کوئی شے نہیں ہے۔

29- ذَالِكَ الْكِتَابُ لَارَيْبَ فِيْهِ (البقرہ:2)

ترجمہ: یہ (قرآن) وہ کتاب ہے جس میں کوئی شک نہیں ہے۔

30- وَافْعَلُوْا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (الحجّ:77)

ترجمہ: اور بھلائی کے کام کرو تا کہ تم فلاح پا جاؤ۔

31- وَاعْفُ عَنَّا، وَاغْفِرْلَنَا، وَارْحَمْنَا (البقرۃ:286)

ترجمہ: اے ہمارے رب ہمیں معاف فرما، ہماری بخشش فرما اور ہم پر رحم فرما۔

32- وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا (الاسراء:33)

ترجمہ: اور ان دونوں (اپنے ماں باپ) کے ساتھ نرمی کے ساتھ بات کیا کرو۔

33- يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَافَّةً (البقرہ:208)

ترجمہ: اے ایمان والو! پورے کے پورے اسلام میں داخل ہو جاؤ۔

34- وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَاسَعٰى (النّجم:39)

ترجمہ: اور انسان کے لئے وہی کچھ ہے جس کے لئے اس نے کوشش کی۔

35- وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ (الاحزاب:40)

ترجمہ: اور لیکن (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں اور نبیوں (کے سلسلہ کو) ختم کرنے

Marfat.com

والے ہیں۔

36- وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ (الحج:78)

ترجمہ: اور اللہ کے راستے میں ایسے جہاد کرو جیسا کہ اس کا حق ہے۔

37- وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ (آلِ عمران:98)

ترجمہ: اور لوگوں پر لازم ہے کہ اللہ (کی رضا) کے لئے اس کے گھر کا حج کریں۔

38- خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا (التوبہ:103)

ترجمہ: اے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! ان کے اموال سے (صدقہ وامداد کے طور پر (کچھ مال) لے لو اور اس کے ذریعے ان کو پاک اور صاف کردو۔

39- وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا. (المائدہ:3)

ترجمہ: اور میں تمہارے لئے اسلام کے دین ہونے پر راضی ہو گیا ہوں۔

40- وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ (بنی اسرائیل:70)

ترجمہ: اور ہم نے بنی آدم کو عزت والا بنادیا۔

41- وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ (العصر:3)

ترجمہ: اور آپس میں حق کی وصیت کرو اور آپس میں صبر کرنے کی نصیحت کرو۔

42- وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ (الحج:30)

ترجمہ: اور جھوٹی بات سے بچو۔

43- وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا (الفرقان:72)

ترجمہ: اور جب وہ (ایمان والے) بے فائدہ کاموں کے پاس سے گزرتے ہیں تو بڑے وقار سے گزرتے ہیں۔

44- وَاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجَاهِلُوْنَ قَالُوْا سَلَامًا (الفرقان:63)

ترجمہ: اور جب وہ (جاہل اجڈ)، ان مومنین کو پکارتے (چھیڑتے) ہیں تو وہ مومنین ان کو

Marfat.com

سلام کرتے ہیں۔ (اوران سے پیچھا چھڑا لیتے ہیں)۔

45- وَجَزٰؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا (الشُّورىٰ:40)

ترجمہ: اور برائی کا بدلہ اسی کی مثل (بدلہ لینا) ہے۔

46- وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ (العنکبوت:45)

ترجمہ: اور اللہ کا ذکر کرنا بڑی بات ہے۔

47- لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ (التِّين:4)

ترجمہ: بے شک ہم نے انسان کو اچھی شکل وصورت پر پیدا کیا ہے۔

48- يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ (البقرۃ:185)

ترجمہ: اللہ تم سے آسانی چاہتا ہے اور اللہ تم کو تکلیف میں نہیں ڈالنا نہیں چاہتا۔

49- وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى (الانعام:152)

ترجمہ: اور جب تم بات کرو تو عدل سے کرو۔ اگر چہ تمہارے سامنے (مدمقابل) تمہارا قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہ ہو۔

50- وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا (البقرۃ:143)

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے تم کو اعتدال والی اُمت بنایا۔

51- وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ (البقرۃ:205)

ترجمہ: اور اللہ فتنہ انگیزی کو پسند نہیں کرتا۔

52- وَاَحْسِنُوْا اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ (البقرۃ:195)

ترجمہ: اور احسان کرو بے شک اللہ احسان کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

53- وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا (بنی اسرائیل:37)

ترجمہ: اور زمین پر اکڑ کر مت چل۔

54- وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ م بِالْعِبَادِ (البقرۃ:207)

Marfat.com

ترجمہ: اور اللہ اپنے بندوں پر مہربان ہے۔

55- كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَّاحِدَةً (البقرة:213)

ترجمہ: تمام لوگ ایک ہی اُمت (گروہ، قوم) تھے۔

56- وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا (البقرة:83)

ترجمہ: اور لوگوں سے اچھے طریقے سے گفتگو کیا کرو۔

57- وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ (البقرة:212)

ترجمہ: اور اللہ جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔

58- نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ. (الصف:13)

ترجمہ: مدد اللہ کی طرف سے ہے اور فتح بھی قریب (ہی آ گئی) ہے۔ اور ایمان والوں کے لئے بشارت ہے۔

59- قُلْ مَا اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ (البقرة:215)

ترجمہ: کہہ دیجئے کہ جو تم خرچ کرو اپنے مال میں سے اپنے والدین کے لئے اور قریبیوں کے لئے (وہ اللہ کو قبول ہے)۔

60- اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ (المائده:90)

ترجمہ: بے شک شراب اور جوا اور بت اور پانسے کے تیر سب شیطانی کام ہیں، پس ان سے بچو۔

61- قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ. (البقرة:220)

ترجمہ: کہہ دیجئے ان (یتیموں کی) بہتری چاہنا نیکی ہے۔

62- وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ (البقرة:221)

ترجمہ: اور مشرک عورتوں سے نکاح نہ کرو حتیٰ کہ وہ ایمان لے آئیں۔

Marfat.com

63- وَلَا تَنكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوا (البقرة:221)

ترجمہ: اور اپنی عورتوں کا مشرک مردوں سے نکاح نہ کرو حتیٰ کہ وہ ایمان لے آئیں۔

64- وَاللّٰهُ يَدْعُوا اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ (البقرة:221)

ترجمہ: اور اللہ تمہیں اپنی اجازت سے جنت اور مغفرت کی طرف بلاتا ہے۔

65- وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ط وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ (البقرة:223)

ترجمہ: اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ تم نے اس سے ملنا ہے اور مومنوں کے لئے بشارت ہے۔

66- وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا (الاعراف:56)

ترجمہ: اور زمین میں اصلاح کے بعد فساد نہ پھیلاؤ۔

67- وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ (البقرة:229)

ترجمہ: اور جو اللہ کی مقرر کردہ حدوں کو پھلانگتا ہے پس یہی لوگ ظالم ہیں۔

68- وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ (البقرة:215)

ترجمہ: اور تم جو بھی نیکی کا کام کرو اللہ اس سے خوب باخبر ہے۔

69- وَلَا تَتَّخِذُوْا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا (البقرة:231)

ترجمہ: اور اللہ کی آیات کا مذاق مت اُڑاؤ۔

70- وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ (البقرة:231)

ترجمہ: اور یاد کرو اللہ کی نعمت کو، جو اس نے تم پر کی ہے۔

71- وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ (البقرة:233)

ترجمہ: اور بچے والی عورتیں اپنے بچوں کو پورے دو سال دُودھ پلائیں۔

72- لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا (البقرة:286)

ترجمہ: اور اللہ کسی شخص کو اس کی استطاعت سے بڑھ کر تکلیف نہیں دیتا۔

Marfat.com

73- اِنَّہٗ لَا یُفۡلِحُ الظّٰلِمُوۡنَ (الانعام:21)

ترجمہ: بے شک ظالموں کے لئے کوئی کامیابی نہیں ہے۔

74- وَذَرُوۡا ظَاهِرَ الۡاِثۡمِ وَبَاطِنَهٗ (الانعام:120)

ترجمہ: اور کھلے اور چھپے ہر گناہ کو چھوڑ دو۔

75- لَا تَقۡرَبُوا الۡفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنۡهَا وَمَا بَطَنَ (الانعام:151)

ترجمہ: اور بے شرمی کی باتوں کے قریب بھی نہ جاؤ، خواہ وہ کھلی ہوں یا چھپی۔

76- اِنِ الۡحُكۡمُ اِلَّا لِلّٰهِ (یوسف:40)

ترجمہ: حقیقی فرمانروائی صرف اللہ کو حاصل ہے۔

77- وَيَنۡهٰى عَنِ الۡفَحۡشَآءِ وَالۡمُنۡكَرِ (النحل:90)

ترجمہ: اور وہ، (اللہ تعالیٰ)، فحاشی اور نافرمانی کے کاموں سے تم کو منع کرتا ہے۔

78- وَمَنۡ يُّؤۡتَ الۡحِكۡمَةَ فَقَدۡ اُوۡتِىَ خَيۡرًا كَثِيۡرًا (البقرۃ:229)

ترجمہ: اور جسے علم و حکمت دیا گیا گویا اسے ہر بھلائی دی گئی۔

79- وَاَحۡسِنۡ كَمَاۤ اَحۡسَنَ اللّٰهُ اِلَيۡكَ (القصص:77)

ترجمہ: اور احسان کر جیسے کہ اللہ نے تجھ پر احسان کیا ہے۔

80- وَالۡمُوۡفُوۡنَ بِعَهۡدِهِمۡ اِذَا عٰهَدُوۡا (البقرۃ:177)

ترجمہ: اور مومنین، عہد کرنے کے بعد اپنے وعدوں کو پورا کرتے ہیں۔

81- قَدۡ اَفۡلَحَ مَنۡ زَكّٰٮهَا وَقَدۡ خَابَ مَنۡ دَسّٰٮهَا (الشمس:9)

ترجمہ: بے شک کامیاب ہو گیا جس نے پاکیزگی اختیار کی اور وہ ناکام ہو گیا جس نے اسے (پاکیزگی کو) چھوڑ دیا۔

82- يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوۡلُوۡا قَوۡلًا سَدِيۡدًا (الاحزاب:70)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچی سیدھی بات کہا کرو۔

Marfat.com

83- رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ذَالِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ (البيّنة:8)

ترجمہ: اللہ ان سے راضی ہو گیا اور وہ اللہ سے راضی ہو گئے جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں۔

84- اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحَاكِمِيْنَ (التين:8)

ترجمہ: کیا اللہ حاکموں کا حاکم نہیں ہے۔

85- وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ (البقرة:160)

ترجمہ: اور ایمان والوں کو سب سے زیادہ محبت اللہ سے ہوتی ہے۔

86- وَلِلّٰهِ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا (الاعراف:180)

ترجمہ: اور اللہ کے نام اچھے ہیں پس ان کے ذریعے اس کو پکارو۔

87- فَاِنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا (الجنّ:18)

ترجمہ: پس بے شک مسجدیں اللہ کے لئے ہیں پس اللہ کے ساتھ کسی دوسرے کو نہ پکارو۔

88- وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ (الحشر:19)

ترجمہ: اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے اللہ کو بھلا دیا۔

89- قُوْا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا (التحريم:6)

ترجمہ: اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو جہنم کی آگ سے بچاؤ۔

90- وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ (الشّعرا:214)

ترجمہ: اور اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈراؤ (اللہ کی نافرمانی کے عذاب سے)۔

91- يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَالَا تَفْعَلُوْنَ (الصّف:2)

ترجمہ: اے ایمان والو! وہ بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں ہو۔

92- فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ (الاحقاف:35)

ترجمہ: اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم تو بھی اسی طرح صبر کر جس طرح پختہ ارادے والے پیغمبروں نے صبر کیا۔

Marfat.com

93- لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ (ابراھیم:7)

ترجمہ: اگر تم شکر ادا کرو تو ہم تم کو زیادہ عطا کریں گے۔

94- فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ وَاَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ (الضُّحٰی:9)

ترجمہ: پس یتیم سے سختی نہ کر اور سائل کو مت جھڑک۔

95- فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا (النحل:114)

ترجمہ: پس جو اللہ نے تم کو رزق دیا ہے اس میں سے حلال اور پاکیزہ رزق کھاؤ۔

96- وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ (البقرة:156)

ترجمہ: اور اللہ کی راہ میں قتل ہو جانے والوں کو "مردہ" مت کہو۔

97- اِذَا اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالُوْا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ (البقرة:156)

ترجمہ: جب ان (ایمان والوں) پر مصیبت آئی تو انہوں نے کہا بے شک ہم اللہ کے لئے ہیں
اور اسی کی طرف لوٹنا ہے۔

98- اِسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ (البقرة:153)

ترجمہ: صبر اور نماز کے ذریعے (اپنے رب کی) مدد ڈھونڈو۔

99- وَ اَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ (الاعراف:199)

ترجمہ: اور جاہلوں سے کنارہ کشی اختیار کرلیں۔

100- فَمَنْ تَصَدَّقَ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ (المائدہ:45)

ترجمہ: پس جو کوئی معاف کردے (خیرات کردے) تو یہ اس کے لئے (جہنم/عذاب سے)
آڑ بن جائے گا۔

101- فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ (آلِ عمران:159)

ج: اور ان کو معاف کردے اور ان کیلئے مغفرت مانگ اور امور میں ان سے مشورہ کرلیا کرو۔

Marfat.com

# مختصر احادیثِ مبارکہ

## ان حدیثوں کو مع ترجمہ یاد کرلیں اور ان سے رہنمائی لیں۔

1- اَلْعُجْلَةُ مِنَ الشَّيْطٰنِ.

ترجمہ: عجلت شیطان کی طرف سے ہے۔

2- اَلْحِلْمُ سَيِّدُ الْاَخْلَاقِ.

ترجمہ: بردباری اخلاق کا سردار ہے۔

3- لَا رُهْبَانِيَةَ فِيْ الْاِسْلَامِ.

ترجمہ: اِسلام میں کوئی ترکِ دُنیا نہیں ہے۔

4- اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ.

ترجمہ: بے شک اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔

5- اَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ.

ترجمہ: میں نبیوں کا خاتم ہوں اور میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

Marfat.com

6- اِنَّمَا بُعِثْتُ مُعَلِّمًا.

ترجمہ: بے شک مجھے معلم بنا کر بھیجا گیا ہے۔

7- بُعِثْتُ بِكَسْرِ الْمَزَامِيْرِ.

ترجمہ: مجھے مزامیر (موسیقی کے ساز) توڑنے کے لئے بھیجا گیا ہے۔

8- بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ مَكَارِمَ الْاَخْلَاقِ.

ترجمہ: مجھے مکارم اخلاق کی تکمیل کے لئے بھیجا گیا ہے۔

9- كُنْ فِي الدُّنْيَا كَاَنَّكَ غَرِيْبٌ اَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ.

ترجمہ: دُنیا میں ایسے رہو جیسے کوئی اجنبی یا پھر راہ چلتا مسافر۔

10- نَوْمُ الصُّبْحِ يَمْنَعُ الرِّزْقَ.

ترجمہ: صبح کی نیند رزق کو روکتی ہے۔

11- اَلدُّعَا مُخُّ الْعِبَادَةِ.

ترجمہ: دُعا عبادت کا مغز ہے۔

12- مَنْ كَانَ لِلّٰهِ كَانَ اللّٰهُ لَهٗ.

ترجمہ: جو اللہ کا ہو جاتا ہے اللہ اس کا ہو جاتا ہے۔

13- اَلصَّلٰوةُ مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ.

ترجمہ: نماز جنت کی کنجی ہے۔

14- اَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ.

ترجمہ: اپنے درمیان السلام علیکم وعلیکم السلام کو رواج دو۔

15- مَنْ قَالَ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ.

ترجمہ: جس نے لا الہ الا اللہ (محمد رسول اللہ) کہا وہ جنت میں داخل (ہونے کا حقدار) ہو گیا۔

16- اَلْجَنَّةُ تَحْتَ ظِلَالِ السُّيُوْفِ.

Marfat.com

ترجمہ: جنت تلواروں کے سائے تلے ہے۔

17- اَنْتَ وَمَالُکَ لِاَبِیْکَ.

ترجمہ: (ایک نوجوان بیٹے سے کہا) تو اور تیرا مال تیرے باپ کا ہے۔

18- وَابْدَءْ بِمَنْ تَعُوْلُ.

ترجمہ: اور اپنے رشتہ داروں سے نیکی (امداد و تعاون وغیرہ) کا آغاز کیا کرو۔

19- کُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰہِ اِخْوَانًا.

ترجمہ: اے اللہ کے بندو! آپس میں بھائی بھائی بن جاؤ۔

20- اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِہٖ وَیَدِہٖ.

ترجمہ: مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

21- لَا اِیْمَانَ لِمَنْ لَّا عَھْدَلَہٗ.

ترجمہ: جس کا وعدہ نہیں اس کا ایمان نہیں۔

22- لَا دِیْنَ لِمَنْ لَّا اَمَانَتَ لَہٗ.

ترجمہ: جس کو امانت کا احساس نہیں اس کا دین نہیں۔

23- مَنْ ضَحَکَ ضُحِکَ.

ترجمہ: جو کسی پر ہنستا ہے اس پر ہنسا جاتا ہے۔

24- اَلْیَدُ الْعُلْیَا خَیْرٌ مِّنَ الْیَدِالسُّفْلٰی.

ترجمہ: اُوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔

25- بُعِثْتُ اِلَی النَّاسِ کَآفَّۃً.

ترجمہ: میں تمام انسانوں کی طرف بھیجا گیا ہوں۔

26- بُعِثْتُ بِالسَّیْفِ.

ترجمہ: مجھے تلوار (جہاد کا فریضہ) دے کر بھیجا گیا ہے۔

Marfat.com

27- اَلْجِهَادُ مَاضٍ اِلٰی (یَوْمُ) الْقِیَامَةِ.

ترجمہ: جہاد قیامت تک جاری رہے گا۔

28- خَیْرُکُمْ خَیْرُکُمْ لِاَهْلِهٖ وَاَنَا خَیْرُکُمْ لِاَهْلِیْ.

ترجمہ: تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنے گھر والوں سے بہتر ہے اور میں اپنے گھر والوں سے تم سب سے بہتر ہوں۔

29- لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعُ رَحْمٍ.

ترجمہ: قطع رحمی کرنے والا جنت میں داخل نہ ہوگا۔

30- خَیْرُ النَّاسِ مَنْ یَّنْفَعُ النَّاسِ.

ترجمہ: لوگوں میں بہتر وہ ہے جو لوگوں کے لئے نفع بخش ہے۔

31- سَیِّدُ الْقَوْمِ خَادِمُهُمْ.

ترجمہ: قوم کا سردار، قوم کا خدمت گار ہوتا ہے۔

32- تَهَادُّوْا تَحَابُّوْا.

ترجمہ: ایک دوسرے کو تحفے (ہدیے) دیا کرو آپس میں محبت بڑھے گی۔

33- فَاِنَّ اَصْدَقَ الْحَدِیْثِ کِتَابُ اللّٰهِ.

ترجمہ: پس بے شک سب سے سچی بات اللہ کی کتاب ہے۔

34- اَلصِّدْقُ یُنْجِی وَالْکِذْبُ یُهْلِکُ.

ترجمہ: سچ نجات دیتا ہے اور جھوٹ ہلاک کرتا ہے۔

35- اَلْکَاسِبُ حَبِیْبُ اللّٰهِ.

ترجمہ: سخی اللہ کا دوست ہے۔

36- اَللّٰهُ وِتْرٌ وَیُحِبُّ الْوِتْرَ.

ترجمہ: اللہ ایک، واحد، تنہا ہے اور وہ ایک ہونے کو پسند کرتا ہے۔

Marfat.com

37- اَللّٰہُ جَمِیۡلٌ وَیُحِبُّ الۡجَمَالِ.

ترجمہ: اللہ خوبصورت ہے اور خوبصورتی کو پسند کرتا ہے۔

38- اَلۡجَنَّۃُ تَحۡتَ اَقۡدَامِ الۡاُمَّھَاتِ.

ترجمہ: جنت ماؤں کے قدموں تلے ہے۔

39- مَنۡ لَا یَرۡحَمُ لَا یُرۡحَمُ.

ترجمہ: جو دوسروں پر رحم نہیں کرتا، اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔

40- اَلۡمُوۡمِنُ الۡقَوِیّ خَیۡرٌ مِّنَ الۡمُؤۡمِنِ الضَّعِیۡفِ.

ترجمہ: طاقت والا مومن کمزور مومن سے بہتر ہوتا ہے۔

41- اَلدُّنۡیَا جِیۡفَۃٌ وَکَلَابٌ طُلَّابُھَا.

ترجمہ: دُنیا مردار خانہ ہے اور اس کے چاہنے والے کتے ہیں۔

42- اَلدُّنۡیَا سِجۡنٌ لِّلۡمُؤۡمِنِ وَجَنَّۃٌ لِّلۡکَافِرِ.

ترجمہ: دُنیا مومن کے لئے قید خانہ ہے اور کافر کے لئے راحت کا مقام ہے۔

43- خَیۡرُکُمۡ مَّنۡ تَعَلَّمَ الۡقُرۡاٰنَ وَعَلَّمَہٗ.

ترجمہ: تم میں سے بہتر وہ ہے جو قرآن سیکھتا ہے اور دوسروں کو سکھاتا ہے۔

44- اَلۡمُسۡلِمُ اَخُوۡا الۡمُسۡلِمِ.

ترجمہ: مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے۔

45- نَھٰی رَسُوۡلُ اللّٰہِ عَنِ النُّھۡبِ.

ترجمہ: رسول اللہ نے چھینا جھپٹی سے منع فرمایا ہے۔

46- لَا تَسُبُّوۡا الدَّھۡرَ فَاِنَّ ھُوَ الدَّھۡرُ.

ترجمہ: زمانے کو گالی مت دو، پس بے شک وہی، (اللہ ہی)، زمانہ ہے۔

47- اِتَّقُوۡا بِفَرَاسَۃِ الۡمُؤۡمِنِ فَاِنَّمَا ھُوَ یَنۡظُرُ بِنُوۡرِ اللّٰہِ.

Marfat.com

ترجمہ: مومن کی فراست سے ڈرو، بے شک وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔

48- اَلْخَلْقُ عَیَالُ اللّٰہِ.

ترجمہ: مخلوق اللہ کا کنبہ ہے۔

49- کَسَبُ الْحَلَالِ جِهَادٌ.

ترجمہ: حلال رزق کمانا جہاد (کے برابر عمل) ہے۔

50- مَنْ کَتَمَ سِرَّہٗ بَلَغَ مُرَادَہٗ.

ترجمہ: جس نے اپنے راز کو چھپایا وہ اپنی منزل و مراد تک پہنچ گیا۔

51- صَلُّوْا کَمَا رَاَیْتُمُوْنِیْ اُصَلِّیْ.

ترجمہ: ایسے نماز پڑھو جیسے مجھے نماز پڑھتا ہوا دیکھتے ہو۔

52- اِنَّ اللّٰہَ یَرْفَعُ بِھٰذَا الْکِتَابِ اَقْوَامًا وَیَضَعُ بِہٖ اٰخَرِیْنَ.

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ اس کتاب (قرآن) کے ذریعے قوموں کو بلندی دیتا ہے اور دوسروں کو پست کرتا ہے۔

53- لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یُحِبَّ لِاَخِیْہِ مَا یُحِبُّ لِنَفْسِہٖ.

ترجمہ: تم میں سے کوئی شخص بھی ایمان والا نہیں، حتیٰ کہ وہ اپنے (مسلمان) بھائی کے لئے بھی وہی چاہے جو اپنے لئے چاہتا ہے۔

54- مَنْ مَشٰی مَعَ ظَالِمٍ لِیُقَوِّیَہٗ.......... فَقَدْ خَرَجَ مِنَ الْاِسْلَامِ.

ترجمہ: جو شخص کسی ظالم کے ساتھ چلا...... پس وہ اسلام کے دائرہ سے نکل گیا۔

55- لَا تَغْبِطَنَّ فَاجِرًا بِنِعْمَۃٍ.

ترجمہ: کسی اعلانیہ گناہ کرنے والے (فاجر) پر اس کو ملی ہوئی نعمت کے سبب رشک نہ کرو۔

56- تَقْوَی اللّٰہِ فِی السِّرِّ وَالْعَلَانِیَۃِ.

ترجمہ: اللہ سے خفیہ اور اعلانیہ (دونوں حالتوں میں ڈرو)۔

Marfat.com

57- اِغْتَنِمْ........ حِيَاتَکَ قَبْلَ مَوْتِکَ.

ترجمہ: اپنی زندگی کو اپنی موت سے پہلے پہلے غنیمت جانو۔(اور نیکی کرلو)

58- اَلدُّنْیَا مَزْرَعَةُ الْاٰخِرَةِ.

ترجمہ: دُنیا آخرت کی کھیتی ہے۔

59- حُقُوْقُ الْجِیْرَانِ کَحَقُوْقِ الْاَقْرِبَاءُ.

ترجمہ: پڑوسیوں کے حقوق قریبی رشتہ داروں کے حقوق کی طرح ہیں۔

60- فَاِنْ کَثْرَةُ الضَّحْکِ تَمِیْتُ الْقَلْبَ.

ترجمہ: پس بے شک زیادہ ہنسا دل کو مردہ کرتا ہے۔

61- اِتَّقَ الْمَحَارِمَ تَکُنْ اَعْبَدَالنَّاسِ.

ترجمہ: حرام چیزوں سے بچو لوگوں میں سب سے زیادہ عبادت گزار انسان بن جاؤ گے۔

62- اَرْضِ بِمَا قَسَمَ اللّٰهُ لَکَ تَکُنْ اَغْنَى النَّاسِ.

ترجمہ: اللہ کی تقسیم پر راضی ہو جاؤ، تم لوگوں سے غنی ہو جاؤ گے۔

63- وَاَحْسِنْ اِلٰى جَارِکَ تَکُنْ مُؤْمِنًا.

ترجمہ: اپنے پڑوسی کے ساتھ اچھا سلوک کر تو مومن ہو جائے گا۔

64- سَبَّابُ الْمُسْلِمِ فِسْقٌ وَقِتَالُهٗ کُفْرًا.

ترجمہ: مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور اُسے قتل کرنا کفر ہے۔

65- اِنَّ مِنْ خِیَارِکُمْ اَحْسَنُکُمْ اَخْـلَاقًا.

ترجمہ: تم میں سے بہترین انسان وہ ہے جو زیادہ با اخلاق ہے۔

66- خِیَارُ عِبَادُ اللّٰهِ الَّذِیْنَ اِذَا رَاَوْ ذُکِرَاللّٰهَ.

ترجمہ: اللہ کے بہترین بندے وہ ہیں جب ان کو دیکھا جائے تو اللہ یاد آجائے۔

67- لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ.

Marfat.com

ترجمہ: چغل خور جنت میں داخل نہ ہوگا۔

68- لَا تُكْثِرُوا الْكَلَامَ بِغَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ.

ترجمہ: اللہ کے ذکر کے بغیر زیادہ کلام نہ کیا کرو۔

69- اِنَّ رَبَّكُمْ حَيِيٌّ كَرِيْمٌ.

ترجمہ: بے شک تمہارا رب حیادار اور سخی ہے۔

70- نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتّٰى يَبْدُوْا اِصْلَاحِهَا.

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھلوں کی فروختگی سے ان کی پختگی واضح ہونے سے پہلے منع کیا ہے۔

71- مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ مِنَّا.

ترجمہ: جس نے ملاوٹ کی وہ ہم میں سے نہیں۔

72- اَلنِّكَاحُ مِنْ سُنَّتِيْ...... اَلنِّكَاحُ مِنَ الْاِيْمَانِ.

ترجمہ: نکاح میری سنت ہے......نکاح ایمان کا حصہ ہے۔

73- اَلْمُحْتَكِرُ مَلْعُوْنٌ.

ترجمہ: ذخیرہ اندوز ملعون ہے۔

74- اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ.

ترجمہ: مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

75- لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ لَحْمٌ نَبَتَ مِنَ السُّحْتِ.

ترجمہ: حرام کمائی سے پلا ہوا گوشت جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

76- اَلرَّاشِيْ وَالْمُرْتَشِيْ كِلَاهُمَا فِي النَّارِ جَهَنَّمَ.

ترجمہ: رشوت دینے اور رشوت لینے والا دونوں جہنم کی آگ میں ہیں۔

77- نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ عَنْ بَيْعِ الْمُضْطَرِّ وَعَنْ بَيْعِ الْغَرَرِ.

Marfat.com

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جبر اور دھوکے کی تجارت سے منع فرمایا ہے۔

78- اِيَّاكُمْ وَكَثْرَةُ الْحَلْفِ فِى الْبَيْعِ.

ترجمہ: خرید و فروخت میں زیادہ قسمیں کھانے سے بچو۔

79- اَلتَّاجِرُ الصَّدُوْقُ الْاَمِيْنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ.

ترجمہ: سچا اور دیانت دار تاجر (قیامت کے دن) انبیاء، صدیقین اور شہدا کے ساتھ ہوگا۔

80- اَلْجَالِبُ مَرْزُوْقٌ.

ترجمہ: تاجر کو رزق دیا جاتا ہے۔

81- اَفْضَلُ الْجِهَادِ مَنْ قَالَ كَلِمَةُ حَقِّ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ.

ترجمہ: بہترین جہاد اس شخص کا ہے جس نے ظالم سلطان کے سامنے سچی بات کہی۔

82- اَلْحَاكِمُ الْعَادِلُ (اَلْاِمَامُ الْعَادِلُ) ظِلُّ اللّٰهِ عَلَى الْاَرْضِ.

ترجمہ: حاکم عادل زمین پر اللہ کا سایہ ہے۔

83- اَلسَّمْعُ وَالطَّاعَةُ عَلَى الْمَرْءِ.

ترجمہ: سننا اور اطاعت کرنا مسلمان مرد پر فرض ہے۔

84- لَا طَاعَةَ فِىْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ.

ترجمہ: اللہ کی نافرمانی میں حاکموں کی کوئی اطاعت نہیں ہے۔

85- اَلدِّيْنُ النَّصِيْحَةَ.

ترجمہ: دین بھلائی ہے۔

86- عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ فَاِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِىْ اِلَى الْبِرِّ.

ترجمہ: تم سچائی اختیار کرو کیونکہ سچائی نیکی کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔

87- وَاِنَّ الْكَذِبَ فُجُوْرٌ وَاِنَّ الْفُجُوْرَ يَهْدِىْ اِلَى النَّارِ.

ترجمہ: یقیناً جھوٹ بدی ہے اور بدی بلاشبہ آگ کی طرف لے جاتی ہے۔

Marfat.com

88- حَرَّمَ عَلَيْكُمْ عُقُوقَ الْاُمَّهَاتِ.

ترجمہ: اللہ نے تم پر ماؤں کی نافرمانی کو حرام قرار دیا ہے۔

89- كَرِهَ لَكُمْ قِيْلَ وَقَالَ وَكَثْرَةَ السُّوَالِ.

ترجمہ: اللہ نے قیل وقال کرنے اور کثرت سوالات کو تمہارے لئے ناپسند فرمایا ہے۔

90- نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ عَنْ اَضَاعَةُ الْمَالِ.

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مال کو ضائع کرنے سے منع فرمایا ہے۔

91- اِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ فَاِنَّ الظَّنَّ اَكْذَبُ الْحَدِيْثِ.

ترجمہ: بدگمانی سے بچو، پس بے شک بدگمانی سب سے جھوٹی بات ہے۔

92- خَيْرُ مَا اَعْطَى النَّاسِ خُلُقِ حُسْنِ.

ترجمہ: لوگوں کو قدرت الٰہی کی طرف جو چیزیں عطا ہوئی ہیں، ان میں سب سے بہتر اچھے اخلاق ہیں۔

93- مَنْ جَرَّثُوْبِهٖ خَيْلًا وَلَمْ يَنْظُرُ اللّٰهِ اِلَيْهِ يُوْمُ الْقِيَامَةِ.

ترجمہ: جو شخص غرور سے اپنے کپڑے گھسیٹے گا خدا قیامت کے دن اس کی طرف نہیں دیکھے گا۔

94- لَا تَطْرُوْنِيْ كَمَا اَطْرَتَ النَّصَارٰى ابْنِ مَرْيَمَ.

ترجمہ: میری تعریف ایسے نہ کرو جیسے کہ عیسائیوں نے ابن مریمؑ کی، کی ہے۔ (کہ ان کو خدا کا بیٹا بنا دیا)

95- مَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرهُ اللّٰهُ يَوْمُ الْقِيَامَةِ.

ترجمہ: جس نے کسی مسلمان کے عیب کو چھپایا اللہ قیامت کے دن اس کے عیوب کو چھپائے گا۔

96- مَا نَقَصَتْ صَدَقَةٌ مِّنْ مَالٍ.

ترجمہ: صدقہ کرنے سے مال میں کمی نہیں ہوتی۔

97- وَمَازَادَاللّٰهُ بِعَفْوٍ اِلَّا عِزًّا.

Marfat.com

ترجمہ: اور اللہ معاف کر دینے سے عزت بڑھاتا ہے۔

98- بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَةً.

ترجمہ: مجھ سے لے کر آگے پہنچاؤ، خواہ ایک آیت ہی کیوں نہ ہو۔

99- اُطْلُبُوْا الْعِلْمَ مِنَ الْمَهْدِ اِلَی اللَّحْدِ.

ترجمہ: گود سے گور تک علم حاصل کرو۔

100- تَعَلَّمُوْا الْفَرَائِضَ وَعَلِّمُوْهُ النَّاسَ.

ترجمہ: اسلامی فرائض سیکھو اور لوگوں کو سکھاؤ۔

101- کُنْ عَالِمًا اَوْ مُتَعَلِّمًا وَلَا تَکُنْ ثَالِثًا فَتَهْلِکَ.

ترجمہ: عالم بن جا یا متعلم بن جا تیسرا کچھ نہ بننا ورنہ تو ہلاک ہو جائے گا۔

Marfat.com

Marfat.com




پروفیسر سید شبیر حسین شاہ زاہد ایک معروف علمی [illegible]
کتاب ''انسائیکلوپیڈیا تعلیمات اسلام'' میں اپنے علمی رشحات [illegible]
قلم کر دیئے ہیں۔ یہ کہنے کو محض سوال جواب ہیں لیکن اگر [illegible]
بات معلوم ہوگی کہ یہ دراصل سوال جواب کے پیرایہ میں علم [illegible]
وضاحت و تعلیمات کا ابلاغ ہے، جو محترم شاہ صاحب نے افادہ عام [illegible]
ہے۔ ٹیبل، فنگر ٹپس معلومات، مختصر آیات اور احادیث، دعائیں اور [illegible]
اس کتاب کے اجزا و خصائص ہیں جن کے مطالعہ سے قاری بڑی دلچسپی [illegible]
تعلیم کو بآسانی اخذ کرتا چلا جاتا ہے اور اسے بالکل پتہ بھی نہیں چلتا کہ اس [illegible]
وصعوبت سے کیا ہے۔ یہ کتاب اپنی افادیت کے لحاظ سے بڑی اہم ہے اور طلبا [illegible]
اس سے بہت مستفید ہو سکتے ہیں۔

خواجہ نور الرحمان اویسی [illegible]

توحید و رسالت، عقیدۂ آخرت، نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج، قرآن، حدیث و سنت، خلافت راشدہ [illegible]
اسلامی تاریخ اور مذہب اسلام سے متعلق اکثر سوالات تقریباً ہر مسلمان کے ذہن میں ہوتے [illegible]
ہیں جبکہ ان کے جوابات بعض لوگوں کو نہیں مل پاتے جس کی وجہ سے عقائد [illegible]
کا فقدان ہے۔ ملت اسلامیہ کی اشد اور اہم ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے [illegible]
پروفیسر سید شبیر حسین شاہ زاہد نے اپنی معرکۃ الآراء کتاب ''انسائیکلوپیڈیا تعلیمات اسلام'' [illegible]
سوالاً جواباً اور جامع انداز میں قرآن مجید اور احادیث مبارکہ [illegible]
فراہم کیا ہے۔ اس کتاب کے مطالعہ سے قرآن [illegible]
آگاہی اور اسلامی اقدار سے روشناس ہوتے [illegible]
حوالوں سے [illegible]
انٹرویو [illegible]

Marfat.com